روحانیہ جنتری

(رجسٹرڈ)

شیعہ ملٹی میڈیا ڈاٹ کام

2014

ROHANIA JANTARI

ناشر: برکات سینٹر بک ڈپو کراچی
شاپ نمبر ۱، R691/20 خیر العمل روڈ، انچولی، الف، بی ایریا، کراچی
Ph : 021-34297811, Cell : 0333-2146099 Email : rohaniajantri@yahoo.com



یا ایھا الذین امنوا تقوا اللہ وابتغوا الیہ الوسیلۃ

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور اس تک پہنچنے کا وسیلہ تلاش کرو! سورۃ المائدہ آیت: ۳۵

2014

روحانیہ جنتری

قائم آل محمد علیہ السلام

بمطابق ۱۴۳۶ھ



مجلس مشاورت

رئیس جعفری	کراچی
محمد عادل حسین	کراچی
ملک اختر عباس	لاہور
میاں محمد رفیق ایڈوکیٹ	لیاقت پور
سید غلام شبیر بخاری	ملکانی
حافظ نذر حسین پرنسپل مدرسہ	ملکانی
سید باقر حسین سجادہ نشین	دربار جونالہ

معاونین خصوصی

ایس ایم حیدر	کراچی
سید مسعود زیدی	کراچی
سید ابن حسن زیدی	کراچی
حسن مہدی	اسلام آباد
غلام عباس جتوئی	ملتان
سید فدا حسین	سکھر
قربان حسین جعفری	ڈی جی خان

مدیر اعلیٰ: سید ریاض نقی، سید قمر نقی

معاون مدیر: سید نیر حسین نقی، سید ثمر نقی

ٹائٹل ڈیزائن: سید اصغر بخاری، سید نجم الحسن بخاری

کمپوزنگ اینڈ ڈیزائننگ: سید انور حسن، محمد رمیز خان

بیرون ملک رابطہ، امریکہ

سید صوفیہ نقوی 8328759671

منصور ظفر 6307097508

ہدیہ 150

استخارہ قرآن مجید

سید رضی الدین طاؤس نے قرآن مجید سے تفاؤل کا طریقہ نقل فرمایا ہے استخارہ دیکھنے والے کو چاہیے کہ باوضو ہو کر پہلے تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اور تین مرتبہ درود پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ تَفَأَّلْتُ بِكِتَابِكَ وَ تَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ فَاَرِنِیْ مِنْ كِتَابِكَ مَا هُوَ الْمَكْتُوْمُ مِنْ سِرِّكَ الْمَكْنُوْنِ فِیْ غَيْبِكَ

بعد اس کے قرآن مجید کھولے جو مضمون داہنی طرف کے صفحہ کی پہلی سطر میں نکلے۔ اس پر عمل کرے اگر آئیہ رحمت ہے یا امر خیر ہے تو وہ کام بہتر ہے اگر آئیہ غضب ہے تو وہ کام نہ کرے۔

استخارہ تسبیح

یہ استخارہ حضرت صاحب العصرؑ سے منسوب ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ باوضو ہو کر قبلہ کی طرف منہ کر کے تسبیح ہاتھ میں لیجئے۔ جس کام کے لیے نیت کی ہے اُس کو ذہن میں رکھتے ہوئے پہلے تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد یہ دُعا مع بسم اللہ پڑھیں

اَسْتَخِيْرُ اللّٰهَ بِرَحْمَتِهٖ خِيَرَةً فِیْ عَافِيَةٍ

اس کے بعد تین مرتبہ دورد شریف پڑھے اور آنکھیں بند کر کے تسبیح کے دانوں پر ہاتھ ڈالے اور دو دو کر کے شمار کریں اگر ایک دانہ باقی رہے تو خوب ہے اگر کوئی دانہ باقی نہ رہے تو بد ہے وہ کام ہرگز نہ کریں۔

اوقات استخارہ

جمعہ۔ صبح صادق سے طلوع آفتاب تک۔ زوال سے عصر تک
ہفتہ۔ صبح صادق سے چاشت تک۔ ظہر سے عصر تک
اتوار۔ صبح صادق سے ظہر تک۔ عصر سے مغرب تک
سوموار۔ صبح صادق سے طلوع آفتاب تک چاشت سے ظہر تک عصر سے عشاء تک
منگل۔ چاشت سے ظہر تک۔ عصر سے عشاء تک
بدھ۔ صبح صادق سے ظہر تک؛ عصر سے عشاء تک
جمعرات۔ صبح صادق سے طلوع آفتاب تک۔ ظہر سے عشاء تک

انتباہ

روحانیہ جنتری۔ رجسٹرڈ۔ پاکستان کاپی رائٹ ایکٹ ۱۹۶۲ء گورنمنٹ آف پاکستان کے تحت رجسٹرڈ ہے رجسٹریشن نمبر ۲۵۲۳۵ ہے لہذا اس کی نقل یا جعلی ایڈیشن شائع کرنا قانونی خلاف ورزی ہے جعلی ایڈیشن شائع کرنے والے اور فروخت کرنے والوں کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ جنتری میں دیئے گئے تمام آرٹیکل اور اشتہارات خالص نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے گئے ہیں اپنی شکایت اور رائے سے ضرور مطلع کریں اور ہماری نیک دعائیں آپ کے ساتھ ہیں

ادارہ روحانیہ جنتری

دعائے اسم اعظم

جو شخص ہر نماز کے بعد اس دُعا کو ہمیشہ پڑھے گا خصوصاً جمعہ کی نماز کے بعد تو اللہ تعالیٰ ہر خوف کی چیز سے اس کی حفاظت کریگا اُس کے دشمنوں پر اُسکی مدد کریگا اور اسکو غنی کر دیگا اور اس کو ایسی جگہ سے رزق پہنچائے گا جہاں اس کا خیال بھی نہ جائے اور اُس کی زندگی اُس پر آسان کر دیگا اور اس کا قرض ادا کر دیگا اگر چہ وہ پہاڑ کے برابر ہو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

يَا اَللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا وَاحِدُ يَا مَوْجُوْدُ يَا جَوَّادُ يَا بَاسِطُ يَا كَرِيْمُ يَا وَهَّابُ

اے اللہ اے یکتا اے یگانہ اے موجود اے بہت سخی اے پھیلانے والے اے کرم کرنے والے اے بہت دینے والے

يَا ذَا الطَّوْلِ يَا غَنِيُّ يَا مُغْنِيُ يَا فَتَّاحُ يَا رَزَّاقُ يَا عَلِيْمُ يَا حَكِيْمُ يَا حَيُّ

اے بخشش کرنے والے اے بے پرواہ اے بے پرواہ کرنے والے اے بہت کھولنے والے اے بہت روزی دینے والے اے تمام چیزوں کو جاننے والے اے حقیقت کو جاننے والے اے زندہ

يَا قَيُّوْمُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ

اے قائم بالذات اے بہت رحم کرنیوالے اے بے انتہا مہربان اے آسمانوں اور زمین کو بلا نمونہ پیدا کرنے والے، اے بزرگی اور عظمت والے

وَالْاِكْرَامِ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ نَفِّحْنِيْ مِنْكَ بِنَفْحَةِ خَيْرٍ تُغْنِنِيْ بِهَا

اے بہت زیادہ مہربان اے بہت زیادہ احسان کرنے والے مجھے اپنی طرف سے ایسی خوشبو عطا کر جو تیرے سوا تمام سے

عَمَّنْ سِوَاكَ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا

بے پرواہ کردے اگر تم کامیابی چاہتے ہو تو یہ (جان لو) کہ کامیابی آچکی ہے بے شک ہم نے آپ کو کھلی ہوئی کامیابی عطا

مُّبِيْنًا نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ اَللّٰهُمَّ يَا غَنِيُّ يَا حَمِيْدُ يَا مُبْدِئُ

کی ہے۔ اللہ کی طرف سے مدد اور قریبی فتح (کی اُمید ہے) اے اللہ اے بے پرواہ اے قابل تعریف اے پیدا کرنیوالے

يَا مُعِيْدُ يَا وَدُوْدُ يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَا فَعَّالًا لِّمَا يُرِيْدُ اِكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ

اے دوبارہ زندہ کرنیوالے اے بہت زیادہ محبت کرنیوالے اے عظمت والے عرش کے مالک اے جو چاہے وہ کر گزرنے والے اپنی حلال کی ہوئی باتوں کے ذریعے

عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَاحْفَظْنِيْ بِمَا حَفِظْتَ

حرام باتوں سے مجھے بے پرواہ کردے اور اپنے فضل کے ذریعے اپنی ذات کے سوا تمام سے بے پرواہ کردے اور جس ذریعے تونے اپنے کلام

بِهِ الذِّكْرَ وَانْصُرْنِيْ بِمَا نَصَرْتَ بِهِ الرُّسُلَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

کی حفاظت کی اُسی سے میری بھی حفاظت فرما اور جن ذرائع سے تونے اپنے رسولوں کی مدد فرمائی اِنہی ذرائع سے میری مدد فرما تو ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

حضرت علی کی ایک مخصوص دعا

دعائے عجیب التاثیر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

یَامَنۡ لَا یَعۡلَمُ الۡغَیۡبَ اِلَّا ھُوَ یَامَنۡ لَا یُدَبِّرُ الۡاَمۡرَ اِلَّا ھُوَ یَامَنۡ

اے وہ جس کے سوا غیب کا علم کوئی نہیں جانتا اے وہ جس کے سوا کاموں کی تدبیر عمدہ طریقے پر کوئی انجام نہیں دے سکتا اے وہ

یَصۡرِفُ السُّوۡءَ اِلَّا ھُوَ یَامَنۡ لَا یَغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ اِلَّا ھُوَ یَامَنۡ لَا یُحۡیِ

جس کے سوا بلاؤں کو کوئی نہیں ٹال سکتا اے وہ جس کے سوا کوئی گناہوں کو معاف نہیں کرسکتا اے وہ جس کے سوا مردے

الۡعِظَامَ الۡمَوۡتٰی اِلَّا ھُوَ ھُوَ الۡاَوَّلُ وَالۡاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالۡبَاطِنُ وَھُوَ

کی ہڈیوں میں کوئی جان نہیں ڈال سکتا وہ اول ہے اور آخر تک رہے گا۔ اور وہ ظاہر ہے اور پوشیدہ بھی ہے۔ اور وہی

بِکُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ وَبِالۡحَقِّ اَنۡزَلۡنٰهُ وَبِالۡحَقِّ نَزَلَ وَمَآ اَرۡسَلۡنٰکَ اِلَّا

ہر چیز کو اچھی طرح جانتا ہے اور ہم نے اس قرآن کو حق کے ساتھ نازل فرمایا اور حق کے ساتھ ہی وہ نازل ہوا اور ہم نے تم کو

مُبَشِّرًا وَّنَذِیۡرًا وَبِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ وَبِحَقِّ الۡوَاحِدِ الۡاَحَدِ

بشارت دینے والا اور ڈرانیوالا بنا کر بھیجا اور کھٰیٰعٓصٓ کے حق اور حٰمٓعٓسٓقٓ کے حق کا واسطہ اور تیری یکتائی کا، یگانگت کے

الصَّمَدِ الۡفَرۡدِ الَّذِیۡ لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ

حق کا واسطہ بے نیازی کا، انفرادیت کا، وہ ہے جس نے کسی کو نہیں جنا اور نہ وہ کسی سے جنا گیا، اور نہ کوئی اسکا ہمسر ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ رحمت نازل فرما تا رہ حضرت محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر

وظیفہ برائے فتح یابی: اس وظیفہ کا ورد ہر مشکل کام میں کامیاب ہونے کیلئے کافی ہے۔

رَبِّ اِنِّیۡ مَغۡلُوۡبٌ فَانۡتَصِرۡ وَاَنۡتَ خَیۡرُ النّٰصِرِیۡنَ

حضرت علی علیہ السلام کی تعلیم کردہ دعا برائے امراض قلب

ہر واجب نماز کے بعد یا پھر دن میں پانچ مرتبہ دل پر ہاتھ رکھ کر پہلے اول چودہ مرتبہ درود شریف پڑھیں

یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ
اَسۡئَلُکَ اَنۡ تُحۡیِیَ قَلۡبِیۡ۔

ترجمہ: اے زندہ اے قائم رہنے والے اے نہیں ہے کوئی معبود مگر تو۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو زندہ کردے میرے دل کو۔

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا

حضرت امام رضا علیہ السّلام سے منقول ہے کہ حضرت رسولؐ خدا ہر نئے سال کی پہلی شب میں دو رکعت نماز ادا فرماتے تھے اور دونوں ہاتھ اُٹھا کر یہ دعا پڑھتے تھے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

اَللّٰھُمَّ اَنۡتَ اِلٰهُ الۡقَدِیۡمُ وَھٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِیۡدَةٌ فَاَسۡئَلُکَ فِیۡھَا الۡعِصۡمَةَ مِنَ الشَّیۡطٰنِ وَالۡقُوَّةَ عَلٰی ھٰذِهِ النَّفۡسِ الۡاَمَّارَةِ بِالسُّوۡءِ وَالۡاِشۡتِغَالَ بِمَا یُقَرِّبُنِیۡ اِلَیۡکَ یَا کَرِیۡمُ یَا ذَاالۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ یَا عِمَادَ مَنۡ لَّا عِمَادَ لَهٗ یَا ذُخۡرَ مَنۡ لَّا ذُخۡرَ لَهٗ یَا حِرۡزَ مَنۡ لَّا حِرۡزَ لَهٗ یَا کَنۡزَ مَنۡ لَّا کَنۡزَ لَهٗ یَا حَسَنَ الۡبَلَآءِ یَا عَظِیۡمَ الرَّجَآءِ یَا عِزَّ الضُّعَفَآءِ یَا مُنۡقِذَ الۡغَرۡقٰی یَا مُنۡجِیَ الۡھَلۡکٰی یَا مُنۡعِمُ یَا مُجۡمِلُ یَا مُفۡضِلُ یَا مُحۡسِنُ اَنۡتَ الَّذِیۡ سَجَدَ لَکَ سَوَادُ اللَّیۡلِ وَنُوۡرُ النَّھَارِ وَضَوۡءُ الۡقَمَرِ وَشُعَاعُ الشَّمۡسِ وَدَوِیُّ الۡمَآءِ وَحَفِیۡفُ الشَّجَرِ یَا اَللّٰهُ لَا شَرِیۡکَ لَکَ اَللّٰھُمَّ اجۡعَلۡنَا خَیۡرًا مِّمَّا یَظُنُّوۡنَ وَاغۡفِرۡ لَنَا مَا لَا یَعۡلَمُوۡنَ وَلَا تُؤَاخِذۡنَا بِمَا یَقُوۡلُوۡنَ حَسۡبِیَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا ھُوَ عَلَیۡهِ تَوَکَّلۡتُ وَھُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ اٰمَنَّا بِهٖ کُلٌّ مِّنۡ عِنۡدِ رَبِّنَا وَمَا یَذَّکَّرُ اِلَّآ اُولُوا الۡاَلۡبَابِ ط رَبَّنَا لَا تُزِغۡ قُلُوۡبَنَا بَعۡدَ اِذۡ ھَدَیۡتَنَا وَھَبۡ لَنَا مِنۡ لَّدُنۡکَ رَحۡمَةً اِنَّکَ اَنۡتَ الۡوَھَّابُ ط

دُعائے حضرتِ امامِ حسین علیہ السّلام

☆ منقول ہے کہ جو اس دعا کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو امام حسینؑ کے ساتھ محشور فرمائیگا۔
☆ آنجناب علیہ السّلام اس کے شفیع ہوں گے اللہ تعالیٰ دنیا میں اس کے قرض کو ادا کریگا۔
☆ آخرت میں اس کی پریشانیوں کو دور فرمائے گا نیز ہر مشکل امر کو آسان فرمائے گا۔
☆ اس کو اس کے دشمنوں پر غالب کریگا اور کبھی بھی اس کے پردے کو فاش نہ کریگا۔
☆ اس کا سینہ کشادہ فرمائے گا بوقتِ موت یا شہادت کلمہ، توحید کی تلقین فرمائے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ بِكَلِمَاتِكَ وَ مَعَاقِدِ عَرۡشِكَ وَ سُكَّانِ

اے اللہ! میں تجھ سے تیرے کلمات کے واسطے سے اور تیرے عرش کے معاقد کے ذریعے سے

سَمٰوٰتِكَ وَ اَنۡبِیَآئِكَ وَرُسُلِكَ اَنۡ تَسۡتَجِیۡبَ لِیۡ فَقَدۡ رَهِقَنِیۡ

تیرے آسمانوں میں رہنے والوں کے توسط سے تیرے نبیوںؑ اور رسولوںؑ کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ میری دُعا قبول

مِنۡ اَمۡرِیۡ عُسۡرٌ فَاَسۡئَلُكَ اَنۡ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ

فرما یقیناً گھیر لیا ہے میرے معاملہ کی تنگی نے مجھ کو! پس میں سوال کرتا ہوں کہ محمدؐ و آلِ

مُحَمَّدٍ وَّاَنۡ تَجۡعَلَ لِیۡ مِنۡ اَمۡرِیۡ فَرَجًا وَّمَخۡرَجًا

محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور میرے کام میں کشائش اور نکلنے کا راستہ مہیا فرما

بے حساب رزق ملے: یہ آیتِ مجیدہ برائے وسعتِ رزق و تسخیر اور مدارجِ عالیہ کے حصول کیلئے ایک انمول وظیفہ ہے اس کی بلا تعداد تلاوت دستِ غیب کا کام دیتی ہے۔

اَللّٰهُ لَطِیۡفٌۢ بِعِبَادِهٖ یَرۡزُقُ مَنۡ یَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الۡقَوِیُّ الۡعَزِیۡزُ ﴿۱۹﴾

اللہ اپنے بندوں پر بڑا مہربان ہے جس کو چاہتا ہے روزی دیتا ہے اور وہ زور والا زبردست ہے (الشوریٰ:۱۹)

دعائے حضرت امام حسین علیہ السّلام

☆ حضرت امام حسین علیہ السّلام جب روزِ عاشور زخموں سے چُور تھے اور وداع کیلئے حضرت امام سجاد علیہ السّلام کے پاس پہنچے تھے تو آپؑ نے یہ دعا پڑھی تھی۔
☆ اس دعا کے پڑھنے سے تمام مصائب اور بلائیں دور ہو جاتیں ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

بِحَقِّ یٰسٓ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡحَكِیۡمِ وَبِحَقِّ طٰهٰ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡعَظِیۡمِ یَامَنۡ

(یااللہ!) تجھے واسطہ یٰسٓ اور قرآنِ حکیم کا اور واسطہ طٰہٰ اور قرآنِ عظیم کا اے سائلوں کی

یَقۡدِرُ عَلٰی حَوَائِجِ السَّآئِلِیۡنَ یَامَنۡ یَعۡلَمُ مَافِی الضَّمِیۡرِ الصَّامِتِیۡنَ

حاجتوں پر قدرت رکھنے والے اے وہ جو دلوں کے حالات کو جانتا ہے

یَامُنَفِّسًا عَنِ الۡمَكۡرُوۡبِیۡنَ یَامُفَرِّجًا عَنِ الۡمَغۡمُوۡمِیۡنَ یَارَاحِمَ

اے دور کرنے والے تمام بلاؤں کو اے غمزدہ لوگوں کو ہم و غم سے نجات دہندہ، اے رحم کرنیوالے

الشَّیۡخِ الۡكَبِیۡرِ یَارَازِقَ الطِّفۡلِ الصَّغِیۡرِ یَامَنۡ لَّایَحۡتَاجُ اِلَی التَّفۡسِیۡرِ

بوڑھوں پر اے بچے کو رزق پہنچانیوالے (بطنِ مادر میں) اے وہ جو تفسیر و تفصیل کا محتاج نہیں ہے

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّافۡعَلۡ بِیۡ (اس کے بعد اپنی حاجات بیان کرے)

رحمت بھیج محمدؐ و آلِ محمد (علیہم السّلام) پر اور میرے ساتھ ایسا کر

دعائے ترحیم: ہر نماز کے بعد درجِ ذیل دعا کا پڑھنا باعثِ رحمت پروردگار ہے۔

رَبَّنَا عَامِلۡنَا بِفَضۡلِكَ یَا كَرِیۡمُ وَلَا تُعَامِلۡنَا بِعَدۡلِكَ یَا رَحِیۡمُ

اے ہمارے رب ساتھ ہمارے ساتھ اپنے فضل سے معاملہ کرنا اے کریم اور نہ کہ اپنے عدل سے اے رحیم

☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے حضرت رسالتِ مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ بعد از نمازِ فجر اس دعا کو چالیس مرتبہ پڑھ کر جہاں بیماری (درد) ہو وہاں پر ہاتھ پھیرے تو اللہ تعالیٰ اسے شفا عطا فرمائے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ

اے اللہ درود بھیجتا رہ حضرت محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر تمام تعریفیں اللہ پروردگار عالمین کے لیے ہے۔

حَسۡبُنَا اللّٰهُ وَنِعۡمَ الۡوَكِیۡلُ تَبَارَكَ اللّٰهُ اَحۡسَنُ الۡخَالِقِیۡنَ وَلَاحَوۡلَ

ہمیں اللہ ہی کافی ہے اور اچھا حمایتی ہے اللہ بڑی برکت والا ہے جو پیدا کرنیوالوں میں بہترین ہے اور نہیں ہے طاقت

وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اور نہیں ہے قوت سوائے اللہ کی مدد کے جو بلند مرتبہ و صاحب بزرگی ہے اے اللہ درود بھیج حضرت محمدؐ و آلِ محمدؐ پر

حضرت علیؑ کا لرزا دینے والا خطبہ غراء

اس خطبہ میں پروردگار کے صفات، تقوی کی نصیحت، دنیا سے بیزاری کا سبق، قیامت کے حالات۔ لوگوں کی بے رخی پر تنبیہ اور پھر یاد خدا دلانے میں اپنی فضیلت کا ذکر کیا گیا ہے۔

ساری تعریف۔۔۔ اس اللہ کے لیے ہے جو اپنی طاقت کی بنا پر بلند اور اپنے احسانات کی بنا پر بندوں سے قریب تر ہے وہ ہر فائدہ اور فضل کا عطا کرنے والا اور ہر مصیبت اور رنج کا ٹالنے والا ہے میں اس کی کرم نوازیوں اور نعمتوں کی فراوانیوں کی بنا پر اس کی تعریف کرتا ہوں اور اس پر ایمان رکھتا ہوں کہ وہی اول اور ظاہر ہے اور اسی سے ہدایت طلب کرتا ہوں کہ وہی قریب اور ہادی ہے اسی سے مدد چاہتا ہوں کہ وہی قادر اور قاہر ہے اور اسی پر بھروسہ کرتا ہوں کہ وہی کافی اور ناصر ہے۔ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اس کے بندہ اور رسول ﷺ ہیں انھیں پروردگار نے حکم کو نافذ کرنے، اپنی حجت کو تمام کرنے اور عذاب کی خبریں پیش کرنے کے لیے بھیجا ہے۔

بندگان خدا میں تمھیں اس خدا سے ڈرنے کی دعوت دیتا ہوں جس نے تمہاری ہدایت کے لیے مثالیں بیان کی ہیں تمہاری زندگی کے لیے مدت معین کی ہے تمھیں مختلف قسم کے لباس پہنائے ہیں۔ تمہارے لیے اسباب معشیت کو فراواں کر دیا ہے تمہارے اعمال کا مکمل احاطہ کر رکھا ہے اور تمہارے لیے جزا کا انتظام کر دیا ہے تمھیں مکمل نعمتوں اور وسیع تر عطیوں سے نوازا ہے اور موثر دلیوں کے ذریعہ عذاب آخرت سے ڈرایا ہے تمہارے اعداد کو شمار کر لیا ہے اور تمہارے لیے اس امتحان گاہ اور مقام عبرت میں مدتیں معین کر دی ہیں یہیں تمہارا امتحان لیا جائے گا اور اسی کے اقوال واعمال پر تمہارا حساب کیا جائے گا۔ یاد رکھو اس دینا کا سر چشمہ گندہ اور اس کا گھاٹ گل آلودہ ہے اس کا منظر خوبصورت دکھائی دیتا ہے لیکن اندر کے حالات انتہائی درجہ خطرناک ہیں یہ دنیا ایک مٹ جانے والا دھوکہ۔ ایک بجھ جانے والی روشنی، ایک ڈھل جانے والا سایہ اور ایک گر جانے والا سہارا ہے جب اس سے نفرت کرنے والا مانوس ہو جاتا ہے اور اسے برا سمجھنے والا مطمئن ہو جاتا ہے تو یہ اچانک اپنے پیروں کو ٹپکنے لگتی ہے اور عاشق کو اپنے جال میں گرفتار کر لیتی ہے اور پھر اپنے تیروں کا نشانہ بنا لیتی ہے انسان کی گردن میں موت کا پھندہ ڈال دیتی ہے اور اسے کھینچ کر تنگی مرقد اور وحشت منزل کی طرف لے جاتی ہے جہاں وہ اپنا ٹھکانہ دیکھ لیتا ہے اور اپنے اعمال کا معاوضہ حاصل کر لیتا ہے اور یوں ہی یہ سلسلہ نسلوں میں چلتا رہتا ہے کہ اولاد بزرگوں کی جگہ پر آ جاتی ہے نہ موت چیرہ دستیوں سے باز آتی ہے اور نہ آنے والے افراد گناہوں سے باز آتے ہیں پُرانے لوگوں کے نقش قدم پر چلتے رہتے ہیں اور تیزی کے ساتھ اپنی آخری منزل انتہا وفنا کی طرف بڑھتے رہتے ہیں۔۔۔

ہائے یہ کس قدر صحیح مثالیں اور شفا بخش نصیحتیں ہیں اگر انھیں پاکیزہ دل، سننے والے کان، مضبوط رائیں اور ہوشیار عقلیں نصیب ہو جائیں، لہذا اللہ سے ڈرو اس شخص کی طرح جس نے نصیحتوں کو سُنا تو دل میں خشوع پیدا ہو گیا اور گناہ کیا تو فوراً اعتراف کر لیا اور خوف خدا پیدا ہوا تو عمل شروع کر دیا۔۔۔

آخرت سے ڈرا تو عمل کی طرف سبقت کی، قیامت کا یقین پیدا کیا تو بہترین اعمال انجام دیے، عبرت دلائی گئی تو عبرت حاصل کر لی، خوف دلایا گیا تو ڈر گیا تو رُک گیا، صدائے حق پر لبیک کہی تو اس کی طرف متوجہ ہو گیا اور مُڑ کر آ گیا تو توبہ کر لی، بزرگوں کی اقتدا کی تو ان کے نقش قدم پر چلا، منظر حق دکھایا گیا تو دیکھ لیا، طلب حق میں تیز رفتاری سے بڑھا اور باطل سے فرار کر کے نجات حاصل کر لی۔ اپنے لیے ذخیرہ آخرت جمع کر لیا اور اپنے باطن کو پاک کر لیا، آخرت کے گھر کو آباد کیا اور زادراہ کو جمع کر لیا اس دن کے لیے جس دن یہاں سے کوچ کرنا ہے اور آخرت کا راستہ اختیار کرنا ہے اور اعمال کا محتاج ہونا ہے اور محل فقر کی طرف جانا ہے اور ہمیشہ کے گھر کے لیے سامان آگے آگے بھیج دیا۔۔۔

اللہ کے بندو اللہ سے ڈرو اس جہت کی غرض سے جس کے لیے تم کو پیدا کیا گیا ہے اور اس کا خوف پیدا کرو اس طرح جس طرح اس نے تمھیں اپنے عظمت کا خوف دلایا ہے اور اس کے اجر کا استحقاق پیدا کرو جس کو اس نے تمہارے لیے مہیا کیا ہے اس کے سچے وعدہ کے پورا کرنے اور قیامت کے ہول سے بچنے کا مطالبہ کے ساتھ۔۔

اس نے تمھیں کان عنایت کیے تاکہ ضروری باتوں کو سنیں اور آنکھیں دی ہیں تاکہ بے بصری میں روشنی عطا کریں اور جسم کے وہ حصے دئے ہیں جو مختلف اعضاء کو سمیٹنے والے ہیں اور ان کے پیچ وخم کے لیے مناسب ہیں صورتوں کی ترکیب اور عمروں کی مدت کے اعتبار سے ایسے بدنوں کے ساتھ جو اپنی ضرورتوں کو پورا کرنے والے ہیں اور ایسے دلوں کے ساتھ جو اپنے رزق کی تلاش میں رہتے ہیں اس کی عظیم ترین نعمتوں، احسان مند بنانے والی بخششوں اور سلامتی کے حصاروں کے درمیان اس نے تمہارے لیے وہ عمریں قرار دی ہیں جن کو تم سے مخفی رکھا ہے اور تمہارے لیے ماضی میں گذر جانے والوں کے آثار میں عبرتیں فراہم کر دی ہیں وہ لوگ جو ہر بندھن سے آزاد تھے لیکن موت نے انھیں امیدوں کی تکمیل سے پہلے ہی گرفتار کر لیا اور اجل کی ہلاکت سامانیوں نے انھیں حصول مقصد سے الگ کر دیا۔ انھوں نے بدن کی سلامتی کے وقت کوئی تیاری نہیں کی تھی اور ابتدائی اوقات میں کوئی عبرت

حاصل نہ کی تھی تو کیا جوانی کی تر وتازہ عمریں رکھنے والے بڑھاپے میں کمر جھک جانے کا انتظار کر رہے ہیں اور کیا صحت کی تازگی رکھنے والے مصیبتوں اور بیماریوں کے حوادث کا انتظار کر رہے ہیں اور کیا بقا کی مدت رکھنے والے فنا کے وقت کے منتظر ہیں جب کہ وقت زوال قریب ہوگا اور انتقال کی ساعت نزدیک تر ہوگی۔۔۔

یاد رکھو تمہاری گزرگاہ صراط اور اس کی ہلاکت خیز لغزیشیں ہیں تمہیں ان کی لغزشوں کے ہولناک مراحل اور طرح طرح کے خطرناک منازل سے گزرنا ہے اللہ کے بندو، اللہ سے ڈرو اُس طرح جس طرح وہ صاحب عقل ڈرتا ہے جس کے دل کو فکر آخرت نے مشغول کر لیا ہو، اور اس کے بدن کو خوف خدا نے خستہ حال بنا دیا ہو اور شب بیداری نے اس کی بچی کھچی نیند کو بھی بیداری میں بدل دیا ہو اور امیدوں نے اس کے دل کی تپش کو پیاس میں گزار دیا ہو اور زہد نے اس کی خواہشات کو پیروں تلے روند دیا ہو اور ذکر خدا اس کی زبان پر تیزی سے دوڑ رہا ہو اور اس نے قیامت کے امن وامان کے لیے یہیں خوف کا راستہ اختیار کر لیا ہو اور سیدھی راہ پر چلنے کے لیے ٹیڑھی راہوں سے کترا کر چلا ہو اور مطلوبہ راستہ تک پہنچنے کے لیے معتدل ترین راستہ اختیار کیا ہو۔۔۔

بندگان خدا، میں تمھیں اس خدا سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں جس نے ڈرنے والی اشیاء کے ذریعہ عذر کا خاتمہ کر دیا ہے اور راستہ دکھا کر حجت تمام کر دی تمھیں اس دشمن سے ہوشیار کر دیا ہے جو خاموشی سے دلوں میں نفوذ کر جاتا ہے اور چپکے سے کان میں پھونک دیتا ہے اور اسی طرح گمراہ اور ہلاک کر دیتا ہے اور وعدہ کر کے امیدوں میں مبتلا کر دیتا ہے بد ترین جرائم کو خوبصورت بنا کر پیش کرتا ہے اور مہلک گناہوں کو آسان بنا دیتا ہے یہاںتک کہ جب اپنے ساتھی نفس کو اپنی لپیٹ میں لے لیتا ہے اور اپنے قیدی کو باقاعدہ گرفتار کر لیتا ہے تو جس کو خوبصورت بنایا تھا اسی کو منکر بنا دیتا ہے اور جسے آسان بنایا تھا اسی کو عظیم کہنے لگتا ہے اور جس کی طرف محفوظ بنا دیا تھا اسی سے ڈرانے لگتا ہے۔۔

ذرا اس مخلوق کو دیکھو جسے بنانے والے نے رحم کی تاریکیوں اور متعدد پردوں کے اندر یوں بنایا کہ اچھلتا ہوا نطفہ تھا پھر منجمد خون بنا پھر جنین بنا پھر رضاعت کی منزل میں آیا پھر طفل نوخیز بنا پھر جوان ہو گیا اور اس کے بعد مالک نے اسے محفوظ کرنے والا دل، بولنے والی زبان، دیکھنے والی آنکھ عنایت کر دی تا کہ عبرت کے ساتھ سمجھ سکے اور نصیحت کا اثر لیتے ہوئے بُرائیوں سے باز رہے، لیکن جب اس کے اعضاء میں اعتدال پیدا ہو گیا اور اس کا قد وقامت اپنی منزل تک پہنچ گیا تو غرور وتکبر سے اکڑ گیا اور اندھے پن کے ساتھ بھٹکنے لگا اور ہوا وہوس کے ڈول بھر بھر کر کھینچنے لگا۔۔۔

طرب کی لذتوں اور خواہشات کی تمناؤں میں دنیا کے لیے انتھک کوشش کرنے لگا نہ کسی مصیبت کا خیال رہ گیا اور نہ کسی خوف وخطرے کا اثر رہ گیا، فتنوں کے درمیان فریب خوردہ مر گیا اور مختصر سے زندگی کو بیہودگیوں میں گزار گیا، نہ کسی اجر کا انتظام کیا اور نہ کسی فریضہ کو ادا کیا، اسی باقیماندہ سرکشی کے عالم میں مرگ بار مصیبتیں اس پر ٹوٹ پڑیں اور وہ حیرت زدہ رہ گیا، اب راتیں جاگنے میں گزر رہی تھیں کہ شدید قسم کے آلام تھے اور طرح طرح کے امراض واسقام جب کہ حقیقی بھائی اور مہربان باپ اور فریاد کرنے والی ماں اور اضطراب سے سینہ کوبی کرنے والی بہن بھی موجود تھی لیکن انسان سکرات موت کی مدہوشیوں، شدید قسم کی بدحواسیوں، دردناک قسم کی فریادوں اور کرب انگیز قسم کی نزع کی کیفیتوں اور تھکا دینے والی شدتوں میں مبتلا تھا۔۔۔

اس کے بعد اس مایوسی کے عالم میں کفن میں لپیٹ دیا گیا اور وہ نہایت درجہ آسانی اور خود سپردگی کے ساتھ کھینچا جانے لگا اس کے بعد اس تختہ پر لٹا دیا گیا اس عالم میں کہ خستہ حال اور بیماریوں سے نڈھال ہو چکا تھا اولاد اور برادری کے لوگ اس کو اُٹھا کر اس گھر کی طرف لے جا رہے تھے جو غربت کا گھر تھا اور جہاں ملاقاتوں کا سلسلہ بند تھا اور تنہائی کی وحشت کا دور دورہ تھا یہاں تک کہ جب مشایعت کرنے والے واپس آ گئے اور گریہ وزاری کرنے والے پلٹ گئے تو اس قبر میں دوبارہ اُٹھا کر بٹھا دیا گیا سوال وجواب کی دہشت اور امتحان کی لغزشوں کا سامنا کرنے کے لیے اور وہاں کی سب سے بڑی مصیبت تو کھولتے ہوئے پانی کا نزول اور جہنم کا وارد ہونا ہے جہاں آگ بھڑک رہی ہوگی اور شعلے بلند ہو رہے ہوں گے نہ کوئی راحت کا وقفہ ہوگا اور نہ سکون کا لمحہ نہ کوئی طاقت عذاب کو روکنے والی ہوگی اور نہ کوئی موت سکون بخش ہوگی حد یہ ہے کہ کوئی تسلی بخش نیند بھی نہ ہوگی طرح طرح کی موتیں ہوں گی اور دمبدم کا عذاب بیشک ہم اس منزل پر پروردگار کی پناہ کے طلب گار ہیں۔۔۔

بندگان خدا کہاں ہیں وہ لوگ جن کو عمریں دی گیں تو خوب مزے اُڑائے اور بتایا گیا تو سب سمجھ گے لیکن مہلت دی گی تو غفلت میں پڑ گئے صحت وسلامتی دی گی تو اس نعمت کو بھول گئے انھیں کافی طویل مہلت دی گئی اور کافی اچھی نعمتیں دی گیں اور انھیں دردناک عذاب سے ڈرایا بھی گیا اور بہترین نعمتوں کا وعدہ بھی کیا گیا لیکن کوئی فائدہ نہ ہو اب تم لوگ مہلک گناہوں سے پرہیز کرو اور خدا کو ناراض کرنے والے عیوب سے دور رہو تم صاحبان سماعت وبصارت اور اہل عافیت وثروت ہو بتاؤ کیا بچاؤ کی کوئی جگہ یا چھٹکارہ کی گنجائش ہے کوئی ٹھکانہ یا پناہ گاہ ہے کوئی جائے فرار یا دنیا میں واپسی کی صورت ہے اور اگر نہیں ہے تو کدھر بہکے جا رہے ہو اور کہاں تم کو لے جایا جا رہا ہے یا کس دھوکے میں پڑے ہو؟۔

یاد رکھو اس طویل وعریض زمین میں تمھاری قسمت صرف بقدر قامت جگہ ہے جہاں رخساروں کو خاک پر رہنا ہے بندگان خدا، ابھی موقع ہے رسی ڈھیلی ہے روح آزاد ہے تم ہدیت کی منزل اور جسمانی راحت کی جگہ پر ہو مجلسوں کے اجتماع میں ہو اور بقیہ زندگی کی مہلت سلامت ہے اور راستہ اختیار کرنے کی آزادی ہے توبہ کر کے کی مہلت ہے اور جگہ کی وسعت ہے قبل اسکے تنگی لحد مکان خوف اور جانکنی کا شکار ہو جاؤ اور قبل اس کے وہ موت آ جائے جس کا انتظار ہو رہا ہے اور وہ پروردگار اپنی گرفت میں لے لیں جو صاحب عزت وغلبہ اور صاحب طاقت وقدرت ہے بعض لوگ اس خطبہ کو خطبہ اغراء کے نام سے یاد کرتے ہیں۔۔

فضائل حضرت علیؑ

تحریر تحقیق سید باقر حسین

حضرت حلیمہ سعدیہ کو اللہ تعالی نے رسول خداﷺ کی رضاعت کا شرف دیا تھا حضرت حلیمہ سعدیہ کی ایک بیٹی تھی جس کا نام حرہ تھا اور حضرت امیر المومنینؑ کی مخلص شیعہ تھی کسی نے حجاج بن یوسف سے کہا کہ حلیمہ سعدیہ کی بیٹی حرُہ دن رات حضرت علیؑ کے فضائل بیان کرتی رہتی ہے یہ سن کر حجاج کو سخت غصہ آیا اور اس نے حضرت حرُہ کو اپنے دربار میں طلب کیا جب آپ وہاں پہنچیں تو حجاج نے بڑے غصے سے کہا بڑھیا میں نے سنا ہے کہ تو یہ عقیدہ رکھتی ہے کہ حضرت علیؑ تمام صحابہ سے افضل تھے حضرت حرُہ نے کہا جس نے تجھے میرے متعلق اس عقیدہ کی خبر دی ہے وہ جھوٹا ہے میں حضرت علیؑ کو صحابہ سے افضل نہیں مانتی بلکہ میرا عقیدہ تو یہ ہے کہ رسولﷺ کے علاوہ حضرت علیؑ باقی انبیاء سے افضل ہیں جب حجاج نے یہ سنا تو اس نے چیخ کر کہا تجھ پر ہلاکت ہو۔ کیا تو علیؑ کو انبیاء سے افضل مانتی ہے حضرت حرُہ نے کہا میں اپنی طرف سے عقیدہ تھوڑا رکھتی ہوں اللہ نے انہیں یہ فضیلت دی ہے اور قرآن نے اس کی گواہی دی ہے حجاج نے کہا ٹھیک ہے تم قرآن سے اپنا عقیدہ ثابت کرو اگر تم یہ عقیدہ ثابت کرنے میں کامیاب ہوگی تو میں تم کو معاف کردوں گا ورنہ تمہارے قتل کا حکم دوں گا۔

۱۔ سنو قرآن مجید یہ گواہی دیتا ہے کہ خدا نے حضرت آدم وحوا سے کہا تھا۔ **البقرہ:۳۵۔** تم اس درخت کے قریب نہ جانا۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ حضرت آدم شجرہ ممنوعہ کے پاس گئے تھے اور اس کا ثمر کھایا تھا اب خدارا تم ہی بتادو کہ اللہ نے علیؑ کو کسی چیز سے منع کیا ہو اور علیؑ نے خدا کے حکم پر عمل نہ کیا ہو؟ اور اگر کوئی واقعہ تمہارے ذہن میں ہے تو بیان کرو۔

۲۔ حضرت نوحؑ جلیل القدر نبی تھے لیکن قرآن مجید یہ گواہی دیتا ہے کہ ان کی اور حضرت لوطؑ کی بیویاں خائنہ تھی جیسا کہ فرمان خداوندی ہے۔ **سورہ۔ تحریم آیت:۱۰۔**

ترجمہ:۔ اللہ کافروں کے لیے نوح اور لوط کی بیوی کی مثال بیان کرتا ہے وہ دونوں ہمارے نیک بندوں کی بیویاں تھیں انہوں نے ان سے خیانت کی حضرت نوحؑ کی بیوی خائنہ تھی جب کہ علیؑ کی زوجہ حضرت فاطمہ زہرؑا ہیں جن کی رضا سے اللہ راضی ہوتا ہے۔

۳۔ قرآن مجید میں یہ واقعہ موجود ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابراہیمؑ نے بارگاہ الہی میں عرض کیا تھا کہ خدا مجھے دکھا تو اپنے ہاں مردوں کو کیسے زندہ کرتا ہے اللہ نے فرمایا تھا **البقرہ ۲۶۰۔**

ترجمہ۔ کیا تو ایمان نہیں رکھتا؟ عرض کیا کیوں نہیں لیکن میں چاہتا ہوں کہ میرے دل کو اطمینان مل جائے۔

۴۔ اور ابراہیمؑ کے متعلق اللہ نے فرمایا۔
ترجمہ۔ اور اس طرح سے ہم ابراہیمؑ کو آسمان اور زمین کی بادشاہت دکھلاتے رہے تا کہ اس کے یقین میں اضافہ ہو۔ حضرت ابراہیمؑ کو یقین کے اضافہ کے لیے ارض وسماں کی بادشاہت دیکھنے کی احتیاج تھی جب کہ حضرت علیؑ یقین کے اس بلندترین مقام پر فائز تھے کہ انہوں نے خود کہا تھا۔

ترجمہ:۔ اگر حجاب اٹھا دیئے جائیں تو بھی میرے یقین میں اضافہ نہیں ہوگا حضرت علیؑ کے اس فرمان سے معلوم ہوتا ہے آپ یقین کے آخری درجہ پر فائز تھے جس میں کسی اضافہ کی گنجائش موجود نہیں ہے۔۔۔۔

۵۔ اللہ نے طور سینا پر حضرت موسیٰؑ سے گفتگو کی اللہ نے ان سے فرمایا کہ تم فرعون کے پاس جاؤ اور اسے جا کر تبلیغ کرو حضرت موسیٰؑ نے عرض کیا۔ **القصص ۳۳۔**

ترجمہ:۔ پروردگار میں نے ان کی قوم کے ایک شخص کو قتل کیا تھا مجھے ڈر ہے کہ وہ مجھے قتل ہی نہ کر دیں آیت مجیدہ سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت موسیٰؑ کو اپنے قتل کیے جانے کا خطرہ تھا اسی لیے انہوں نے بارگاہ وحدانیت میں اس خدشہ کا اظہار کیا تھا۔

۶۔ جب کفار مکہ نے طے کیا کہ وہ سارے مل کر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قتل کر دیں اللہ نے اپنے حبیب کو ان کے منصوبہ کی خبر دی اور اللہ نے مکہ سے ہجرت کرنے کا حکم دیا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؑ کو بلا کر فرمایا یہاں گھر میں میری جان کو خطرہ ہے کیا تم میرے بستر پر سونا پسند کرو گے؟ حضرت علیؑ نے عرض کیا کیوں نہیں میں آپ پر اپنی جان قربان کر دوں گا اور حضرت علیؑ بے خوف ہو کر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بستر پر سوتے رہے۔

۷۔ ذرا حضرت مریمؑ اور حضرت عیسیٰؑ کا حال بھی جان لیں حضرت مریمؑ مسجد اقصیٰ کے ایک حجرہ میں رہتی تھی جب حضرت عیسیٰؑ کی ولادت کا وقت ہوا تو انہیں یہ آواز سنائی دی کہ مسجد چھوڑ کر باہر چلی جاؤ اور حضرت مریمؑ نے وہ حجرہ چھوڑ کر باہر کھجور کے جھنڈ میں آئیں اور وہاں پر حضرت عیسیٰؑ کو جنم دیا لیکن کیا کہنے حضرت علیؑ اور ان کی ماں کی عظمت کے جب حضرت علیؑ کی ولادت کا وقت آیا تو ان کی والدہ فاطمہ بنت اسد دعا کے لیے خانہ کعبہ گئیں اور غلاف کعبہ کو تھام کر خدا کو اپنے اسماء اعظم کا واسطہ دیا تو اُسی وقت دیوار کعبہ میں شگاف ہو گیا فاطمہ بنت اسد کعبہ میں گئیں جہاں انہوں نے حضرت علیؑ کو جنم دیا اور جب حجاج نے حرہؒ کی زبانی حضرت علی کے یہ فضائل سنے تو وہ حیران و پریشان ہو گیا اور اس نے حرہؒ کا احترام کیا اور انہیں بہت سے تحفے وتحائف دے کر روانہ کیا۔۔۔۔

اعمال برائے طلبِ اولاد

☆ برائے طلبِ اولاد ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ درجِ ذیل آیت کو پڑھے تو نعمتِ فرزند سے سرفراز ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے پروردگار ہمیں ہماری بیویوں

وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا (فرقان ۷۴)

اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہم کو پرہیزگاروں کا پیشوا بنا

☆ حضرت امام محمد باقر علیہ السّلام سے روایت ہے کہ جس کے اولاد نہ ہوتی ہو وہ ہر روز سو مرتبہ یہ استغفار پڑھے۔ **اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ**

☆ دوسری روایت میں ہے کہ ہر روز صبح وشام ستر مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اور ستر مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ دس مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ نو مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ اور اسکے بعد ایک مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ پڑھے

☆ روایت میں ہے کہ طلب اولاد کے لئے سجدہ میں یہ آیات پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۸﴾

اے پروردگار تو اپنے پاس سے پاک اولاد عنایت کر بیشک تو دُعا کا سننے والا ہے (آل عمران ۳۸)

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۸۹﴾

پروردگار تو مجھ کو تنہا نہ چھوڑ اور تو بہترین وارثین میں سے ہے (الانبیاء۔۸۹)

خزانے کی اصلی چابی لوح شرف مشتری

12 سال کے طویل انتظار کے بعد سیارہ مشتری شرف میں یکم ستمبر تا 7 ستمبر تک رہے گا

تحریر تحقیق سید ریاض نقی

تخلیق انسانی سے لحد تک انسان بروج و سیارگان کے سحر سے نکل نہیں سکتا اور ہمیشہ اسکے زیر اثر رہتا ہے اور نہ چاہنے کے باوجود دائرہ در دائرہ اس میں محصور رہتا ہے آپ سب نے یہ جملہ ہر خاص و عام کی زبان پر ضرور سنا ہوگا کہ فلاں شخص کا ستارہ بڑا گردش میں ہے یا فلاں کا ستارہ عروج پر ہے ستارہ گردش میں ہونے کی وجہ سے انسان پر مصیبتوں کے پہاڑ کسی پر کم اور کسی پر زیادہ ٹوٹتے ہوئے نظر آتے ہیں آدمی خود تو بہت کچھ محسوس کرتا ہے اس کے ساتھ ساتھ دوست احباب بھی ان پریشانیوں کا اندازہ اسکی طرز زندگی و معاشی بدحالی سے با آسانی لگا لیا کرتے ہیں ستاروں کا علم رکھنے والے حضرات اس گردش کے خاتمہ کے سدباب کے لیے مخصوص اوقات میں خاص نقوش یا لوح تیار کرتے ہیں جن کے اثرات انسانی زندگی پر بہت مثبت ہوتے ہیں معاشی بدحالی کی خوشحالی میں تبدیلی کے ساتھ ساتھ دیگر امور میں بھی بہتری پیدا ہو جاتی ہے جس طرح مرض کی تشخیص کے لیے اچھے ماہر ڈاکٹر سے رجوع کرنا ضروری ہے اسی طرح نقوش یا لوح کی تیاری کے لیے متقی اور پرہیز گار اور سب سے بڑھ کر نقوش کو بنانے کا صحیح علم رکھنے والے کی ضرورت ہوتی ہے ہاتھ سے کندہ نقش کے علاوہ ڈائی یا مشین سے تیار کیے گئے کوئی بھی نقش یا لوح کسی طرح بھی فائدہ مند ثابت نہیں ہوتے۔

نقش بنواتے وقت دھوکہ نہ کھائیں۔

سیارہ مشتری پر ایک نظر

سیارہ مشتری سیاروں میں چھٹے نمبر پر آتا ہے یہ زمین سے ۱۲۵۰ گنا بڑا ہے اس کا قطر ۸۹۰۰۰ میل ہے زمین سے یہ ۴۸۳۷۰۰۰۰۰ میل دور ہے سورج سے ۴۸۰۰۰۰۰۰۰ میل کا فاصلہ رکھتا ہے اس کی کشش سے اس کے گرد ۴ سیارے گردش کرتے ہیں اس کی آپنی رفتار بہت سست ہے یہ اپنے محور پر ۹ گھنٹے اور ۵ منٹ میں گھوم جاتا ہے اور بارہ برجوں میں سے ۴۳۸۷ دنوں میں گزرتا ہے سیاروں میں اسکا شمار سعد ترین سیاروں میں ہوتا ہے سیارہ مشتری پیدائش کے زائچہ میں سعد اور طاقتور ہو تو انسان میں نیکی دینداری ورحمدلی، شرافت، خلوص، وفاداری جیسے رجحانات پیدا کرتا ہے اسکے ثمرات میں عزت، دولت، شہرت، جاہ و منصب و ترقی کے مدارج وغیرہ ہیں سیارہ مشتری سے متعلق انسان کو وراثت میں خطیر رقم اور بڑی جائیداد ملنے کے امکانات ہوتے ہیں، بانڈ، لاٹری اور انعامی اسکیم کے سلسلے میں بھی قسمت ان پر مہربان ہوتی ہے شادی کے معاملے میں قسمت ان کی یاوری کرتی ہے اور ازدواجی زندگی خوشگوار گزرتی ہے اور نیک اولاد اس سیارے کے عمدہ اثرات اور ثمرات ہیں۔

سیارہ مشتری اور انسانی زندگی

یہ سیارہ جب انسانی زندگی کے حال کے زائچہ میں سعد و باقوت ہوتا ہے تو بگڑے دن سنور جاتے ہیں نا اُمیدی امید میں بدل جاتی ہے قسمت قدم قدم پر مہربان ہوتی ہے زندگی کی تیز و تار فضاء میں امید کی شمع جل اٹھتی ہے پرائے اپنے بیگانے یگانہ ہوجاتے ہیں محرومیوں اور مایوسیوں کے بادل چھٹ جاتے ہیں اگر سیارہ مشتری خانہ مال سے گزرے تو مالامال کرے اور اگر خانہ اولاد سے گزرے تو بے اولاد کو صاحب اولاد کروائے برسوں اولاد سے محروم افراد کے آنگن میں خوشی کے شادیانے بج اٹھتے ہیں اس میں پیدا ہونے والے بچے سعادت منداور خوش نصیب ہوتے ہیں گھر کی بے رونقی رونق میں بدل جاتی ہے اگر مشتری خانہ شادی سے گزرے تو برسوں کے بچھڑے محبوب مل جاتے ہیں عرصے کی فرقت رفاقت میں بدل جاتی ہے شادمانی کا موسم آجاتا ہے اگر مشتری خانہ دوستی سے گزرے تو دشمن دوست ہوجاتے ہیں۔ ناراضگی نگاہ مہر میں بدل جاتی ہے۔

سیارہ مشتری کا علمی اور فنی تجزیہ

سیارہ مشتری بارہ سال کے بعد انسان کے خانہ مال میں ایک سال کے لیے آتا ہے یہ دائرہ بروج کا ایک چکر تقریباً بارہ سال میں پورا کرتا ہے اور ایک برج یعنی ۳۶۰ درجات کا فاصلہ تقریباً ۱۳ ماہ آپنی الٹی اور سیدھی رفتار کے ساتھ طے کرتا ہے کچھ ماہرین کی رائے کے مطابق برج قوس اسکا ذاتی برج ہے کچھ ماہرین کا خیال ہے کہ برج حوت اسکا ذاتی برج ہے یعنی اس کا حاکم و مالک مانا جاتا ہے برج سرطان میں مشتری کو قوت شرف حاصل ہوتی ہے اور جب یہ سرطان کے پندرہ درجے تک پہنچتا ہے تو شرف یافتہ کہلاتا ہے۔ غرضیکہ سیارہ مشتری کے ثمرات نہ صرف انسانی معاشرہ اور ملک پر اثر انداز ہوتے ہیں بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی اسکے اثرات محسوس کے جاتے ہیں۔۔

شرف مشتری 2013 کا وقت

شرف مشتری کا وقت ہر بارہ سال بعد آتا ہے لہذا اس کی اہمیت وافادیت کو سمجھنے والے اس سے کماحقہ فائدہ اٹھاتے ہیں آج سے بارہ سال قبل اسکی پہلی ساعت یکم اکتوبر تا ۱۳ اکتوبر ۲۰۰۱ء کو آئی تھی جبکہ دوسری ساعت ۲۳ نومبر تا ۵ دسمبر ۲۰۰۱ء کو آئی پھر تیسری ساعت ۱۸ مئی تا ۲۴ مئی ۲۰۰۲ء تک رہی اس سال شرف مشتری ۱ ستمبر تا ۷ ستمبر ۲۰۱۳ء کو آرہا ہے یہ وقت ہر بارہ سال بعد آتا ہے بلکہ یہ خوش قسمتی کا چانس انسانی زندگی میں ایک یا دو بار نصیب ہوتا ہے آپ سے التماس ہے کہ اس وقت کو ضائع نہ کریں بلکہ اس سے استفادہ حاصل کریں ہر انسان کو چاہیے کہ اپنے نصیب کو سنوارنے کے لیے کوشش سعی بھرپور طریقے سے کرے اپنا اور اہل خانہ میں سب افراد کا نقش چاندی یا کاغذ پر ضرور بنوائیں یا خود بنائیں یہ سہل نقش تمام امور میں کامیابی۔ نصیب اور بلندی مراتب، و بخت اقبال کا سرچشمہ ہے ہر عامل ایک سے لیکر ۱۵۱ نقش بنا سکتا ہے نہ بنا سکنے کی صورت میں جلد از جلد رابطہ ادارہ روحانیہ جنتری سے کریں۔

لوح شرف مشتری کے مختصر فوائد

چونکہ مشتری مال و دولت مالی وسعت اور مالی ترقیوں کا حاکم ہے اس لیے سوائے مشتری کی قوتوں کے کسی کوکب کے قوت سے فائدہ نہیں اٹھایا جاسکتا مالی لحاظ سے بے انتہا بدقسمت ترین شخص مشتری کی قوت کی بدولت معجزاتی طور پر دولت کی ریل پیل حاصل کرسکتا ہے جب کہ قرض میں برسوں سے جکڑا ہوا شخص قرض کی ادائیگی سے آزاد ہوجاتا ہے آمدن کے باوجود فکر وافلاس میں گھرا ہوا شخص خواشگوار زندگی گزارنے لگ جاتا ہے اور کاروبار میں مسلسل ناکام ہونے والا شخص کامیابی سے ہمکنار ہوتا

ہے اسکے ساتھ ساتھ لوح مشتری کے استعمال سے انشاء اللہ جادو وسحر و حاسدین کا خاتمہ ہوگا دشمن کیفر کردار تک پہنچے گا ہر دل عزیزی میں اضافہ ہوگا عزت، شہرت جاء ومنصب کے حصول میں آسانی ہوگی، انعامی بانڈز لاٹری اور انعامی اسکیم میں قسمت یاوری کرے گی صحت بحال اور ازدواجی زندگی خواشگوار رہے گی مقدمات میں کامیابی ہوگی بیٹے اور بیٹیوں کے رشتے آئیں گے اور ہر قسم کی بندش کا خاتمہ ہوگا۔

گزشتہ خدمت پر ایک نظر

آپ بخوبی واقف ہیں آپ سب کے لیے کہ ماہر علم جفر ورمل و نقوش سید ریاض نقی اینڈ سید قمر نقی نے گزشتہ شرف مشتری ۲۰۰۱ء اور اوج مشتری ۲۰۰۴ء اور شرف زحل ۲۰۱۱ء کے موقع پر ہزاروں کی تعداد میں الواح شرف مشتری و شرف زحل تیار کیے تھے ہزاروں مومنین ومومنات نے اسکے اثرات سے فیض حاصل کیا جس کا ثبوت ای میل، فون کالز اور لاتعداد خطوط ہیں جو ہمیں شرف کے مثبت اثرات کے بارے میں موصول ہوئے اور کئی

گھرانوں میں جہاں مایوسیوں نے عرصہ دراز سے گھیرا کیا ہوا تھا خوشیوں کا سیلاب امنڈ آیا ہے۔ اس مرتبہ بھی شرف مشتری کے موقع پر ماہر علم جفر ورمل ونقوش سید ریاض نقی و سید قمر نقی مخصوص اوقات میں خصوصی عملیات واہتمام کے ساتھ نام اور والدہ کے نام کے اعداد کے مطابق خصوصی لوح تیار کریں گے۔

ادارہ روحانیہ جنتری

کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ گذشتہ شرف مشتری اور شرف زحل کے موقع پر خصوصی نقش نام اور والدہ کے نام کے اعداد کے حوالے سے باعمل پرہیزگار اور امور شرعیہ کا پابند ماہر علم جفر ورمل نقوش


سید ریاض نقی شاہ اینڈ سید قمر نقی شاہ

سے تیار کرائے تھے جو کہ کہ نہایت فائدہ مند ثابت ہوئے ہیں

اس مرتبہ بھی شرف مشتری کے موقع پر آپ کی خدمت حاصل ہے آپ لوح مشتری وقت مقررہ پر خصوصی عملیات واہتمام کے ساتھ تیار کریں گے تاکہ مومنین ومومنات اس سے فیض حاصل کرسکیں آپکو یہ موقع بارہ سال کے طویل انتظار کے بعد خوش نصیبی سے مل رہا ہے اسکو ہرگز ضائع نہ کریں۔

بکنگ

لوح شرف مشتری یکم جنوری تا ۵ ستمبر ۲۰۱۳ء تک بک کروائیں اپنا نام اور والدہ کا نام اور خصوصی مقصد ضرور لکھیں تاکہ لوح بناتے وقت کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو۔ لوح کی تعداد مکمل ہوتے ہی بکنگ بند کردی جائیگی۔ اس لیے مومنین ومومنات کو چاہیے کہ پہلے آیئے پہلے پایئے کی بنیاد کو زیر نظر رکھیں تاکہ بعد میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو۔



حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے بڑا عابد وہ ہے جو فرائض ادا کرے سب سے بڑا زاہد وہ ہے جو حرام سے اجتناب کرے سب سے بڑا پرہیزگار وہ ہے جو اپنے فائدے اور نقصان کے وقت حق بات کہے سب سے زیادہ محنت کرنے والا وہ ہے جو گناہوں کو چھوڑ دے سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہے اور سب لوگوں سے زیادہ منزلت والا وہ ہے جو بے فائدہ گفتگو چھوڑ دے اور سب لوگوں سے زیادہ خوش نصیب وہ ہے جو شرفا کا ہم نشین ہو۔

لوح باطل السحر

تحریر و تحقیق اسفر علی

تمام تعریفیں اللہ کے لیے جو تمام خوبیوں کا مالک ہے۔ حمد ہے اس خدا کے لیے جس کی بادشاہی میں اس کا کوئی مد مقابل نہیں۔ تمام تعریف اس اللہ کے لیے جس کا حکم مخلوق کے لیے ظاہر ہے اور سخاوت پر اس کے ہاتھ کھلے ہوئے ہیں بہت ہی سخی ہے مگر کثرت جود و سخا کی وجہ سے اس کے خزانوں میں نہ کوئی کمی واقع ہوتی ہے اور نہ اضافہ ہوتا ہے بس یہی اسکی سخاوت اور بزرگی ہے بعد حمد و ثناء کے خداوند کریم محمد ﷺ و آل محمد ﷺ پر بے حساب درود سلام ورحمت نازل فرمائے بطفیل چہاردہ معصومینؑ خداوند کریم بانیان روحانیہ جنتری کی توفیقات خیر میں اضافہ فرمائے۔ باطل السحر

کے سے امسال ہذا مضمون آپکی خدمت میں گوش گزار کرتا ہوں تا کہ قارئین روحانیہ جنتری اور مومنین حضرات اس سے استفادہ کر سکیں اور بندہ ناچیز کو دُعاوں میں یاد رکھیں۔ جادو کیا ہے۔ عربی میں اسکو سحر کہتے ہیں انگریزی میں اسے میجک magic کہا جاتا ہے فارسی میں آسیب ہے ہر چیز کا ظاہر اور باطن ہوتا ہے ہر مادی چیز پر نیک و بد کے اثرات موجود ہوتے ہیں۔ لفظ سحر کی نیکی صبح کے نور سے تعبیر کی گئی ہے جبکہ بدفطرت ذہن رکھنے والے لوگ اسے سحر یعنی جادو میں بدل چکے ہیں جادو ایک ایسی شیطانی چال اور طریقہ ہے جو مکمل طور پر خرابی اور بیماری پر مشتمل ہے جس کے ذریعے سے دوسروں کو نقصان پہنچایا جا سکتا ہے جادو ایک شیطانی فریب مکر اور چال کا نام ہے اسے علم ہرگز نہیں کہا جا سکتا۔

کیونکہ علم انسانیت کی بھلائی کے لیے مخصوص ہے ایک دن مفضل بن عمر نے اپنے استاد سے پوچھا سعد و نحس اوقات جن کا تعین قسمت کا حال بتانے والے نجومی کرتے ہیں کیا حقیقت ہے۔ حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا جادوگری کو باطل قرار دے کر اسکی مذمت کی گئی ہے خداوند کریم نے جادو سے منع کیا ہے وہ نجومی جو یہ دعوی کرتے ہیں کہ سعد و نحس اوقات کا تعین کرتے ہیں وہ جادوگر ہیں اور دوسرے جادوگروں کی مانند انہیں بھی گمراہ قرار دے کر انکی مذمت کی گئی ہے اور خداوند نے ہر قسم کی جادوگری سے منع فرمایا ہے۔ حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا اے مفضل انسان کی زندگی میں موافق اور ناموافق اوقات ہوتے ہیں مفضل نے امامؑ سے پوچھا اگر ایسا ہے تو نجومیوں کے متعین کردہ سعد و نحس اوقات اور موافق و ناموافق اوقات میں کیا فرق ہے امامؑ نے فرمایا کہ نجومیوں کے متعین کردہ سعد و نحس اوقات جادوگری کے ذریعے متعین کیے جاتے ہیں لیکن موافق و ناموافق اوقات کا تعلق انسان کے مزاج سے ہے اسکا جادوگری سے کوئی تعلق نہ ہے ہر کسی کو چند دنوں میں ایک مرتبہ یا کبھی رات دن میں مزاج کے لحاظ سے موافق اور ناموافق حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ انسان میں خون و بلغم وسودا و صفرا ہمیشہ ایک حال میں نہیں رہتا۔ بلکہ دن رات کے اوقات میں انکی مقدار میں فرق پڑتا ہے۔

نوعیت جادو جادو کرنے والا اسلام کی نظر میں انتہائی ذلیل ہے جادوگر نجس رہتا ہے اور یہ شیطان کا چیلہ ہوتا ہے بے نماز اور بدعقیدہ ہوتا ہے جادوٹونے کی نوعیت یہ ہے کہ کسی کے چلتے کاروبار کو ٹھپ کر دینا۔ کسی کی دوکان کی آمدن کو بند کر دینا۔ میاں بیوی میں جدائی ڈالنا، کسی کے ہستے بستے گھر کو ویران کر دینا کسی کی نیند بند کر دینا، کسی کا جائز نکاح بند کر دینا، کسی کے جسم کے کسی اعضاء کو مفلوج کر دینا، کسی کو بیماری میں مبتلا کر دینا، کسی کی کامیابی کو ناکامی میں بدل دینا، کسی کی سوچ کو اپنے کنٹرول میں کرنا، تمام امور میں بندش کر دینا جادو کہلاتا ہے۔

قرآن مجید میں جادو کی مذمت

قرآن پاک نے شدید الفاظ میں ایسے فعل کرنے والے کے افعال بد کی مذمت کی ہے **سورہ بقرہ آیت نمبر ۱۰۲۔**

ترجمہ:۔ شیطانوں نے کفر اختیار کیا وہ لوگوں کو جادو سکھایا کرتے تھے۔ **پارہ نمبر ۱۱ سورہ یونس آیت ۷۷**

ترجمہ:۔ جادوگر کبھی کامیاب نہ ہوں گے۔

علامت سحر:۔ محبت نفرت میں تبدیل ہوجاتی ہے کاروبار میں ترقی واستحکام کی بجائے تنزلی آجاتی ہے دوکان میں گاہکوں کی کمی واقع ہوجاتی ہے انسانی طبیعت میں بوجھل پن محسوس ہونے لگتا ہے ہاتھ پاؤں سن ہوجاتے ہیں اور پاؤں میں کانٹے چبھتے اور آگ سی محسوس ہوتی ہے سوفیصد ہونے والے کام میں اچانک رکاوٹ پیدا ہوجاتی ہے۔

حکم الٰھی اللہ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے کہ لاتقنطوا من رحمتہ اللہ۔ اللہ کی رحمت سے کبھی ناامید نہ ہونا۔ وہم وگمان سے بچیں ہر ایک خرابی کو جادو کا نام نہیں دیا جاسکتا ہے اور کافی ساری خرابیاں ہمارے گناہوں کا نتیجہ کی وجہ سے ہم پر مسلط ہوتی ہیں اللہ نے قرآن میں فرمایا ہے **سورہ بنی اسرائیل آیت نمبر ۸۲**

و ننزل من القرآن ماھو شفاء رحمتہ للمومنین۔

ترجمہ۔ اور ہم تو قرآن میں وہی چیز نازل کرتے ہیں جو مومنوں کے لیے سراسر اشفاء اور رحمت ہے۔

اللہ تعالی فرماتا ہے قرآن مجید سے بیماریوں کا علاج کرو جادو ایک خرابی اور ایک بیماری ہے اس کا علاج صرف اور صرف قرآن مجید سے ممکن ہے انسان کے لیے ضروری ہے کہ اسلامی اقدار کو اپناتے ہوئے شرعی امور کی پابندی لازمی کرے۔ اسکے ساتھ تقوی اختیار کرے۔ صدقہ اور خیرات دینے میں عجلت سے کام لے۔ خدمت خلق اور راست گوئی اور رزق حلال کا خاص خیال رکھیں۔

لوح باطل سحر کی تیاری

لوح بنانے کے لیے سب سے پہلے پارہ نمبر ۲۳ سورہ نمبر ۳۸ آیت نمبر ۲۰ کل اعداد ۲۲۸۵

ترجمہ:۔ ہم نے اسکی سلطنت کو مضبوط کر دیا اور ہم نے انکو حکمت اور بحث کے فیصلہ کی قوت عطا کی۔ اس لوح کو تیار کرنے کے لیے آپکو کسی نیک تاریخ کا انتخاب کرنا پڑے گا اگر کوئی شرف یا اوج کا وقت میسر ہوجائے تو یہ سونے پر سہاگہ والا کام ہوگا۔ آیت مذکورہ کے کل اعداد لیں اسکے بعد اپنا نام اور مادر نام کے اعداد اور اپنے مقصد کے اعداد نکال کر لوح باطل السحر کو پُر کریں۔ لوح کو کاغذ یا چاندی پر بنایا جاسکتا ہے اس آیت کو ورد میں رکھیں بلاناغہ ۱۱۸ دن تک اس آیت کو روزانہ ۱۱۸ مرتبہ پڑھیں۔

لوح باطل السحر کے چند فوائد

لوح باطل السحر کی بدولت مالی لحاظ سے بے انتہا بدقسمت ترین

شخص دولت کی ریل پیل حاصل کر سکتا ہے میاں بیوی کی نفرت محبت میں تبدیل ہو جائے گی قرض دار کا قرض ادا ہو جائے گا جس شخص کی دوکان کو بند کر دیا ہو اس کے کاروبار میں چار چاند لگ جائیں گے لوح باطل السحر کے استعمال سے جادو وسحر و حاسدین کا خاتمہ ہو گا دشمن کیفر کردار تک پہنچے گا ہر دل عزیزی میں اضافہ ہو گا تمام امور میں کامیابی ہو گی ہر طرح کی بندش دور ہو جائے گی صحت وسلامتی ومقدمات میں کامیابی ہو گی اور بیٹے وبیٹوں کے رشتے آئیں گے اور تمام امور کامیابی ہو گی

نوٹ:۔ لوح باطل السحر کو ادارہ روحانیہ جنتری نے بنانے کا خصوصی انتظام کیا ہے خواہشمند حضرات رابطہ کر سکتے ہیں۔

٣، ٦، ٩، ٢٩	١١، ٦٧، ٨، ١	[illegible]	٧٨٧	٧٨٨
٢٦، ٧، ١٢، ٢	٢٨، ١٠، ٤، ٥	[illegible]	٧٩٠	٧٨٩
[illegible]	[illegible]	٣٦٦	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	٣٦٥	٥١٥، ٨، ١١	٧١٥، ٧، ٢
[illegible]	[illegible]	٣٦٠	٩، ٣، ٥٢١	٥، ١٠، ٥٢٠

☆ تمام دنیوی مشکلات وامور میں رکاوٹوں کی روک تھام کیلئے بکثرت پڑھیں انشاء اللہ پیدا شدہ تمام رکاوٹیں سہل اور تمام ہوں گی۔

يَا بَدِيعَ الْعَجَائِبِ سَهِّلْ بِفَضْلِكَ يَا عَزِيزُ

☆ جنگ بدر میں یہ الفاظ حضور ﷺ کی زبانِ مبارک سے جاری ہوئے تھے۔ جائز مقدمہ میں کامیابی کیلئے یہ وظیفہ آزمودہ اور تجربہ شدہ ہے بکثرت عدالت میں ورد کرتے رہیں تو اس وظیفہ کی برکت سے مخالفین سرنگوں ہوں گے۔ يَا هُوَ يَا مَنْ هُوَ لَا هُوَ

مقدمہ کی کامیابی کیلئے: مقدمہ میں کامیابی کیلئے درج ذیل آیات ہر روز ایک سو دس مرتبہ پڑھیں تو مخالفین کو پسپائی کا سامنا ہو گا۔ تجربہ شدہ ہے۔

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ — وَأُفَوِّضُ أَمْرِي إِلَى اللّٰهِ

تسبیح اسماء حسنیٰ: نہایت تضرع ویکسوئی سے ہر نماز کے بعد کم از کم گیارہ مرتبہ پڑھیں دشمن کا تصور ذہن میں رکھیں تو انشاء اللہ بالمقابل کی تمام تدبیریں خاک میں مل جائیگی۔

يَا اَللّٰهُ يَا وَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا وَكِيلُ يَا مُسَبِّبَ الْأَسْبَابِ

ملازمت کا خصوصی عمل

تحریر تحقیق
حسنین رضا

جو اپنے عیب پر نگاہ رکھتا ہے وہ دوسروں کے عیب سے غافل ہو جاتا ہے اور جو رزق خدا پر راضی رہتا ہے وہ کسی چیز کے ہاتھ سے نکل جانے پر رنجیدہ نہیں ہوتا۔ جو بغاوت کی تلوار کھینچتا ہے وہ تباہ ہو جاتا ہے۔ لہروں میں پھاند پڑنے والا ڈوب جاتا ہے اور غلط جگہوں پر داخل ہونے والا بدنام ہو جاتا ہے۔ جسکی باتیں زیادہ ہوتی ہیں اسکی غلطیاں بھی زیادہ ہوتی ہیں اور جس کی غلطیاں زیادہ ہوتی ہیں اسکی حیا کم ہو جاتی ہے اور جس کی حیا کم ہو جاتی ہے اسکا تقوی بھی کم ہو جاتا ہے اور جس کا تقوی کم ہوتا ہے اس کا دل مردہ ہو جاتا ہے اور جس کا دل مردہ ہو جاتا ہے وہ جہنم میں داخل ہو جاتا ہے جو لوگوں کے عیب دیکھ کر ناگواری کا اظہار کرے اور پھر اسی عیب کو اپنے لیے پسند کرے تو اسی کو احمق کہا جاتا ہے اور جسے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کلام عمل کا ایک حصہ ہے وہ ضرورت سے زیادہ کلام نہیں کرتا دور حاضر کا تجربہ شدہ عمل پیش کر رہا ہوں ذیل کی آیت کے اعداد قمری نکال اور اس میں طالب ومطلوب کے نام معہ مادر نام اعداد جمع کریں بعد میں لوح کو نحس چال کے مطابق پر کریں لوح کو کسی بھی شرف کے موقع پر تحریر کیا جاسکتا ہے لوح تیار کرنے کے بعد طالب اپنے پاس رکھے اور روزانہ آیت مذکورہ کا ورد ١٣٥ مرتبہ کرے انشاء اللہ ٦٦ دن کے اندر کامیابی حاصل ہو گی۔۔

الله لطيف بعباده يرزق من يشاء بغير حساب وهو القوى العزيز لاحول ولا قوة الا باالله العلى العظيم بحق كهيعص حمعسق۔۔

مزید معلومات کے لیے ادارہ روحانیہ جنتری سے رابطہ کر سکتے ہیں

نوروز عالم افروز

تحویل آفتاب در برج حمل

مورخہ	وقت	بروز	مطابق
20 مارچ 2014ء	8:58 منٹ رات	جمعرات	پاکستان اسٹینڈرز ٹائم

بادشاہ سال	مشتری
وزیر سال	زحل
مشیر سال	شمس
رنگ	سفید
عہدہ	وزیر خزانہ
خوراک	سفید مٹھائی

قوس — جدی — اسد — ثور — حمل — دلو — جوزا — میزان — سرطان — عقرب — حوت — سنبلہ

علم

اہل علم وعرفان کے نزدیک تحویل آفتاب کی ساعت انتہائی اہمیت وبرکت کی حامل ہوتی ہے۔ یہ قبولیت دعا کی ساعت ہے تمام مومنین کو اس سلسلے میں پرشکوہ اہتمام اس لیے بھی کرنا چاہیے کہ یہ وہی بابرکت گھڑی ہے جب سورۃ مائدہ کی رو سے پیغمبر اسلامؐ نے حضرت علیؑ کی ولایت کا اعلان کیا اگرچہ اس تہوار کی تاریخ نہایت قدیم ہے اور یہ اہل عجم کی سب سے بڑی عید ہے۔ لیکن ازروئے اسلام ہم جانشینی امیر المومنینؑ کا جشن مناتے ہیں اسلام کے آداب میں غسل، نیا لباس، خوشبو لگانا وسلگانا اور دستر خوان پر مٹھائی اور میوہ جات رکھ کر نظر مولا کائناتؑ دیں بعد ایک پاکیزہ چینی کے برتن میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول ڈال دیں اور اس پر نگاہ رکھیں جیسے ہی تحویل آفتاب کی ساعت نمودار ہوگی پھول از خود حرکت میں آجائے گا اور یہی قبولیت کی وہ ساعت ہے جس میں دعائیں مستجاب ہوتی ہیں لہذا حضرت علیؑ کے حوالے سے دعائیں مانگنے اور اس کے ساتھ ۳۶۹ مرتبہ یاذالجلال والاکرام کا ورد کریں۔

سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ

سَلَامٌ عَلَىٰ نُوحٍ فِي الْعَالَمِينَ

سَلَامٌ عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ

سَلَامٌ عَلَىٰ مُوسَىٰ وَهَارُونَ

سَلَامٌ عَلَىٰ آلِ يَاسِينَ

سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوهَا خَالِدِينَ

سَلَامٌ هِيَ حَتَّىٰ مَطْلَعِ الْفَجْرِ

نوروز کے مواقع پر تیار کیا جانے والا خصوصی نقش

یہ نقش درج بالا طریقہ سے تحریر کریں اور اسے عرق گلاب سے دھو کر رفع امراض کیلئے پئیں۔ اسی نقش کو اپنے پاس سونے یا چاندی کی انگشتری میں کندا کرا کے پہنیں تو معاشی پریشانیوں سے نجات پائے گا۔ غنی و تونگر ہوگا۔

الا = ۱۱۱۹ لا = ۱۱۱ محیطے۔

نقش ہائے نوروز

بوقت تحویل آفتاب باطہارت زعفران سے اس نقش کو تحریر فرمائیں اور اپنے پاس رکھیں تو جملہ حادثات وامراض جسمانی سے محفوظ رہیں گے دشمن زیر رہے گا۔ اور دلی مقاصد پورے ہوں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

العلی العلی العلی العلی العلی

یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ

۱۲۶۱	۱۲۶۴	۱۲۶۷	۱۲۵۴
۱۲۶۶	۱۲۵۵	۱۲۶۰	۱۲۶۵
۱۲۵۶	۱۲۶۹	۱۲۶۲	۱۲۵۹
۱۲۶۳	۱۲۵۸	۱۲۵۷	۱۲۶۸

12 سال کے طویل انتظار کے بعد

دولت کی برسات

گیا وقت پھر ہاتھ نہیں آتا

بننے کا دولت مند سنہری موقع

سیارہ مشتری یکم ستمبر سے 7 ستمبر 2013ء تک

شرف میں رہے گا اسکے بعد بارہ سال کے بعد شرف میں آئیگا

اس خصوصی موقع پر

مالی مشکلات سے نجات بندش روزگار کا خاتمہ حصول ملازمت حصول روزگار رزق وروزی میں فراوانی حصول اولاد وشادی اور دیگر امور میں کامیابی کیلئے شرف مشتری کی خاص ساعتوں میں مخصوص عملیات کے ساتھ لوح شرف مشتری تیار کریں گے

ماہر علم جفر ونقوش

سید ریاض نقی وقمر نقی

0333-2146099
021-34297811

روحانیہ 2013ء جنوری

جنتری بمطابق صفر المظفر ۱۴۳۴ ہجری

جنوری 2013	ایام	صفر المظفر ۱۴۳۴ ہجری	نیک / نحس	کیفیت
1	منگل	۱۸	نیک	
2	بدھ	۱۹	نیک	
3	جمعرات	۲۰	نحس اکبر	چہلم حضرت امام حسینؑ
4	جمعہ	۲۱	نحس	
5	ہفتہ	۲۲	نیک	
6	اتوار	۲۳	نیک	
7	سوموار	۲۴	نحس	شہادت بی بی زینبؑ
8	منگل	۲۵	نحس	
9	بدھ	۲۶	نیک	سفر ونکاح کیلئے بد
10	جمعرات	۲۷	نیک	
11	جمعہ	۲۸	نحس اکبر	شہادت حضور اکرمؐ و حضرت امام حسنؑ
12	ہفتہ	۲۹	نیک	نکاح کیلئے بد
13	اتوار	ربیع اول	نیک	مکہ سے مدینہ ہجرت
14	سوموار	۲	نحس	
15	منگل	۳	نحس	
16	بدھ	۴	نحس اکبر	تعمیر کیلئے نیک
17	جمعرات	۵	نحس	
جنوری یہ سال آپ کے لیے نئے نئے حالات وواقعات سے آپ کو روشناس کرانے آیا ہے مشتری وبال میں معاشی استحکام کم ہوگا آمدنی سے اخراجات بڑھ جائیں گے آپ اس توازن کو برقرار نہیں رکھ سکیں گے آپکی صحت اور اولاد کی صحت خاصی متاثر ہوگی اس ماہ میں خصوصی طور پر موسم سے اجتناب کریں اور اپنی صحت کے بارے میں لاپروہی نہ کریں علم سے وابستہ افراد کی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا کاروباری حضرات کو خاصی دشواری محسوس ہوگی شپ و بڑے ہوٹل والے حضرات پرسکون رہیں گے زراعت سے وابستہ حضرات کو اچانک نقصان کا اندیشہ ہے ان کو موسمی حالات سے متاثر ہونے کا قوی خدیشہ ہے پاکستان کی تاریخ میں یہ سال بہت اہمیت کا حامل ہے۔

فروری اس ماہ آپ کو آپ کے اہل خانہ کی صحت سے پریشانی لاحق ثابت ہوگی آپ کے اندر جذبات اور غصہ شدید بڑھے گا اپنے رویہ میں خوش اخلاقی اور نرم روی اختیار کریں اپنے عزیز اقارب سے کم تعلقات حاصل کرسکیں گے آپ کے اندر مذہبی رجحان بڑھے گا امور شرعیہ کے ساتھ واجبات کی ادائیگی میں دیر نہ کریں اپنا سرمایہ لوگوں سے مخفی رکھیں کسی کو قرض دینا یا ضامن بننا بہتر نہ ہوگا البتہ قرض حسنہ حسب حیثیت دے سکتے ہیں اپنی نیک نیت کو صاف رکھیں بزرگوں کی مشاورت سے کیا ہوا کام بہتر ثابت ہوگا خفیہ مخالفین آپ کو روحانی ذریعہ سے نقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے لیکن وہ کامیاب نہ ہوسکیں گے اس دوران آپ دعاے سباسب کی روزانہ تلاوت کریں

مارچ اس ماہ میں نوروز ہے اعمال نوروز بجالائیں اور شرف قمر میں لوح تحفظ بنوا کر اپنے پاس رکھیں تیز رفتار سواری سے اجتناب کریں غصہ جذبات و بحث وتکرار سے دور رہیں علم سے وابستہ حضرات اپنے مقاصد میں خاطرخواہ کامیابی حاصل کریں گے سرطانی کاروباری حضرات کا بیرون ملک کاروبار بہت کامیابی سے وسعت پائے گا اندرون ملک کاروباری حضرات پریشانی کا شکار رہیں گے تمام امور کی کامیابی کے لیے سفید چیز کا صدقہ اتوار کے روز ضرور دیں ملازم پیشہ حضرات خوش اخلاقی کا دامن ہاتھ سے نہ جانے دیں اپنے رویے میں نرمی رکھیں

اپریل اس ماہ کا گرہن آپ اور آپکے اہل خانہ کی صحت کو متاثر کرسکتا ہے زحل کی آپ کے ساتویں گھر میں موجودگی سے گھریلو پریشانی سے واسطہ پڑسکتا ہے دعائے مشلول کا ورد کریں سیارگان کے بداثرات کی دوری کے لیے لوح سباسب بھی پاس رکھ سکتے ہیں صحت و تعلقات متاثر ہوں گے صحت کے بارے میں لاپروہی سے گریز کریں سیاسی تعلقات میں اضافہ ہوگا سماجی حیثیت میں اضافہ ہوگا زراعت سے سرطانی افراد کو خاص فائدہ ہوگا یہ فائدہ ان کو بہت عرصہ بعد میں نصیب ہوگا آپ بھی اپنے اخراجات وآمدن میں توازن برقرار رکھیں ملازم پیشہ حضرات کے لیے یہ ماہ بے حد اہم ہے اپنے فرائض میں کوتاہی ہرگز نہ کریں۔

مئی اس ماہ کے دو گرہن ہیں کسوف وخسوف کے اعمال بجالائیں بیرون ملک سفر سے واسطہ پڑے گا یہ سفر متوسط فوائد دے گا البتہ اندرون ملک سفر وسیلہ ظفر ہوں گے مذہبی وروحانی روحجان بڑھے گا اپنے آپ کو بدنام محفلوں سے دور رکھیں ہر ایک سے مشاورت پر عمل نہ کریں اپنے امور میں دانش مندی کا ثبوت دیں دوست ودشمن میں امتیاز کریں ہر ایک پر بے جا بھروسہ نہ کریں عزیز واقارب سے وابستہ

امیدیں پوری نہ ہونگی بلکہ گھریلو ناچاکی سے ذہنی پریشانی لاحق ہوگی مزاج میں غصہ وجذبات کا عنصر ابھرے گا کنٹرول کریں۔

جون اس ماہ غیر شادی شدہ سرطانی افراد کی شادی و منگنی کا امکان ہے بے روزگار حضرات کو ذاتی کام کرنے کا موقع ملے گا سرطانی افراد محنت پسند اور صلاحیت یافتہ ہوتے ہیں اپنے کام کی ابتدا کی سعد تاریخ سے کریں بزنس مین حضرات کو کامیابی ملے گی زراعت سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ نئی منصوبہ بندی کے لیے اہم ہے دانش مندی سے کئے گئے اقدامات سے خاطر خواہ فوائد ملیں گے علم سے وابستہ افراد کو علمی جدوجہد میں کامیابی وکامرانی ہوگی وہ علمی سرگرمیوں کے علاوہ کسی اور کام میں توجہ نہ دیں پھر علم کے میدان میں کامیابی ہوگی۔

جولائی عطارد کا ہبوط ازدواجی تعلقات متاثر کرے گا اقرباء سے تعلقات کشیدہ ہونگے اپنے تعلقات میں کشیدگی کو کم کریں مالی امور میں میانہ فائدہ ہوگا زراعت سے وابستہ حضرات کو ناخوشگوار حالات سے واسطہ اور بڑے نقصان کا خدشہ ہے ملازم پیشہ حضرات کے لیے یہ وقت احتیاط طلب ہے اپنے امور میں ادائیگی سے سستی و لاپروہی نہ برتیں اپنے فرائض کی انجام دہی سے لاپروہی نقصان دہ ثابت ہوسکتی ہے اپنی تقریر وتحریر پر ضبط کریں اپنے امور شرعیہ میں سستی نہ کریں اور صدقہ دینے میں کوتاہی نہ کریں۔


اگست آپ میں روحانی شعور بیدار ہوگا آپ کے مخالفین پرزور آپ کے خلاف کام کریں گے لیکن آپ کو نقصان نہ پہنچا سکیں گے تاہم غفلت اور لاپرواہی سے دور رہیں لوح شرف مشتری اپنے پاس رکھیں اس ماہ سفر آپکے لیے کامیابی کا ثابت ہوگا پرانے احباب سے مالی معاونت نصیب ہوگی آپ کے امور میں یقینی کامیابی ہوگی تعلیم سے وابستہ حضرات علمی میدان میں جدوجہد جاری رکھیں ملازم پیشہ حضرات کیلیے یہ وقت اچھا ثابت ہوگا اس ماہ گوشت کا صدقہ ضرور دیں تا کہ آپ کے امور میں کامیابی ہو صحت وسلامتی کے لیے دعاے توسل کی تلاوت لازمی کریں۔

ستمبر زراعت پیشہ حضرات کے لیے یہ ماہ قدرے بہتر ہے اپنے امور زراعت میں آپ سرمایہ کاری کرسکتے ہیں اس دوران کی گئی شراکت سے آپ کو کافی فائدہ ملے گا باغبان حضرات کو مالی فائدہ حاصل ہوگا اس دوران انعامی اسکیموں میں آپ حصہ لے سکتے ہیں رات کو اپنے افراد خانہ کی تعداد مطابق سورہ واقعہ ضرور تلاوت کریں عربی نہ آئے تو اُردو ترجمہ سے استفادہ کریں روحانی امور میں آپ کو کافی دل چسپی ہوگی امور شرعیہ کا بھی خیال رکھیں واجبات کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ والدین کی اطاعت واہل عیال سے نرم روی کریں۔

اکتوبر اس ماہ کا گرہن آپ کو اپنی صحت کا درس دیتا ہے اعمال گرہن بجالانے کے بعد اپنی صحت پر توجہ دیں لاپروہی ہرگز نہ کریں غذا میں احتیاط کریں ملازم پیشہ حضرات کے لیے خوش خبری کا وقت ہے ان کے افسران بالا سے وابستہ امیدیں پوری ہوں گی اکثر بے روزگار حضرات کو کافی فائدہ حاصل ہوگا الیکٹرونک وبجلی کے سامان تجارت والے حضرات کو کافی ترقی نصیب ہوگی امپورٹ وایکسپورٹ والے حضرات بھی خوب فائدہ میں رہیں گے اپنے مال سے غرباء ومساکین کی ضرور مدد کریں اور اللہ کی ذات کا شکر ادا کریں۔

نومبر اس ماہ میں آپکا سفر بیرون ملک کا ہے جس سے آپ کو فائدہ نصیب ہوگا اندرون ملک سفر سے کم فائدہ کا چانس ہے کاروباری حضرات کو اپنے کاروبار میں نئی سرمایہ کاری بہت فائدہ دے گی البتہ شراکت داری سے پرہیز کریں زراعت سے وابستہ حضرات کو مالی مفادات حاصل ہونگے دھوکہ دہی سے خدشہ ہے اس لیے ہر ایک پر بھروسہ نہ کریں اور تمام امور سوچ سمجھ کر انجام دیں علم سے وابستہ حضرات کو فائدہ ملے گا اپنی علمی محنت سے کامیابی کے لیے ہمکنار ہوں گے علم میں نیک نیتی پر عمل پیرا ہونا پڑتا ہے حضور ﷺ کا فرمان ہے زیادہ اہم شخص وہ ہے جس کا علم ودانش سب سے زیادہ ہو۔

دسمبر یہ سال کا آخری ماہ آپ کے لیے بہت سی تبدیلیوں کا حامل ہے آپ کو آمدانی واخراجات پر نظر رکھنی ہوگی آپ کے لیے خفیہ مخالفین ایک بار پھر آپ کو پریشان کرنے کی کوشش کریں گے آپ اس ماہ روزانہ دعاے سباسب کی تلاوت کریں اگر آپ عربی نہیں جانتے یا کسی وجہ سے پڑھ نہیں سکتے تو لوح سباسب اپنے پاس رکھیں علم سے وابستہ حضرات کو اس ماہ کافی کامیابی کی نوید ہے ان کے حوصلے بلند ہونگے انکی صلاحیتوں میں بے حد اضافہ ہوگا علمی صلاحیت سے ان کے چہرے تابناک ہوں گے اس سال شرف مشتری کے موقع پر اپنے لیے اور اپنے اہل خانہ کے لیے لوح شرف مشتری ضرور بنوائیں تا کہ آپ کے تمام امور میں کامیابی وکامرانی ہو۔



برج سرطان

Cancer

JUN-21 to JUL-20

حروف	ح، و
دن	سوموار
رنگ	سفید دودھیا
عدد	۲

ممکنہ امراض

معدہ گردوں اور پیشاب کی تکالیف پھیپھڑوں اور سانس کی تکالیف،

موافق نگینے


زمرد، پکھراج، عقیق، موتی

تاریخ پیدائش

21 جون تا 20 جولائی

موافق برج

عقرب، حوت



ناموافق برج

میزان، جدی، حمل

سیارہ قمر

Cancer Symbol

جنوری یہ سال آپ کے لیے نئے حالات وواقعات سے آپ کو روشناس کرانے آیا ہے مشتری وبال میں معاشی استحکام کم ہوگا آمدنی سے اخراجات بڑھ جائیں گے آپ اس توازن کو برقرار نہیں رکھ سکیں گے آپکی صحت اور اولاد کی صحت خاصی متاثر ہوگی اس ماہ میں خصوصی طور پر موسم سے اجتناب کریں اور اپنی صحت کے بارے میں لاپروہی نہ کریں علم سے وابستہ افراد کی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا کاروباری حضرات کو خاصی دشواری محسوس ہوگی شپ و بڑے ہوٹل والے حضرات پرسکون رہیں گے زراعت سے وابستہ حضرات کو اچانک نقصان کا اندیشہ ہے ان کو موسمی حالات سے متاثر ہونے کا قوی خدشہ ہے پاکستان کی تاریخ میں یہ سال بہت اہمیت کا حامل ہے۔

فروری اس ماہ آپ کو آپ کے اہل خانہ کی صحت سے پریشانی لاحق ثابت ہوگی آپ کے اندر جذبات اور غصہ شدید بڑھے گا اپنے رویہ میں خوش اخلاقی اور نرم روی اختیار کریں اپنے عزیز اقارب سے کم تعلقات حاصل کرسکیں گے آپ کے اندر مذہبی رجحان بڑھے گا امور شرعیہ کے ساتھ واجبات کی ادائیگی میں دیر نہ کریں اپنا سرمایہ لوگوں سے مخفی رکھیں کسی کو قرض دینا یا ضامن بننا بہتر نہ ہوگا البتہ قرض حسنہ حسب حیثیت دے سکتے ہیں اپنی نیک نیت کو صاف رکھیں بزرگوں کی مشاورت سے کیا ہوا کام بہتر ثابت ہوگا خفیہ مخالفین آپ کو روحانی ذریعہ سے نقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے لیکن وہ کامیاب نہ ہوسکیں گے اس دوران آپ دعاے سباسب کی روزانہ تلاوت کریں۔

مارچ اس ماہ میں نوروز ہے اعمال نوروز بجالائیں اور شرف قمر میں لوح تحفظ بنوا کر اپنے پاس رکھیں تیز رفتار سواری سے اجتناب کریں غصہ جذبات و بحث و تکرار سے دور رہیں علم سے وابستہ حضرات اپنے مقاصد میں خاطرخواہ کامیابی حاصل کریں گے سرطانی کاروباری حضرات کا بیرون ملک کاروبار بہت کامیابی سے وسعت پائے گا اندرون ملک کاروباری حضرات پریشانی کا شکار رہیں گے تمام امور کی کامیابی کے لیے سفید چیز کا صدقہ اتوار کے روز ضرور دیں ملازم پیشہ حضرات خوش اخلاقی کا دامن ہاتھ سے نہ جانے دیں اپنے رویے میں نرمی رکھیں۔

اپریل اس ماہ کا گرہن آپ اور آپکے اہل خانہ کی صحت کو متاثر کرسکتا ہے زحل کی آپ کے ساتویں گھر میں موجودگی سے گھریلو پریشانی سے واسطہ پڑسکتا ہے دعائے مشلول کا ورد کریں سیارگان کے بداثرات کی دوری کے لیے لوح سباسب بھی پاس رکھ سکتے ہیں صحت وتعلقات متاثر ہوں گے صحت کے بارے میں لاپروہی سے گریز کریں سیاسی تعلقات میں اضافہ ہوگا سماجی حیثیت میں اضافہ ہوگا زراعت سے سرطانی افراد کو خاص فائدہ ہوگا یہ فائدہ ان کو بہت عرصہ بعد میں نصیب ہوگا آپ بھی اپنے اخراجات وآمدن میں توازن برقرار رکھیں ملازم پیشہ حضرات کے لیے یہ ماہ بے حد اہم ہے اپنے فرائض میں کوتاہی ہرگز نہ کریں۔

مئی اس ماہ کے دو گرہن ہیں کسوف وخسوف کے اعمال بجالائیں بیرون ملک سفر سے واسطہ پڑے گا یہ سفر متوسط فوائد دے گا البتہ اندرون ملک سفر وسیلہ ظفر ہوں گے مذہبی وروحانی رجحان بڑھے گا اپنے آپ کو بدنام محفلوں سے دور رکھیں ہر ایک سے مشاورت پر عمل نہ

شفات زیدی بک اسٹال مسجد النجف کارساز کراچی۔

کریں اپنے امور میں دانش مندی کا ثبوت دیں دوست و دشمن میں امتیاز کریں ہر ایک پر بے جا بھروسہ نہ کریں عزیز و اقارب سے وابستہ امیدیں پوری نہ ہونگی بلکہ گھریلو ناچاکی سے ذہنی پریشانی لاحق ہوگی مزاج میں غصہ و جذبات کا عنصر ابھرے گا کنٹرول کریں۔

جون اس ماہ غیر شادی شدہ سرطانی افراد کی شادی و منگنی کا امکان ہے بے روزگار حضرات کو ذاتی کام کرنے کا موقع ملے گا سرطانی افراد محنت پسند اور صلاحیت یافتہ ہوتے ہیں اپنے کام کی ابتدا کی سعد تاریخ سے کریں بزنس مین حضرات کو کامیابی ملے گی زراعت سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ نئی منصوبہ بندی کے لیے اہم ہے دانش مندی سے کئے گئے اقدامات سے خاطر خواہ فوائد ملیں گے علم سے وابستہ افراد کو علمی جدوجہد میں کامیابی و کامرانی ہوگی وہ علمی سرگرمیوں کے علاوہ کسی اور کام میں توجہ نہ دیں پھر علم کے میدان میں کامیابی ہوگی

جولائی عطارد کا ہبوط ازدواجی تعلقات متاثر کرے گا اقرباء سے تعلقات کشیدہ ہونگے اپنے تعلقات میں کشیدگی کو کم کریں مالی امور میں میانہ فائدہ ہوگا زراعت سے وابستہ حضرات کو ناخوشگوار حالات سے واسطہ اور بڑے نقصان کا خدشہ ہے ملازم پیشہ حضرات کے لیے یہ وقت احتیاط طلب ہے اپنے امور میں ادائیگی سے سستی ولاپرواہی نہ برتیں اپنے فرائض کی انجام دہی سے لاپرواہی نقصان دہ ثابت ہوسکتی ہے اپنی تقریر و تحریر پر ضبط کریں اپنے امور شرعیہ میں سستی نہ کریں اور صدقہ دینے میں کوتاہی نہ کریں۔

اگست اس ماہ صحت میں بہتری کی امید ہے عزیز اقارب سے وابستہ امیدیں پوری ہونگی حلقہ احباب سے بھی مالی معاونت کی امید ہے اپنے مسائل کے حل اور وسائل میں کامیابی کے لیے روحانی عامل سے ضرور رابطہ کریں اس سال کافی تبدلیاں ہونے کی توقع ہے اپنے مالی وسائل کی استقامت کے لیے ضرور لوح شرف مشتری باعمل عامل سے بنوا کر اپنے پاس رکھیں اس سے آپ کے لئے بارہ سال میں معاشی استحکام ہوگا تمام امور میں کامیابی و ترقی ہوگی ملازم پیشہ افراد کو حسب منشاء کامیابی و کامرانی ہوگی تعلیمی حضرات کو علم کے میدان میں کامیابی کے لیے لوح شرف مشتری کا رکھنا بہت ضروری ہے جو انکی کامیابی میں معاون ثابت ہوگی۔

ستمبر اس ماہ ملکی سفر زیادہ ہیں ان سے آپ کو مالی فائدہ ہوگا کسی دوست سے مالی صورت میں نقصان کا اندیشہ ہے ہر ایک پر بھروسہ نہ کریں آپ کے خفیہ مخالفین آپ کی شخصیت کو نقصان کی سعی کریں گے ایک عورت مخالف ہے اس سے احتیاط کریں عورت سے مراد بیوی یا اہل خانہ میں سے نہ ہے آپ اپنے امور میں دیانت داری سے و مستقل مزاجی سے کام لیں تو کامیابی ہوگی روحانی عملیات کی طرف توجہ دیں باطل السحر اعمال و دعاؤں کا ورد ضرور کریں لوح باطل السحر اپنے پاس رکھیں

اکتوبر اس ماہ کا گرہن آپ کو اور آپ کی اولاد کی صحت کو ضرور متاثر کرے گا اعمال گرہن بجالائیں اپنے اہل وعیال کی تعداد کے مطابق انڈے کا صدقہ ضرور دیں یا مساکین و غرباء میں کھانا تقسیم کریں اس ماہ چودہ بندوں کو راہ خدا کھانا کھلائیں آپ کے امور میں کامیابی ہوگی نیا کاروبار اس ماہ میں کرسکتے ہیں لیکن قمر در عقرب کا خاص خیال رکھیں ملازم پیشہ حضرات اس ماہ میں ترقی کے لیے جو سعی کریں گے کامیابی ہوگی اپنے افسران کی دائیں جانب کھڑے ہو کر اپنی حاجت بیان کرسکتے ہیں امور شرعیہ کی ادائیگی میں ہرگز سستی نہ کریں دعاؤں کا ورد جاری رکھیں۔

نومبر اس ماہ کے پہلے ہفتے سورج گرہن ہے سیاہ چیز کا صدقہ چار جمعہ کو ضرور دیں ہر جمعہ کو صدقہ تبدیل ہو کالی دال کالے تل کالی مرغی کالا کپڑا وغیرہ دے سکتے ہیں صدقہ کسی مستحق کو دیں غرباء مساکین کا خیال ضرور رکھیں ملازم پیشہ افراد اپنی حاجت کی برآوری کے لیے روزانہ یاحی یا قیوم کی ایک تسبیح تلاوت کریں علم سے وابستہ افراد علمی سرگرمیوں کے علاوہ اور کوئی کام نہ انجام دیں علم کی جستجو ان کو کامیابی سے ہمکنار کرے گی۔

دسمبر سال کا آخری ماہ آپ کے لیے بہتر ثابت ہوگا آپ اپنا احتساب کریں اس سال کیا کھویا کیا پایا امور شرعیہ اور اعمال روحانیہ سے آپ نے استفادہ کیا تو ضرور فائدہ میں رہیں گے اس سال والی لوح شرف مشتری حاصل کریں تو یقنا بارہ سال کے لیے کامیابی ہوگی راہ خدا خرچ کرنے سے اور صدقہ دینے سے تمام مصیبتیں دور ہوتی ہیں حضور ﷺ کا فرمان ہے لوگوں میں سب سے زیادہ خوش نصیب فرد وہ ہے جو معاشرے کے کریم اور اچھے لوگوں میں اٹھتا بیٹھتا ہو۔ فرمان علیؑ ہے، بہترین کوشش وہ ہے جو توفیق الٰہی کے ساتھ ہو انشاءاللہ آپ کے امور میں کامیابی ہوگی۔

برج
اسد
Leo
JUL-21 to AUG-20



حروف: م، ٹ
دن: اتوار
رنگ: بھورا، گولڈن، نارنجی
عدد: ۱، ۴
ممکنہ امراض: ریڑھ کی ہڈی کی تکلیف ہائی بلڈ پریشر، کمر کی تکلیف اور دل کی تکلیف

تاریخ پیدائش: 21 جولائی تا 20 اگست

موافق نگینے: لہسنیا، حجر الشمس، سنگ سلیمانی، ہیرا





موافق برج: قوس، حمل
ناموافق برج: عقرب، دلو
سیارہ: شمس

Leo Symbol

جنوری یہ سال آپ کے لیے حالات وواقعات کے لیے مثبت ہے مشتری گزشتہ سال سے گیارھویں خانہ میں آپ کے لیے مالی پریشانی اور کاروباری امور میں خاطر خواہ ترقی میں رکاوٹ لا رہا ہے لوہے کی صنعت سے متعلق وابستہ حضرات خاطر خواہ مثبت نتائج حاصل نہ کرسکیں گے اس دوران ذہنی پریشانی اور غصہ و جذبات میں اضافہ ہوگا اپنے غصہ پر کنٹرول کریں اپنے رویے میں نرمی پیدا کریں ملازم پیشہ افراد اپنے فرائض سے غافل نہ رہیں تعلیم سے وابستہ حضرات تعلیمی سرگرمیوں میں کم دل چسپی رکھیں گے جسکی وجہ سے ان کو بُرے نتائج کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔

فروری یہ ماہ صحت کے لیے اہم ہے اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں سستی اور لاپرواہی سے اجتناب کریں ہر ایک پر بے جا بھروسہ نہ کریں مخالفین حرکت میں آکر آپ کو ذہنی پریشانی میں مبتلا کردیں گے غصہ پر ضبط کریں آمدنی اور آخراجات پر توازن برقرار رکھیں زراعت پیشہ سے وابستہ حضرات خاصے نقصان میں رہیں گے سیاسی حضرات کو حسب منشاء توقع کامیابی نہیں ملے گی تاہم جہد وجہد سے الجھے حالات پر مثبت گرفت کرلیں گے ملازم پیشہ حضرات کے لیے یہ وقت بہت بہتر ہے کامیابی ہوگی۔

مارچ اس ماہ اعمال نوروز ضرور بجالائیں صدقہ سخاوت کے ساتھ دیں سرخ اشیاء کا صدقہ بہت ضروری ہے سرخ گوشت سرخ دال سرخ مٹھائی یا سرخ کپڑا کا صدقہ چار اتوار مساکین کو دیں لوح نصرت لوح نصیب ضرور اپنے پاس رکھیں اور دعائے توسل کا ورد صبح اور شام جاری رکھیں ایسی محافل سے اپنے آپ کو دور رکھیں جس سے آپ کے کردار کو تنقید کا نشانہ بنایا جائے تمام امور کو سوچ وسمجھ کر دانش مندی سے انجام دیں۔

اپریل اس ماہ کا گرہن آپ کو عجیب صورت حال سے دوچار کردے گا غیر متوقع حالات سے واسطہ پڑے گا اعمال گرہن ضرور بجالائیں اس ماہ صدقہ ضرور دیں غصہ بالکل نہ کریں بزرگوں سے شفقت خصوصا والدین سے نرم روی اور اہل خانہ سے خوش اخلاقی سے پیش آئیں زراعت سے تعلق رکھنے والے حضرات کچھ سکون کا سانس لیں گے ان کے معاشی مسائل میں تقویت آئے گی تعلیم سے وابستہ حضرات محنت وجدوجہد جاری رکھیں ہمت سے کام لیں انشاءاللہ حسب توقع کامیابی وکامرانی ہوگی۔

مئی اس ماہ کے دو گرہن کسوف وخسوف بہت اہمیت رکھتے ہیں اعمال کسوف وخسوف ضرور بجالائیں اس ماہ مخالفین سے ہوشیار رہیں تیز رفتاری سے گریز کریں بیرون ملک کا سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا اندرون ملک سفر باامر مجبوری ہوگا بزنس سے وابستہ افراد نئی سرمایہ کاری بالکل نہ کریں اور شراکت سے بھی پرہیز کریں کسی پر بے جا بھروسہ نہ کریں مالی نقصان کا اندیشہ ہے عزیز اقارب سے

وابستہ امیدیں پوری ہونگی اپنے رویے اور اخلاق میں منفی پہلو نہ آنے دیں صدقہ ضرور دیں۔

جون یہ ماہ آپ کے لیے متوسط ہے اس ماہ جلد بازی یا جذبات سے کیا گیا فیصلہ پشیمانی کا سبب ہوگا پرانے دوستوں سے دوبارہ تعلقات استوار ہوں گے عزیز و اقارب سے وابستہ امیدیں کم پوری ہونگی اپنے سرمایہ کو لوگوں سے مخفی رکھیں کفایت شعاری آپ کا خاصہ ہے صدقہ میں کنجوسی ہرگز نہ کریں سخاوت آپ کے معاشی امور میں کامیابی ثابت ہوگی اور اعمال روحانیہ ضرور بجالائیں اس کے علاوہ آپ کے امور میں اصلاح کا اور کوئی پہلو نہیں ہے۔

جولائی سیارہ زحل اور راہو آپ پر منفی اثرات مرتب کریں گے اور اپنے پاس سبع سیارگان کی لوح ضرور رکھیں ملازم پیشہ افراد کو تحمل اور ضبط سے کام لینا ہوگا اپنے فرائض میں سستی اور غفلت بالکل نہ برتیں اور علم سے وابستہ حضرات کو پریشانیوں کے بعد میں سکون میسر آئے گا ان کی محنت سے ثمرات ملے گے زراعت سے وابستہ افراد اپنی دانش مندی سے کیے گئے فیصلے سے پرسکون رہیں گے اس دوران لڑائی جھگڑا اور قانونی مسائل سے دور رہیں۔

اگست یہ ماہ آپ کے لیے متوسط ہے اپنے امور کا بغور جائزہ لیں اور اپنے نئے کاروبار کی شراکت سے اپنے آپ کو دور رکھیں اور ہر ایک پر بے جا بھروسہ نہ کریں کسی بزرگ عامل یا خاندانی مخلص بزرگ سے مشاورت کریں اس ماہ جذباتی اقدام سے گریز کریں اپنے کام سے غرض رکھیں اور کامیابی اور کامرانی کے لیے شرف مشتری اپنے پاس لازمی رکھیں کسی اچھے مستند عامل سے لوح تیار کروائیں روحانی عملیات سے استفادہ ضرور کریں۔

ستمبر یہ ماہ آپ کے لیے بہت اہم ہے معاشی استحکام ملے گا اندرون ملک اور بیرون ملک سفر سے واسطہ پڑے گا جو کہ آپ کے لیے کافی مثبت ثابت ہوگا البتہ ایسے چرب زبان دوست سے ہوشیار رہیں جو صرف آپ کو نقصان دے ورد آیت کریمہ کا ۱۰۱ بار روزانہ تلاوت کریں اس ماہ دوسرے دن صدقہ ضرور دیں غصہ نہ کریں اطاعت والدین کے ساتھ اپنے اہل خانہ واہل وعیال سے خوش روی کا مظاہرہ کریں۔

اکتوبر اس ماہ میں چاند گرہن ہے آپ اعمال گرہن ضرور بجالائیں غیر ملکی سفر نہیں ہے اس دوران زیارات کے سفر سے واسطہ پڑ سکتا ہے اندرون ملک کا سفر نیک ثابت ہوگا زراعت سے وابستہ افراد کو مالی فائدہ حاصل ہوگا اور آمدنی وآخراجات پر نظر رکھیں روحانی اور مذہبی امور میں دل چسپی بڑھے گی واجبات کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ امور شرعیہ میں سستی ہرگز نہ کریں نئے نئے تعلقات سے واسطہ پڑیگا اور غصہ سے پرہیز کریں صحت کا خاص خیال رکھیں اور دعائے نور کی تلاوت کریں۔

نومبر اس ماہ شمسی گرہن آپ کو اچانک صدمات سے دوچار کرسکتا ہے نماز آیات بجالائیں اور صدقہ دیں قمر در عقرب میں بالکل سفر نہ کریں اور تیز رفتاری سے گریز کریں اپنے اردگرد ماحول پر نظر رکھیں آپ کے خفیہ مخالفین خفیہ سازش سے آپ کو مالی نقصان کی منصوبہ بندی کریں گے آپ صدقہ ضرور دیں عزیز واقارب کی رنجشوں سے ذہنی کرب میں اضافہ ہوگا اس دوران اللہ پر بھروسہ رکھیں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قول ہے، بہترین سے بہترین عمل تنگدستی کے وقت بخشش اور غصہ کے وقت ضبط و صدق اور طاقت کے باوجود عفوو بخشش ہے۔

دسمبر حضرت علیؑ کا فرمان ہے، بہترین دعا وہ ہے جو پاک اور باتقوی دل سے مانگی جائے یہ سال آپ کے لیے متوسط ہے اس کو بہتر سے بہتر بنانے کے لیے اپنے اندر جذبات اور غصہ پر قابو پانا ہوگا اپنے رویے میں خاصی تبدیلی لانا ہوگی اور اچھے عامل سے مشاورت سے اپنے لیے خصوصی لوح نصیب اور لوح شرف مشتری اپنے پاس لازمی رکھیں تا کہ آپ کے امور سے رکاوٹیں دور ہوں اور آپ کے تمام وسائل میں کامیابی و کامرانی میسر آئے۔

برج
سنبلہ
Virgo
AUG-21 to SEP-20

تاریخ پیدائش
21 اگست تا 20 ستمبر

حروف: پ، غ
دن: بدھ
ممکنہ امراض
السر اور کان کی تکالیف
آنتوں کی بیماری
معدہ، جگر،

رنگ: پیلا، زرد گہرا
عدد: ۵
موافق نگینے
پکھراج، ہیرا، گومیدک

Leo Symbol

موافق برج: جدی، ثور
ناموافق برج: قوس، حوت، جوزا
سیارہ: عطارد

جنوری اہل سنبلہ کے لیے رواں سال کا پہلا مہینہ قدرے خوشگوار ثابت ہوگا ۶ جنوری قمر زہرہ تسدیس سے معاشی حالات میں اتار چڑھاؤ رہے گا اس ماہ میں آپکو مندرجہ تاریخوں میں احتیاط سے کام لینا ہوگا ۶۔۷۔۸۔ جنوری میں سفر سے احتیاط ضرور کریں صدقہ ضرور دیں اس دوران آپکی صحت متاثر ہوسکتی ہے سماجی تعلقات سے متاثر ہوسکتے ہیں احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں اور اس وقت سفر وسیلہ ظفر ثابت نہ ہوگا ملازم پیشہ افراد کو کامیابی کی نوید ہوگی زراعت سے وابستہ افراد کو اخراجات سے واسطہ پڑے گا

فروری اس ماہ میں مذہبی تقریبات میں رجحان بڑھے گا سفر با امر مجبوری سے واسطہ پڑسکتا ہے جو کہ آپکے لیے وسیلہ ظفر ثابت ہوگا کسی پر اندھا اعتماد نہ کریں کسی کے لیے ضامن بننا یا قرض دینا آپکے لیے نقصان دہ ثابت ہوگا صلہ رحمی ضرور کریں آپکے سماجی وسیاسی و گھر یلو تعلقات متاثر ہونے کا خدشہ ہے آپ اور آپکی فیملی کی صحت متاثر ہوسکتی ہے اس ماہ صدقہ لازمی دیں ۲۰ فروری کو قمر مشتری تسدیس سے آپکے بزنس میں کامیابی و کامرانی ہوگی آپکی معشیت مضبوط ہوگی بے روزگار حضرات کو کامیابی کی نوید ہے گھر میں نئے مہمان کی آمد متوقع ہوسکتی ہے اللہ پر بھروسہ کریں۔

مارچ اس ماہ میں تبدیلی متوقع ہے تعلیم سے وابستہ افراد کو تعلیمی سرگرمیوں سے وابستہ رہنا چاہے اور اپنے امتحان میں محنت کرنی چاہے آپکے سماجی تعلقات میں اضافہ ہوگا اس ماہ میں آپکی آمدنی میں غیر متوقع اضافہ ممکن ہے اندرون ملک و بیرون ملک سفر کا چانس میسر ہوسکتا ہے گھر میں کوئی مذہبی یا روحانی محفل متوقع ہے اس ماہ سرمایہ کار حضرات جو شراکت داری پر سرمایہ کاری کر تے ھیں فائدہ ہوگا زراعت سے وابستہ افراد اپنے فصل پر خاص توجہ دیں اور آپکی محنت رنگ لائے گی اور آپ میں مذہبی رجحان پیدا ہوگا اور اللہ کی ذات پر بھروسہ رکھیں۔

اپریل رواں ماہ کے پہلے دو عشرے آپکے لیے اچھے ثابت ہونگے اس دوران آپکی آمدن میں اضافہ متوقع ہے رزق حلال پر توجہ دیں حرام کا ایک روپے حلال کے دس روپے کو لے ڈوبے گا گھر میں خوشی کا سماں متوقع ہے ملازم پیشہ افراد اس دوران احتیاط سے کام لیں حکام بالا سے کوئی نہ خوشگوار واقعہ رونما ہوسکتا ہے آپکے سیاسی وسماجی تعلقات میں کوئی خفیہ دشمنی پیدا ہوسکتی ہے اپنے رویے میں نرمی پیدا کریں الفاظ سے زیادہ لہجہ کا اثر ہوتا ہے ۲۲ اپریل قمر مشتری آپکی فیملی کو متاثر کرسکتا ہے۔

مئی کے مہینے میں زراعت سے وابستہ حضرات کو انکی محنت کا صلہ ملے گا باغبانی والے حضرات کو مایوسی کا شکار نہیں ہونا چاہے اس ماہ میں آپکے بزنس کو چار چاند لگ جائیں گے بشرطیکہ آپ صبح کی نماز لازمی ادا کریں اپنے آپ کو فضول باعث و تکرار سے دور رکھیں ۱۰ مئی کو

سورج گرہن ہے اعمال کسوف وخسوف لازمی بجالائیں اور صدقہ بھی ضرور دیں ۲۵ مئی کو چاند گرہن ہے حاملہ عورتیں احتیاط کریں اور نماز آیات واعمال لازمی بجالائیں۔

جون کا مہینہ بھی اچھا ثابت ہوگا اور کسی قسم کے بداثرات مرتب نہیں ہوں گے اور صحت متاثر ہوسکتی ہے اور صدقہ دینے میں دیر نہ کریں تعلیم سے وابستہ حضرات کی چھٹیاں اچھی پاس ہوں گی اور بُری محفل سے پرہیز کریں اور اچھے دوستوں کی صلاحیتوں سے فائدہ لیں اور بے روزگار نوجوان حضرات کو خالق کائنات روزگار سے نوازے گا شادی شدہ حضرات کے ہاں نئے مہمان کی آمد کی خوش خبری آئے گی اور زراعت پیشہ افراد کوانکی محنت کا صلہ ضرور ملے گا اللہ پر بھروسہ رکھیں۔

جولائی یہ ماہ آپ کے لیے متوسط ثابت ہوگا اور اپنے اندر عبادت کی طرف رجحان بڑھائیں اور صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں اور اپنے امور میں لاپروہی سے کام نہ لیں اور بزنس مین حضرات سرمایہ کاری کریں اور اپنے کاروبار کو وسیع کرنے میں خوب موقع ملے گا بیرون ملک کسی عزیز سے مالی فائدہ کی قوی امید ہے اندرون ملک سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوں گے اور اپنے والدین اور عزیز اقارب سے ہمشیہ نرمی روی اور خوش اخلاقی سے پیش آئیں۔


اگست یہ ماہ صحت کے لیے کافی احتیاط طلب ہوگا اور زیادہ غذا استعمال کرنے سے پرہیز کریں آپ کے مزاج میں غصہ اور جذبات کی تبدیلی رونما ہوگی منفی پہلو کو نظر انداز کریں اور اپنے اندر صبر پید اکریں اپنے لیے اور اپنے اہل خانہ کے لیے شرف مشتری اپنے پاس ضرور رکھیں اور زحل کی ساڑھ ستی سے آپ نے ضرور سبق حاصل کیا ہوگا اپنے کاروبار میں شراکت سے پرہیز کریں ہر ایک پر بھروسہ نہ کریں نقصان ہوسکتا ہے اور صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں اللہ پر بھروسہ رکھیں۔

ستمبر اس ماہ دولت کے سیارے کو شرف حاصل ہوگا آپ کو اس میں سورہ واقعہ کی تلاوت زیادہ کرنا ہوگی اپنے افراد خانہ کی تعداد کے مطابق نماز عشاء کے بعد تلاوت کریں بیرون ملک سفر سے فائدہ حاصل ہوگا اس دوران اپنی علمی سرگرمیوں کو جاری رکھیں تعلیم سے وابستہ حضرات کو تعلیم میں کامیابی ہوگی شرط اول محنت کرنا ہے زراعت پیشہ حضرات کے لیے یہ وقت اچھا ثابت ہوگا ان کو کامیابی ملے گی اپنی فصلوں سے اچھا ثمر حاصل کریں گے۔

اکتوبر اس ماہ کا گرہن آپ کی صحت کے لیے دشوار کن ہے صحت سے لاپرواہی ہرگز نہ برتیں سفید چیز کا صدقہ ضرور دیں اور اعمال گرہن ضرور بجالائیں اپنے عزیز واقارب سے وابستہ امیدیں پوری ہوں گی نئی رشتے داری قائم ہوگی اور حلقہ احباب سے متوقع تعلقات میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا آپ کے سیاسی وسماجی تعلقات میں اضافہ ہوگا اس ماہ آپ کے اندر اچھا اخلاق پیدا ہوگا تعلیم سے وابستہ افراد کو جوہر دکھانے کا موقع ملے گا۔

نومبر اس ماہ کا شمسی گرہن اچانک واقعات کا مظہر ہے اس ماہ تیز رفتار سواری سے احتیاط کریں قمر در عقرب میں سفر کرنے سے گریز کریں اگر لازمی سفر کرنا ہے تو پھر صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں غصہ وجذبات کو قابو میں رکھیں اور ہر کام اپنے بزرگوں کی مشاورت یا اہل علم کی مشاورت کو اول ترجیح دیں اور ہر ایک پر بھروسہ نہ کریں آپ کو قرض دینا یا ضامن بننا فائدہ نہیں گا اللہ پر بھروسہ رکھیں حضورﷺ اور حضرت علیؑ کا فرمان ہے کہ بہترین افراد وہ ہیں جو حق کا فیصلہ کریں۔

دسمبر یہ سال کا آخری ماہ ہے آپ کو مالی تقویت دے گا بے روزگار حضرات کو نئے روزگار ملنے کا موقع ملے گا اور ملازم پیشہ افراد کے اخراجات میں اضافہ ہوگا اور کامیابی بھی متوقع ہے روحانیت کے ذریعے اور اپنے تجربہ ومشاہدہ سے اپنے امور کی خوش اسلوبی سے آگے بڑھنے کا چانس ملے گا اس دوران آپ نے اچھے عامل سے استفادہ کیا تو مالی ومعاشی پریشانی دور ہوگی اور ترقی وکامیابی سے واسطہ پڑیگا نئے دوستوں سے بہتر تعلقات بڑھیں گے اور اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں۔



برج میزان
Libra
SEP-21 to OCT-20

حروف	ر، ت، ط
دن	جمعہ

ممکنہ امراض

کمر کی تکلیف، نزلہ زکام، سردرد، گردوں کا درد، آنکھوں کی بیماریاں

رنگ	نیلا، زردی مائل، سفید
عدد	۶

موافق نگینے

ہیرا، اوپل، زبرجد


تاریخ پیدائش

21 ستمبر تا 20 اکتوبر



موافق برج

دلو، جوزا



ناموافق برج

جدی، حمل، سرطان

سیارہ زہرہ

جنوری سال نو کی ابتدا آپکے لیے خوشگوار ثابت ہوگی اس وقت آپ کے معاشی امور میں آہستہ آہستہ استحکام آنا شروع ہوگا آپ میں خود اعتمادی بڑھے گی آپ کے وقار میں قدرے اضافہ ہوگا سیاسی وسماجی تعلقات میں اضافہ ہوگا ۷ جنوری قمر شمس سے لین دین یا کسی فیصلے سے قبل کافی غور وفکر سے مشورہ کریں ورنہ نقصان سے دوچار ہونا پڑے گا اور اپنے رویے میں نرمی پیدا کریں ملازم پیشہ افراد کو تحریر وتقریر پر ضبط لانا ہوگا عزیز واقارب سے وابستہ امیدیں پوری نہ ہونگی زراعت سے وابستہ افراد کو اخرجات سے واسطہ پڑے گا اور صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں۔

فروری ۲ فروری قمر عطارد تثلیث سے آپکی محنت رنگ لائے گی عزیز واقارب سے تعلقات میں بہتری کی امید پیدا ہوگی آپکی قائدانہ اور دانشمندانہ صلاحیتوں سے فائدہ حاصل ہوگا 13 فروری کو قمر عطارد تسدیس سے انصاف اور قانون سے وابستہ افراد احتیاط کا دامن تھامے رکھیں ایسی محفل سے دور رہیں جس سے آپکا دامن داغ دار ہوسکتا ہے ملازم پیشہ افراد حکام بالا سے ہوشیار رہ کر اپنا فرض خوش اسلوبی سے ادا کریں میزانی افراد کی شادی و منگنی جیسے پروگرام متوقع ہیں تعلیم سے وابستہ حضرات تعلیمی سرگرمیوں پر خاص توجہ دیں اور اپنے جذبات پر قابو رکھیں بے روزگار افراد کو روزگار کا موقع ملے گا صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں۔

مارچ دشوار وقت سے گزرنا ہوگا صدقہ کو اولین ترجیح دیں میزانی افراد کے گھر میں خوشی کی تقریب منعقد ہوسکتی ہے ذاتی گھر یا سواری کی خرید وفروخت سے پرہیز کریں سفر وسلیہ ظفر ثابت ہوگا اور قمر در عقرب میں ہرگز سفر اختیار نہ کریں اگر لازمی یا مجبوی میں سفر کرنا ہے تو صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں نوروز کے اعمال اور نقش اپنے پاس لازمی رکھیں کاروباری حضرات کو نئے کاروبار میں کامیابی و کامرانی ہوگی نئے حلقہ احباب میں اضافہ متوقع ہے اور امیدیں پوری ہوں گی اپنی آمدن اور اخرجات پر کنٹرول کریں اور اللہ کی ذات پر بھروسہ رکھیں لوح شرف مشتری اپنے پاس رکھیں

اپریل رواں ماہ آپ کے لیے احتیاط طلب ہے خصوصا آخری عشرہ میں سفر سے محتاط رہیں اور صدقہ دینے میں دیر نہ کریں اور کاروباری حضرات کے پیشہ ورانہ امور میں کامیابی کے آثار پیدا ہونگے حصول علم والے افراد اپنے مقصد کی طرف قدم بڑھائیں گے صحت کے معاملے میں آپکی مثبت پیش رفت ہوگی جذبات اور غصہ سے پرہیز کریں اور بحث وتکرار سے اجتناب کریں سستی و غفلت کو قریب نہ آنے دیں اور امور شرعیہ کی ادائیگی کو اولین ترجیح دیں اور عزیز واقارب سے ہمدردی سے پیش آئیں ۲۵ اپریل کو چاند گرہن ہے اعمال کسوف وخسوف بجالائیں اور صدقہ ضرور دیں حاملہ خواتین نماز آیات ضرور پڑھیں اور اللہ پر بھروسہ رکھیں

مئی ۵ مئی کو قمر زہرہ ہے میزانی افراد کی ازواجی زندگی میں عزت وشہرت وخوشیوں کا سمندر آمڈ آئیگا زراعت پیشہ افراد کو فائدہ حاصل ہوگا جو عرصہ دارز سے منگنی یا شادی کے خواشمند ہیں اور مایوسی کا شکار ہوچکے ہیں انکو چاہیے سورہ محمد پارہ نمبر ۲۶ کی روزانہ تلاوت کریں لوح اسم اعظم یا شرف مشتری اپنے پاس رکھیں تاکہ کامیابی سے ہمکنار ہوں ۱۰ مئی سورج گرہن ہوگا اور ۲۵ مئی کو چاند گرہن ہوگا

اوران کے اعمال ضرور بجالائیں قانونی مسائل سے پرہیز کریں اور صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں

جون میزانی حضرات کی رواں ماہ میں معاشی پوزیشن مضبوط ہوتی نظر آرہی ہے میزانی بے روزگار حضرات کو خالق کائنات کی طرف سے ملازمت کا موقع ملے گا اوران کی مقبولیت میں اضافہ ہوگا سیاسی وسماجی تعلقات میں اضافہ ہوگا اور میزانی میڈیا سے وابستہ افراد کو خاصی مقبولیت کا وقت ہے تاہم ملازم پیشہ افراد کو مراعات میں اضافہ یقینی ہوگا اور امور شرعیہ کی جانب خاص توجہ دیں اور صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں تعلیم سے وابستہ افراد پرسکون وقت گزارریں گے اپنے کردار سے منفی پہلو کو ختم کرنا ہوگا اور نماز فجر کے بعد درود کی ایک تسبیح تلاوت کریں۔

جولائی اس ماہ کے پہلے ہفتے میں ناخوشگوار واقعہ رونما ہوسکتا ہے اور ہر قدم پر محتاط رہیں خفیہ دشمن تاک میں بیٹھے ہیں اس دوران مذہبی رجحان بڑھے گا اور امور شرعیہ کی ادائیگی میں ہرگز کوتاہی نہ کریں اور واجبات کی ادائیگی سے آپکو ذہنی ودلی سکون میسر ہوگا رواں ماہ آپ میں روحانی عمل کرنے کی خواہش پیدا ہوگی اور اس دوران زیارات کا سفر آپ کو نصیب ہوگا اور صدقہ دینے میں لاپرواہی کا ہرگز مظاہرہ نہ کریں جس کی وجہ سے آپکی اور آپکے اہل خانہ کی صحت متاثر ہونے خدشہ ہے اللہ پر بھروسہ کریں۔

اگست ۷ اگست قمر شمس سے معاشی معاملات میں استحکام آئے گا لیکن سیاسی وسماجی تعلقات میں کشیدگی برقرار رہے گی زراعت سے وابستہ افراد کو اخرجات سے واسطہ پڑے گا شراکتی امور میں مخالفین وحاسدین نقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے او رصدقہ دینے میں ہرگز آپ کوتاہی نہ کریں اور اس دوران آپکے حلقہ احباب میں اضافہ ہوگا گھر میں خوشی کا سماں پیدا ہوگا اس وقت سے آپکو بہت کچھ سیکھنا ہوگا اور ہر ایک کی مشاورت کو قبول نہ کریں بلکہ مخلص حضرات کا مشورہ قبول کریں۔

ستمبر ۵ ستمبر قمر شمس سے اس ماہ میں مثبت نتائج ثابت ہوں گے یہ ماہ آپکے لیے امید کی کرن ثابت ہوگی سفر وسلیہ ظفر ثابت ہوگا اور تیز رفتار سواری سے پرہیز کریں ملازم پیشہ افراد کو خاطر خواہ کامیابی وکامرانی ہوگی اور تعلیم سے وابستہ افراد کو محنت کرنی پڑے گی جس سے اچھے نتائج مرتب ہوں گے اس دوران غصہ وجذبات سے پرہیز کریں اور صبر کا دامن ہاتھ سے نہ جانے دیں اپنے اندر نرم رویہ پیدا کریں اور اپنے والدین سے خوش اخلاقی سے پیش آئیں اور اللہ پر بھروسہ رکھیں حضرت امام باقرؑ نے فرمایا تین باتیں ایسی ہیں جن سے مرد مسلمان کی عزت میں اضافہ ہوتا ہے ا۔کوئی زیادتی کرے تو اسے معاف کردے ۲۔جو محروم کرے اس کے ساتھ بھی سخاوت کرنا ۳۔جو قطع تعلق کرے اسکے ساتھ نیکی کرے۔

اکتوبر اس ماہ میں بے روزگار حضرات کو خالق کائنات کی طرف سے وسیع روزگار حاصل ہوگا اور صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں اور میزانی افراد کو چاہیے کہ لوح شرف مشتری اپنے پاس لازمی رکھیں یقیناً کامیابی ان کے قدم چومے گی اس ماہ صحت سے ہرگز لاپرواہی نہ کریں اور غذا کے حوالے سے احتیاط ضرور بجالائیں ۱۹ اکتوبر کو چاند گرہن ہے اعمال کسوف وخسوف بجالائیں اور ساتھ صدقہ بھی دیں زراعت سے وابستہ افراد کو خوب نفع حاصل ہوگا اللہ پر بھروسہ رکھنا اول شرط ہے۔

نومبر یہ وقت آپ کے لیے اچھا ثابت ہوگا اور ۳ نومبر کو سورج گرہن ہے اور اعمال ضرور بجالائیں اور صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں بیرون ملک سفر سے واسطہ ہوگا جس سے نفع حاصل ہوگا اور اپنے اندر رویے میں نرمی پیدا کریں والدین سے خوش اخلاقی سے پیش آئیں میزانی حضرات میں اکثر لیڈرانہ صلاحیت ہوتی ہیں سیاسی وسماجی تعلقات میں اضافہ ہوگا تعلیم سے وابستہ افراد کو کامیابی و کامرانی ہوگی شرط محنت ہے اور زراعت سے وابستہ افراد کو اخرجات کا سامنا کرنا پڑے گا اور پھر محنت کا صلہ ملے گا اور میزانی افراد سورہ یٰسین کی روزانہ کسی بھی وقت تلاوت لازمی بجالائیں۔

دسمبر رواں سال کے آخری ماہ میں میزانی حضرات کی معاشی پوزیشن مضبوط ہوگی اور صحت کے معاملے میں ہرگز لاپرواہی نہ کریں ۱۲ سال کے بعد آنے والا شرف مشتری میزانی افراد کے لیے کامیابی کا سبب بنے گا اگر آپ مٹی کو ہاتھ لگائیں گے تو سونا بن جائیگی آپکے تمام امور میں واقع بندش کا خاتمہ ہوگا آپکے سیاسی وسماجی تعلقات میں نکھار پیدا ہوگا اور اس دوران زیارات کا سفر نصیب ہوگا اس دوران مذہبی رجحان بڑھے گا ہر ایک پر بے جا بھروسہ نہ کریں۔



برج
عقرب
Scorpio
OCT-22 to NOV-24

تاریخ پیدائش: 22 تا 24 اکتوبر تا نومبر

حروف: ن، ذ، ض، ط
دن: منگل

رنگ: سرخ
عدد: 9

ممکنہ امراض
سر، حلق و ناک
بچس، معدہ، نزلہ
کی بیماریاں

موافق نگینے
پکھراج، سرخ عقیق، یاقوت، موتی، مرجان





Scorpio Symbol

موافق برج: حوت، سرطان

ناموافق برج: دلو، ثور، اسد

سیارہ: مریخ

جنوری یہ ماہ عقربی افراد کے لیے نہایت منفی ثابت ہوگا زحل کی نحوست سے آپ کو کافی مالی پریشانی لاحق ہوسکتی ہے زراعت سے وابستہ افراد کو خاطر خواہ نفع نہیں ملے گا ان کے امور میں بندش جیسے حالات پیدا ہوجائیں گے آپ کے مخالفین میں اضافہ ہوگا عزیز واقارب سے وابستہ مسائل روکاوٹ کا شکار رہیں گے علم سے وابستہ حضرات کو اس وقت خاصی محنت سے ثمرات میسر آئیں گے ملازم پیشہ افراد کے لیے یہ وقت نہایت اہم ذمہ داری کو نبھانا ہے اور اپنی ذراسی لاپرواہی سے پریشانی سے واسطہ پڑسکتا ہے تمام امور اور مسائل میں روکاوٹیں آنے کا خدشہ ہے اس دوران صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں اللہ پر بھروسہ رکھیں۔

فروری یہ ماہ آپ کی صحت کے لیے تشویش ناک ہے علاج اور پرہیز کرنے کے لیے ذہنی طور آمادہ رہیں اپنی سست طبعیت کے باعث ہرگز لاپرواہی نہ کریں آپ کے دولت کا سیارہ اس سال وسط سال تک وبال میں رہے گا بعد مالی مسائل بالکل اختتام پذیر کردے گا اور غصہ وجذبات سے پرہیز کریں اپنے اندر خوش اخلاقی رویہ پیدا کریں صدقہ اور دعاؤں کا ورد ہرصورت میں جاری رکھیں کبھی کبھی آپ مایوسی کا شکار ہوجاتے ہیں اور اللہ کی ذات پر بھروسہ رکھیں تعلیم سے وابستہ افراد کو کامیابی وکامرانی ہوگی اول شرط محنت ہے جس کا ثمر آپ کو ملے گا۔

مارچ اس ماہ میں اعمال نوروز ضرور بجالائیں گوشت یا انڈے کا صدقہ بھی لازمی دیں کاروباری حضرات کو اس ماہ میں اپنے بزنس میں نئی سرمایہ کاری کا موقع ملے گا کسی کے ساتھ کاروبار میں شراکت کرنا ہے تو ضرور کریں اس سے کامیابی آپ کو ملے گی اور اپنے بزرگوں سے مشاورت ضرور کریں اپنے والدین سے حسن سلوک سے پیش آئیں اہل خانہ میں نرمی سے پیش آئیں اور لوح نصیب اپنے پاس لازمی رکھیں جس سے آپ کے تمام امور میں کامیابی وکامرانی ہوگی ملازم پیشہ حضرات کے لیے یہ ماہ چیلنج ثابت ہوگا تمام امور میں کامیابی کے لیے دعائے توسل اور نماز پنجگانہ ضرور بجالائیں اللہ پر بھروسہ رکھیں۔

اپریل اس ماہ گرہن آپ کی صحت کو متاثر کرسکتا ہے اور اعمال ضرور بجالائیں صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں سر کا درد اور اچانک بخار سے واسطہ پڑے گا اور دعائے نور لازمی تلاوت کریں جہاں سے علاج کی حد ختم ہوگی وہاں سے دعا شروع ہوتی ہے جہاں دعا کی حد ختم ہوتی ہے وہاں سے صدقہ کی حد شروع ہوتی ہے اور پھر صدقہ تو موت کو بھی ٹال دیتا ہے غیر ملکی سفر متوقع ہے اس سے فائدہ حاصل ہوگا دوست ودشمن میں امتیاز ضرور قائم کریں دعائے مشلول کی تلاوت لازمی کریں۔

مئی اس ماہ میں کسوف وخسوف یعنی دو گرہن ہیں اس وقت آپ اعمال گرہن ضرور بجالائیں آپ کے کاروبار میں عارضی روکاٹ پیدا ہوگی آپ کے تعلقات میں اضافہ ہوگا سیاست سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ ایک امتحان کی طرح ثابت ہوگا اور سیاست میں اُتار وچڑھاو پیدا ہوگا ملازم پیشہ افراد کی عزت وتکریم

میں اضافہ ثابت ہوگا جس سے ان کو فائدہ حاصل ہوگا اور صحت کے معاملے میں ہرگز لاپرواہی کا مظاہرہ نہ کریں تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے کڑا امتحان ہوگا جس میں ان کو محنت کرنی پڑے گی۔

جون یہ ماہ آپ کے لیے نہایت اچھا ثابت ہوگا تعلیم سے وابستہ افراد کو فائدہ ملے گا اول شرط محنت ہے اپنے آپ کو معاشرے کی ایسی محافل سے دور رکھیں جن کو لوگ غلط سمجھتے ہیں زراعت سے وابستہ افراد کو موسم کے اتار چڑھاو کی وجہ سے نقصان کا خدشہ ہے اس سال بارشیں اور طوفان شدت سے آئیں گے باغبان حضرات کو حسب توقع نفع نہیں ملے گا سورہ واقعہ کا ورد جاری رکھیں تمام امور میں خاطر خواہ کامیابی وکامرانی ہوگی اللہ پر بھروسہ رکھیں۔

جولائی یہ ماہ آپ کے لیے متوسط ثابت ہوگا آپ اپنی آمدنی اور اخرجات پر توازن قائم رکھیں امور شرعیہ کو بجالانے میں سستی نہ کریں مذہبی رجحان میں اضافہ ہوگا دعائے سبا سب کی ضرور تلاوت کریں آپ کے خفیہ مخالفین میں اضافہ ہوگا آپ اپنی نرم روی اور خوش اخلاقی سے مخالفین میں کمی پیدا کرسکتے ہیں اور صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں ہر ایک پر بے جا بھروسہ نہ رکھیں سیاسی وسماجی تعلقات میں اضافہ ہوگا تعلیم سے وابستہ افراد کو کامیابی کا رزلٹ حاصل ہوگا سورہ ن وقلم کی تلاوت روزانہ کریں جس سے تمام امور میں کامیابی وکامرانی ہوگی۔


اگست اس ماہ اندرون ملک سے فائدہ حاصل ہوگا اور اپنے غصہ وجذبات میں ضبط قائم کریں جذبات سے کیے گے فیصلے آپکے لیے نقصان دہ ثابت ہوں گے حضورﷺ کا فرمان ہے تم میں سے ہوش مند شخص وہ ہے جو موت کو زیادہ یاد کرے دوسرا وہ شخص ہے جو سب سے پرہیز گار ہو اور لوگوں میں سے سب سے زیادہ عقل مند وہ ہے جو دنیا کے اتار چڑھاو سے نصیحت حاصل کرے اور حضرت علیؑ کا قول ہے لوگوں میں سے سب سے زیادہ بے نیاز شخص وہ ہے جو حرص وطمع کا غلام نہ ہو نیک نیتی سے اپنے امور تجارت میں نئی سرمایہ کاری کریں واجبات کی ادائیگی سے بے پناہ کامیابی وترقی یقینی حاصل ہوگی اللہ کی ذات پر بھروسہ رکھیں۔

ستمبر اس ماہ مشتری کو شرف ہے آپ اپنے اندر منفی پہلو جڑ سے اتار کر پھینک دیں عیش وعشرت سے پرہیز کریں اور ہر ایک پر بھروسہ نہ کریں ملازم پیشہ حضرات اپنے افسران بالا سے خوشگوار مراسم قائم کریں گے آپ کے حلقہ احباب میں اضافہ ہوگا اور نئی رشتہ داریاں قائم ہوں گی ملازم پیشہ حضرات اور تعلیم سے وابستہ افراد اور بزنس مین حضرات اپنے پاس لوح شرف مشتری کی جدید لوح لازمی رکھیں بارہ سال معاشی معاملات میں خود کفیل ہو سکتے ہیں صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں اور نماز پنجگانہ لازمی ادا کرنے میں ہرگز سستی کا مظاہرہ نہ کریں اللہ پر بھروسہ رکھیں۔

اکتوبر اس ماہ آپ کے لیے سفر سود مند ثابت نہ ہوں گے حادثہ سے بچنے کے لیے احتیاطی تدابیر لازمی بجالائیں سفید چیز کا صدقہ ضرور دیں اور سخاوت کے ساتھ دیں اعمال گرہن ضرور بجالائیں اور انعامی اسکیموں میں احتیاط سے رقم خرچ کریں شرعی امور کی بجا آوری کے لیے ہرگز سستی نہ کریں اس ماہ آپ کے معاشی حالات میں بہتری ثابت ہوگی بے روزگار حضرات کو نئے روزگار میسر ہونگے زراعت سے وابستہ افراد کو کامیابی ہوگی ان کو محنت کا پھل حاصل ہوگا اور ملازم پیشہ افراد کو اخرجات سے واسطہ پڑے گا۔

نومبر میں شمسی گرہن ہے گوشت یا انڈے کا صدقہ ضرور دیں چار جمعہ صدقہ لازمی ادا کریں قمر در عقرب میں نیا سفر یا نیا کام کی ابتدا ہرگز نہ کریں بیرون ملک سرمایہ کاری آپ کے لیے اہم ہے اور اندرون ملک سرمایہ کاری کے لیے استخارہ لازمی کروائیں اپنے عزیز واقارب سے نرم رویہ اختیار کریں والدین سے خوش اخلاقی سے پیش آئیں اپنے اندر روحانی صلاحیت پیدا کریں اپنی زندگی میں کامیابی وکامرانی کے لیے لوح شرف مشتری لازمی اپنے پاس رکھیں تعلیم سے وابستہ حضرات کو کافی مشکلات ثابت ہوگی۔

دسمبر یہ سال کا ماہ آپ کے لیے روحانی تبدیلی کا پیغام دیتا ہے آپ کے اندر نیکی کا جذبہ وصلاحیت پیدا ہوگی رشتے داروں سے وابستہ امیدیں پوری نہیں ہوں گی اپنے اندر نرم رویہ پیدا کریں اور خوش اخلاقی پیدا کریں تعلیم سے وابستہ افراد کو کامیابی وکامرانی ہوگی نئے کاروبار میں مواقع میسر ہوں گے جس سے نفع حاصل ہوگا سورہ حشر کی روزانہ تلاوت کریں تمام امور میں کامیابی وکامرانی حاصل ہوگی صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں۔



حروف	ف
دن	جمعرات

رنگ	سفید، سبز
عدد	۳،۷

برج قوس

Sagittarius

NOV-24 TO DEC-22

تاریخ پیدائش
24 نومبر تا 22 دسمبر

ممکنہ امراض

عرق النساء، حادثات کی چوٹیں، ہاضمے کی خرابیاں

موافق نگینے

فیروزہ، زمرد، حجر القمر



موافق برج: حمل، اسد



ناموافق برج: حوت، جوزا، سنبلہ

سیارہ: مشتری

جنوری اہل قوس حضرات کے لیے یہ سال غیر متوقع مگر معاشی طور پر قدرے بہتر ثابت ہوگا اس ماہ آپ اور آپ کے اہل خانہ کی صحت متاثر ہوسکتی ہے اس ماہ ۷ انڈے کا صدقہ دیں کسی مستحق کو ضرور دیں تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ نہایت اہمیت کا حامل ہے اگر تعلیم سے وابستہ افراد اپنا ہدف حاصل کرنا چاہتے ہیں تو مستقل مزاجی سے تعلیم سے وابستہ رہیں ملازم پیشہ حضرات کے لیے یہ ماہ کڑا امتحان ثابت ہوگا جس سے آپکی صحت متاثر ہونے کا خدشہ ہے زراعت سے وابستہ حضرات کو کچھ ذہنی سکون نصیب ہوگا بزنس مین افراد کے لیے یہ مسرت و شادمانی کا وقت ہوگا اہل قوس کو چاہیے سورہ حشر کی روزانہ تلاوت کریں اللہ پر بھروسہ رکھیں۔

فروری یہ ماہ آپ کے لیے کافی پرسکون ثابت ہوگا اگر اس ماہ آپ نے اچھی پلاننگ کی تو اس کے دور رس نتائج سامنے آئیں گے عزیز و اقارب سے رنجش کے امکان ہیں اپنی تقریر و تحریر پر ضبط رکھیں اپنے آپ کو سب سے بہتر سمجھ لینا بے وقوفی ہے اس ماہ آپ کے اندر روحانی صلاحیت پیدا ہوگی بزرگوں سے مشاورت کو ترجیح دیں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے بحث و تکرار اور لڑائی جھگڑے سے گریز کریں نماز کی باقاعدگی اختیار کریں اور صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں دوست و دشمن میں فرق کریں حقوق العباد کا خصوصی خیال رکھیں اور بے جا کسی پر بھروسہ نہ کریں۔

مارچ اس ماہ اعمال نوروز ادا کرنے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں غرباء و مساکین کی دعائیں لیں اور اعمال خیر کو ترجیح دیں اور نامحرموں کو دیکھنے سے باز رہیں شادی شدہ حضرات کے گھریلو ناچاقی کے خدشات ہیں آپس میں اتفاق و اتحاد پیدا کریں اور مخالفین کو موقع نہ دیں اس سال شرف مشتری کا ایک سعد وقت اہل قوس کے لیے دولت کی برسات ثابت ہوگا مگر اس وقت پر اعمال صالح ضرور بجا لائیں اور کسی مستند عامل باعمل یا روحانیہ جنتری سے استفادہ کریں اور نقش شرف مشتری ضرور اپنے پاس رکھیں تاکہ آپ پر قسمت کے ساتھ ساتھ دولت کی دیوی بھی مہربان رہے تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ اچھا ثابت ہوگا کامیابی ان کے قدم چومے گی۔

اپریل اس ماہ چاند گرہن آپکی صحت کو متاثر کرسکتا ہے اس ماہ گوشت کا صدقہ جمعہ کو حسب حیثیت کسی مستحق کو ضرور دیں اور اعمال کسوف و خسوف کو ضرور بجالائیں نماز آیات کو ادا کرنے میں کوتاہی ہرگز نہ کریں حاملہ خواتین کو چاہیے اس ماہ کے چاند گرہن میں خصوصی احتیاط کریں غصے پر کنٹرول کریں اور بے جا اسراف سے گریز کریں اس ماہ اندرون ملک کے سفر زیادہ ہیں اور آپ کے یہ سفر آپکے لیے وسیلہ ظفر ثابت ہونگے اور صلہ رحمی کو اول ترجیح دیں اور اللہ کی ذات پر بھروسہ رکھیں

مئی اس ماہ کا سورج گرہن آپ کے کاموں میں رکاوٹ ثابت کرسکتا ہے نئی شراکت داری سے بالکل پرہیز کریں کسی کو قرض دینا یا ضامن بننا نقصان دہ ثابت ہوگا اپنے جذبات و زبان پر کنٹرول رکھیں آپ کے خلاف خفیہ سازش آپ کو پریشان کرسکتی ہے چادر دیکھ کر پاؤں پھیلائیں عزیز و اقارب سے ناچاقی آپکو قانونی مسائل سے دوچار کرسکتے ہیں نرم رویہ اور بزرگوں سے مشاورت کو ترجیح دیں اپنے نفس کے ساتھ جہاد کریں اور امور شرعیہ کی پابندی کریں اور نماز

پنجگانہ کی ادائیگی میں ہرگز کوتاہی نہ کریں زراعت سے وابستہ افراد کو خاطر خواہ اچھے نتائج مرتب ہوں گے جس سے ان کی معشیت مضبوط ہوگی۔

جون اس ماہ اپنے اخرجات میں توازن پیدا کریں بزنس مین حضرات کوئی سرمایہ کاری کرنے سے گریز کرنا چاہیے اور امور شرعیہ کی ادائیگی میں ہرگز کوتاہی نہ کریں اور اگر نئی شراکت داری کرنی ہے تو پہلے استخارہ ضرور کروائیں اپنے رویہ میں لچک پیدا کریں اور احساس ذمے داری کا مظاہرہ کریں عزیز واقارب سے اچھے مراسم رکھیں والدین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں اہل قوس کے آئندہ ۳-۴ ماہ کافی اہم ثابت ہونگے اور اپنی کامیابی وکامرانی کے لیے لوح شرف مشتری لازمی اپنے پاس رکھیں تاکہ آپ کی قسمت کو چار چاند لگ جائیں۔

جولائی مشتری کا بارہ سال بعد آنا آپکو یقیناً کئی فوائد دے گا مگر شرط اس کی اچھی پلاننگ اور روحانی عامل سے رابطہ ہے مشتری کے سعد وقت سے مشترکہ مفادات کے کاموں تعلقات ۔شراکت اور سیاسی مصروفیات میں اضافہ ہوگا دانش مندی کا تقاضا ہوگا کہ آپ اپنے قیمتی وقت اور روپیہ کا بہترین استعمال کریں ممکنہ حاسدین ومخالفین پر غلبہ حاصل ہوگا خصوصا قانونی وراثتی اخلاقی وپنچائتی فیصلے غیر متوقع طور سے آپ کے حق میں ہوں گے آپ اپنے مسائل اور وسائل میں اعتدال پیدا کرتے ہوئے اپنے نقصان کو کم کرسکیں گے آپ اس سال تمام اہم فیصلوں میں بزرگوں سے مشاورت لازمی کریں اور صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں تاکہ متوقع الجھنوں سے محفوظ رہیں اور اللہ پر بھروسہ رکھیں۔

اگست اس ماہ اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں ناگہانی بڑھتے ہوئے اخراجات کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کرنا ہوگا مگر اس سعد وقت سے فائدہ اٹھانے کے لیے کسی مستند عامل باعمل سے بروقت رجوع کریں نقش لوح شرف مشتری بنوا کر اپنے پاس لازمی رکھیں تاکہ آئندہ بارہ سال آپ کی خوش بختیاں آپ کا مقدر اور آپ کی قسمت کا بند دروازہ کھل جائے اور آپ کی سماجی وسیاسی حیثیت وشخصیت میں اضافہ ہوگا نیک کاموں کی انجام دہی سے آپ کی عزت وتوقیر کو چار چاند لگیں گے اور صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں۔

ستمبر اس ماہ آپ کے اندر غصہ وجذبات بڑھے گا لیکن صبر اختیار کریں اور اپنے اندر خوش اخلاق رویہ پیدا کریں نحوستوں کے تحفظ اور خوش قسمتی کو پانے کے لیے اس ماہ شرف مشتری کا خصوصی نقش بنوا کر اپنے پاس رکھیں اور مجموعی طور پر روکاوٹوں میں کمی مثبت کوششوں سے حالات میں بہتری ممکن ہو سکے گی صدقات وخیرات اس ماہ اپنی حیثیت سے زیادہ بڑھ کر دیں یہ وہ توشہ آخرت ہے جو آپکی دنیاوی مشکلات میں کمی اور آخرت میں نفع کا سبب بنے گا تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ کامیابی وکامرانی کا ثابت ہوگا اور اللہ کی ذات پر بھروسہ رکھیں اور محنت کریں۔

اکتوبر اس ماہ آپ کے علم وہنر میں اضافہ ہوگا جس سے مثبت نتائج سامنے آئیں گے کاروباری ومالی وسائل دوسروں کی شراکت یا تعاون آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا آپ اپنے اندر آگے بڑھنے کی امنگ ترنگ پائیں گے اخلاقی مذہبی امور کے شعور اور علمی ادراک سے نئے خیالات جدت زمانہ کے ساتھ عملی جامہ پہنا سکیں گے قیاس آرائی کی بجائے خود اعتمادی سے کام لیں اکتوبر کے آخری دو ہفتے آپ کے لیے صبر وتحمل اور آزمائش کا وقت ثابت ہوسکتے ہیں اپنے خیالات یا فیصلے دوسروں پر مسلط نہ کریں جلد بازی کے اقدامات اور قانونی مسائل آپکی ساکھ کو متاثر کرسکتے ہیں صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں۔

نومبر اس ماہ آپ کے اندر خود اعتمادی جدت پسندی میں اضافہ ہوگا آپ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا اور روزمرہ کے کاموں میں آسانی پیدا ہوگی قیاس آرائی سوچ کی بجائے مشاورت کے ساتھ مثبت سوچ اپنائیں بہترین پلاننگ اور مستقل مزاجی ہی آپ کا سر فخر سے بلند کرسکتی ہے اور ۳ نومبر کو سورج گرہن ہے اور آپکے کاموں میں روکاوٹ لاسکتا ہے صدقہ دینے میں ہرگز دیر نہ کریں نماز آیات ضرور بجالائیں خدا کی ذات پر یقین رکھیں تعلیم سے وابستہ حضرات کے لیے یہ ماہ مشکل ثابت ہوسکتا ہے محنت کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔

دسمبر یہ سال کا آخری ماہ آپ کے لیے نہایت اہمیت کا حامل ثابت ہوگا اس ماہ اپنی صحت پر خصوصی توجہ دیں پراپرٹی سے وابستہ افراد کے لیے یہ اہم وقت مثبت پیش رفت ثابت ہوں گے اس ماہ اپنے پیشہ ورانہ امور میں ہرگز سستی نہ کریں اور اس ماہ آپ کے اندر روحانی جذبہ پیدا ہوسکتا ہے اور نماز پنجگانہ کی ادائیگی میں ہرگز سستی نہ کریں عزیز واقارب سے مشاورت اور صدقات وخیرات آپ کے کاموں میں حائل رکاوٹیں دور کردیں گی اللہ پر بھروسہ رکھیں اور سورہ محمد کی تلاوت لازمی کریں۔



برج
جدی
Capricorn
DEC-23 to JAN-20

تاریخ پیدائش
23 دسمبر تا 20 جنوری

رنگ	سرخ، بھورا، کالا
عدد	۸

موافق نگینے
نیلم، حدید، عقیق، یاقوت

حروف	ج، خ، گ
دن	ہفتہ

ممکنہ امراض
دانتوں کی بیماریاں، اعصابی تناؤ، سردرد نظام انہضام کی خرابیاں



موافق برج
ثور، سنبلہ



ناموافق برج
حوت، عقرب

سیارہ زحل

جنوری جدی حضرات کے لیے رواں ماہ درمیانہ ثابت ہوگا گذشتہ اکتوبر سے آپ شرفی سیارہ گیارھویں گھر میں خاص پوزیشن میں ہے اور مشتری جو کہ دولت کا سیارہ ہے وبال باوقت ہے مالی امور میں دشواری ہوگی عزیز و اقارب سے وابستہ امیدیں پوری ہونگیں لیکن حسب توقع نہیں اہل جدی درس وتدریس سے وابستہ حضرات کے کاموں میں اور رابط میں سست روی رہے گی علم سے وابستہ حضرات کو خاطر خواہ کامیابی ملے گی زہرہ زحل تسدیس سے پرانے رابط بحال ہونگے ملازم پیشہ افراد کو اپنے منصب سے حصول فوائد میں اضافہ ہوگا۔

فروری یہ ماہ آپ کی صحت کے لیے ناقص ثابت ہوسکتا ہے زراعت سے وابستہ افراد کو آخراجات سے واسطہ پڑے گا عزیز و رشتہ دروں سے وابستہ امیدیں پوری نہیں ہونگی اندرون ملک کے سفر باعث ظفر ثابت ہوں گے اس ماہ زہرہ مشتری سے دولت میں اضافہ ہوگا اور صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں اور امور شرعیہ کی ادائیگی میں ہرگز سستی نہ کریں اور نماز پانجگانہ کو اول وقت میں ادا کرنے کی کوشش لازمی کریں اور تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ اچھا ثابت نہیں ہوگا محنت کر کے کامیابی کی منزل کو حاصل کرنا ہوگا اور سورہ ن وقلم کی لازمی تلاوت بجالائیں اللہ پر بھروسہ رکھیں۔

مارچ اس ماہ نوروز مبارک ہے اس کے اعمال لازمی بجالائیں اور اس میں شرف زہرہ بھی ہے اپنے اور اپنے اہل وعیال کے لیے لوح نصرت ضرور بنوائیں پھر یہ سال آپکی کامیابی کا ثابت ہوگا اور تمام امور میں کامیابی و کامرانی ہوگی آخر میں بارہ سال بعد دولت کی برسات شرف مشتری آرہا ہے جو آپکی زندگی کو چار چاند لگادئے گا لوح شرف مشتری اپنے پاس لازمی رکھیں اور اس ماہ اپنی ضرورت سے زیادہ صدقہ دیں تا کہ تمام امور میں کامیابی نصیب ہو زراعت سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ اچھا ثابت ہوگا۔

اپریل اس ماہ کا گرہن آپ کو اور آپکی فیملی کو متاثر کرسکتا ہے سب سے پہلے اس کے اعمال بجالانے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں اور تین جمعہ کو صدقہ بھی لازمی دیں گوشت، چاول، دال۔ سرخ مرغ وغیرہ تیز رفتار سواری سے بھی گریز کریں قمر در عقرب میں ہرگز سفر اختیار نہ کریں نقصان کا خدشہ ثابت ہوسکتا ہے تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ مشکل ثابت ہوگا کامیابی کے لیے سورہ ن وقلم کی تلاوت لازمی بجالائیں نماز پانجگانہ کو لازمی ادا کریں تو کامیابی ان کا مقدر بن جائے گی ورنہ شکست ان کا نصیب، زراعت سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ اچھا ثابت ہوگا اور ملازم پیشہ افراد کے لیے یہ وقت زیادہ اچھا ثابت نہیں ہوگا اور اللہ پر بھروسہ رکھیں۔

مئی اس ماہ کے دو گرہن آپکی صحت کو متاثر کریں گے اور اللہ پر توکل رکھیں اور صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں فیصلے کرنے میں جلد بازی کا مظاہرہ بالکل نہ اختیار کریں اپنے بزرگوں سے مشاورت ضرور کریں اور کاروباری حضرات کے لیے یہ ماہ اچھا ثابت نہیں ہوگا اور کچھ مشکلات سامنے آئیں گی جس سے کاروبار متاثر ہوسکتا ہے اور اپنے کاروبار کی کامیابی کے لیے لوح نصرت ضرور اپنے پاس رکھیں اور امور شرعیہ کی ادائیگی میں ہرگز غفلت کا مظاہرہ نہ کریں محنت اپنا معمول بنالیں جس سے کامیابی خود آپ کے پاس آئے گی اور تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ پرسکون ثابت ہوگا اور ملازم پیشہ افراد کے لیے یہ ماہ آخراجات کا ثابت ہوگا سورہ واقعہ کی تلاوت کریں اللہ پر بھروسہ رکھیں۔

جون اس ماہ آپکا ایک غیر ملکی سفر ہوگا جس سے اچھے نتائج مرتب ہوں گے جس سے معاشی و مالی حالات بہتری کی طرف گامزن ہوں گے مال سے قرض حسنہ ضرور دیں اپنے رویے میں نرمی اور خوش اخلاقی پیدا کریں ملازم پیشہ افراد کے لیے ایک تاکید ہے کہ اپنے فرائض میں ہرگز لاپرواہی کا مظاہرہ نہ کریں ورنہ بہت بڑے نقصان کا خدشہ ہوگا تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ اچھا ثابت ہوگا لیکن اول شرط محنت ہے کاروباری حضرات کے لیے یہ ماہ نفع بخش ہوگا امور شرعیہ کی ادائیگی میں ہرگز کوتاہی نہ اختیار کریں اللہ پر بھروسہ رکھیں آپکی سیاسی بصیرت میں خاطر خواہ اضافہ ثابت ہوگا اور وقار بڑھنے کا امکان ہے۔

جولائی علم سے وابستہ افراد کے لیے علمی سرگرمیوں میں توجہ انتہائی ضروری ہے اور دوستوں سے کنارہ کشی اختیار کریں زراعت سے وابستہ افراد کے لیے یہ کافی پریشانی کا ماہ ثابت ہوگا اور ان کو بے جا آخراجات کا سامنا کرنا پڑے گا جس کی وجہ سے ان کو کافی پریشانی کا سامنا ہوگا کاروباری حضرات کے لیے یہ ماہ خاطر خواہ ثابت ہوگا اور ان کو شراکت داری میں بھی فائدہ حاصل ہوگا لیکن اول شرط بزرگوں سے مشاورت اور اپنی عقلمندی کا مظاہرہ کرنا ہوگا صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں اور نماز پانجگانہ لازمی بجالائیں پھر کامیابی وکامرانی آپ کے قدم چومے گی۔

اگست اس ماہ عطارد کو شرف ہے اس لیے آپ کے اندر جذبہ و صلاحیت پیدا ہوگی جس سے آپکی زندگی میں مثبت نتائج آئیں گے امور شرعیہ کی ادائیگی میں ہرگز کوتاہی نہ کریں صدقہ دینے میں دیر نہ کریں چار جمعہ کو سفید چیز کا صدقہ دیں مثال کے طور پر انڈے کا چاول، چینی، آٹا، سفید کپڑا وغیرہ صدقہ نہ دینا کاروباری حضرات کے لیے اچھا ثابت نہیں ہوگا بے جا نقصان سے اچانک واسطہ پڑے گا جدی غیر شادی شدہ کے لیے یہ وقت شادیوں کی برسات ثابت ہوگا کافی عرصے سے رکے ہوئے رشتے شادی میں تبدیل ہوجائیں گے۔

ستمبر اس ماہ شرف مشتری ابتدا میں ہے شمس زحل تسدیس بھی ہے یہ ماہ کامیابی اور خوشیوں کا گہوارہ ثابت ہوگا آپ اپنے کاروبار میں یقینی کامیابی حاصل کریں گے لوح شرف مشتری اپنے پاس لازمی رکھیں پھر دیکھیں کامیابی آپکے قدم چومے گی تمام امور اور خصوصا معاشی استحکام حاصل ہوگا سیاسی بصیرت و ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا اور عزیز و اقارب میں بلند مقام و وقار حاصل ہوگا اس ماہ صدقہ دینے ہرگز کوتاہی نہ کریں تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ بہت اچھا ثابت ہوگا بے روزگار حضرات کو خالق کائنات کی طرف سے روزگار حاصل ہوگا کاروباری افراد کو یہ ماہ چار چاند لگادے گا ان کی سوچ سے زیادہ نفع حاصل ہوگا شرط لوح شرف مشتری اپنے پاس لازمی رکھیں۔

اکتوبر اس ماہ میں ایک گرہن ہے جس سے آپکی صحت متاثر ہوسکتی ہے اعمال گرہن ضرور بجالائیں صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں چار جمعہ کو سفید چیز کا صدقہ دیں چاول، چینی، آٹا، سفید مرغی اور انڈے وغیرہ امور شرعیہ کی ادائیگی میں بالکل سستی نہ کریں عزیز و اقارب سے وابستہ امیدیں حسب توقع پوری ہونگی نئے رشتے داری قائم ہوسکتی ہے کاروباری حضرات کے لیے یہ ماہ اچھا ثابت نہیں ہوگا ان کو بے جا نقصان سے واسطہ پڑے گا تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ مشکل و دشواری پیدا کرسکتا ہے بے جا محفلوں سے اپنے آپ کو دور رکھیں اور نماز پانجگانہ کو اپنا معمول بنالیں ورنہ شیطان آپ کو گمراہ کردے گا جس سے آپکی زندگی مفلوج ہوجائے گی۔

نومبر اس ماہ شمسی گرہن ہے پہلے آپ اعمال گرہن ضرور بجالائیں ورنہ آپکی صحت متاثر ہوسکتی ہے صدقہ دینے میں ہرگز دیر نہ کریں غیر ملکی سفر سے واسطہ پڑے گا جس کے کافی اچھے نتائج حاصل ہوں گے زراعت سے وابستہ افراد کو غیر متوقع فوائد حاصل ہوں گے جس سے ان کی زندگی کو چار چاند لگ جائیں گے قانونی مسائل سے اپنے آپ کو دور رکھیں حضرت علی کا فرمان ہے سب سے عاجز شخص وہ ہے جو اپنی اصلاح کرنے اور اپنے عیب اور کمی کو دور کرنے کے لیے طاقت بھی رکھتا ہے اور دوسرا بدترین شخص وہ ہے جو اپنے والدین کو ناراض رکھتا ہے اپنے والدین سے اور اپنے اہل عیال سے خصوصی نرم رویہ اختیار کریں پروردگار کو حامی و ناصر سمجھیں اور اللہ پر بھروسہ رکھیں۔

دسمبر اس ماہ آپ کے لیے مشتری زحل تثلیث ہے اس ماہ غیر متوقع فوائد حاصل ہوں گے یہ سال آپ کے لیے، بہت اہم ثابت ہوگا اپنی الواح کو نہ بھولیں اور اپنے کاروبار میں نئی شراکت کرنے سے بالکل پرہیز کریں جس سے آپ کو نقصان کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ امتحان ثابت ہوگا اور جس نے محنت کی اس نے منزل پالی صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں نماز پنجگانہ کو اپنا معمول بنالیں سورہ ن والقلم کی روزانہ تلاوت کریں امور شرعیہ کی ادائیگی میں ہرگز دیر نہ کریں پروردگار پر بھروسہ رکھیں اللہ غفور و رحیم ہے۔



برج
دلو
Aquarius
JAN-21 to FEB-19

تاریخ پیدائش
21 جنوری تا 19 فروری



حروف	ث، ش، س، ص
دن	ہفتہ
رنگ	نیلا
عدد	۸

موافق نگینے
نیلم، عقیق، حدید

ممکنہ امراض
آنتوں کی بیماریاں
اختلاج قلب دمہ



Aquarius Symbol

موافق برج: جوزا، میزان

ناموافق برج: ثور، اسد، عقرب

سیارہ: زحل

جنوری رواں سال کا پہلا مہینہ آپ کے لیے خوشگوار ثابت ہوسکتا ہے اس ماہ کی کامیابوں کا تعلق آپکی دور اندیش اور مثبت پالیسی پر مشتمل ہے گذشتہ سال کے اکتوبر سے زحل آپکے گھر خانہ گیارہ میں منفی پوزیشن میں اثر انداز ہے اس سال آپ کے معاشی معاملات میں نشیب وفراز کا شکار جاری رہے گا اس دوران صرف اور صرف امپورٹ وایکسپورٹ حضرات کو معاشی استحکام کی طرف لے کر جائیگا ملازم پیشہ افراد اور زراعت پیشہ افراد اپنے پیشے ورانہ امور میں ہرگز سستی کا مظاہرہ پیش نہ کریں تعلیم سے وابستہ افراد اپنی تعلیمی سرگرمیوں میں دلچسپی بڑھائیں اپنی تمام تر توجہ تعلیمی ہدف پر مذکور رکھیں صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں۔

فروری اس ماہ زہرہ مشتری تسدیس ہے یہ آپ کے لیے نہایت خوشگوار ثابت ہوگا گھر میں خوشی کی تقریب منعقد ہوسکتی ہے آپ کے اندر مذہبی رجحان پیدا ہوگا عزیز واقارب سے وابستہ امیدیں حسب توقع پوری ہونگی ہیں ملازم پیشہ افراد کے لیے یہ ماہ کچھ بھاری ثابت ہوسکتا ہے وہ اپنے فرائض میں ہرگز غفلت کا مظاہرہ پیش نہ کریں زراعت سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ امتحان ثابت ہوگا امام جعفرؑ صادق نے فرمایا چھ چیزوں کی وجہ سے خدا کی نافرمانی کی ابتدا ہوئی ۱۔محبت دنیا ۲۔محبت امارت وریاست ۳۔محبت طعام ۴۔محبت نساء ۵۔نیند کی محبت ۶۔راحت وسکون کی محبت جس سے خدا کی نافرمانی کی ابتدا ہوتی ہے صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں اور نماز پانجگانہ کو اپنا معمول بنالیں اللہ پر بھروسہ کریں۔

مارچ رواں ماہ آپ کے لیے چند ضروری امور کا طلب گار ہے اس ماہ میں نوروز ہے اور شرف زہرہ بھی ایک ساتھ آرہے ہیں سب سے پہلے ان کے اعمال نوروز ضرور بجالائیں جو حضرات کاروباری معاملات میں تنگدستی کا شکار ہیں عرصہ دراز سے غیر شادی شدہ لڑکے ولڑکیوں جن کی شادی میں سلسلہ روکاوٹ چلتا آرہا ہے اس ماہ کے دوران لوح شرف زہرہ اپنے نام اور مقصد کے ساتھ بنوائیں تاکہ اپنے امور میں کامیابی سے ہمکنار رہوں یہ خوش بخت لمحہ کافی عرصہ بعد آرہا ہے اس وقت کو ضائع نہ کریں اس سے فائدہ حاصل کریں تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ ایک امتحان ثابت ہوگا سورہ ن والقلم کی تلاوت لازمی کریں۔

اپریل رواں ماہ آپ کے لیے احتیاط طلب ہے اس ماہ چاند گرہن ہے سب پہلے اعمال گرہن لازمی بجالائیں خصوصا حاملہ عورتیں احتیاط لازمی کریں اپنی نہیں تو آنے والے پھول سے معصوم کی خاطر، شرف شمس کے موقع پر سیاسی وسماجی تعلقات میں اضافہ ہوگا جس سے آپ کا وقار بڑھے گا اور عزیز واقارب سے

وابستہ امیدیں پوری ہونگی نئی رشتے داری قائم ہونے کا چانس ہیں اور سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوں گے تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ بہت اچھا ثابت ہوگا خاطر خواہ نتائج مرتب ہوں گے زراعت سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ ان کی توقع سے بہتر ثابت ہوسکتا ہے اور وہ اللہ کی ذات پر بھروسہ رکھیں۔

مئی اس ماہ میں آپ کی صحت متاثر ہونے کا خدشہ ہے غذا میں احتیاط ضرور کریں صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں امور شرعیہ کی ادائیگی میں ہرگز سستی نہ کریں اپنے رویے میں نرمی پید اکریں جلد بازی سے فیصلے نہ کریں اپنے والدین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں آپ کے سیاسی وسماجی تعلقات میں اضافہ ہوگا جس سے آپ کو فائدہ حاصل ہوگا تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ پرسکون ثابت ہوگا ان کو اپنی محنت کا ثمر ملے گا زراعت سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ مشکل ثابت ہوگا اخرجات میں اضافہ ممکن ہے ملازم پیشہ افراد کو چاہے اپنے فرائض سے ہرگز لاپرواہی نہ کریں اور سورہ واقعہ کی تلاوت کریں۔

جون ۷ جون زہرہ شمس سے آپکی صحت میں مثبت تبدیلی متوقع ہے تعلیمی امور سے متعلق افراد اپنے تعلیمی مشاغل میں خصوصی توجہ دیں جس سے اچھے نتائج مرتب ہوں گے ملازم پیشہ افراد کی مراعات میں اضافہ ہوگا اپنے کیریر کو بہتر بنانے میں ہمت و حوصلہ پیدا کریں اپنے رویے میں خوش اخلاقی پیدا کریں اور اپنے والدین کی اطاعت کریں امور شرعیہ کی ادائیگی میں ہرگز کوتاہی نہ کریں صدقہ دینے میں دیر نہ کریں نماز پنجگانہ کی ادائیگی میں سستی نہ کریں اور سورہ نباء کو روزانہ تلاوت کریں زراعت سے وابستہ افراد کے لیے یہ نہایت ہی اچھا ثابت ہوگا اور بارشوں وآندھی کی شدت بڑھے گی اللہ پر بھروسہ رکھیں۔

جولائی ۳ جولائی مشتری مریخ تسدلیس سے آپ کے حالات روزمرہ میں تبدیلی واقع ہوسکتی ہے عزیز واقارب سے وابستہ امیدیں پوری ہونگی اپنے رویے میں نرمی اور خوش اخلاقی پید اکریں دشمنی بھی دوستی میں تبدیل ہوجائے گی امور شرعیہ کی ادائیگی میں ہرگز سستی نہ کریں آپ کو پیشہ ورانہ امور میں مہارت حاصل ہوگی آپکے کیریر میں کامیابی کے تناسب میں اضافہ ہوگا حضرت علیؑ کا فرمان ہے کہ مومن کی زندگی کے تین اوقات ہوتے ہیں ایک ساعت میں وہ اپنے رب سے راز و نیاز کرتا ہے اور دوسرے وقت میں اپنے معاش کی اصلاح کرتا ہے اور تیسرے وقت میں اپنے نفس کو ان لذتوں کے لیے آزاد چھوڑ دیتا ہے جو حلال اور پاکیزہ ہیں اس دوران سماجی وسیاسی تعلقات میں اضافہ ہوگا جس سے اچھے نتائج مرتب ہوں گے نماز پنجگانہ کی ادائیگی میں ہرگز سستی نہ کریں سورہ محمد کی روزانہ تلاوت کریں اور اللہ پر بھروسہ رکھیں۔

اگست یہ ماہ آپ کو نقصان سے دوچار کرسکتا ہے کسی کا ضامن بننا یا قرض دینا نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے اگست کا مہینہ آپ کے لیے ناخوشگوار ثابت ہوسکتا ہے قمر درعقرب میں سفر کرنے سے پرہیز کریں صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں امور شرعیہ کی پابندی کریں اپنے رویے میں نرمی پیدا کریں تعلیم سے وابستہ افراد تعلیمی سرگرمیوں میں خاص توجہ دیں پھر جا کر اپنی منزل تک پہنچ سکتے ہیں سورہ ن والقلم کی روزانہ تلاوت کریں ملازم پیشہ افراد کے لیے یہ ماہ بہت اچھا ثابت ہوگا زراعت سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ محنت کا سبب ثابت ہوگا جس سے آپ کو اچھا ثمر حاصل ہوگا اللہ پر بھروسہ رکھیں۔

یہ ماہ آپ کے لیے دعوت فکر کا مہینہ ثابت ہوگا رواں ماہ بارہ سال

ستمبر بعد شرف مشتری آرہا ہے اس موقع کو غنیمت جانتے ہوئے اپنے معاشی امور اور بندش والے امور کی اصلاح کے لیے لوح شرف مشتری خود بنائیں یا کسی باعمل متقی ماہر علم سے ضرور بنوائیں خوش قسمتی روزانہ دستک نہیں دیتی صحت کے لیے

اکتوبر یہ ماہ احتیاط طلب ہے سفید چیز کا صدقہ بھی ضرور دیں مثال کے طور پر چاول ، چینی ، آٹا ، سفید مرغی سفید کپڑا وغیرہ لازمی کسی مستحق کو دیں اپنے رویہ میں خوش اخلاقی پیدا کریں اپنے والدین کی اطاعت کریں تعلیم سے وابستہ افراد کو چاہے کہ اچھے دوستوں سے دوستی اختیار کریں ورنہ آپ کا مستقبل آپکی منزل سے دور چلا جائے گا آپ کے والدین کو بہت بڑا خسارہ اُٹھانا پڑے گا ملازم پیشہ افراد کے لیے یہ ماہ تسلی بخش ثابت ہوگا اپنے فرائض کی ادائیگی میں ہرگز کوتاہی نہ کریں زراعت سے وابستہ افراد کو اس ماہ آخراجات کا سامنا کرنا پڑے گا جس سے اچانک پریشانی لاحق ہوسکتی ہے جس کی وجہ سے روزمرہ زندگی متاثر ہوسکتی ہے سفر باعث وسیلہ ظفر ثابت ہوں گے رشتہ دروں سے وابستہ امیدیں پوری ہونگی اور نئی رشتہ دریاں قائم ہونے کا چانس متوقع ہے سیاسی وسماجی تعلقات میں اضافہ ہوگا۔

نومبر ۱۲ اکتوبر کو شرف زہرہ و شمس قران سے آپکے سیاسی و سماجی تعلقات میں اضافہ ہوگا جس سے کافی فائدہ حاصل ہوگا نئے تعلقات میں اضافہ ہوگا بیرون ملک سفر متوقع ہے کاروباری حضرات کے لیے ایک خوش خبری ہے یہ وقت ان کے لیے بہت اچھا ثابت ہوگا جوان کی زندگی کا یادگار وقت ہوگا کاروبار میں شراکت درای سے بالکل پرہیز کریں وہ آپ کو نقصان سے دوچار کرسکتا ہے صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں امورشرعیہ کی ادائیگی میں سستی نہ کریں نماز پنجگانہ کو ادا کرنے میں ہرگز لاپرواہی کا مظاہرہ نہ کریں ورنہ نقصان سے دوچار ہونا پڑے گا تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ پر سکون ثابت ہوگا ان کو انکی محنت کا ثمر حاصل ہوگا بے روزگار افراد کے لیے یہ وقت بہت اچھا ثابت ہوگا اور خالق کائنات کی طرف سے ان کو روزگار حاصل ہوگا جس سے ان کی زندگی میں تبدیلی آجائی گی وہ سورہ واقعہ کی روزانہ تلاوت کریں اور اللہ پر بھروسہ رکھیں ملازم پیشہ افراد کے لیے یہ ماہ ایک کٹر اامتحان ثابت ہوگا اور اپنے فرائض سے ہرگز لاپرواہی نہ کریں اللہ پر توکل رکھیں اور سورہ یسین کو اپنا معمول بنا لیں جس سے ان کو کامیابی ہوگی۔

دسمبر ۳ نومبر کو سورج گرہن ہے لہذا احتیاط ضروری ہے اعمال گرہن ضرور بجالائیں حاملہ خواتین احتیاط لازمی کریں آپکی صحت متاثر ہوسکتی ہے آپ صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی کا مظاہرہ نہ کریں گوشت یا مرغی کا صدقہ حسب حیثیت ضرور دیں کاروباری افراد کے لیے یہ وقت مشکل ثابت ہوسکتا ہے اوران کو چاہے نئے کاروبار کا آغاز قمر درعقرب میں ہرگز نہ کریں نئی شراکت داری سے پرہیز کریں آپ کے اندر روحانیت کا جذبہ پیدا ہوگا مذہنی امور میں دل چسپی بڑھے گی تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے یہ وقت امتحان سے کم ثابت نہ ہوگا ان کو زیادہ وقت بے جا دوسرے کاموں یا محفلوں یا دوستوں کی کمپنی سے دور رہنا ہوگا ورنہ ان کے مستقبل کی گھنٹی بج رہی ہے جس سے ان کے والدین کی وابستہ امیدیوں پر پانی پھر جائے گا سورہ ن وقلم کی روزانہ تلاوت کریں نماز پانجگانہ کو اپنا معمول بنالیں اور اللہ پر بھروسہ رکھیں۔

سال کا آخری ماہ آپ کے لیے درمیانہ ثابت ہوگا رواں سال لوح شرف مشتری اپنے پاس لازمی رکھیں اس کو اپنے پاس رکھنے سے آئندہ بارہ سال معاشی طور مضبوط ثابت ہوں گے آپ اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں صدقہ ضرور دیں امورشرعیہ کی ادائیگی میں ہرگز سستی نہ کریں اور نماز پانجگانہ کو اپنا معمول بنالیں رشتہ داروں سے وابستہ امیدیں حسب توقع پوری ہونگی سیاسی وسماجی تعلقات میں کچھ روکاوٹیں پیدا ہوں گی کاروباری افراد کے لیے یہ وقت شراکت داری میں کامیابی کا حامل ثابت ہوگا تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے یہ وقت اچھا ثابت ہوگا اوران کو کامیابی ہوگی اللہ کی ذات پر بھروسہ رکھیں۔


برج
حوت
Pisces
FEB-21 toMAR-20

حروف	د، چ
دن	اتوار

ممکنہ امراض
امراض قلب
درد مثانہ، مرگی
حلق کی بیماریاں

رنگ	سفید، سلور، گرے
عدد	۳، ۷

موافق نگینے
زمرد، فیروزہ، حجر القمر، یاقوت

تاریخ پیدائش
21 فروری تا 20 مارچ

سیارہ مشتری

نا موافق برج
ثور، دلو

موافق برج
قوس، حمل

Pisces Symbol

جنوری رواں سال کا پہلا مہینہ آپ کے لیے خوشگوار اور پر سکون ثابت ہوگا جنوری ۱۱ کو شمس مشتری تثلیث سے آپکے کیریر کو بہتر بنانے کے لیے مزید تقویت ملے گی سیاسی وسماجی تعلقات میں اضافہ ہوگا جس سے کافی فائدہ حاصل ہوگا آپکے حلقہ واحباب میں بھی اضافہ ہوگا رشتہ داروں سے وابستہ امیدیں کم پوری ہونگی اپنے رویے میں نرمی اور خوش اخلاقی پیدا کریں اپنے والدین کا احترام ضرور بجالائیں نئے دوستوں کے تعاون سے معاشی امور میں بہتری کی امنگ پیدا ہوگی کاروباری افراد کو ترقی طے کرنے کے لیے شرف مشتری اور لوح شفا اپنے پاس لازمی رکھنا ہوگی صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں امور شرعیہ کی ادائیگی میں ہرگز سستی نہ کریں نماز پانجگانہ کو ادا کرنے میں ہرگز دیر نہ کریں ہر ایک پر بے جا بھروسہ نہ کریں ورنہ بہت بڑے نقصان سے دوچار ہونا پڑے گا تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے یہ وقت محنت طلب ہوگا سورہ ن والقلم کی روزانہ تلاوت بجالائیں اللہ پر بھروسہ رکھیں۔

فروری یہ ماہ تعلیمی افراد کے لیے اپنی تمام تر توجہ تعلیمی مشاغل پر مرکوز رکھیں تا کہ با آسانی اپنے ہدف میں کامیابی و کامرانی حاصل کر سکیں ۹ فروری مریخ زہرہ تسدیس سے آپکی صحت متاثر ہوسکتی ہے اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں غذا میں احتیاط کریں بے جا غصہ کرنے سے بالکل پرہیز کریں اپنے رویے میں نرمی اور خوش اخلاقی پیدا کریں اپنے پیشہ وارنہ امور میں یکساں اور مستقل مزاجی سے کامیابی ممکن ہوگی اس دوران شراکت داری سے بالکل پرہیز کریں ملازم پیشہ افراد کے لیے یہ وقت امتحان سے کم ثابت نہیں ہوگا اپنے فرائض میں ہرگز کوتاہی نہ کریں صدقہ دینے میں ہرگز لاپرواہی کا مظاہرہ نہ کریں سفید چیز کا صدقہ ضرور دیں تین جمعہ لازمی ادا کریں تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے یہ وقت درمیانہ ثابت ہوگا محنت اول شرط ہے جس سے کامیابی آپکے قدم چومے گی نماز پانجگانہ کو ادا کرنے میں ہرگز سستی نہ کریں اللہ پر بھروسہ کریں۔

مارچ حضرت علیؑ کا فرمان ہے کہ عاجز ترین انسان وہ ہے جو دوست بنانے سے بھی عاجز ہو اور اس سے زیادہ عاجز وہ ہے جو رہے سہے سچے دوستوں کو بھی گنوا دے۔ یہ ماہ آپ کے لیے درمیانہ ثابت ہوسکتا ہے آپ اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں اس ماہ شرف زہرہ کے موقع اور نوروز کے موقع پر کنوارے لڑکے و لڑکیوں کی شادی کے لیے ایک وقت آرہا ہے جس سے ضرور فائدہ حاصل کریں آپ کے تمام امور کی کامیابی کے لیے ایک ہی لوح تیار کی جائی گی یہ لوح تمام مسائل کا حل ثابت ہوگی اس دوران

شفات زیدی بک اسٹال مسجد النجف کارساز کراچی۔

رشتہ داروں سے وابستہ امیدیں پوری ہوگی سیاسی وسماجی تعلقات میں اُتار چڑھاو پیدا ہوگا تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے یہ وقت ایک امتحان سے کم ثابت نہ ہوگا اپنی تعلیمی سرگرمیوں پر خاص توجہ دینی ہوگی سورہ ن والقلم کی روزانہ تلاوت کریں نماز کو اپنا معمول بنا لیں پھر کامیابی آپکے قدم چومے گی زراعت سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ اچھا ثابت ہوگا ان کو اپنی محنت کا اچھا ثمر حاصل ہوگا جس سے ان کی زندگی میں نکھار پیدا ہوگا امور شرعیہ کی ادائیگی میں ہرگز سستی نہ کریں اللہ پر بھروسہ کریں۔

اپریل ۷ اپریل شرف شمس ہے اس شرفی وقت سے حوتی افراد کی اہم منصوبے کی تکمیل ہوگی اس دوران آپ کے حلقہ احباب اور مخلص دوستوں میں اضافہ ہوگا جس سے ان کے وقار میں بلندی ہوگی اپنے رویے میں خوش اخلاقی پیدا کرنی ہوگی عدل وانصاف قائم کرنا ہوگا ان کے سیاسی وسماجی تعلقات میں اضافہ ہوگا جس سے ان کو نفع ہوگا صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں امور شرعیہ کی ادائیگی میں ہرگز سستی نہ کریں نماز پانجگانہ کو اپنا روزمرہ کا معمول بنالیں تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ محنت کا طلب گار رہوگا زیادہ محنت ان کو منزل کی طرف لے جائیگی ملازم پیشہ افراد کے لیے یہ ماہ درمیانہ ثابت ہوگا اور ان کو چاہیے کہ اپنے فرائض میں ہرگز لاپرواہی کا مظاہرہ نہ کریں۔

مئی رواں ماہ زراعت پیشہ افراد کے لیے مسرت کی نوید ہے تعلیم سے وابستہ حضرات کو تعلیم میں کامیابی متوقع ہے بیرون واندرون ملک سفر کی کامیابی سے ہمکنار ہونگے رواں ماہ دو گرہن ہیں ان گرہن کے اعمال لازمی بجالائیں حاملہ عورتیں احتیاط لازمی کریں صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں سفید شے کا صدقہ تین جمعہ کو لازمی دیں شرط حسب توفیق ہے امور شرعیہ کی ادائیگی میں سستی بالکل نہ کریں کاروباری حضرات لیے یہ وقت مسرت کی نوید ثابت ہوگا ان کو اچانک اپنی سوچ سے زیادہ نفع ہوگا کسی کو قرض دینا یا ضامن بننا اچھا ثابت نہیں ہوگا اپنے والدین کے ساتھ نرمی کا رویہ اختیار کریں سیاسی وسماجی تعلقات میں اضافہ ہوگا بہتر ہے اپنے امور پر توجہ دیں بے جا کسی سے باعث نہ کریں اپنی منزل پر فوکس رکھیں اور اللہ پر بھروسہ رکھیں۔

جون یہ ماہ ملازم پیشہ افراد کو اپنے پیشہ ورانہ امور میں محتاط طرز فکر اور مستقل مزاجی اور دوراندیشی جیسی حکمت عملی پر عمل پیرا ہونا پڑے گا اس اقدام سے انکی مراعات میں اضافہ اور حکام بالا سے خوشگوار مراسم قائم ہوسکیں گے اس ماہ سیاسی وسماجی تعلقات میں اضافہ ہوگا جس سے اچھے نتائج مرتب ہوں گیا اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں غصہ سے بالکل پرہیز کریں اپنے رویے میں نرمی پیدا کریں اپنے والدین کی اطاعت کریں امور شرعیہ کی ادائیگی میں ہرگز سستی نہ کریں سفید چیز کا صدقہ لازمی دیں تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ پرسکون ثابت ہوگا ملازم پیشہ افراد کے لیے یہ ماہ اچھا ثابت نہیں ہوگا زراعت سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ خواشگوار ثابت ہوگا اچھا ثمر حاصل ہوگا نماز پانجگانہ کو ادا کرنے ہرگز سستی نہ کریں آپ کے سفر باعث ظفر ثابت ہوں گے اپنے رشتہ داروں سے وابستہ امیدیں پوری ہونگی اللہ پر بھروسہ رکھیں۔

جولائی سیارہ مشتری کے شرفی گھر میں ہونے سے آپکے سیاسی وسماجی تعلقات میں اضافہ ہوگا ۵ جولائی کو شمس زہرہ تسدیس سے عزیز واقارب سے وابستہ امیدیں پوری کم ہونگی اپنے امور میں نظر ثانی رکھیں اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں اپنے رویے میں خوش اخلاقی پیدا کریں اپنے والدین کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آئیں امور شرعیہ کی ادائیگی میں ہرگز سستی نہ کریں سفید چیز کا صدقہ ضرور دیں

اگست حضرت علی کا فرمان ہے ہر زمین کے لیے اس کی

مناسبت سے فصل بوئی جاتی ہے اور ہر منزل کی الگ اساس ہوتی ہے اور ہر سر تاج کا مستحق نہیں ہوتا اور ہر طبیعت بیان سے فائدہ نہیں اُٹھا سکتی ۔رواں ماہ کے آخر میں سیارہ عطارد اپنے شرفی درجات سے گزر رہے گا اس موقع پر تعلیم سے وابستہ افراد کو بیرون ملک ایمگریشن ملنے کا موقع ملے گا عزیز و اقارب سے وابستہ امیدیں پوری ہونگی سیاسی وسماجی تعلقات میں اضافہ ہوگا ملازم پیشہ اپنے فرائض سے ہرگز لاپرواہی کا مظاہرہ نہیں کریں امور شرعیہ کی ادائیگی میں ہرگز سستی نہ کریں اور نماز پانجگانہ کو اپنا معمول بنالیں۔

ستمبر رواں ماہ آپ کے لیے دعوت فکر لاتا ہے ۱ستمبر سے ۷ستمبر شرف مشتری بارہ سال بعد شرف میں آرہا ہے یہ سعادت بھرا وقت آپکو بارہ سال بعد نصیب ہو رہا ہے اس خاص وقت میں لوح شرف مشتری تیار کی جائے گی جو کہ گذشتہ بارہ سال کے آپکی زندگی میں روکاوٹی مسائل کا حل اور آنے والے بارہ سال کے لیے معاشی استحکام ثابت ہوگا آپ اپنے لیے اور اپنے اہل خانہ کے لیے لوح شرف مشتری ضرور بنوائیں کاروباری حضرات کے لیے یہ گولڈن ٹائم ہے لوح شرف مشتری اپنے پاس رکھ کر اپنے کاروبار کو وسیع بنائیں اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں صدقہ دینے میں دیر نہ کریں نماز پانجگانہ کی پابندی کریں۔

اکتوبر یہ ماہ آپکے لیے خوش گوار ثابت ہوگا لوح شرف مشتری رکھنے والے افراد کو اپنے پیشہ ورانہ امور میں سوچ سے بھی زیادہ فائدہ حاصل ہوگا نئے حلقہ واحباب میں اضافہ ہوگا سیاسی و سماجی تعلقات میں مثبت تبدیلی آئے گی جس سے اچھے نتائج مرتب ہوں رشتہ دروں سے اچھے تعلقات قائم ہوں گے پرانی رنجش محبت میں تبدیل ہوجائے گی زراعت سے وابستہ افراد کو اس ماہ آخراجات کا سامنا کرنا پڑے گا امور شرعیہ کی ادائیگی میں ہرگز سستی نہ کریں صدقہ سفید چیز کا دیں نماز پانجگانہ کی ادائیگی میں ہرگز سستی نہ کریں اللہ پر بھروسہ رکھیں۔

نومبر حضرت علیؑ کا فرمان ہے اے لوگو تین کام کرو میں تمہاری جنت کا ضامن ہوں ۱۔فرائض کی بجا آوری حقوق اللہ کی ادائیگی ۲۔حقوق العباد کی ادائیگی اور محرمات سے ہاتھ اٹھا کر پرہیز گار ترین بنو ۳۔اخلاق حسنہ کو بہترین بناو۔ یہ ماہ آپکی صحت کے لیے احتیاط طلب ہے ۳نومبر کو سورج گرہن ہے اعمال گرہن ضرور بجالائیں صدقہ دینے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں تعلیم سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ پرسکون ثابت ہوگا سورہ ن والقلم کی روزانہ تلاوت کریں اور نماز پانجگانہ لازمی ادا کریں۔

دسمبر سال کا آخری مہینہ آپ کے لیے نئے تعلقات اور نئی تبدیلی کا ثابت ہوگا بیرون ملک سفر ہوسکتا ہے جس سے اچھے نتائج مرتب ہوں گے رشتہ داروں سے وابستہ امیدیں پوری ہونگی بے روزگار حضرات کو خالق کائنات کی طرف سے روزگار حاصل ہوگا اور ان کے اندر روحانی جذبہ پیدا ہوگا زراعت سے وابستہ افراد کے لیے یہ ماہ پرسکون ثابت ہوگا نماز پانجگانہ کی ادائیگی میں ہرگز سستی نہ کریں اللہ پر بھروسہ رکھیں۔

12 سال کے طویل انتظار کے بعد
گیا وقت پھر ہاتھ نہیں آتا
دولت کی برسات
دولت مند بننے کا سنہری موقع
سیارہ مشتری یکم ستمبر سے 7 ستمبر 2013ء تک
شرف میں رہے گا اسکے بعد بارہ سال کے بعد شرف میں آئیگا
اس خصوصی موقع پر
مالی مشکلات سے نجات بندش روزگار کا خاتمہ حصول ملازمت حصول روزگار
رزق وروزی میں فراوانی حصول اولاد وشادی اور دیگر امور میں کامیابی کیلئے
شرف مشتری کی خاص ساعتوں میں مخصوص عملیات کے
ساتھ لوح شرف مشتری تیار کریں گے
ماہر علم جفر ونقوش
سید ریاض نقی وقمر نقی
0333-2146099 021-34297811

انسانی زندگی پر درود شریف کے اثرات

تحریر و تحقیق: مولانا فیاض حسین

سورہ مبارکہ احزاب میں ارشاد باری ہے کہ باتحقیق اللہ اور اسکے ملائکہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں اور صاحبان ایمان تم بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور اس کی آلؑ پر درود بھیجو جیسے بھیجنے کا حق ہے۔ جناب رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے۔ رب تعالی اس شخص پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے اور جو شخص مجھ پر دس مرتبہ درود پڑھتا ہے رب تعالی اس شخص پر سو مرتبہ درود بھیجتا ہے جو شخص سو مرتبہ مجھ پر درود بھیجتا ہے مالک کائنات اس پر ہزار مرتبہ درود بھیجتا ہے اور جو شخص مجھ پر ہزار مرتبہ درود پڑھتا ہے خالق کائنات اس شخص کو کبھی بھی جہنم کا عذاب نہیں دے گا۔

صلوات کے بغیر دُعا واپس پلٹ آتی ھے

حضرت علیؑ نے فرمایا کہ آسمان اور دُعا کے درمیان ایک حجاب ہے جب محمد صلی اللہ علیہ وسلم و آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوت بھیجی جاتی ہے تو وہ حجاب ہٹ جاتا ہے اور دُعا اوپر چلی جاتی ہے اور اگر صلوات نہ بھیجی جائے تو وہ حجاب سے ٹکرا کر واپس آجاتی ہے۔ اہل سنت کے امام مسلم نے اپنی صحیح مسلم میں اسناد کے ساتھ لکھا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجنے کا علم تو ہے لیکن یہ فرمائیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود صلوٰت کیسے بھیجیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم ایسے پڑھا کرو۔

صحیح مسلم ج ۲۰ ص ۱۶۔

اللھم صل علی محمد و آلؑ محمد .

حضرت امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں جب تم اللہ سے اپنی حاجت طلب کرو تو اپنی حاجت طلب کرنے سے پہلے درود شریف پڑھو پھر دُعا میں اپنی حاجت طلب کرو اور دعا کرنے کے بعد اس کے اختتام پر بھی صلوات پڑھو اس لیے کہ اللہ کی شان اس سے بالا ہے کہ وہ صلوات کو قبول کرے اور درمیان کی دعا قبول نہ کرے۔ حضرت امام باقرؑ فرماتے ہیں اعمال کے ترازو میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم آلؑ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود سے زیادہ قدو منزلت اور وزن رکھنے والی کوئی نیکی نہیں ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مقام پر فرمایا۔ جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے خالق کائنات اس شخص پر ایک باب خیر و برکت کا کھول دیتا ہے انسانوں کے دکھوں۔ تکلیفوں اور روحانی و جسمانی امراض کا علاج موجودہ دور میں صرف اور صرف درود شریف سے ہی ممکن ہے۔ اور امام رضاؑ فرماتے ہیں کہ جو شخص ایسے عمل پر قدرت نہیں رکھتا کہ جس کے ذریعہ سے اس کے گناہ معاف ہو جائیں پس وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم و آلؑ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے باتحقیق اس عمل سے کئی گناہ ایسے معاف ہو جائیں گے جیسے معاف ہونے کا حق ہے۔ درود کی برکت سے رزق میں اضافہ ہوتا ہے چہرہ پرنور آجاتا ہے۔ روحانی و جسمانی

امراض میں صحت وسلامتی ملتی ہے گھر اور کاروبار میں برکت ہوتی ہے جبکہ جس مقصد کے لیے پڑھیں گے وہ مطلب ضرور پورا ہوگا اور ناممکن کام ممکن میں تبدیل ہوجاتا ہے اور پہاڑ سے بڑے گناہ اور ریت کے ذرات سے زیادہ گناہ سمندر کی جھاگ کی طرح مٹ جاتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دعوت فکر:۔ اللہ کی ذات وحدہ لاشریک ذات ہے اللہ نہ کھاتا ہے نہ پیتا ہے نہ سوتا ہے نہ روتا ہے نہ چلتا ہے نہ رکتا ہے کچھ بھی نہیں کرتا مگر سوائے ایک کام کرنے کے اللہ خود فرماتا ہے سورۃ احزاب میں اے ایمان والو میں درود بھیجتا ہوں اور میرے ملائکہ درود بھیجتے ہیں اور تم بھی محمد ﷺ وآلِ محمد ﷺ پر درود بھیجو۔ مذکورہ ارشاد ربانی میں اللہ ایمان والوں کو دعوت فکر دیتا ہے۔۔۔

نیند اور بیداری کیلئے

نماز صبح کی قضا سے بچنے کا قرآنی نسخہ

☆ حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص سورۃ کہف کی آخری آیت سوتے وقت پڑھے گا تو جس وقت چاہے گا بیدار ہوجائے گا۔ ☆ اس کیلئے مسجد الحرام میں ایک نور بچھایا جاتا ہے کہ جس میں فرشتے صبح تک اس کیلئے استغفار کرتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰـهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا

کہہ دو کہ میں بھی تمہارا ایسا ہی ایک آدمی ہوں میرے پاس یہ وحی آئی ہے کہ تمہارا معبود یکتا معبود ہے تو جو شخص آرزومند ہو

لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ۝ (کہف: ۱۱۰)

اپنے پروردگار کے سامنے حاضر ہونے کا تو اسے اچھے کام کرنے چاہئیں اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے

☆ درج ذیل آیت بہ نیت بیداری تین مرتبہ پڑھ کر سوجائے تو جس وقت چاہے بیدار ہو جائیگا۔

وَ اِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَ اَمْنًا ۭ (البقرہ: ۱۲۵)

اور جب ہم نے خانہ کعبہ کو لوگوں کے ثواب اور پناہ کی جگہ قرار دی

قد لمبا ہو: اگر کسی کا قد کوتاہ ہو تو چھ ماہ تک ہر روز تین چینی کی پلیٹوں پر سورۂ یوسف (آیت:۱) کی درج ذیل آیت مع اسمائے حُسنیٰ زعفران سے لکھ کر صبح، عصر، عشاء پیئے تو اس کا قد دراز ہوجائیگا۔

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۔ اَلرَّحِيْمُ اَلرَّحِيْمُ اَلرَّحِيْمُ يَا اَللّٰهُ يَا مُرِيْدُ

احتیاط: دن رات میں بارہ گھنٹے چت ہوکر ٹانگیں لمبی کرکے سوئے نسبتاً سرہانہ اونچا ہو۔

بذریعہ صدقہ

روحانی وجسمانی امراض کا علاج

تحریر تحقیق / رفاقت حسین

فرمان معصومینؑ ہے کہ یہ بات یقین کے ساتھ جان لو کہ پروردگار نے کسی بندہ کے لیے اس سے زیادہ نہیں قرار دیا ہے جتنا کتاب حکیم میں بیان کردیا گیا ہے چاہے اسکی تدبیر کتنی ہی عظیم۔ اسکی جستجو کتنی ہی شدید اور اسکی ترکیبیں کتنی ہی طاقتور کیوں نہ ہوں اور اس طرح وہ بندہ تک اس کا مقسوم پہنچنے کی راہ میں کبھی حائل نہیں ہوتا وہ کتنا ہی کمزور اور بیچارہ کیوں نہ ہو جو اس حقیقت کو جانتا ہے اور اس کے مطابق عمل کرتا ہے وہی زیادہ راحت اور فائدہ میں رہتا ہے اور جو اس حقیقت کو نظر انداز کر دیتا ہے اور اس میں شک کرتا ہے وہی سب سے زیادہ نقصان میں مبتلا ہوتا ہے کتنے ہی افراد ہیں جنھیں نعمتیں دی جاتی ہیں اور انہیں کے ذریعے عذاب کی لپیٹ میں لیا جاتا ہے اور کتنے ہی افراد ہیں جو مبتلا مصیبت ہوتے ہیں لیکن یہی مبتلاء انکے حق میں باعث برکت بن جاتا ہے فائدہ کے طلب گار رو اپنے شکر میں اضافہ کرو اور اپنی جلدی کم کردو اور اپنے رزق کی حدوں پر ٹھہر جاؤ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اپنے بیماریوں کا علاج صدقہ سے کرو صدقہ آسمانی بلاؤں کو دور کرتا ہے اور تقدیر کے عین فیصلے کو بدل دیتا ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ بیماری کو صرف اور صرف صدقہ مٹاتا ہے اور اس کا مزید دفعیہ دعا۔ سرد پانی اور آخری حربہ پرہیز ہے۔ مریض کا صدقہ نکالنے کے دو طریقہ ہیں

پہلا طریقہ مریض کو سیدھا پیٹ کے بل بستر پر سلا دیں اسکے سینہ پر تین کلو گندم یا چاول کسی چیز میں ڈال کر او پر سینہ کے رکھ دیں مندرجہ ذیل دعا کو ۳ مرتبہ پڑھیں دعا پڑھنے کے بعد گندم یا چاول کو چار حصوں میں علیحدہ علیحدہ رکھیں اور ہر حصہ پر ۲ مرتبہ دعا پڑھیں ایک بات کا خاص خیال رکھیں جب مریض پر گندم یا چاول رکھ کر دعا پڑھ رہے ہوں تو مریض کا دائیں ہاتھ اس جنس پر ہو دعا پڑھنے والے کا دائیاں ہاتھ اس جنس پر ہونا چاہیے پھر ان چار حصوں کو چار مختلف مستحق فقیروں میں بھی دیا جاسکتا ہے یا کسی ایک مسکین فقیر کو چاروں حصے اکھٹے بھی دیئے جاسکتے ہیں اگر کوئی مستحق نہ ملے تو امام بارگاہ میں دے دیں آپکا صدقہ ہو جائیگا۔

دوسرا طریقہ مریض کے صدقہ کی نیت سے مرغی یا بکرا جو کہ آپکی حیثیت پر منحصر ہے لے لیں مرغی یا بکرا خریدتے وقت صدقہ بیماری کی نیت ضرور کریں اسکے بعد تکبیر کے وقت مریض کا نام اور اسکے والدہ کا نام لیں اور مریض کوشش کرے کہ چھری والے ہاتھ پر تکبیر کے وقت اپنا ہاتھ اوپر رکھے ذبح ہونے کے بعد اپنے گھر والوں اور اپنے لیے ایک نوالہ بھی اس میں سے نہ کھائے بلکہ سب کچھ امام بارگاہ والوں کو یا کسی مسکین فقیروں میں تقسیم کردیں حتی کہ اگر بکرا ہو تو اسکی کھال بیچ کر رقم فقرا میں تقسیم کردیں اس صدقہ کے بعد ۴۱ دن کے اندر آپکی بیماری ختم ہو جائیگی اور صحت سلامتی مل جائیگی۔ حقیر نے خود تجربہ کیا ہے دو مریض حالت موت کے قریب ترین تھے اور ڈاکٹروں نے لاعلاج کر دیا تھا اس طرح صدقہ کے ذریعہ علاج کرنے سے خالق کائنات نے انہیں زندگی بخش دی اب ماشاءاللہ وہ حیات ہیں اور خوشگوار زندگی بسر کر رہے ہیں دعا مندرجہ ذیل ہے

الھم انی اسلک باسمک الذی اذا اسئلک المضطر کشفت مابه ضر و مکنت لهٔ فی الا ارض وجعلت له خلیفته ان تصلی علی محمدؑ و آلؑ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وان تعافینی من علتی.

لوحِ نوروز

تحریر و تحقیق ثمر عباس

جب خلقت زمین وقوع پذیر ہوئی تو اس وقت شمس برج حمل کے درجہ اول پر مرکوز تھا جس کو تحویل آفتاب کا نام دیا جاتا ہے تاریخ کے اوراق گردانی سے پتہ چلتا ہے کہ یہی وہ ساعت مبارک ہے جس میں حضرت عزیر نبی حکم خداوندی سے دوبارہ زندہ ہوئے امام جعفرؑ صادق سے روایت ہے کہ یہی وہ دن ہے جس دن خداوند کریم نے بندوں کی روحوں سے اقرار لیا کہ وہ اس کو وحدہ لاشریک سمجھیں کسی کو اس کا شریک نہ بنائیں پیغمبروں واماموں پر ایمان لائیں یہ وہ مبارک دن ہے جس میں پہلا آفتاب نکلا درختوں کو پیدا کرنے والی ہوائیں چلیں پھول اور شگوفے زمین سے نکلے اس دن زندگی کا آغاز ہوا یہی وہ ساعت مبارک ہے جس دن حضور اکرم ﷺ نے مقام خم غدیر کے موقع پر باحکم خدا حضرت علیؑ کو اپنا جانشین مقرر فرمایا اور اتفاق سے اس تاریخ کو حضرت علیؑ نے ظاہری طور پر عنان حکومت اسلامیہ سنبھال کر دین حق کو فروغ بخشا تحویل آفتاب کا دوسرا نام نوروز شمسی بھی ہے منجمین حضرات اسی دن اپنے پورے سال کا زائچہ تیار کرتے ہیں جب کہ جفار حضرات اسی روز پورے سال کے لیے تاثیر رکھنے والی لوح تیار کرتے ہیں تحویل آفتاب تیار ہونے والی لوح زود اثر ہونے کے ساتھ ساتھ دیرپا بھی ہوتی ہیں اہل علم وقدردان حضرات اس وقت کا بڑی بے چینی سے انتظار کرتے ہیں رواں سال نوروز عالم افروز کی مخصوص ساعت 20 مارچ شام چار بجے آرہی ہے اس سال میں انیس مارچ کو شرف زہرہ ہوگا صدیوں بعد شرف زہرہ اور نوروز یکجا ہوتے ہیں جفار حضرات کا کہنا ہے کہ جس سال شرف زہرہ اور نوروز ایک ساتھ یکجا ہوں تو اس سال میں لڑکے اور لڑکیوں کی شادی میں بے پناہ اضافہ ہوگا علم اعداد کے قواعد سے دیکھا جائے تو رواں سال کا مفرد عدد چھ بنتا ہے عدد چھ سیارہ زہرہ کا عدد ہے اہل یونان حضرات سیارہ زہرہ کو حسن ومحبت کی دیوی کہتے ہیں یہ سیارہ دولت اور محبت کی نمائندگی کرتا ہے اس خصوصی موقع پر ماہر علم جفر ونقوش حضرات مختلف اقسام کی لوح تیار کرتے ہیں تحویل آفتاب کے وقت خصوصی عمل اور دُعائیں کی جاتی ہیں کیونکہ یہی وقت قبولیت دعا کے لیے شرط ہے اس سال ۲۰۱۴ روحانیہ جنتری کے توسط سے شادی کے لیے ایک خصوصی عمل تشکیل دیا جارہا ہے جو کہ اس موقع اس موقع پر شادی ۔ محبت زوجین ۔ ملازمت ۔ حصول اولاد ۔ روزگار ۔ بیماری ۔ تسخیر خلق ۔ نظر بد کے اثرات ۔ اور ہر طرح کی بندش کے خاتمہ کے لیے لوح تیار کی جائیگی لوح محدود تعداد میں

پر تیار کیا جائے گا تحویل آفتاب سے چار گھنٹے قبل غسل کریں پاکیزہ لباس زیب تن کریں اور جائے نماز پر آکر دو رکعت نماز زیارت چہاردہ معصومینؑ پڑھیں اسکے بعد ۱۴۰۰ مرتبہ درود شریف

اللھم صل علی محمد و آل محمد پڑھیں، یاحیی یاقیوم کی دو تسبیح پڑھیں اور اس کے بعد یا ذوالجلال والاکرام ایک سو مرتبہ پڑھیں اس عمل کو پڑھنے کے بعد اگر آپ کاغذ پر نقش تیار کرنا چاہتے ہیں تو کاغذ سفید لیں اور مشک زعفران اور آب زم زم ملا کر کے سیاہی بنائیں لوح کو شرف زہرہ میں ترتیب دینا شروع کریں لوح بنانے کی اہلیت یا صلاحیت نہیں رکھتے تو کوئی بات نہیں کسی متقی و پرہیز گار ماہر علم جفر کی خدمات حاصل کریں اور باوقت تحویل آفتاب آپ اپنے گھر میں یا مسجد میں ایک برتن میں صاف پانی لیں اور اس میں تازہ گلاب کا پھول ڈال دیں عین تحویل کے وقت مخصوص حاجت کی دعا کریں اور تمام مومنین و مومنات خصوصاً بندہ ناچیز کو بھی دعاؤں میں ضرور شامل حال کریں اگر آپ نے ایسا عمل کر لیا

بیکار انسان خدا کو ناپسند ہے

ایک مرتبہ گرمیوں کے ایام میں دوپہر کے وقت مدینہ کے نواح سے گزر رہا تھا۔ شدید گرمی کی وجہ سے ہر طرف سناٹا چھایا ہوا تھا راستے اور گلیاں سنسان پڑی تھیں۔ میں تھوڑی دور چلا تو میں نے ایک شخص کو دیکھا جو اپنے کھیت میں کام کر رہا تھا۔ میں اس کے قریب گیا تو وہ امام محمد باقرؑ تھے آپ نے کدال اٹھائی ہوئی تھی اور سخت محنت کر رہے تھے اور محنت کی وجہ سے پسینہ میں شرابور تھے۔ میں نے اُن سے کہا؛ میرے سردار، اس پیرانہ سالی میں آپ اتنی زحمت کیوں کر رہے ہیں۔ کیا آپ اس سے نہیں ڈرتے کہ یہ دن آپ کی زندگی کا آخری دن ہو۔ امامؑ نے فرمایا۔ اگر اس حالت میں مجھے موت آ گئی تو میری موت اطاعت خدا کی حالت میں ہو گی کیونکہ میں محنت و مشقت کر رہا ہوں تا کہ مجھ جیسے شخص کو تجھ جیسے شخص کا محتاج نہ ہونا پڑے مجھے موت کا ڈر تو تب ہوتا جب میں خدا کی نافرمانی میں ہوتا۔ میں نے کہا؛ خدا آپ پر رحم فرمائے۔ میں تو آپ کو نصیحت کرنے آیا تھا لیکن آپ نے مجھے نصیحت کر دی۔

تو میں گارنٹی سے کہتا ہوں پورا سال آپ ناگہانی پریشانیوں اور قدرتی آفات اور معاشی تنگی سے آزاد رہیں گے تحویل آفتاب کے وقت سورہ الفرقان، آیت نمبر ۵۴ کل اعداد ا ۳۳۷ جس مرد یا عورت کی شادی میں رکاوٹ ہو یا پھر جس مقصد کے لیے لوح تیار کرنی ہو مقصد کے اعداد لے کر نام معہ مادر نام اعداد جمع کر دیں اور حسب چال کے مطابق نقش پُر کر کے اپنے پاس رکھیں اور مذکورہ آیت روزانہ ۸۴ مرتبہ اپنے ورد میں رکھیں ناغہ نہ کریں انشاء اللہ چالیس روز پڑھائی کے دوران آپکا مقصد پورا ہو جائے گا۔ شرف زہرہ اور نوروز کے خصوصی موقع پر ماہر علم جفر و

نقوش سید ریاض نقی و سید قمر نقی

خصوصی لوح تیار کریں گے تیار کی جائیں گی۔ لوح حاصل کرنے کے خواشمند حضرات ادارہ روحانیہ جنتری سے رابطہ کریں۔

١٦	١۵	۴٧	۴٠	٣٨
٣٣	١١ ٧ ۴۴ ٣۴	١٢ ۴۵ ١٠ ١٧	۴٦ ۴١ ٣۵ ٢٠	٣٩
٣٠	٩ ٢٣ ٢٨ ١٨	۵	١٩ ٣٢ ٢٢ ٢۴	۴٣
٣١	١٣ ٢ ۴٩ ٢٧	١ ٣٧ ٢٩ ٢٦	٨ ٢۵ ٢١ ١۴	٦
٣	۴٨	٣٦	٢٢	۴

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر پانچ حق ہیں۔ سلام کا جواب دینا۔ مریض کی عیادت کرنا۔ جنازے میں مشایعت کرنا۔ دعوت کا قبول کرنا۔ چھینکنے والے کو یرحمک اللہ کہنا۔

لوح لاریب

تحریر وتحقیق:
کاشان علی

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

اے اللہ میں تجھ سے تیری رحمت کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں جو ہر چیز سے بڑھی ہوئی ہے اور جس قوت کی وجہ سے تو ہر چیز پر غالب ہے اور تیری اس عزت کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں جس کے سامنے کوئی چیز نہیں ٹھہر سکتی۔اور تیری عظمت کا واسطہ دیکر سوال کرتا ہوں جس سے ہر شے پُر نظر آتی ہے اور تیری سلطنت کا واسطہ دیکر سوال کرتا ہوں جو ہر چیز پر چھائی ہوئی ہے اور اس بقاء کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں جو تمام چیزوں کی فناء کے بعد باقی رہے گی اور تیرے اس علم کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں جو ہر چیز پر محیط ہے اور تیری ذات کے اس نور کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں جس کی وجہ سے ہر چیز چمک دمک رہی ہے

اے اللہ محمد ﷺ و آل محمد پر بے حساب درود وسلام و رحمت نازل فرما بطفیل چہاردہ معصومینؑ بانیان روحانیہ جنتری اور تمام قارئین کرام کی توفیقات میں اضافہ فرما بغیر وحی کے نہ بولنے والے رسول اکرام ﷺ کا فرمان مبارک ہے۔۔۔

ترجمہ:۔ میں علم کا شہر ہوں علیؑ اس کا دروازہ ہے۔

حضور ﷺ کے پردہ میں چلے جانے کے بعد کسی نے حضرت علیؑ سے پوچھا۔ایمان کیا ہے۔آپؑ نے جواب دیا ایمان کے چار ستون ہیں نمبر۱ صبر نمبر۲ یقین نمبر۳ عدل نمبر۴ جہاد۔

پھر آپؑ نے فرمایا صبر کے چار شعبے ہیں شوق ۲ خوف ۳ زہد ۴ انتظار موت۔جس نے جنت کا اشتیاق پیدا کرلیا اس نے خواہشات کو بھلا دیا اور جسے جہنم کا خوف حاصل ہوگیا اس نے محرمات سے اجتناب کیا دنیا میں زہد اختیار کرنے والا مصیبتوں کو ہلکا تصور کرتا ہے اور موت کا انتظار کرنے والا نیکیوں کی طرف سبقت کرتا ہے آپؑ نے فرمایا یقین کی بھی چار بنیادیں ہیں ۱۔ہوشیاری کی بصیرت ۲۔حکمت کی حقیقت ۳۔عبرت کی نصیحت ۴۔اور سابق بزرگوں کی سنت۔ہوشیاری میں بصیرت رکھنے والے پر حکمت روشن ہوجاتی ہے اور حکمت کی روشنی عبرت کو واضح کردیتی ہے اور عبرت کی معرفت گویا سابق اقوام سے ملا دیتی ہے پھر آپ نے فرمایا عدل کے بھی چار شعبے ہیں ۱۔تہہ تک پہنچ جانے والی سمجھ ۲۔علم کی گہرائی ۳۔فیصلہ کی وضاحت ۴۔عقل کی پائیداری۔جس نے فہم کی نعمت پائی وہ علم کی گہرائی تک پہنچ گیا اور جس نے علم کی گہرائی کو پالیا وہ فیصلہ کے گھاٹ سے سیراب ہو کر باہر آیا اور جس نے عقل سے کام لیا اس نے اپنے امر میں کوتاہی نہیں کی بعض لوگوں کے درمیان قابل تعریف زندگی گزار دی۔جہاد کی وضاحت کرتے ہوئے آپ نے فرمایا جہاد کے چار شعبے ہیں ۱۔امر بالمعروف ۲۔نہی عن المنکر ۳۔ہر مقام پر ثابت قدم ۴۔فاسقوں سے نفرت۔لہذا جس نے امر بالمروف کیا یعنی نیکی کا حکم دیا اس نے مومنین کی کمر کو مضبوط کردیا اور جس نے نہی عن المنکر کیا یعنی بُرائی سے روکا اس نے کافروں اور شیطانوں کی ناک رگڑ دی۔جو بُرائی کے ماحول میں نیکی پر ثابت قدم رہا یا

بقیہ حصہ صفحہ نمبر 67 پر موجود ہے



تحریر تحقیق نیر نقی

واحصیٰ کل شی ء عددا (سورہ جن آیت نمبر 28)
ترجمہ ہم نے ہر شے کو اعداد میں شمار کیا ہوا ہے۔

اعداد کے اندر اللہ تعالیٰ نے خاص حکمتیں اور راز پوشیدہ کر رکھے ہیں اور ان اعداد میں تمام دنیا کی گنتی رکھ دی ہے۔
عقلمند انسانوں کیلئے اللہ پاک نے ہر چیز میں اہل علم کیلئے نشانیاں رکھ دی ہیں کائنات کے تمام علوم اللہ تعالیٰ کی ذات پاک نے حضور اکرمؐ کو تعلیم فرمائے حضور اکرمؐ نے وہ سب کے سب اپنے جانشین حضرت علی علیہ السلام کو عطا فرمائے۔ بقول حدیث نبوی۔

"میں علم کا شہر ہوں اور علیؑ اس کا دروازہ ہے"۔

حضرت علیؑ نے اپنے دور میں بہت سے علوم کو ایجاد کیا جس میں علم نحو۔ علم منطق۔ علم صرف۔ علم اعداد۔ علم الجبراء۔ علم جفر۔ علم رمل وغیرہ شامل ہیں علم اعداد کی بدولت نت نئی ایجادات ہوئی۔ جس میں سب سے زیادہ کمپوٹر نے ترقی کی جس کی وجہ سے انسانی زندگی کی بہت سی تکلیفیں آسان ہوگئیں۔ علم اعداد کا ہر اعداد اپنے اندر وسیع معنی اور مقصد رکھتا ہے اس میں انسان کی ذاتی زندگی کے حالات کردار۔ فطرت۔ طبیعت۔ شخصیت۔ محبت۔ نفرت۔ شادی۔ بیماری۔ مالی حالات کے جملہ اسرار و رموز پنہاں ہیں علم اعداد اپنی جگہ ایک الگ منفرد علم ہے۔ ارشار باری تعالیٰ ہے کہ "فکر کرو تا کہ میری ذات کاملہ کے سربستہ رازوں سے واقفیت حاصل کرسکو"۔ خالق کائنات کے سربستہ راز کو سمجھنے کیلئے اللہ تعالیٰ کے مبارک اسمائے حسنہ میں سے صرف

اسم رب کو علم اعداد کی روشنی میں رب کے معنی کو پہنچاتے ہیں قرآن مجید میں جتنی بھی دعائیں ہیں وہ تمام کی تمام دعائیں "رب" یا "ربنا" سے شروع ہوتی ہیں؟ اور قبولیت کے درجہ سے ہم کنار ہوتی ہیں۔ حدیث رسول مقبول ﷺ سے صاف ظاہر ہے کہ خدا نے کائنات کو خالق کرنے سے پہلے دو نور خلق فرمائے۔۔
اول نور محمدؐ اور دوسرا نور علی علیہ السلام"۔

علم اعدا کی روشنی میں

محمدؐ کے اعداد۔۔۔۔۔۔۔۔ = 92
علی علیہ السلام کے اعداد۔۔۔ = 110
رب کے اعداد۔۔۔۔۔۔۔ = 202

جب ہم دونوں نور کے ٹکڑوں کے اعداد جمع کرتے ہیں تو (92+110)=202 حاصل ہوتے ہیں جو رب کے اعداد (202) کے برابر بنتے ہیں رب کے نام سے جو دعائیں مانگی جائیں گی اس میں یہ دونوں ہستیاں خود بخود شامل ہو جاتی ہیں جو دعا کی قبولیت کا وسیلہ بن جاتی ہیں یہ علم اعداد کا کرشمہ ہے لفظ کائنات اگر علم اعداد کی رو سے دیکھیں تو اس کا مفرد عدد (9) بنتا ہے۔
اس کے بعد کائنات میں آسمانی کتابوں میں سب سے زیادہ معتبر اور عزت والی کتاب قرآن پاک ہے۔ علم اعداد کی رو سے

قرآن کے عدد نو بنتے ہیں۔

ابجد قمری -------------	=	قرآن
50 + 1 + 200 + 100	=	351
مفرد عدد -------------	=	9

نو کا عدد لامتناہی عدد ہے اس کو جس عدد سے ضرب دیں گے حاصل ضرب کو مفرد کریں گے تو جواب میں نو کا عدد ہی برآمد ہوگا۔ کائنات کی سردار ملکہ حضرت بی بی فاطمہؑ کا عدد بھی نو ہے۔

ابجد قمری کے مطابق فاطمہؑ کے اعداد

ابجد قمری -------------	=	فاطمہؑ
5 + 40 + 9 + 1 + 80	=	135
مفرد عدد -------------	=	9

ابجد قمری کے مطابق غلام

ابجد قمری -------------	=	غلام
40 + 1 + 30 + 1000	=	1071
مفرد عدد -------------	=	۹

اب میں اپنے اصل موضوع کی طرف آتا ہوں آپ نے علم اعداد کی رو سے دیکھا ہے۔ قرآن مجید۔ ملکہ عالیہ بی بی فاطمہؑ اور غلام کے عدد نو بنتے ہیں۔ میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے کہ قرآن مجید میں ہر خشک و تر کا ذکر اور اہل ایمان کیلئے نشانیاں موجود ہیں۔ رسول مقبول ﷺ آخری خطبہ حجتہ الوداع کے موقع پر فرمایا "میں تمھارے درمیان دو عظیم چیزیں چھوڑے جارہا ہوں ایک اہلبیت رسول اور دوسرا قرآن مجید"۔ ان دونوں کو مضبوطی سے تھامے رہنا۔ اگر ان میں سے ایک کی سمجھ نہ لگے تو قرآن سے علیؑ اور اولاد علیؑ کے بارے میں پوچھ لینا اور قرآن کی سمجھ نہ لگے تو اولاد علیؑ سے قرآن پوچھ لینا۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا سیدہ فاطمہؑ خواتین کی سردار ہیں اور امام حسنؑ و امام حسینؑ جوانان جنت کے سردار ہیں۔ قرآن مجید میں ہر خشک و تر کا بیان ہے اہلبیت کی

طہارت و پاکیزگی کی گواہی قرآن مجید اس طرح دیتا ہے کہ

(سورۃ احزاب آیت نمبر ۳۳)

إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا

ترجمہ۔ یقیناً اللہ کا ارادہ ہے کہ تم اہلبیتؑ سے ہر قسم کی نجاست کو دور رکھے اور تمہیں ایسا پاک رکھے جیسے پاک رکھنے کا حق ہے۔

قرآن مجید نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ اہلبیتؑ کا گھرانہ سردار ہے سردار رہے گا علم اعداد قرآن مجید سے ثابت کر رہا ہے کہ حضرت بی بی فاطمہؑ اور اولاد فاطمہؑ سردار ہیں اور کائنات میں موجود ہر ذرہ ذرہ ہر جنس ان کا غلام ہے۔ جو لوگ پیدائشی تاریکی کا شکار ہیں خدا ان کو ہدایت دے یہی میری خداوند کریم سے دُعا ہے

سب سے پہلے انسان کے مفرد عدد لیتے ہیں۔

انسان -------------	=	ابجد قمری
ا + ن + س + ا + ن	=	انسان
50 + 1 + 60 + 50 + 1	=	162
مفرد عدد -------------	=	9
ابجد قمری -------------	=	اسلام
40 + 1 + 30 + 60 + 1	=	132

باطنی اعداد حضرت محمدؐ

میم + حا + میم + دال	=	محمدؐ
31 + 50 + 1 + 50	=	132

ہر انسان چاہے وہ مرد ہو یا عورت اسلام پر ان کی پیدائش ہوتی ہے۔ علم عداد کی رو سے اسلام کے اعداد ابجد قمری کے مطابق 132 بنتے ہیں۔

حضرت محمدؐ کے باطنی اعداد بھی 132 ہی بنتے ہیں۔

نوٹ: باطنی عداد نکالتے وقت پہلے حرف کو چھوڑ دیا جاتا ہے جبکہ باقی حروف کے عدد لیے جاتے ہیں اس لئے یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ جو بھی


انسان محمد رسول ﷺ کا اقرار کرے گا وہ مذہب اسلام میں داخل ہو جائے گا۔ جس خوش نصیب انسان کو معرفت آل محمد ﷺ حاصل ہو جائے اسے معرفت خداوندی نصیب ہو جاتی ہے۔ معرفت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے وہ اس کائنات میں تقویٰ پرہیز گاری کی زندگی بسر کرنا شروع کر دیتا ہے۔ تقویٰ اللہ کے خاص بندوں کو نصیب ہوتا ہے۔ ابجد قمری کے مطابق تقویٰ کے اعداد بارہ بنتے ہیں۔ اگر تقویٰ کی زندگی گزارنا چاہتے تو چہاردہ معصومینؑ کے نقش قدم پر چلنا پڑے گا۔

ابجد قمری ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔	=	تقویٰ
ت + ق + و + ی	=	
1 + 6 + 100 + 400	=	12

جو انسان تقویٰ کی زندگی دنیا میں گزارتا ہے تو مالک الملک اس کو بہشت انعام واکرم کے طور پر دے دیتا ہے لفظ بہشت کے مفرد اعداد ابجد قمری کے مطابق۔ چودہ بنتے ہیں

ابجد قمری کے مطابق اعداد ۔۔۔	=	بہشت
ب + ھ + ش + ت		بہشت
400 + 300 + 5 + 2	=	707
مفرد عدد ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔	=	14

قرآن مجید علم اعداد کی رو سے واضح کر رہا ہے کہ جو انسان اسلام قبول کرنے کے بعد محبت و مددت اہلبیت رکھے گا وہ ایمان والا ہو گا جس کے دل میں محبت چہاردہ معصومینؑ ہو گی علم ومعرفت اس کو ضرور نصیب ہو گی۔ جب علیؑ کی معرفت حاصل ہو جائے گی تب وہ ''تقویٰ کی زندگی گزاریگا جیسے اولیاء کرام نے زندگی بسر کی تقوی کی زندگی گزارنے کے بعد اسے آخرت میں اللہ اپنے فضل وکرم اور بطفیل چہاردہ معصومینؑ بہشت میں اعلیٰ مقام عنایت فرمائے گا۔ قارئین روحانیہ جنتری اس مضمون کو صرف پڑھنے پر اکتفانہ کریں بلکہ حقیقی معنوں میں قرآن مجید اور علم اعداد نے جس طرح قدرت کی نشانیوں اور معرفت آل محمد کو سمجھایا ہے اسکو غور وفکر سے سوچیں سمجھیں اور اس پر عمل پیرا ہو کر مالک حقیقی کے سامنے سرخرو ہوں۔ امید کرتا ہوں کہ بندہ گنہگار کو اپنی نیک دعاؤں میں ضرور شامل فرمائیں گے خدا آپ کا حامی وناصر ہو۔



جابر بن حیان نے امام جعفر صادقؑ سے پوچھا۔ انسان چوٹ وزخم وغیرہ کے درد سے کیوں تکلیف اٹھاتا ہے چوٹیں وزخم درد کا سبب کیوں بنتے ہیں امام جعفرؑ صادق نے فرمایا کہ یہ تمام درد زندگی کے متعلق ہیں اور آدمی جس وقت تک زندہ ہے بیماری یا چوٹ وغیرہ کے نتیجے میں تکالیف اٹھاتا ہے اور جس لحہ روح جسم سے جدا ہوتی ہے اور موت آپہنچتی ہے تو انسان موت کا درد محسوس نہیں کرتا۔ جابر نے پوچھا کہ موت کے بارے میں آپؑ کا کیا نظریہ ہے؟ امام جعفرؑ صادق نے فرمایا موت کا مفہوم بالکل ختم ہو جانا نہیں بلکہ اس کا مفہوم ایک حالت سے دوسری حالت میں تبدیلی ہے اور صرف ایک ہستی کائنات میں اپنی حالت تبدیل نہیں کرتی۔ اور وہ خداوند کی ذات ہے سوائے وہ اپنے تمام چیزوں کی حالت تبدیل کرتا ہے جابر نے کہا میرا ایک اور سوال ہے؟ اور وہ یہ ہے کہ خداوند تعالی نے جب انسان کو مارنا ہی ہوتا ہے تو اسے اس جہان میں کیوں لاتا ہے؟ امامؑ نے فرمایا میں نے تجھے کہا ہے کہ موت کا کوئی وجود نہیں ہے اور جو میری اور تمہاری نظر میں موت کی صورت جلوہ گر ہوتی ہے وہ دوسری زندگی کی ابتدا ہے اور خدا نے انسان کو اس جہان میں اس لیے لاتا ہے تا کہ انسانیت کمال کا ایک اور مرحلہ طے کرے اس مرحلے کے بعد انسان گذشتہ مرحلے سے زیادہ کامل انسان کی صورت میں دوسرے جہان میں جاتا ہے اور اس جہان میں بھی کامل انسان کا ایک مرحلہ طے کرتا ہے۔

حصول منصب اگر کوئی شخص عہدہ یا ترقی کا خواہشمند ہے تو اسے چاہیے کہ دوپہرے کے وقت کھڑے ہو کر اور بوقت نصف شب رات کو دعا کے ہاتھ کھڑے کر کے سو دفعہ یارافع یاالرفع کہے لوگوں کے درمیان عزت وشہرت اور بلند مقام حاصل کرے گا۔

دوری فقر و فاقہ :بعد نماز صبح سورج نکلنے سے قبل ۳۰۸ مرتبہ الرزاق کا ورد کرے دوران عمل گفتگو سے پرہیز کریں تو وہ دن اسکے وسعت رزق کا باعث ہوگا۔

وسعت رزق کا دوسرا عمل اگر بعد نماز عشاء اپنی فیملی کی تعداد کے مطابق سورہ واقعہ پڑھیں تو بے حساب رزق ملے گا

برائے تو انگری اگر کوئی شخص معاشی طور پر کمزور ہو تو اسے چاہیے کہ دس جمعہ تک ہر جمعہ کو گیارہ سو مرتبہ الغنی المغنی کا ورد کرتا رہے تو اللہ اس کو اس دنیا میں محتاجی سے بے نیاز کر دے گا اور اسے رزق وسیع اور دولت کثیر حاصل ہوگی۔۔۔

طلب حاجت کا عمل :اگر کوئی شخص اللہ سے کوئی حاجت طلب کرنا چاہتا ہے یا پھر دولت وثروت کا طلبگار ہے تو اسے چاہیے کہ بعد نماز فجر سورہ محمدؐ بعد نماز عصر سورہ واقعہ اور بعد نماز عشاء سورہ ق وسورہ حشر ایک ایک مرتبہ تلاوت کریں جو شخص مندرجہ بالا عمل متواتر ایک سو دس دن پڑھے گا تو اسے تمام امور میں کامیابی حاصل ہوگی۔

اگر کوئی علم وعمل کا طالب ہے یا کسی مصیبت مثلاً فقر و فاقہ۔تباہی پریشانی یا روحانی وجسمانی امراض یا پھر بے خوابی وغیرہ کا شکار ہو تو شب جمعہ کی دو تہائی رات گزر جانے کے بعد بیدار ہو کر وضو کامل کرے اور دو رکعت نماز حاجت پڑھے نماز پڑھنے کے بعد ۵۰۰ مرتبہ درود پڑھیں اس کے بعد ذیل کے ورد کو پڑھیں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بحق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ایک ہزار مرتبہ پڑھیں عمل کے آخر پر پھر ۵۰۰ مرتبہ درود شریف پڑھیں انشاء اللہ پہلی جمعرات میں آپکی حاجت پوری ہو جائیگی عمل پڑھنے کی مدت ۴۱ دن ہے

برائے دفع دشمن اگر کوئی شخص یا وکیل کے پڑھنے میں مداوت کرے تو وہ دشمنوں سے محفوظ رہے گا اور ہر طرح کی امان میں رہے گا۔۔


لوح لاریب کا بقیہ حصہ

جس نے میدان جہاد میں ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا وہ اپنے راستہ پر آگے بڑھ گیا اور جس نے فاسقوں سے نفرت وعداوت کا برتاو کیا پروردگار اسکی خاطر اسکے دشمنوں سے غضب ناک ہوگا اور اسے قیامت کے روز خوش کر دے گا ہر سال کی طرح امسال ہذا بھی بندہ ناچیز نے مومنین کی افادیت کے لیے لوح لاریب کے نام سے ایک لوح تیار کی ہے اس لوح کو اللہ کی لاریب کتاب سے بنایا گیا ہے سورہ النمل آیت نمبر ۶۲

ترجمہ بھلا وہ کون ہے کہ جب مضطر و پریشان پکارے تو دعا قبول کرتا ہے اور مصیبت و پریشانی کو دور بھگا دیتا ہے۔۔۔

علم اعداد کی روشنی میں اس آیت مذکورہ کے کل اعداد قمری ۲۴۹۲ ہیں شرف شمس میں اس لوح کو بنانے کا خاص وقت ہے جس کے لیے بنانا ہو اس کا نام اور والدہ کے نام کے اعداد اور مقصد اعداد قمری لے لیں پھر ان میں آیت مذکورہ کے اعداد ملا لیں اور تمام اعداد کو جمع کر لیں بعد میں مخمس کی صورت میں نقش پُر کریں لوح لاریب تمام امور میں کامیابی وکامرانی کے لیے ایک کلید ثابت ہوگی جو حضرات لوح لاریب خود بنانے کی صلاحیت نہ رکھتے ہوں کسی بھی ماہر علم جفر کی خدمات حاصل کریں اور سب سے بڑھ کر متقی و پرہیز گار ماہر علم کو ترجیح دیں تا کہ لوح لاریب کے اثرات آپکی زندگی پر اثر انداز ہو سکیں۔

لوح لاریب کسی بھی شرف کے موقع پر تیار کی جاسکتی ہے لوح نہ بنا سکنے کی صورت میں ادارہ روحانیہ جنتری سے رابطہ کریں۔



لوح اوجِ مشتری

تحریر و تحقیق:
علی رضا

پہلا اوج مشتری ۱۰ جنوری تا ۱۷ جنوری ۲۰۱۴
دوسرا اوج مشتری ۲۵ اپریل تا یکم مئی ۲۰۱۴

اوج مشتری ہر بارہ سال بعد ہوتا ہے لہذا اس کی اہمیت وافادیت کو سمجھنے والے اس سے کماحقہ فائدہ اٹھاتے ہیں آج سے بارہ سال قبل اوج مشتری کی پہلی ساعت ۲۹ ستمبر ۲۰۰۲ کو آئی تھی اس سال یہ وقت دس جنوری سے ۱۷ جنوری ۲۰۱۴ سے شروع ہوگا سیارہ مشتری کو میزان کے دو درجے پر اوج ہوتا ہے۔


شمس کو برج سرطان میں اوج ہوتا ہے مریخ کو برُج اسد میں اوج ہوتا ہے زہرہ کو برج جوزا میں اوج ہوتا ہے کسی بھی شرف یا اوج کے لیے اہل علم حضرات بڑی بے چینی سے انتظار میں ہوتے ہیں بدقسمتی سے ہر شخص ان اوقات سے فیض یاب نہیں ہوسکتا جس انسان کو علم اور معرفت اور صلاحیت خداوندی نصیب ہوگی وہی شخص ان اوقات سے بھرپور استفادہ حاصل کرسکتا ہے ہر انسان کے بس کی بات نہیں ہوتی۔ پوری کائنات کے افراد کو چار گروہ میں تقسیم کیا گیا ہے نمبر۱ وہ لوگ جو ظاہر پر نظر رکھتے ہیں اور ظاہری حالت کو خوب صورت بنانے کے چکر میں لگے رہتے ہیں نمبر۲ وہ لوگ جو باطن پر نظر رکھتے ہیں اور ہمیشہ باطن کو خوب صورت رکھنے میں کوشاں رہتے ہیں۔ وہ ظاہری حالت کی پرواہ نہیں کرتے نمبر۳ کچھ لوگ ظاہر اور باطن دونوں کو خوبصورت رکھنے میں کوشاں رہتے ہیں نمبر۴ کچھ لوگ نہ باطن کو خوبصورت بنانے کی پرواہ کرتے ہیں اور نہ ہی ظاہری حالت کو بہتر بنانے کی کوشاں کرتے ہیں پہلی حالت والے لوگ دنیادار لوگ ہوتے ہیں دوسری اقسام والے اولیاء اللہ ہوتے ہیں یہی وہ لوگ ہوتے ہیں جن سے آج بھی کروڑوں لوگ فیض یاب ہورہے ہیں تیسری اقسام کے وہ لوگ متقین کی صف میں شامل ہونے کی کوشاں والے لوگ ہوتے ہیں اور چوتھی اقسام والے لوگ نہ دنیا میں کامیاب ہوتے ہیں اور نہ ہی آخرت میں کامیاب ہوتے ہیں کسی بھی عمل کو انجام دینے کے لیے باطن کی صفائی ضروری ہے عمل سے قبل باطن کو صاف ستھرا رکھیں اوج مشتری میں عزت شہرت بلندی جاہ ومرتبہ کے لیے خصوصی عمل کیا جاتا ہے جبکہ مریخ انسان کے جذبات کو ابھارتا ہے اور جوش وعمل پیدا ہوتا ہے انسان میں مقناطیسی قوت پیدا کرتا ہے جبکہ اوج زہرہ میں محبت والفت کے لیے عمل کیا جاتا ہے ان تینوں اوقات میں ذیل کا عمل کیا جاسکتا ہے اور اتفاق سے اگر تینوں اوج اکھٹے ہوں نور علیٰ نور ہوگا یعنی سونا پر سہاگہ ہوگا اس سال دس جنوری تا ۱۷ جنوری ۲۰۱۴ کو اوج مشتری کے خصوصی موقع پر ادارہ روحانیہ جنتری لوح اوج مشتری ماہر علم جفر ونقوش کی زیرنگرانی تیار کرائے گا تین آیاتوں پر مشتمل یہ لوح آپ کے تمام امور میں کامیابی وکامرانی کی چابی ثابت ہوگی۔ نمبر۱ سورہ بقرہ، آیت نمبر ۲۶۹ کل اعداد ۳۱۶۰ نمبر۲ سورہ النساء آیت نمبر ۱۳۹ کل اعداد ۸۳۳ سورہ نباء پارہ نمبر ۲۷ آیت ۵۱، ۵۸ کل اعداد ۲۲۴۶ مندرجہ بالا آیاتوں کے کل اعداد کو جمع کریں نام اور والدہ کے نام کے اعداد میں مقصد کے اعداد ملا کر اوج مشتری کے مقررہ وقت پر لوح اوج مشتری تیار کریں۔ خود تیار نہ کرسکنے کی صورت میں ادارہ روحانیہ جنتری سے رابطہ کریں۔

خواص لوح اوج مشتری مندرجہ ذیل امور مثلاً۔ ترقی روزگار، محبت میں کامیابی، شادی میں کامیابی۔ میاں بیوی میں محبت، صحت وسلامتی، حسب منشا روزگار، تسخیر خلائق، علم میں کامیابی، نعمت اولاد صالح اور دیگر تمام مقاصد کے تیار کی جائے گی لوح مخمس چال کے مطابق تیار کریں لوح مذکورہ تیار نہ کرسکنے کی صورت میں ادارہ روحانیہ جنتری سے رابطہ کریں۔

لوح کامیابی بذریعہ حرف م

تحریر تحقیق سید سجاد حسین

جو شخص چالیس روز متواتر بلا ناغہ بعد نماز صبح آیت ملک سورہ آل عمران بغیر حساب تک پڑھتا رہے اور اس دوران اس کی نگاہ اور سوچ کا مرکز و محور ایک سفید کاغذ پر لفظ محمد ہونا چاہیے یہ وہ عمل ہے جو آج سے قبل آپکو کسی جنتری یا کتاب میں شائع ہوا نہیں ملے گا یہ اعزاز صرف روحانیہ جنتری کے ادارہ کو حاصل ہے کہ ہر سال نئی سے نئی معلومات عمل اور وظائف قارئین روحانیہ جنتری کیلئے پیش کرتے ہیں یہ خاندانی تجربات پر مشتمل عمل ہے بڑی مشکل سے منظر عام پر لانے کی اجازت ملی ہے نوچندی جمعرات سے عمل کی ابتدا کرنی ہے عمل سے قبل چودہ لوگوں کو ایک وقت کا کھانا کھلانا ہے اگر حالات اجازت نہ دیتے ہوں تو صرف سفید مٹھائی لیکر لوگوں میں تقسیم کر دیں اور عمل کی ابتدا کریں عمل روزانہ بعد نماز صبح پڑھنا ہے عمل کے آخری دن سورہ القارعہ پارہ نمبر ۳۰ جس میں ۱۹ حروف م میں جو کہ پوری بسم اللہ کے حروف کے برابر ہیں اسکے اعداد شمسی لیکر اس میں ۱۰۶۳ کا اضافہ کریں اور نقش مثلث یا مربع آتشی چال سے پر کریں اسکی پشت پر تیرہ میم لکھیں لیکن ایک بات کا دھیان رکھنا ہے کہ عمل کا چالیسواں دن قمر در عقرب اور نحس ایام میں ہرگز نہ ہو ورنہ نقش صحیح کام نہ کرے گا حرف م کے رقمی اعداد ۴۰، اور لفظی عدد ۹۰، اور عددی ۳۳۳، میزان ۴۶۳ ہوا اب ان کل اعداد میں اپنے نام اور مادر نام اعداد ملا کر ایک مثلث نقش تیار کریں مثال کے طور پر علی بن حوا، علی کے اعداد ۱۱۰ جبکہ حوا کے اعداد ۱۵ ٹوٹل ۱۲۵، ٹوٹل ۴۶۳ میں ۱۲۵، اعداد ملائے تو ۵۸۸ کل میزان بنا مثلث کا نقش پر کرنے کے لیے کل اعداد میں سے ۱۲ نفی کریں اور باقی کو تین پر تقسیم کر دیں اگر کسر ایک ہو تو خانہ نمبر ۷ میں اور اگر کسر دو ہو تو خانہ نمبر ۴ میں ایک کا اضافہ کریں۔ ذیل کے نقش کو چاندی کی پلیٹ یا انگوٹھی پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھیں ۔مزید آسانی کی خاطر اس لوح کو کاغذ پر مشک و زعفران سے بھی بنایا جا سکتا ہے نقش مندرجہ ذیل ہے۔





جابر بن حیان نے حضرت امام جعفر صادقؑ سے سوال کیا۔ بیماری کے بارے میں آپ کا کیا نظریہ ہے؟ کیا بیماری کو خدا انسان پر نازل کرتا ہے یا کسی حادثے کے نتیجے میں رونما ہوتی ہے۔

حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا بیماریوں کی تین اقسام ہیں پہلی بیماری جو مشیت الہی سے رونما ہوتی ہے ان میں بڑھاپا بھی شامل ہے کوئی بھی اس بیماری سے بچ نہیں سکتا یہ ہر ایک کو اپنی لپیٹ میں لے لیتی ہے بیماریوں کی دوسری قسم وہ ہے جو آدمی کی جہالت یا ہوس کے نتیجے میں رونما ہوتی ہیں جبکہ خدا فرماتا ہے کہ کھانے پینے میں اسراف سے کام نہ لو اگر آدمی کھانے پینے میں اسراف نہ کرے اور چند لقمے کم کھائے اور چند گھونٹ پانی کم پیئے تو بیماری کا شکار نہیں ہوگا۔ بیماریوں کی تیسری قسم وہ ہے جو جسم کے دشمنوں سے عارض ہوتی ہے وہ انسانی بدن پر حملہ کرتے ہیں لیکن جسم اپنے پورے وسائل کے ساتھ انکا مقابلہ کرتا ہے اگر جسمانی قوت ان دشمنوں کا مقابلہ کرنے میں ناکام رہے تو انسان بیمار پڑ جاتا ہے لیکن جب انسان بیمار پڑ جاتا ہے تو بدن مقابلہ کرتا ہے اور بدن کے اس مقابلے کے نتیجے میں بیماری ختم ہوجاتی ہے اور بیمار شفایاب ہوجاتا ہے۔ قارئین روحانیہ جنتری کے لیے امراض کا علاج بذریعہ قرآن مجید پیش کررہا ہوں اُمید کرتا ہوں مومنین کرام استفادہ فرمائیں گے دُعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔

اگر کوئی مومن مرد یا عورت امراض ظاہری یا باطنی کا شکار ہو تو اسے چاہے کہ ۹ نو دن مسلسل انڈے کا صدقہ دے کر اسکے بعد مندرجہ ذیل آیت کو روزانہ ۴۱ مرتبہ تلاوت کرے۔

اول وآخر ۱۱۰ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم .اللهم انی اسلک بحق ولیک موسی بنؑ جعفر الا عافیتنی فی جمیع جو ارحی ماظهر وما بطن ورفعت عنی جمیع الا لام والا اسقام یا جواد یا کریم یا ارحم الراحیمن ۔

یہ عمل ۶۶ دن انجام دیں انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

اور مندرجہ ذیل نقش اپنے پاس رکھیں۔ اگر کوئی شخص اس عمل کا خواشمند ہولیکن ورد کرنے سے قاصر ہوتو اُسے چاہیے کہ لوح شرف مشتری اپنے پاس رکھے اور بعد سورہ حشر پارہ نمبر ۲۸ اپنے نام کے مفرد اعداد قمری کے مطابق پڑھے مزید معلومات کے لیے ادارہ روحانیہ جنتری سے رابطہ کریں۔

بحق طٰہٰ یسن: ۷۶، ۸۱، ۶۳، ۳۸، ۶۴، ۲۷، ۶۵، ۹۵، ۶۶، ۲۹، ۹۴، ۲۸		۴۳۷	بحق کہیعص: ۸، ۱۲، ۲، ۷، ۹، ۱، ۶، ۱۱، ۱۰، ۵، ۴، ۷۸۶	
		۴۳۰		
۴۳۵	۴۳۲	۴۳۱	۴۳۸	۴۳۳
بحق حمعسق: ۷۷، ۳۷، ۱۰، ۸۶، ۶۸، ۷، ۳۸، ۳۹، ۸، ۹، ۸۵، ۱۰۳۶		۴۳۶	بحق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم: ۷۸۶، ۴، ۵، ۱۰، ۸، ۱۱، ۶، ۱، ۹، ۷۸۶، ۲، ۱۲، ۷۸۶، ۷، ۳	
		۴۳۴		

تمام امور میں کامیابی کا عمل

تحریر تحقیق // مشن عباس

خالق کائنات قرآن مجید میں فرماتا ہے۔ سورۃ شوریٰ ۳۰

وَمَا أَصَابَكُم مِّن مُّصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُو عَن كَثِيرٍ

ترجمہ:۔ جو مصیبت بھی تم پر نازل ہوتی ہے وہ خود تمہارے کیے ہوئے اعمال کی وجہ سے ہوتی ہے۔ ضروری نہیں ہے کہ ہر قسم کی رکاوٹ بندش سحر و جادو کا نتیجہ ہو بلکہ یہ ہمارے گناہوں کا نتیجہ بھی ہوسکتا ہے حضور ﷺ کا فرمان ہے کہ دنیا مومن کے لیے قید خانہ ہے اور کافر کے لیے جنت ہے یقیناً اللہ مومنین کے گناہوں کو اس دنیا میں آزمائش اور ابتلا کے ساتھ پاک صاف کر دیتا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا۔ لوگو جانتے ہو تائب کون ہے لوگوں نے کہا نہیں آپ ﷺ نے فرمایا جس نے توبہ کی لیکن حق داروں کو راضی نہیں کیا وہ تائب نہیں ہے۔ جس نے توبہ کی لیکن عبادت میں اضافہ نہیں کیا وہ تائب نہیں ہے۔ جس نے توبہ کی لیکن اپنے لباس کو تبدیل نہ کیا وہ تائب نہیں ہے۔ جس نے توبہ کی لیکن اپنے طور نہ تبدیل کیے وہ تائب نہیں ہے۔ جس نے توبہ کی لیکن اپنی زبان کو قابو میں نہ رکھا وہ تائب نہیں ہے۔ جس نے توبہ کی دل کو کشادہ نہ کیا وہ تائب نہیں ہے۔ جس نے توبہ کی لیکن امیدوں کو کم نہ کیا وہ تائب نہیں ہے۔ جس نے توبہ کی لیکن اپنی ضرورت سے زیادہ چیز کو اللہ کی راہ میں نہ دیا وہ تائب نہیں ہے۔ جس شخص نے ان تمام امور و شرائط کو ادا کیا وہ صحیح توبہ کرنے والا ہے۔ ذیل کا عمل میرا ذاتی تجربہ شدہ عمل ہے کتاب انوار الیقین سے روایت نقل کی گئی ہے کہ یہ عمل چار سو بزرگوں کا تجربہ شدہ عمل ہے یہ عمل سات مہینوں کا عمل ہے ہر مہینے میں دس دن عمل کرنا ہوگا۔

طریقہ عمل:۔ عمل شروع کرنے سے قبل غسل کریں جسکی نیت حاجات کی برآوری ہو عمل منگل کے روز سے شروع کرنا ہے عمل شروع کرنے سے قبل ۱۲ مسکین فقیر لوگوں کو اپنی نگرانی میں کھانا کھلائیں۔ یا امام بارگاہ میں اس کی رقم نیت کر کے دے دیں ورد کو منگل کے دن بعد نماز عصر پڑھنا ہے اور پڑھائی کے دوران گفتگو بالکل نہیں کرنی۔ جس جگہ وظیفہ شروع کریں آخر تک اس جگہ پر قائم رہیں ورد کی تعداد ۱۲۰۰ سو مرتبہ ہے اول و آخر بارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ منگل سے لیکر دسویں دن جمعرات کے دن عمل ختم کریں اور عمل کے اختتام پر بھی ۱۲ مسکین فقراء کو کھانا کھلائیں عمل کے دن سے لے کر سات ماہ متواتر آپ نے صرف ایک مرتبہ سورۃ حشر پڑھنی ہے چوبیس گھنٹوں میں کسی بھی وقت بہتر وقت بعد نماز عشاء ہے پہلے مہینہ کے عمل کے دوران آپکو معاشی کامیابی ملنا شروع ہو جائیگی آپکی سوچ سے بڑھ کر معاشی کامیابی ملے گی۔ تجربہ شرط ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا قوی یا غنی یا ملی یا ولی

نوٹ:۔ عمل کی ابتدا سے لیکر آخر سات ماہ تک امور شرعیہ کی پابندی کریں اور گناہ کبیرہ و صغیرہ سے اجتناب کریں۔ یقیناً کامیابی آپکی ہوگی مزید معلومات کے لیے ادارہ روحانیہ جنتری سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

تقوی کی اہمیت قرآن وآل رسول ﷺ کی روشنی میں

تحریر تحقیق // نیئر عباس

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے

جو اللہ کے دوست ہیں جو ایمان لائے اور جنہوں نے تقوی کا رویہ اختیار کیا ان کے لیے کوئی خوف اور رنج نہیں ہے۔ دنیا اور آخرت کی دونوں زندگیوں میں ان کے لیے بشارت ہی بشارت ہے اللہ کی باتیں بدل نہیں سکتیں یہی بڑی کامیابی ہے۔

سورہ یونس آیت ۶۲۔۶۴۔

قارئین روحانیہ جنتری ذرا توجہ کیجیے گا۔ اہلبیتؑ اور قرآن میں کیا مماثلت ہے؟ اہلبیتؑ اور قرآن دونوں رسول اکرم ﷺ کی رسالت اور نبوت کے گواہ ہیں۔ اہلبیتؑ قرآن ناطق ہیں اور قرآن مجید صامت ہے۔ دونوں کی بات ایک دونوں کا مقصد ایک۔ دونوں پاک وپاکیزہ۔ ذرا معرفت کے درجے بلند کیجیے گا ہر چیز کے دو پہلو ہوتے ہیں۔ ظاہر اور باطن قرآن صامت ظاہری قرآن ہے جو اللہ نے اپنے نبی ﷺ پر نازل فرمایا اور دوسرا قرآن ناطق اہلبیتؑ کی ذات مبارکہ ہے جسکے باطن زندہ ہیں باطنی قرآن صرف اور صرف اُنکی سمجھ میں آئے گا دنیا کا اصول ہے جب دنیاوی دستور مرتب کیا جاتا ہے تو اسے ایک کتابی شکل میں ڈھالا جاتا ہے اور دوسرا اسے پریکٹیکل سرانجام دیا جاتا ہے بالکل اسی طرح اسلام کے قوانین کو کتابی شکل یعنی قرآن مجید میں نازل کیا گیا جبکہ اسلام کو سمجھانے کے لیے پریکٹیکل طریقے سے اہلبیتؑ نے اپنے کردار گفتار چال رہن سہن اور طور طریقہ سے سمجھایا۔ اس حقیقت کو تسلیم کرنے کے لیے حضور ﷺ کی حدیث مبارکہ دلیل کے طور پر بیان کی جارہی ہے

میں تمہارے درمیان دوگراں قدر چیزیں چھوڑ کر جارہا ہوں ان دونوں کو تھامے رکھنا ۱۔ اہلبیت ۲۔ قرآن مجید۔
جو شخص ان دونوں کو تھامے رکھے گا وہ ہرگز گمراہ نہ ہوگا۔ قرآن مجید۔ ھدی للمتقین۔ قرآن متقیوں کے لیے ہدایت ہے حضرت علیؑ امام المتقین۔ حضرت علیؑ متقیوں کے امام ہیں۔ قرآن مجید نبی ﷺ پر نازل ہوا۔ حضرت علیؑ خانہ کعبہ میں تشریف لائے قرآن بھی گواہ اور علی بھی گواہ۔ قرآن اللہ کی طرف گواہ ہے خدا کا گواہ محمد ﷺ پر نازل ہوا اور محمد ﷺ کا گواہ خدا کے گھر میں اترا۔ سبحان اللہ کیا مماثلت ہے۔ قرآن اور اہلبیت میں کیا رشتہ ہے قرآن اور اہل بیت ایک چیز کے دو نام ہیں اور دو پہلو ہیں دونوں کا مقصد ایک ہی ہے تقوی کے بارے میں حضور ﷺ نے

فرمایا ہے کوئی شخص اس وقت تک متقیوں میں سے نہیں ہوسکتا جب تک وہ اپنے نفس کا محاسبہ اس سے زیادہ کچھ سختی کے ساتھ نہ کرے جیسا کہ کسی کے کاروبار کا شراکت دار دوسرے شریک کے ساتھ کرتا ہے اور اسے یہ معلوم ہونا چاہیے کہ اس کا کھانا پینا اور لباس کہاں سے آیا ہے حلال ہے یا حرام ہے۔
حضرت علیؑ تقوی کے بارے میں فرماتے ہیں یہ تقوی الہی تمہارے دلوں کی بیماری کی دوا ہے اور تمہارے قلوب کے

اندھے پن کی بصارت ہے۔ یہ تمہارے جسموں کی بیماری کی شفاء کا سامان ہے اور تمہارے سینوں کے فساد کی اصلاح ہے یہی تمہارے نفوس کی گندگی کی طہارت ہے اور یہی تمہاری آنکھوں کے چندھیانے کی جلاء ہے اس میں تمہارے دل کے اضطرب کا سکون ہے اور یہی زندگی کی تاریکیوں کی ضیاء ہے اطاعت

خداوندی کو اندر کا شعار بناو صرف باہر کا نہیں اور اسے باطن میں داخل کرو صرف ظاہر میں نہیں جس نے تقوی کو اختیار کر لیا اس کے لیے سختیاں قریب آ کر دور چلی جاتی ہیں اور امور زندگی تلخیوں کے بعد شیریں ہو جاتے ہیں موجیں تہ بہ تہ ہو جانے کے بعد بھی ہٹ جاتی ہیں اور دشواریاں مشقتوں میں مبتلا کر دینے کے بعد آسان ہو جاتی ہیں قحط کے بعد کرامتوں کی بارش شروع ہو جاتی ہے اور سحاب رحمت ہٹ جانے کے بعد پھر برسنے لگتا ہے اور نعمتوں کے چشمے جاری ہو جاتے ہیں۔ قرآن مجید میں تقوی کا ذکر بارہ مرتبہ کیا گیا ہے۔ قرآن مجید میں تقوی کے بارہ فوائد بیان کیے گئے ہیں۔

۱۔ متقی مدح وثناء کا مستحق ہے۔

ترجمہ۔ اگر تم صبر کرو اور تقوی اختیار کرو۔ س آل عمران ۱۸۲

۲۔ تقوی باعث حفاظت ونگرانی ہے۔ س آل عمران آیت نمبر ۱۲۰

اگر تم صبر کرو اور تقوی اختیار کرو تو ان کی سازششیں تمہیں کوئی نقصان نہیں دے سکیں گی۔

۳۔ تقوی تائید ونصرت کا سبب ہے۔ س نحل ۱۲۸

یعنی اللہ کی تائید ونصرت متقین کے ساتھ ہے۔

۴۔ تقوی تکالیف سے نجات اور رزق حلال کا موجب ہے۔ س طلاق ۳

جو اللہ سے ڈرے اللہ اس کے لیے مشکلات سے نکلنے کا راستہ بنائے گا اور وہاں سے رزق دے گا جہاں سے گمان نہیں ہوگا۔

۵۔ تقوی اصلاح عمل کا موجب ہے۔ س احزاب ۷۰

اے ایمان والوں اللہ سے ڈرو اور پختہ بات کرو اللہ تمہارے کاموں میں اصلاح کریگا۔

۶۔ تقوی اختیار کرنے سے گناہوں کی معافی ملتی ہے۔ س احزاب ۷۱

اور اللہ تمہارے گناہ معاف کر دے گا

۷۔ تقوی سے اللہ کی محبت حاصل ہوتی ہے۔ س آل عمران ۸۶

یقیناً اللہ متقین سے محبت کرتا ہے۔

۸۔ تقوی قبولیت اعمال کی سند ہے ارشاد رب العزت ہے س المعائدہ ۲۷

سوائے اس کے نہیں اللہ صرف متقین کی قربانی ہی قبول کرتا ہے۔

۹۔ تقوی اکرام واعزاز کا سبب ہے۔ س حجرات ۱۳

بالتحقیق اللہ کے نزدیک وہی مکرم ہے جو زیادہ متقی ہے

۱۰۔ تقوی سے دنیا و آخرت میں خوشخبری نصیب ہوتی ہے۔

جو لوگ ایمان لائے اور دور رہے دنیاوی زندگی سے س یونس ۶۴ اور آخرت میں انکے لیے خوشخبری ہے

۱۱۔ تقوی اختیار کرنے والے کو دوزخ سے نجات دے گا۔ س زمر

پھر اللہ تقوی رکھنے والوں کو دوزخ سے نجات دے گا۔

۱۲۔ ہمیشہ کی جنت تقوی کا بہترین ثمر ہے۔ س آل عمران ۱۳۳

جنت متقین کے لیے تیار کی گئی ہے لہٰذا تقوی کو عظیم خزانہ۔ بہترین غنیمت خیر کثیر اور فوز کثیر تصور کرنا چاہیے۔۔۔

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا؛ رزق کے متعلق لوگوں کے پانچ نظریات ہیں

۱۔ جو سمجھتا ہے کہ رزق کمائی کے ذریعے ملتا ہے اللہ کی طرف سے مقرر نہیں ہے ؛ ایسا شخص کافر ہے۔

۲۔ جو سمجھتا ہے کہ رزق خدا کی جانب سے ہے اور محنت حصول رزق کا سبب ہے محنت کرنے میں متذبذب ہے کہ آیا اسے رزق ملے گا یا نہیں ایسا شخص منافق ہے

۳۔ جو سمجھتا ہے کہ رزق کا تعلق محنت اور خدا دونوں سے ہے ایسا شخص مشرک ہے

۴۔ جو سمجھتا ہے کہ رزق اللہ کی طرف سے ہے اور محنت اس کا سبب ہے محنت کی وجہ سے خدا کی نافرمانی کرتا ہے ایسا شخص فاسق ہے۔

۵۔ جو سمجھتا ہے کہ رزق منجانب اللہ ہے محنت اس کا سبب ہے محنت کو حصول رزق کا ذریعہ سمجھ کر پوری جد وجہد کرتا ہے مگر خدا کے فرائض بھی صحیح سرانجام دیتا ہے ایسا شخص خالص مومن ہے اور اس کے رزق میں حرام کا کوئی شائبہ نہیں ہے


شادی کا خصوصی عمل

تحریر و تحقیق تصور عباس

شروع اس پاک پروردگار کے نام سے جو بلند و بالا ہے اپنی بزرگی کی وجہ سے اللہ جسے چاہے حکومت عطا کرے اللہ صاحب وسعت و علیم ہے۔ بعد حمد و ثناء کے درود و سلام بھیجتا ہوں محمد ﷺ وآل محمد ﷺ کی پاک ذاتؑ پر خداوند کریم بانیان روحانیہ جنتری کی توفیقات خیر میں اضافہ فرمائے اس گلستان کو تا قیامت آباد رکھے۔ حضرت علیؑ اپنے خطبہ میں ارشاد فرماتے ہیں۔ لوگو اللہ سے ڈرو کتنے اُمیدوار ہیں جن کی اُمیدیں پوری نہیں ہوتی اور کتنے ہی گھر بنانے والے ہیں جنھیں رہنا نصیب نہیں ہوتا۔ کتنے مال جمع کرنے والے ہیں جو چھوڑ کر چلے جاتے ہیں اور بہت ممکن ہے کہ باطل سے جمع کیا ہو یا کسی کے حق سے انکار کر دیا ہو یا حرام سے حاصل کیا ہو اور گناہوں کا بوجھ لادلیا ہو تو اس کا وبال لے کر واپس ہو اور اسی عالم میں پروردگار کے حضور حاضر ہو جائے جہاں صرف اور صرف رنج اور افسوس اور دنیا و آخرت دونوں کا خسارہ ہو جو درحقیقت کھلا ہوا خسارہ ہے۔ موجودہ دور میں سب سے زیادہ مسائل لڑکیوں کے رشتے ناطے پر مشتمل ہیں ہر گھر میں تقریبا رشتے کے مسائل ضرور شامل ہیں جن خواتین کے بچے اور بچیوں کے رشتے خود نہیں آتے یا آ کر واپس چلے جاتے ہیں اور دوبارہ پلٹ کر جواب تک نہیں آتا ان حضرات کے لیے میں ایک خاندانی عمل لیکر بزم ادب میں حاضر ہوا ہوں تجربہ شرط ہے انشاء اللہ کامیابی سے ہمکنار ہونگے لیکن ایک بات کا خاص خیال رکھیں رشتے ضرور آئیں گے کوئی غیر ضروری شرط وغیرہ مقرر نہ کریں اور مناسب تحقیق کے بعد اللہ کے سہارے پر رضامندی کا اظہار کر دیں۔ مندرجہ ذیل آیت کو خود لڑکی یا اسکی والدہ یا والد یا بھائی یا اس کی طرف سے کوئی بطور وکیل پڑھ سکتا ہے سائل خود پڑھنے کی کوشش کرے عمل ناغہ والے دن گنتی کر کے بعد میں مکمل کریں اور اس عمل کو نو چندی جمعرات میں شروع کرنا ہے ۶۶ دن متواتر تلاوت کرنی ہے روزانہ ۳۱۳ مرتبہ عمل پڑھنا ہے اول و آخر ۱۱۰ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔۔۔

یا نور کل شیء انت الذی فلق الظلمات نورہ

ذیل کا نقش طالب و مطلوب و مادر نام خود بنائیں یا کسی ماہر علم کی خدمات حاصل کریں عمل پڑھنے سے قبل نقش کو اپنے پاس رکھنا لازمی شرط ہے اس کے بعد عمل کی ابتدا کریں انشاء اللہ ۶۶ دن کے اندر مقصد میں کامیابی ہوگی۔۔



لوح اسم اعظم

تحریر و تحقیق مولانا صابر حسین

ساری تعریف اس پروردگار کے لیے ہے جو بندوں کا خلق کرنے والا ہے۔زمین کا فرش بچھانے والا۔وادیوں میں پانی بہانے والا ہے اس کی اولیت کی کوئی ابتدا نہیں ہے اور اسکی ازلیت کی کوئی انتہا نہیں ہے وہ ابتداء سے ہے اور ہمیشہ رہنے والا ہے وہ باقی ہے اور اسکی بقاء کی کوئی مدت نہیں ہے پیشانیاں اسکے سامنے سجدہ ریز اور لب اسکی واحدانیت کا اقرار کرنے والے ہیں اس نے تخلیق کے ساتھ ہی ہر شے کے حدود معین کر دیئے ہیں تا کہ وہ کسی سے مشابہ نہ ہونے پائیں۔۔تمام تعریف اُس اللہ کے لیے ہے جسکی معرفت کی گہرائیوں سے اوصاف عاجز ہیں اور جس کی عظمتوں نے عقلوں کو آگے بڑھنے سے روک دیا ہے۔بعد حمد وثناء کے درود وسلام بھیجتا ہوں محمدؐ وآل محمدؐ کی ذات پاک پر جن کی پاکیزگی وطہارت کو رب جلیل نے لاریب کتاب قرآن مجید میں اس طرح بیان کیا ہے ترجمہ۔اللہ نے ارادہ کر لیا ہے کہ تم سے ہر قسم کے رجس کو دور رکھے اور اہل بیتؑ کو ایسا پاک و پاکیزہ رکھے جیسا پاک رکھنے کا حق ہے۔۔۔۔

اب میں اپنے موضوع کی طرف رجوع کرتا ہوں۔اسم اعظم کا نام ہر عام وخاص نے ضرور سن رکھا ہوگا۔اسم اعظم کی تلاش میں جوانی بڑھاپے میں تبدیل ہو جاتی ہے۔لیکن تحقیق و تجسس کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ جاری و ساری رہتا ہے۔ہزاروں میں سے کسی ایک خوش نصیب کو اسم اعظم کا راز میسر آتا ہے۔اسم اعظم اس طاقت وقوت اور روحانی صلاحیت وکرشمہ کا نام ہے جو مدتوں۔عرصہ دراز بعد کسی ایک خوش نصیب کو میسر ہوتا ہے اسم اعظم وہ طاقت وقوت کا نام ہے جو پلک جھلکنے سے قبل آپکی جائز خواہش پورا کرے بشرطیکہ آپ میں اس عمل کو انجام دینے کی پوری صلاحیت موجود ہو ہر چیز کا ایک معیار مقرر ہوتا ہے۔اسم اعظم کا معیار یہ ہے کہ دنیاوی عارضی زندگی سے بیزاری اور تقوی انجام دیتے ہیں سبقت حاصل کرنا تقوی کے بارے میں حضرت علیؑ فرماتے ہیں یقیناً تقوی الٰہی ہدایت کی کلید اور آخرت کا ذخیرہ ہے ہر گرفتاری سے آزادی اور تباہی سے نجات کا ذریعہ ہے اسکے وسیلہ سے طلبگار کامیاب ہوتے ہیں عذاب سے فرار کرنے والے نجات پاتے ہیں اور بہترین مطالب حاصل ہوتے ہیں۔لہذا عمل کرو کہ ابھی اعمال بلند ہو رہے ہیں اور توبہ فائدہ مند ہے اور دعا سنی جارہی ہے۔حالات پرسکون ہیں قلم اعمال چل رہا ہے اپنے نیک اعمال کے ذریعے آگے بڑھ جاو جو شخص اسم اعظم کا طلب گار ہو اسے چاہیے کہ پہلے تقوی الٰہی اختیار کرنے کی نیت سے غسل کرے اور دل ہی دل میں تمام بُرے کاموں سے بیزاری اور تمام نیک امور کو انجام دینے کا ارادہ کرے اور دنیاوی آرائش سے اپنے آپکو آزاد کرلے صرف اور صرف دنیا سے ضرورت کے مطابق رشتہ قائم رکھے اسم اعظم کے بارے میں حضرت محمدؐ نے فرمایا ہے کہ اسم اعظم لا الہ الا اللہ میں پوشیدہ


ہے قرآن مجید میں پانچ مقامات پر اس کا ذکر فرمایا ہے۔۔

۱۔ سورہ بقرہ کی آیت نمبر ۲۵۵ ۲۔ سورہ آل عمران کی آیت نمبر ۲

۳۔ سورہ نساء کی آیت نمبر ۸۷ ۴۔ سورہ طٰہٰ کی آیت نمبر ۸

۵۔ سورہ تغابن کی آیت نمبر ۱۳

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص ان پانچ آیتوں کی تلاوت کرے یا انھیں لکھ کر اپنے پاس رکھے تو یہ عظیم اثر رکھتی ہیں۔ لوح اسم اعظم کا نقش ان آیتوں کا مجموعہ ہوگا لوح اسم اعظم نوروز عالم افروز کے موقع پر تیار کی جائیگی لوح اسم اعظم مندرجہ ذیل امور کے لیے تیار کی جائے گی مثلاً۔ روزگار میں اضافہ۔ تعلیم میں کامیابی و کامرانی۔ کاروبار میں استحکام۔ حصول ملازمت۔ بیرون ملک سفر میں کامیابی۔ نظر بد کے اثرات۔ میاں بیوی میں الفت۔ بندش سحر وجادو کا خاتمہ وغیرہ۔ مذکورہ بالا اسم اعظم کے اعداد قمری نکالیں اور اس میں اپنے مقصد کے اعداد نکال کر جمع کریں اور لوح اسم اعظم کو نوروز کے دن تیار کریں اس کے بعد لوح کو اپنے پاس رکھیں اور مذکورہ بالا اسم اعظم کی روزانہ ۱۱۰ مرتبہ تلاوت کریں ۱۳۵ دن مسلسل ورد کرنا ہے دوران عمل ناغہ نہ کریں ورنہ مطلوبہ ہدف حاصل نہ ہوگا۔



لوح نصرت

تحریر و تحقیق
علی عمار

شروع اللہ کے نام جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان مبارک ہے اے اباذر جان لو کہ خداوند کریم نے میرے اہلبیتؑ کو میری امت میں سفینہ نوح کی مانند قرار دیا ہے جو اس میں سوار ہوا اس نے نجات پائی اور جس نے روگردانی کی وہ غرق ہوا اور میرے اہلبیتؑ کو میری امت کے لیے بنی اسرائیل کے مغفرت کے دروازے کی مانند بنایا جو اس میں سے گزر جائے گا وہ عذاب الٰہی سے محفوظ رہے گا۔۔

قارئین روحانیہ جنتری کے لیے جو مضمون پیش کر رہا ہوں میرے بزرگوں سے مجھے سینہ بہ سینہ عطا ہوا ہے بزرگوں کا تجربہ شدہ اور ذاتی عمل پیش کرتا ہوں یہ عمل سات خصوصیات پر مشتمل ہے۔ ① عزت و وقار میں بلندی ② ملازمت میں ترقی ③ روزگار میں اضافہ ④ دبدبہ رعب جلال ⑤ نفرت کو محبت میں تبدیل کرنا ⑥ امراض میں سلامتی ⑦ جان و مال کی حفاظت

حسبی اللہ لا الہ لاھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم۔

اس آیت کے کل اعداد ۳۶۹۹ ہیں یہ جلالی عمل ہے۔

لوح بنانے کا طریقہ۔


آیات مذکورہ کے کل اعداد میں اپنے نام اور ماں کے نام کے اعداد قمری اور اپنے مقصد کے اعداد شامل کریں شرف قمر شرف مشتری یا شرف شمس میں اس لوح کو کاغذ یا چاندی پر تحریر کیا جا سکتا ہے لوح کو بنانے سے پہلے غسل کریں اور پاکیزہ لباس زیب تن کریں اور بعد نماز فجر ۳۶۹۹ مرتبہ اس ورد کو پڑھیں لوح بنانے کے بعد ۸ دن مسلسل اس تعداد کے مطابق یہ عمل اس لوح پر دم کریں بعد میں یہ لوح اپنے پاس رکھیں اور صرف روزانہ ۱۰۰۱ مرتبہ اس ورد کی تلاوت ۱۲۸ دن متواتر کرنا ہوگی مزید معلومات کے لیے ادارہ روحانیہ جنتری سے رابطہ کر سکتے ہیں۔۔۔۔۔

وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا وَكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيرًا

١	ق ص	٦٦	ع
٦٥	ب	ز	٦ ز
≐	٦٨	÷	⋮
٩	٥	٤	٦٧

وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيدًا وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيلًا

لوح یا نقش کیا ہوتا ہے



تحریر۔ ثمر نقی

دور جدید میں جہاں علم وہنر نے ترقی کے اعلی مدارج طے کیے ہیں ہر طرف سائنس اور ٹیکنالوجی کا بول بالا ہے نئی سے نئی ایجادات کا دور دورہ ہے باوجود اسکے انسان تفکرات اور مشکلات سے پیچھا چھڑانے میں ناکام اور بے بس نظر آتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ انسان اپنی غلطیوں کو تسلیم کرنے کے لئے تیار ہی نہیں ہے تمام مشکلات اور پریشانیوں کو سحر وجادو کا نام دیا جاتا ہے حالانکہ ایسا ہرگز نہیں ہوتا۔ مشہور کہاوت ہے جیسی روح ویسے فرشتے جیسے اعمال ویسے حالات۔ نقش یا لوح کو لوگ جادوگری کا نام دیتے ہیں جادوگری مذہب اسلام میں حرام ہے قرآن مجید کی کسی بھی آیت مجیدہ کو اعداد کی شکل میں تبدیل کر کے جفری اصلاحات میں لکھنے کا نام نقش ہے لوح کا نام لوح محفوظ سے حاصل کیا گیا ہے لوح محفوظ پر سب سے پہلے ۱۴ معصومینؑ کے نقش بنائے گئے تھے لوح چودہ نقوش کا مرکب ہوتی ہے جبکہ نقش صرف ایک مقصد کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔

★★ کیا ہر آدمی لوح یا نقش تیار کرنے کا اہل ہوتا ہے

لوح یا نقش بنانے کے لیے ضروری ہے کہ نقوش کی دنیا سے مکمل آگاہی رکھتا ہو۔ کوئی بھی نقش یا لوح ہو اس کو تیار کرنے کے لیے مخصوص اوقات۔ خصوصی عملیات۔ روحانی صلاحیت اور جفری قوائد وضبط درکار ہوتی ہیں۔ ہر شخص جس کا علم جفر ونقوش اور روحانی سلسلہ سے دور تک واسطہ تعلق نہیں ہوتا وہ نقش یا لوح تیار کرنے کا ہرگز اہل نہیں ہوسکتا۔

★★ کیا ڈائی، ٹھپہ یا نقل سے تیار کیا گیا نقش یا لوح کارآمد ثابت ہوتی ہے؟

چند مفاد پرست عناصر محض دولت وشہرت کی خاطر صرف سبع سیارگان کے خطوط کندہ یا ڈائی سے ٹھپہ لگا کر تیار کر دیتے ہیں یا پھر کسی ماہر علم جفر کا بنایا ہوا نقش کو نقل کر کے سائل کو دے دیتے ہیں محض سبع سیارگان کے خطوط کے ساتھ ساتھ آپکے مقصد کے مطابق قرآن مجید کی آیت مجیدہ کے اعداد نقش کی مخصوص چال۔ نام اور مادر نام کے اعداد اور مقصد کے اعداد کے ساتھ ساتھ مخصوص ساعتوں کے اوقات کو مدنظر رکھنا ضروری ہوتا ہے مذکورہ لوازمات کے خصوصی انتظام وانصرم کے بغیر کوئی بھی نقش یا لوح نامکمل اور غیر کارآمد ثابت ہوتی ہے،

★★ نقش کی چال کیا ہوتی ہے؟

ہر نقش کی مختلف چال ہوتی ہے۔ کوئی بھی نقش یا لوح ہو اپنی صحیح چال کے بغیر نامکمل ہوتا ہے۔ نقوش کی چال پر مکمل عبور رکھنا ہے ہر انسان کے بس کی بات نہیں ہوتی یہ صلاحیت خداوندی ہوتی ہے خدا جسے چاہتا ہے اسے عطا کر دیتا ہے نقش کی چال کا مقصد آپ مختصر اور مکمل جامعہ انداز میں یہ سمجھیں کہ کوئی بھی نقش ہے اس کا میزان ہر اطراف سے برابر آئے اسکو نقش کی چال کہتے ہیں مثلاً نقش کو دائیں سے بائیں گنتی کریں تو میزان برابر آئے۔ اگر اوپر سے نیچے گنتی کریں تو پھر بھی میزان برابر آئے۔ اسکے علاوہ اگر کراس خطوط میں گنتی کریں تب کل میزان برابر آئے تو پھر سمجھیں آپکا نقش صحیح چال کے مطابق بنایا گیا ہے۔

★★ نقش یا لوح کو تیار کرنے کے لیے کیا اہلیت وصلاحیت درکار ہوتی ہے۔

نقش یا لوح کو ہر عام آدمی تیار نہیں کر سکتا اسکی تیاری کے ضروری ہے کہ عامل باعمل، نماز، روزہ، اور شرعی امور کا پابند ہونا ضروری ہے رزق حلال پر گزبسر کرتا ہو، اور پرہیز گار ہو اور وہ سید گھرانے سے تعلق رکھتا ہو سلسلہ در سلسلہ خاندانی خدمت خلق کر رہا ہو اور سب سے بڑھ کر علم جفر ونقوش پر مکمل عبور رکھتا ہو،

★★ ضروری گزارش ..

حسب سابق کی طرح رواں سال ۲۰۱۳ء میں یکم ستمبر سے ۷ ستمبر شرف مشتری کا خصوصی وقت میسر ہو رہا ہے اس کا خاص موقع پر ادارہ روحانیہ جنتری نے شرف مشتری بنانے کے لیے ماہر علم جفر ونقوش سید ریاض نقی شاہ وسید قمر نقی کی خدمات حاصل کی ہیں جو گزشتہ ۴۰ سال سے honesty of purpose کے تحت دکھی انسانیت کی خدمت میں ہمہ تن مصروف ہیں جو لوگ ان سے استفادہ کر چکے ہیں وہ اس امر کی گواہی دیں گے کہ شادی، روزگار، اولاد اور دیگر معاملات ومسائل پر انکے بنائے ہوئے نقوش جادوائی اثرات رکھتے ہیں خصوصاً شرف مشتری ۲۰۰۱ء اور اوج مشتری ۲۰۰۴ء اور شرف زحل ۲۰۱۱ء کے موقع پر جو نقوش بنائے وہ اپنے ثمرات واثرات کا خراج پورے ملک وبیرون ملک سے حاصل کر چکے ہیں۔ رواں سال شرف مشتری کے خاص وقت سے ضرور استفادہ حاصل کریں لوح مشتری خود تیار نہ کرنے کی صورت میں ادارہ روحانیہ سے رابطہ کریں



شادی اور علم رمل

تحریر و تحقیق: اطہر نقی

پچھلے کئی سالوں سے میں آپ کے لیے علم رمل پر مختلف مضامین نظر عنایت کر رہا ہوں اور علم رمل کی حقیقت سے پردہ اٹھانے کی معمولی سی کوشش میں لگا ہوا ہوں امید ہے اس مرتبہ بھی میرا ذاتی تجربہ شدہ عمل آپکی دنیاوی زندگی میں اہمیت کا حامل بنے گا آج کے اس پر آشوب دور میں جس میں ہر کسی کو اپنے ذات کے علاوہ کسی دوسرے سے کوئی غرض میں ایک اہم امور کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرونگا۔

کیا نکاح ہوگا؟

خانہ ل و خانہ ر یا خانہ ا میں اگر خانہ ع شکل سعد و داخل ہو تو نکاح مبارک ہوگا اگر خانہ ر میں شکل قبض الداخل خارج یا نصرۃ الداخل یا عتبہ داخل یا بیاض یا جماعت یا اجتماع ہو تو عقد ہوگا ورنہ اگر دوسری شکل ہووے تو نکاح نہ ہوگا۔

عورت کیسی ہے؟

شکل خانہ ع خانہ ر کی ضرب کا نتیجہ اگر بیاض یا نصرۃ الداخل یا قبض الداخل یا جماعت یا اجتماع ہو تو عورت صاحب حیاء ہووے لیکن جماعت سے لڑکیاں زیادہ اور بیاض سے مساوی اجتماع سے پسران ہوں اگر لحیان یا نصرۃ الخارج ہو تو ذلیل کرنے والی و خود پسند متکبر مگر صاحب حیاء ہووے اگر نتیجہ فرح یا طریق ہو تو عورت بد طریق و خندہ باز اور مرد کی مرضی کے بغیر دوسروں کے گھر جاوے راگ و رنگ میں مصروف اور اغیار سے عشق رکھے اگر حمرہ یا نقی ہے تو جھگڑالو اور مرد پر غالب رہے اگر نتیجہ قبضہ الخارج یا عقلہ ہو تو بدصورت و بدشکل و بد تمیز ہو اگر عتبتہ الخارج ہو تو بدکار اور خاوند دشمن ہو اگر انکیس ہو تو دشمنی ظاہر نہ کرے۔

کیا سائل پہلے سے شادی شدہ ہے

زائچہ میں خانہ۔ ر۔ کو دیکھو اگر نیک شکل ہے اور اس کے شاہد قریب و بعید نیک ہیں تو شادی پہلے ہوگئی ہے اور عورت مجبور ہے اگر شاہد قریب و بعید بد ہیں اور شکل ر نیک ہے تو شادی ہو کر عورت مرگئی ہے اگر ایک شاہد نیک اور ایک بد ہے عورت تو موجود ہے لیکن میلاپ نہیں ہے۔

عورت خوبصورت ہے یا بد صورت

عورت کا حلیہ شکل سے بیان کرو شکل لحیان ع یا نصرۃ الداخل یا طریق یا بیاض ہو تو عورت خوبصورت اور خانہ ر سے ح خانہ تک بد ہے تو چپٹی ناک یا موٹی ناک ہو اگر شکل پنجم و ششم خانہ میں آبی شکل ہو تو جسم موٹا آتشی شکل ہو تو جسم پتلا اگر بادی ہو تو اوسط درجہ اور خاکی ہو تو کوتاہ گردن اگر نقی ہو تو بھینگی چشم اگر قبض الخارج ہو تو آگ سے جلے ہوئے داغ یا برص کے داغ چہرہ پر اگر حمرہ ہو تو بدصورت ہووے۔

کیا پسند کی شادی ہوگی

خانہ اول اور ہفتم کو ضرب دو اور حاصل ضرب شکل میں اگر لحیان۔ نقی۔ یا جماعت یا طریق موجود ہو تو پسند کی شادی ہوگی اگر برعکس ہو تو پسند کی شادی نہ ہوگی۔

سائل کی کتنی شادیاں ہونگی

نتیجہ ضرب ع و ر کو یازدہم سے ضرب دو اور حاصل ضرب کو شکل پندرہ خانہ میں موجودہ شکل سے ضرب دو اور حاصل ضرب شکل اگر زائچہ میں جتنی مرتبہ تکرار کرے سائل کی اس قدر شادیاں ہونگی اگر موجودہ رمل نہ ہو تو شادی نہ ہوگی۔ اگر منقلب ہو تو بات پختہ ہو کر ٹوٹ جائے گی۔ مزید معلومات یا کسی مسائل کے حل کے لیے علم رمل سے جواب درکار ہو تو اطہر نقی سے رابطہ کریں۔

نقشہ چاند و سورج گرہن

سال رواں میں چاند و سورج گرہن کی تصریحات پیش خدمت ہیں
اس موقع پر دو رکعت نماز آیات بجالائیں اور صدقہ دیں

2013ء کے اوقات

چاند گرہن	26 اپریل	12 بجکر 58 منٹ رات بروز جمعہ
سورج گرہن	10 مئی	5 بجکر 30 منٹ صبح بروز جمعہ
چاند گرہن	25 مئی	9 بجکر 26 منٹ صبح بروز ہفتہ
سورج گرہن	3 نومبر	5 بجکر 51 منٹ شام بروز اتوار
چاند گرہن	19 اکتوبر	4 بجکر 39 منٹ صبح بروز ہفتہ

2014ء کے اوقات

چاند گرہن	15 اپریل	12 بجکر 58 منٹ دوپہر بروز منگل
سورج گرہن	29 اپریل	11 بجکر 15 منٹ دوپہر بروز منگل
چاند گرہن	8 اکتوبر	3 بجکر 52 منٹ شام بروز بدھ
سورج گرہن	24 اکتوبر	2 بجکر 58 منٹ رات بروز جمعہ

نقشہ قمر در عقرب 2013ء کے اوقات

آغاز قمر در عقرب: تاریخ	دن	اختتام قمر در عقرب: تاریخ	دن
6 جنوری	اتوار	8 جنوری	منگل
2 فروری	ہفتہ	4 فروری	سوموار
1 مارچ	جمعہ	4 مارچ	سوموار
29 مارچ	جمعہ	31 مارچ	اتوار
25 اپریل	جمعرات	27 اپریل	ہفتہ
23 مئی	جمعرات	25 مئی	ہفتہ
19 جون	بدھ	21 جون	جمعہ
16 جولائی	منگل	18 جولائی	جمعرات
13 اگست	منگل	15 اگست	جمعرات
9 ستمبر	سوموار	11 ستمبر	بدھ
6 اکتوبر	اتوار	8 اکتوبر	منگل
2 نومبر	ہفتہ	5 نومبر	منگل
30 نومبر	ہفتہ	2 دسمبر	سوموار
27 دسمبر	جمعہ	29 دسمبر	اتوار

نقشہ قمر در عقرب 2014ء کے اوقات

آغاز قمر در عقرب: تاریخ	دن	اختتام قمر در عقرب: تاریخ	دن
24 جنوری	جمعہ	26 جنوری	اتوار
20 فروری	جمعرات	22 فروری	ہفتہ
19 مارچ	بدھ	21 مارچ	جمعہ
15 اپریل	منگل	18 اپریل	جمعہ
13 مئی	منگل	15 مئی	جمعرات
9 جون	سوموار	11 جون	بدھ
6 جولائی	اتوار	8 جولائی	منگل
2 اگست	ہفتہ	4 اگست	سوموار
29 اگست	جمعہ	31 اگست	اتوار
25 ستمبر	جمعرات	27 ستمبر	ہفتہ
22 اکتوبر	بدھ	24 اکتوبر	جمعہ
18 نومبر	منگل	20 نومبر	جمعرات
15 دسمبر	سوموار	17 دسمبر	بدھ

آپ کے لیے 2014 کیسا گزرے گا

تحریر و تحقیق: ماہر علم رمل۔ جفر۔ نجوم و نقوش
سید قمر نقی

2014

زندگی کے نشیب فراز سے واقفیت رکھنا ہر خاص و عام کی خواہش ہوتی ہے ستاروں کی تبدیلی کے باعث جو واقعات و حالات جنم لیتے ہیں ان پر توجہ دینے سے خوشگوار زندگی گزارنے کا موقع ملتا ہے۔

اس کے علاوہ اگر آپ اپنی زندگی سے منفی اثرات کا خاتمہ چاہتے ہیں تو اپنے اسٹار سے متعلق حالات پڑھنے کے ساتھ ساتھ علوم محمدؐ و آل محمدؐ کے بتائے ہوئے خصوصی عمل سے ضرور فیض حاصل کریں۔ اپنے آپ کو نماز پنجگانہ کا پابند کریں۔ واجبات کی ادائیگی کو یقینی بنائیں اور کوتاہی سے ہرگز کام نہ لیں۔ صدقہ و خیرات دینے میں عجلت سے کام لیں۔ اگر کوئی بات سمجھ نہ آئے تو ادارہ روحانیہ جنتری سے رابطہ کریں اور اپنے مسائل ورکاوٹوں کا قرآنی حل تجویز کرا کر پرسکون و خوش گوار زندگی بسر کریں۔

اسٹار نکالنے کے لیے تین مختلف طریقے استعمال کیے جاتے ہیں۔

۱۔ نام اور والدہ کے نام سے۔ ۲۔ انگریزی ماہ کی پیدائش کے مطابق یعنی Date of Birth ۳۔ نام کے پہلے حرف سے۔

پہلا طریقہ کار
علم جفر کے مطابق اسلامی طریقہ سے اخذ کیا گیا ہے یہ طریقہ کار حضرت امام علیؑ کا عطا کردہ ہے اس طریقے میں جو حالات و واقعات منظر عام پر آتے ہیں وہ 80 فیصد صحیح حالات سے آگاہی دیتا ہے۔

دوسرا طریقہ کار
انڈیا کا طریقہ ہے جو کہ ہمارے علم کے مطابق 60 فیصد صحیح حالات سے آگاہی دیتا ہے۔

تیسرا طریقہ کار
اہل یونان جفرات کا ہے یونانی حضرات اپنی تاریخ پیدائش سے اسٹار نکالتے ہیں یہ طریقہ ہمارے علم کے مطابق 50 فیصد حالات سے آگاہی دیتا ہے۔


آپ جس طریقہ سے بھی مطمئن ہوں اس سے اسٹار نکال کر اپنے ماہانہ وار حالات سے باخبر رہ سکتے ہیں۔

12 سال کے طویل انتظار کے بعد
اس خصوصی موقع پر
شرف میں رہے گا اسکے بعد بارہ سال کے بعد شرف میں آیگا
دولت کی برسات
مالی مشکلات سے نجات بندش روزگار کا خاتمہ حصول ملازمت حصول روزگار رزق و روزی میں فراوانی حصول اولاد و شادی اور دیگر امور میں کامیابی کیلئے شرف مشتری کی خاص ساعتوں میں مخصوص عملیات کے
ماہر علم جفر و نقوش
سید ریاض نقی و قمر نقی
0333-2146099
021-34297811
ساتھ لوح شرف مشتری تیار کریں گے
سیارہ مشتری یکم ستمبر سے 7 ستمبر 2013ء تک

حروف	الف، ل، ی	رنگ	گلابی، ہلکا نیلا
دن	منگل	عدد	9
موافق برج	اسد، قوس	ناموافق برج	سرطان، میزان

برج حمل Aries

MAR-21 to APR-20



تاریخ پیدائش 21 مارچ تا 20 اپریل

سیارہ مریخ

موافق نگینے مرجان، یاقوت، عقیق سرخ، اوپل

ممکنہ امراض شدید سر کا درد اعصابی تناؤ، السر تیز بخار، درد شقیقہ نظام ھضم کی خرابیاں

جنوری سال کا پہلا مہینہ آپ کو خوشیوں اور مسرتوں کا پیغام دیتا ہے۔ پچھلے سال سے قدرے یہ سال بہت بہتر ثابت ہوگا اپنی ذمہ داریوں سے لاپرواہی بالکل نہ برتیں۔ آپ کے حلقہ احباب میں اکثریت عیاش افراد پر مشتمل ہیں آپ کو علم نہیں لیکن اس ماہ آپ کو ان کی حقیقت کا رنگ سمجھ آئے گا آپ رومان اور لغویات میں قطعی مبتلا نہ ہوں آپ کی ذمہ داری آپ کو آواز دے رہی ہے ایسے حملی ملازم پیشہ جو ایجنسیوں سے تعلق رکھتے ہیں اپنے مقصد میں ناکام ہوں گے۔ تعلیم سے متعلق حضرات اپنی عملی صلاحیت میں اضافہ کرلیں گے زراعت سے تعلق دار افراد کو بھی خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔ شپ لانچ رکھنے والے حضرات غیر متوقع دولت مند ہوجائیں گے مشروبات پیٹرول وہوٹل وزرعی ادویات والے حضرات کسی سے کم نہیں بلکہ مالی فوائد حاصل کرنے میں آگے نکل جائیں گے۔ آپ کے اندر عیش وعشرت کا جذبہ اتم پیدا ہوگا۔

فروری سال کا دوسرا ماہ آپ کے آمد کی نسبت اخراجات سے زیادہ بھاری ثابت ہوگا۔ غیر متوقع اخراجات سے آپ چشم کشاء ہوش ربا ہونگے۔ ذہنی پریشانی بڑھے گی۔ سرخ اشیاء کا صدقہ دیں اس ماہ بروز منگل پہلے گوشت دوسرے منگل دال مسور تیسرے منگل تیل سرسوں چوتھے منگل کو سرخ کپڑے کا صدقہ دیں آپ کی آئی پریشانی دور ہوجائے گی۔ غیر ملکی سفر سے واسطہ پیش آئے گا بغیر صدقہ کے سفر میں کوئی فائدہ یا مقصد میں کامیابی نہ ہوگی حلقہ احباب سے کافی تعاون کا امکان ہے کسی کو قرض دینا یا ضامن بننا کم فائدہ حاصل ہوگا۔ آپ اپنا کام دوسرے پر نہ چھوڑیں۔ آپ ہرایک پر بھروسہ یا ہرایک پر شک نہ کریں متوازی صورت اختیار کریں غصہ جذبات سے پرہیز کریں تاہم اندورن ملک سفر سے یقینی فائدہ ہوگا۔

مارچ اس ماہ آپ اعمال نوروز بجالائیں گے کسی سے الجھنا جھگڑا کرنا بہتری کا سبب نہ ہوگا ہمیشہ درگزر سے کام لیں حمل سیاست دان اکثر حادثہ کا شکار ہونگے۔ قدرتی اچانک آفت سے دوچار ہونگے۔ غیر ملکی حملی افراد کو سکون کا وقت نصیب ہوگا 90 فیصد مسائل حل ہوجائیں گے۔ اکثر حملی افراد کی محبت کی شادی ہوجائے گی مدت کی بیٹھی ہوئی حملی خواتین شادی جیسے عظیم رشتہ میں خوشگوار زندگی کا سفر شروع کریں گی زراعت سے تعلق رکھنے والے حضرات اخراجات سے واسطہ کے علاوہ اور کوئی کام میں قدم رکھنے سے گریزاں ہونگے طلباء کو اپنی تعلیمی سرگرمیوں میں بھی رہنا بہتر ہے غیر علمی سرگرمیاں ان کے مستقبل کو لے ڈوبیں گی اس دوران غیر ملکی سفر نہیں ہے انعامی اسکیموں میں رقم نہ لگائیں بری طرح ناکامی نظر آتی ہے۔ روحانی امور دلچسپی سے کریں۔

اپریل سال کا چوتھا ماہ آپ کیلئے بہتر ہے خصوصاً اول نمبر پر ملازمین حضرات کیلئے ان کو خاطر خواہ کامیابی ملے گی۔ ۱۵ اپریل چاند گرہن ۲۹ کو سورج گرہن ہے اعمال گرہن ضرور بجالائیں۔ دوسرے نمبر پر کاروباری حضرات کو بھی فائدہ ملے گا۔ زمیندار وباغبانی حضرات کو اس ماہ کے آخری عشرہ میں مالی مفادات ملیں گے حلقہ احباب میں اضافہ ہوگا۔ اندورن ملک سفر سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ جو کہ فائدہ مند ثابت ہوگا۔ اپنے رویہ میں نرمی پیدا کریں اپنے قول وفعل میں تضاد نہ کریں۔ نیت، دل وزبان پر ضبط کریں۔ امور شرعیہ کے ساتھ ساتھ واجبات شرعیہ کی ادائیگی سے آپ کے منصب وشخصیت میں بھرپور اضافہ ہوگا۔ آپ کی عزت افزائی ہوگی آپ کے مخالفین جل کر راکھ ہوجائیں گے۔ عزیز اقارب سے صلہ رحمی کا ثبوت دیں عزیز اقارب سے امیدیں نہ رکھیں والدین یا خاندانی بزرگوں کا اس سال خصوصاً خیال رکھیں۔ ان سے دعالیں آپ کے تمام امور میں کامیابی ہوگی اس ماہ نئی سرمایہ سے بڑے فائدہ کا امکان ہے۔

مئی یہ ماہ صحت کے حوالے سے آپ کیلئے احتیاط طلب ہے۔ صحت کے بارے میں لاپرواہی نہ کریں۔ جوڑوں کا دورا عصابی کمزوری واندرونی امراض لاحق ہونے کا خدشہ ہے آپ کی آمدنی میں کافی کمی آئے گی تاہم اخراجات بلاوجہ بڑھیں گے آپ کی کفایت شعاری کی مثل ملنا مشکل ہے۔ دعاؤں وصدقہ سے اس برے وقت سے نکلنے کی کوششیں کریں حلقہ احباب سے پریشانی میں اضافہ ہوگا آپ کے خفیہ مخالفین آپ کو ایک بار پھر نقصان پہچانے پر تل جائیں گے۔ آپ اپنی بہتر حکمت عملی اور منصوبہ بندی ودانشمندی سے ان حالات کو احسن طریقہ سے کنٹرول کرلیں گے یہ وقت حملی سیاست دانوں کیلئے برا ثابت ہوگا۔ ملازمہ پیشہ حضرات اپنے امور کی ادائیگی میں ہوشیار رہیں حکام بالا سے ڈانٹ پڑسکتی ہے۔

جون سال کا چھٹا ماہ آپ کی پریشانیوں کو کافی حد تک کم کردے گا۔ غیر ملکی حضرات کو پیسہ بنانے میں آسانی ہوگی کاروباری حضرات اپنے کاروبار کو اچھے طریقہ سے ہنڈل کرلیں گے۔ باغات والے حملی حضرات اپنی مالی پوزیشن میں خوب رہیں گے۔ ان کے مسائل حل کرنے میں یہ وقت بہت بہتر ثابت ہوگا۔ زمیندار وزراعت پیشہ حضرات کو بھی مالی آمدن میں اضافہ ہوگا حکومت وقت کسان کا استحصال کرتی آئی ہے۔ زراعت سے ملک کو فائدہ ہوگا اس سال بھی سال سابقہ کی طرح موسمی حوادثات ایک بار غریب عوام کو پریشان کریں گے حملی حضرات وقت سے پہلے ہوشیار ہونگے۔ ان کے عمل میں جوش وجذبہ ہوگا آپ روحانی امور کی جانب متوجہ ہونگے عبادت خداوندی سے آپ کو دلی سکون نصیب ہوگا صدقہ دینے سے کوتاہی نہ کریں۔

نور علم بکڈپو مسجد نور ایمان ناظم آباد کراچی۔

جولائی یہ ماہ آپ کیلئے بہت اہم اور مسرت سے لبریز مہینہ ثابت ہوگا کاروباری حضرات اس سے بہت فائدہ اٹھائیں گے۔ مشروبات وہوٹل والے حضرات اور میڈیکل و دودھ و گوشت سے متعلق حضرات کو کافی فائدہ ملے گا۔ زمیندار مال مویشی رکھنے والے حضرات بھی مالی مفاد حاصل کریں گے صرف زراعت سے تعلق رکھنے والے احباب خصوصاً کسان کو اندھیری رات ہی دکھائی دے گی لیکن ناانصافی سے کسان کا قتل اصل میں قوم وملک کا قتل ہے۔ کاروباری حضرات اپنی پرسکون زندگی کو مزید پرسکون بنانے میں کامیاب رہیں گے۔ ملک میں غربت میں اضافہ ہوگا آپ کو چاہیے اس اللہ کی نعمت سے اپنے غریب ہمسایوں وعزیز اقارب کا ساتھ دیں اور اپنی نعمتوں میں شدید اضافہ حاصل کریں۔ مخلوق خدا پر رحم کرنا ایک ایسا عمل ہے جس سے خدا کی رحمت کے آپ حقدار بن جاتے ہیں۔ آپ کے اندر خوب صلاحیتیں پیدا ہونگی۔

اگست یہ ماہ غیر ملکی احباب کو مسرت کی نوید دیتا ہے ان کی اُمید کی خواہش مکمل ہوں گی ان کے اندر روحانی ودینی جذبہ ابھرے گا۔ اس ماہ آپ کو عبادت وخداوند کے حضور زیادہ جھکنے کا موقع نصیب ہوگا۔ اس دوران صدقہ وسخاوت آپ کیلئے بہت بڑے فائدہ کا سبب ہوگی اور دلی سکون بھی آپ کو میسر ہوگا۔ اندورن خانہ اور عزیز اقارب سے محبتیں بڑھیں گی۔ حلقہ احباب میں خاصا اضافہ ہوگا آپ کے مخلص دوست پیدا ہوں گے جن کے توسط سے آپ کو معاشی مفاد ہوگا اور آپ کی عزت وتوقیر میں اضافہ ہوگا اس دوران غیر ملک میں سرمایہ کاری نہ کریں بلکہ اپنے ملک میں سرمایہ کاری کو ترجیح دیں جن سے آپ کو کافی فائدہ ملے گا۔ ادائیگی امورشرعیہ کے ساتھ ساتھ واجبات شرعیہ کو بھی سمجھنے کی کوشش کریں آپ بہت باشعور انسان ہیں امید ہے ضرور عمل پیرا ہو کر خدا اور رسول پاک کے حضور سرخرو ہونگے قول وفعل اور اپنی نیک نیتی سے محنت وعمل سے آپ کو کامیابی ہی کامیابی ہوگی۔

ستمبر یہ ماہ آپ کی صحت کیلئے خدشہ کا سبب بنے گا۔ آپ کو اپنی صحت سے سابقہ اوقات کی طرح لاپرواہی غفلت نہیں برتنی چاہیے آپ کو ضرور علاج طریقہ سنت نبوی پر عمل کرتے ہوئے اپنا خیال کرنا ہے۔ انسان اپنے اوپر رحم کر کے ہی رحم دل بنتا ہے انسان اپنے اوپر ظلم کر کے خود ظالم کا روپ دھار لیتا ہے۔ آپ اپنے بال وداڑھی کو خضاب یا سنت نبوی کی طرح حجامت یا جائز شرعی طریقہ پر جو خرچ کرتے ہیں دو درہم اپنی ذات پر خرچ کرنے سے راہ خدا دو لاکھ درہم خرچ سے بہتر ہیں اپنی صحت کا خصوصی خیال رکھنا سب سے بڑی ذمہ داری آپ کی ہے پہلے صحت وسلامتی پھر مزید خداوندی نعمات ہیں۔ نرمی ولچک پیدا کریں آپ کی خوش اخلاقی بھی ایک نیکی ہے کسی غریب کی آپ مدد نہیں کر سکتے تو اس کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنا صدقہ ہے

اکتوبر یہ ماہ زراعت پیشہ حضرات کیلئے بڑا چیلنج ثابت ہوگا ان کے مسائل میں خاصا اضافہ ہوگا۔ ۱۸ اکتوبر چاند گرہن ۲۴ کو سورج گرہن ہے اعمال گرہن بجالائیں۔ غیر متوقع اخراجات سے واسطہ پڑے گا حشرات الارض کا آپ کے کھیتوں وزراعت وباغات پر حملہ ہوگا آپ نے اپنی جرأت اور ہمت سے کام کیا تو اپنے فصلات کو بچا سکیں گے حکومت یا کسی عزیز کی امداد کی خواہش دل سے نکال دیں اس ڈوبتی ناؤں کو اس بھنور سے خود ہی تم کو نکالنا ہے امید ہے کہ رحمت ربی سے آپ کو کامیابی ملے گی کاروباری حضرات کیلئے یہ ماہ متوسط ہے ان کے گھریلو اخراجات بڑھیں گے۔ ان کو ذہنی پریشانی لاحق ہوگی۔ ملازم پیشہ حضرات حملی کیلئے یہ وقت اہم ہے خصوصی ایجنسیاں سی آئی ڈی پولیس انتظامیہ حضرات کو اپنی فنی مہارت دکھانے کا موقع ملے گا۔ آپ اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور محنت ولگن سے ترقی کی منزل حاصل کر سکیں گے تاہم غیر ملکی سفر مالی مفاد سے مبرا ہے۔ بڑے ہوٹل والے شپ ولانچ والے حضرات بھی کسی سے پیچھے نہیں رہیں گے ان کو اپنی صفوں میں نظم وضبط کی ضرورت ہے۔ اچھی منصوبہ بندی سے زیادہ سے زیادہ نفع حاصل کریں گے۔

نومبر یہ ماہ غیر ملکی حضرات کو یہ باور کرا دینا چاہتا ہے کہ وہ اپنے کام سے کام رکھیں کسی غیر ضروری کاموں میں اپنا وقت صرف نہ کریں اور لالچ وحرص کو قریب نہ آنے دیں اس دوران غیر قانونی کام آپ کے خوفناک انجام کا ہی مقام دکھا سکتا ہے۔ آپ کا حاکم سیارہ یہ عرض کر رہا ہوں کہ طبع نازک پہ میری ہدایت ناگوار نہ گزرے امید ہے تجربہ شرط ہے۔ آپ اپنے آپ کو دینی امور میں زیادہ متوجہ رکھیں ایسی محافل وسوسائٹیوں سے دور رہیں جن سے آپ کے دامن داغدار ہونے کا خدشہ ہو آپ خود سمجھدار ہیں اور روپیہ پیسہ کمانے کا بھی گر جانتے ہیں میری صرف اتنی عرض ہے کہ محنت سے کمایا ہوا پیسہ میں برکت ہوتی ہے باقی ذرائع سے حاصل کی ہوئی رقم بے کار ہو جاتی ہے۔ تعلیمی حضرات جو حصول علم کیلئے غیر ملک میں ہیں وہ بھی اپنی علمی وتکنیکی سرگرمیوں کے علاوہ کسی محفل کی زینت نہ بنیں ان کے مقاصد میں کامیابی رک سکتی ہے حصول علم ہی ان کی کامیابی ہے۔

دسمبر سال کا آخری ماہ یقیناً آپ کو خوشی کا پیغام دیتا ہے عمل سے زندگی بنتی ہے۔ اپنے کام میں توجہ سے آپ کے اُمور احسن طریقہ سے حل ہو جائیں گے۔ ملازم پیشہ حضرات کیلئے اور خصوصاً تجارت پیشہ حضرات کیلئے تو یہ سال تحفہ ہے اگر کوئی حضرات بندش ومسائل میں روکاوٹ کا شکار ہیں تو وہ ہم سے فون پر وقت لے کر ملاقات کر سکتے ہیں ان کا حل بھی موجود ہے محمدؐ وآل محمدؐ کے عطا کردہ علم کے مطابق ہم اس کا حل نکالتے ہیں اس بات کا ذکر اس لئے کیا ہے کہ جو محمدؐ وآل محمدؐ سے محبت رکھتے ہیں ہم ان کی خدمت عبادت سمجھتے ہیں باقی جو نہیں رکھتے ان کے بند نصیبوں کو اللہ تعالیٰ کھول سکتا ہے۔ آپ اس سال اپنی مالی پوزیشن کے مطابق کسی فضول خرچی سے پرہیز کریں۔ شرعی امور میں توجہ دیں اپنے اندر غصہ وتلخی کو دور کریں۔ دوست ودشمن میں امتیاز کریں اپنے دشمن کو کم نہ سمجھیں۔

حروف	ب، و
دن	جمعہ
موافق برج	سنبلہ، جدی
رنگ	ہرا، گلابی، نیلا
عدد	۶
ناموافق برج	اسد، عقرب، دلو

برج

ثور

Taurus

APR-21 to MAY-20

تاریخ پیدائش

21 اپریل تا 20 مئی

سیارہ زہرہ

موافق نگینے فیروزہ، ہیرا، لہسنیا، نیلم

ممکنہ امراض حلق، کانوں کے عوارض پھوڑے پھنسیاں، تولیدی مسائل

جنوری آپ کیلئے ماہ جنوری بہت پر سکون و پر مسرت ہے۔ آپ کے مالی مفادات میں اضافہ کا امکان ہے۔ گھریلو اندورنی پریشانی لاحق رہے گی۔ عزیز و اقارب سے آپ کی امید کے مطابق کوئی مخلصانہ یا ہمدردانہ پیش رفت نہ ہوگی۔ ہر ایک پر بلاوجہ بھروسہ نہ کریں۔ دوست و دشمن میں آپ کو امتیاز کرنا ہوگا۔ چشم کشا ہوش ربا یعنی حیرت انگیز معاشی اُمور میں کامیابی کی وجہ سے آپ سابقہ سالوں کی طرح اپنے اکاؤنٹ میں دولت کا اضافہ کرلیں گے لیکن آپ پر اس ماہ ایک عجیب کیفیت طاری ہوگی جس کی وجہ سے۔ آپ میں غصہ عود کر آئے گا آپ جن کے ساتھ احسان کر رہے ہیں یا کرتے چلے آرہے ہیں ان سے آپ کو نقصان ملے گا۔ ان کے شر سے بچنے کی کوشش کریں۔ اس ماہ غیر ملکی سفر آپ کیلئے سود مند ثابت ہوگا تاہم اندورن ملک میں بھی سفر پر کشش ثابت ہوگا اسی ماہ آپ زیادہ خود پرستی و لالچ و حرص سے گریزاں رہیں تو بہتر ہے۔

فروری سال کا دوسرا ماہ آپ کیلئے آپ کے حاکم سیارہ سے قران کی وجہ سے آپ کے امور میں بلاوجہ رکاوٹ پیدا ہوگی۔ آپ کے تمام راستے بند نظر آئیں گے آپ جو بھی کرنا چاہتے ہیں وہ نہ ہوسکے گا آپ سمجھیں گے کہ سحر و بندش میں مبتلا ہوگئے ہیں لیکن ایسا قطعی نہیں ہے۔ امور شرعیہ و صدقہ خیرات زیادہ دینے سے آپ کی پریشانی کا پسینہ خشک ہوجائے گا آپ تو امن کے علمبردار ہیں آپ میں سچ کہنے کی جرات ہے۔ اردگرد کے ماحول سے آپ کیوں چشم پوشی کررہے ہیں۔ آپ جیسی شخصیات ظلم پر راضی ہوگئے تو ملک و معاشرہ کا کیا بنے گا جب زمانہ میں برائی عام ہوگی تو وہ امام رضا علیہ السلام کے بقول برے لوگوں کی وجہ سے نہیں صرف نیک لوگوں کی خاموشی سے برائی عام ہوجائے گی خدارا اپنے فرائض انسانیت مقصد انسانیت سے خاموش ہوکر اپنے مفادات کے پیش نظر یہ انصاف نہیں ہے بلکہ ظلم ہے۔ آپ میں فیصلہ اور قوت مشاہدہ اتنا ہے ہر بری اچھی بات تک آپ پہنچ سکتے ہیں آپ کا معاشرہ میں اہم کردار ہے معاشرہ کی بنیاد ہی ثور افراد کی مرہون منت ہے۔ حق و سچ کا ساتھ دیں۔

مارچ یہ ماہ بھی مالی لحاظ سے بہتر ثابت ہوگا۔ تاہم کچھ مایوسیاں و نا امیدیاں آس پاس سے گزریں گی ان پر توجہ نہ دیں۔ اپنے پیشہ میں تو آپ کو مہارت ہے آپ اپنی اصلاحی پالیسی پر عمل کرتے رہیں۔ غیر ملکی سفر سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ تاہم غیر ملکی ثور حضرات اپنی پیشہ ورانہ ہنرمندانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گے اور ثور طلباء سیاست کی طرف قدم بڑھائیں گے۔ ان کیلئے میرا یہ مشورہ ہے کہ وہ اپنی علمی سرگرمیوں میں رہیں زراعت سے تعلق رکھنے والے حضرات اس سال حسب منشاء تو نہیں البتہ حسب توفیق فائدہ سے ہمکنار ہوں گے۔ ملازم پیشہ حضرات قانون دان طبقہ اپنی جگہ پر مضبوط سے مضبوط تر نظر آتا ہے۔ حکام بالا سے تعلقات بڑھیں گے عدلیہ کی عزت منزلت میں اضافہ ہوگا۔

اپریل یہ سال کا ماہ مالی لحاظ سے قدرے کم فائدہ مند ہے ۱۵ اپریل چاند گرہن ۲۹ اپریل سورج گرہن ہے اعمال گرہن ضرور بجالائیں۔ اس ماہ آپ کے اخراجات میں غیر متوقع اضافہ ہوگا۔ آپ کی طبیعت ناساز بھی ہوسکتی ہے۔ دوران سفر لاپرواہی یا تیز رفتاری سے احتیاط کریں۔ غیر ملکی احباب کو یہ مہینہ بہت ساری خوشیاں و مسرتیں دے گا۔ ان کو اپنی کامیابی کا احساس پیدا ہوگا اور ان کے حلقہ احباب میں دیار غیر میں اضافہ اور معاون ثابت ہوگا۔ ثور کاروباری حضرات اپنے کاروبار کو سنبھال لیں گے اس دوران سرمایہ کاری کا بہتر وقت ہے۔ نئی شراکت داری سے گریز کریں بلکہ سابقہ شراکت داری کو نبھانے کی کوشش کریں۔ اخبارات و میڈیا سے تعلق رکھنے والے حضرات اپنے مقاصد میں خاطر خواہ کامیاب ہونگے۔ اپنے رویہ میں نرمی و لچک سے آپ کی شخصیت میں مزید خوبصورتی پیدا ہوگی اُمور شرعیہ کے ساتھ ساتھ واجبات شرعیہ کے مطابق ادا کریں اس ماہ صدقہ دینا بھی بہت بہتر ہے۔

مئی اس ماہ آپ اپنی صحت سے لاپرواہی ہرگز نہ برتیں۔ گرم اشیاء و ثقیل غذا سے پرہیز کریں۔ آپ کو معدہ و سانس کی امراض ہوسکتی ہیں۔ علاج سے غذا میں زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔ اس دوران کسی پر بلاوجہ بھروسہ نہ کریں۔ آپ کے حلقۂ احباب میں اضافہ ہوگا۔ دوستوں سے راحت نصیب ہوگی۔ پیشہ ورانہ مہارت میں اضافہ یقینی ہے۔ اس ماہ آپ کی عزت و توقیر میں اضافہ ہوگا۔ طبیعت پر سکون ہوگی۔ اندورن ملک سفر باعث راحت ثابت ہونگے۔ اس ماہ سیاست میں ترقی اور اس میں نئی نئی تراکیب منصوبہ بندی سے آپ یقینی مقام بلند پالیں گے۔ آپ علاقے کی موثر شخصیت بن جائیں گے۔ آپ کی تقریر و تحریر میں خلوص ہونا چاہیے آپ کے قول فعل میں تضاد نہ ہو تعصب و لالچ سے پاک سیاست عبادت سے کم نہیں خدمت انسانیت فلاح آخرت ہے۔

جون یہ ماہ آپ کو موسمی طور پر احتیاط کا پیغام دیتا ہے۔ مالی مفادات خلاف توقع ملیں گے۔ غیر متوقع مسرتیں نصیب ہونگی۔ اہل اقارب سے خوشی میسر ہوگی دور دراز میں رہنے والے

اقارب سے قربت نصیب ہوگی آپ کے اندر پرسکون کیفیت پائی جاتی ہے آپ کو اس ماہ مکان یا پلاٹ لینے یا دینے میں بہت نفع ملے گا۔ آپ بہت زندہ دل ہیں آپ کی زندگی میں ایک اچھا کام ہوگا جو لوگوں میں آپ کی مقبولیت کا باعث بن جائے گا۔ آپ امن ومحبت کے صحیح ترجمان ہیں معاشرہ میں حق وسچ کے ذریعے سے بہتر اقدام کرسکیں گے۔ غریب پروری سے آپ کے دل کو صحیح خوشی نصیب ہوگی۔ بلاوجہ بحث وتکرار سے پرہیز کریں۔ اندورنی مسائل کے حل کیلئے خاندان کے بزرگ سے مشاورت کریں۔ اوراس پر غور وفکر کے بعد فیصلہ کریں۔ ہر ایک کی مشاورت قبول نہ کریں۔ دوست دشمن میں فرق رکھیں۔ آپ کے خفیہ مخالفین آپ کو سیاسی وسماجی طور پر نقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے لیکن ایسا کرنے میں کامیاب نہ ہوسکیں گے۔

جولائی اس ماہ موسم کے تغیر وتبدل سے آپ محفوظ رہیں گے۔ تاہم باغات وزراعت والے حضرات موسم سے لڑنے کی بجائے اپنے حفاظتی اقدام کریں۔ ملازم پیشہ حضرات کو حکام بالا کی ناراضگی کا سامنا ہے۔ ان کو چاہیے اپنی ملازمت میں سستی ولاپرواہی نہ کریں جس کی ان کو حق زحمت ملتا ہے اس کا احساس کریں اور خلق خدا سے رحم دلی سے پیش آئیں۔ غیر ملکی حضرات غصہ وجذبات سے دور رہیں اپنے روحانی امور میں دلچسپی پیدا کریں اصل روح کی غذا تو عبادت خداوندی ہے۔ اور کسی محتاج کی امداد سے دلی خوشی ملتی ہے۔ تعلیم سے تعلق رکھنے والے ثور حضرات اپنی علمی کاوشوں میں کامیابی کی طرف رواں دواں رہیں گے۔ ثور کاروباری حضرات نئی سرمایہ کاری سے گریز کریں اور انعامی اسکیموں سے بھی دور رہیں۔ زیادہ نفع کی لالچ کو ختم کردیں۔

اگست یہ ماہ آپ کیلئے پچھلے مہینوں سے بہتر ماہ ہے اس ماہ روحانی امور میں دلچسپی بڑھے گی تلاوت کلام پاک سے ذہنی سکون میسر آئے گا اس دوران صدقہ وخیرات زیادہ سے زیادہ دیں تاکہ آپ کے اعمال میں مقبولیت پیدا ہو اس ماہ زیارات کے سفر باعث اطمینان قلب ہونگے کاروباری سفر نہیں ہے۔ غیر ملکی احباب پرسکون رہیں گے ان میں بے روزگار جو عرصہ دراز سے ناامید ہو چلے تھے ان کو ملازمت مل جائی گی اندورن ملک میں ثور حضرات اپنا ذاتی کاروبار یا نئی ملازمت تلاش کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے اس ماہ آپ کی صحت میں گڑبڑ ہوگی اس دوران آپ کو سفید چیز کا صدقہ دینا ہے۔ انڈا، چاول، چینی آٹے کا صدقہ اپنے عزیز رشتہ دار مستحق کو دیں جو کہ آپ کی بہتری کا سبب ہوگا۔ عزیز واقارب سے ہمدردی سے پیش آئیں۔ صلہ رحمی سے عمر میں اضافہ ہوتا ہے۔

ستمبر زراعت پیشہ حضرات کیلئے یہ ماہ بہتر نہیں ہے۔ ان کے اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ آمدنی کے وسائل میں اضافہ ناممکن دکھائی دے گا۔ اللہ پاک کی رحمت سے ناامید نہ ہوں۔ تبدیلی مکان سے اس ماہ آپ کو فائدہ ملے گا۔ اپنے کام میں مستقل مزاجی اور ہمت سے یقینی کامیابی ہوگی۔ ثور کاروباری حضرات جن کے نام کا عدد ۳، ۲ اور ۶ بنتا ہے۔ وہ کروڑ پتی بن جائیں گے۔ الیکٹرونک کے سامان والے پریس اخبارات ومیڈیا والے حضرات اپنے کام میں بیتحاشا منافع پاکر غرور وتکبر سے ناطہ جوڑلیں گے آپ کو پتہ ہے غرور وتکبر رب جلیل کو پسند نہیں ہے۔ ان کو چاہیے کہ اپنی اصلاح کریں۔ دولت کی چمک سے آنکھوں سے پردے ہٹائیں آپ کو پتہ ہونا چاہیے کہ سب سے برا نشہ اقتدار کا ہے پھر اس کے بعد شراب ہیروئن وغیرہ اس نشہ سے بچنے کیلئے سورۃ حشر پارہ نمبر 28 کی روزانہ صبح وشام تلاوت کریں۔

اکتوبر یہ ماہ مالی لحاظ سے ملا جلا ثابت ہوگا۔ آپ کے اندر نیکی کا جذبہ بڑھے گا۔ آپ کو خدمت انسانیت کا بھی موقع ملے گا ۱۸ اکتوبر چاند گرہن ۲۴ سورج گرہن ہے اعمال گرہن ضرور بجالائیں۔ اس سے ضرور فائدہ حاصل کریں۔ روحانی طور پر آپ ماشاء اللہ بہتر ہیں۔ مزید اپنے اندر روحانیت کو بڑھائیں۔ اپنے عزیز واقارب رشتہ داروں سے حسن سلوک کریں۔ اس ماہ آپ کیلئے کوئی غیر ملکی سفر نہیں ہے اندرون ملک سفر زیادہ ہیں۔ سیاسی پزیرائی نصیب ہوگی۔ حلقہ احباب میں اضافہ سے فائدہ ہوگا۔ کسی عزیز اقارب کے توسط سے آپ کا کاروباری مسئلہ حل ہوگا۔ بے روزگار ثور حضرات کو روزگار کا موقع ملے گا۔ اس دوران صحت بگڑنے کا اندیشہ ہے۔ لاپرواہی وسستی نہ کریں۔ اس ماہ آمدن سے اخراجات زیادہ ہونگے۔ اس ماہ آپ کے اندر رومانوی جذبہ انگڑائی لے گا۔ آپ اپنے آپ پر ضبط کریں۔ آپ کو ایسی محافل سے یا سوسائٹی سے دور رہنا ہوگا۔ جس سے آپ کے دامن پر داغ لگنے کا اندیشہ ہو۔

نومبر یہ مہینہ آپ کیلئے مالی لحاظ سے قدرے بہتر ہے۔ عرصہ دراز سے جن مسائل سے یا جن امور سے آپ فکر مند تھے ان کو حل کرنے میں خداوندی مدد شامل ہوگی۔ بچھڑے ہوئے عزیز یا کسی دوست سے ملاقات ہوگی۔ آپ کو دلی مسرت ملے گی۔ آپ کے توسط سے اکثر لوگوں کو فائدہ ملے گا۔ رفاہی کاموں میں دلچسپی بڑھے گی بلکہ آپ کو کامیابی بھی نصیب ہوگی۔ حج وزیارات سے فائدہ ملے گا۔ جاگیردار یا زمین دار حضرات کو اس ماہ بہت بڑا فائدہ ملے گا ان کے کام یا امور میں حسب منشاء کامیابی ہوگی۔ سیاست دان حضرات کو ناکامی نصیب ہوگی صنعت کار حضرات بھی اپنے پیشے میں زیادہ نفع یا مالی معاوضہ اٹھا سکیں گے۔ اس ماہ پرندوں کو دانہ بطور صدقہ ڈالیں۔ آپ کی ترقی میں اضافہ ہوگا۔ آپ کے کاروبار میں بھی ترقی ہوگی۔

دسمبر یہ سال کا آخری مہینہ آپ کی صحت کیلئے سودمند نہ ہے آپ کو زیادتی کام وزیادہ ذہنی پریشانی کی وجہ سے آپ کے اندر ہمت کم ہو رہی ہے۔ آپ کے اردگرد آپ کی بنی ہوئی عزت وتکریم کو آپ کے مخالف ناراض کریں گے ایک صحت کے حوالے اور دوسرے اپنے مقام کیلئے آپ کی فکرمندی بھی حقیقت ہے۔ لیکن آپ اپنے آپ کو پرسکون رکھیں اور اللہ پر بھروسہ رکھیں اس دوران خون بھری چیز کا صدقہ دیں وہ حیثیت پر ہے بڑا جانور، بکرا وغیرہ ہونا چاہیے صدقہ سے آپ کے تمام مسائل حل ہونگے کافی عرصے بعد یہ سکون کا سال نصیب ہوگا اس کو مزید کامیاب وترقی کا سال دیکھنا چاہتے ہیں تو ریاض نقی شاہ صاحب یا قمر نقی شاہ سے ضرور ملاقات کریں ملنے سے پہلے فون پر وقت ضرور لے لیں اپنے پاس شرف زہرہ یا لوح کامیابی وکامرانی یا لوح تسخیر خلق ضرور رکھیں حسب منشاء امور جائز کی کامیابی وکامرانی یقینی ہوگی آپ اپنے امور میں احسن طریقہ سے منصوبہ بندی کرکے آئندہ آنے والے سالوں کو بہتر بنائیں گے ہماری دعائیں ہمیشہ آپ کے ساتھ ہیں۔

حروف	ق، ک	رنگ	زرد
دن	بدھ	عدد	۵
موافق برج	میزان، دلو	ناموافق برج	سنبلہ، حوت، قوس

برج **جوزا**

Gemini

MAY-21 to JUN-20

تاریخ پیدائش: 21 مئی تا 20 جون

سیارہ: عطارد

موافق نگینے: زمرد، عقیق، پکھراج، زبرجد

ممکنہ امراض: سینے کی عوارض، سانس کی تکالیف اعصابی تکالیف، نمونیا

جنوری یہ سال آپ کیلئے قدرے بہتر ثابت ہوگا۔ پچھلے تین چار سال سے اور کئی حضرات سابقہ سات سال سے گردش دوراں کا شکار ہیں۔ آپ اپنے اندر حوصلہ و ہمت پیدا کریں۔ ملازمت اور غیر ملکی سفر سے آپ کو یقینی فائدہ ہے۔ بلڈرز حضرات کو بھی اس سال قوی فائدہ ہوگا درس و تدریس شعبہ تعلیم والے حضرات بھی مدت کی پریشانی کو حل کر کے اپنی معاشی پوزیشن صحیح کرلیں گے شعبہ زراعت سے متعلق حضرات اپنے نقصان کا ازالہ کرنے میں دیر نہیں کریں گے زمیندار و جاگیر دار حضرات اپنی زمینوں سے سونا اگلوا سکتے ہیں۔ ان کیلئے سورۃ واقعہ کا نقش اپنے کھیتوں میں رکھنے سے کافی فائدہ ہوگا۔ کوئی ایسا بھی جوزا افراد جن کے نام کا عدد تین یا آٹھ ہے۔ وزحل کی ساڑھ ستی والے حالات سے گزریں گے ان کے ہر کام میں بلاوجہ رکاوٹ ہوگی عملی طور پر وہ جو منصوبہ بندی کرتے ہیں ان پر عمل نہیں کرتے اپنا کام دوسرے پر ڈال کر راتوں رات امیر بننا چاہتے ہیں؟

فروری سال کا دوسرا ماہ عمل اور مکمل منصوبہ بندی کا ماہ جو آپ کو سال کے ثمرات کا انحصار کا عندیہ دیتا ہے آپ اپنے کام میں خود توجہ دیں۔ کسی دوسرے پر بلاوجہ بھروسہ یا حد سے زیادہ اعتماد نہ کریں۔ آپ کی عادت کا خاصہ ہے۔ اپنی ذمہ داری دوسرے کو سونپ کر خود خوش فہمی کا شکار رہنا نہیں ہوگا۔ اپنے کام کو دیکھنا ہوگا۔ اگر آپ ملازم ہیں تو اپنی ذمہ داری کو خود نبھائیں سستی اور لاپرواہی سے نقصان ہوگا۔ اپنی نیت کو صاف رکھیں اور ترقی کی اس دوڑ میں اللہ پر بھروسہ کر کے ہمت سے کام لیں۔ مال مویشی کا کام بھی آپ کیلئے بہت بہتر ہے۔ مشروبات اور ہوٹل وغیرہ کا کام بھی مناسب ہے۔ اس دوران پرانے رفقاء کار سے واسطہ پڑے گا اپنے قول و فعل میں سچے رہیں گے تو یقینی کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔ غیر ملکی سفر کے چانس کم ہیں تاہم اندرون ملک سفر سے کافی عزت افزائی اور مالی فائدہ ہوگا حکام بالا سے وابستہ امیدیں پوری ہونگیں نسلی سیاستدان اس ماہ کے آخری عشرہ میں ملکی دولت لوٹنے میں کامیابی حاصل کریں گے۔ باوجود اس کے عوامی مقبولیت میں اضافہ ہوگا۔

مارچ اس ماہ آپ کو سفید چیز کا صدقہ دینا ہے۔ آپ کے اندر ایک منفی پہلو یہ ہے کہ آپ حد سے زیادہ کفایت شعار ہیں۔ آپ کا پیسہ خرچ ہو جاتا ہے لیکن بے جا فضول کاموں میں ہو رہا ہے۔ دوست تو وہ ہے جو اپنے دوست کی خامی کی نشاندہی کرے امید ہے کہ آپ میری بات کا برا نہیں مانیں گے۔ آپ کے حلقہ احباب میں اضافہ ہوگا۔ آپ اُمور شرعیہ اور واجبات شرعیہ ادا کرنے میں کامیاب ہوگئے۔ تو آپ کی زندگی پرسکون گزرے گی ذہنی پریشانی و فکرات سے نجات حاصل ہوگی۔ رزق حلال ہی ہماری نجات و زندگی کے سکون کا باعث ہے۔ آپ اپنے اہل و عیال سے غافل نہ ہوں اور اولاد کی تعلیم و تربیت سے لاپرواہی آپ ہی کا نقصان ہے ان میں شعور اجاگر کریں۔ اپنے کاروبار میں آپ کی توجہ کامیابی کی دلیل ہے اس سال اعمال نوروز بجالائیں۔ اس ماہ کا غیر ملکی سفر آپ کے لئے پرسکون اور فائدہ کا سبب ہے تاہم صحت کا خیال رکھیں۔ کامیابی کے قوی چانس ہیں۔

اپریل اپنے کام یا ذمہ داری سے بھرپور فائدہ حاصل کریں۔ ۱۵ اپریل چاند گرہن ۲۹ کو سورج گرہن ہے اعمال گرہن ضرور بجالائیں۔ جوز تعلیم سے متعلق حضرات کو عملی جدو جہد میں روشن کامیابی کی امیدیں بڑھتی نظر آئیں گی۔ عزیز و اقارب سے وابستہ امیدیں پوری نہ ہونگی۔ البتہ دوستوں کے توسط سے آپ کے رکے ہوئے کام ہو جائیں گے مالی طور پر یہ ماہ بہتری لائے گا آپ کے اندرون خانہ میں کسی کی صحت بگڑنے سے آپ کے اخراجات میں اضافہ دکھائی دے رہا ہے آپ کو ذہنی پریشانی لاحق ہوگی غصہ تو آپ میں بہت ہے لیکن غصہ بالکل نہ کریں۔ اپنے رویہ میں نرمی پیدا کریں اس ماہ آپ کو خاندانی بزرگ سے مشاورت کرنا بہتر نظر آرہا ہے۔ ان کے مشورہ پر عمل کریں۔ ہر ایک پر بھروسہ نہ کریں۔ دوست و دشمن میں امتیاز کریں آپ کے مخالفین آپ کو پریشان کرنے کی کوشش کرینگے لیکن آپ کو نقصان نہیں پہنچا سکیں گے۔

مئی زرعی پیشہ حضرات کو اس ماہ آمدن میں اضافہ ہوگا ان کو توقع سے زیادہ فائدہ ملے گا تاہم آئندہ کیلئے منصوبہ بندی کرنا ہوگی۔ باغات والے حضرات بھی اپنے مالی امور میں کامیابی حاصل کرینگے۔ صنعت ولوہے کا کام کرنے والے جوزا حضرات کو فائدہ نہ ہوگا۔ ملازم پیشہ حضرات کیلئے یہ جیت خوب بہتر ہے۔ ان کے حکام بالا سے روابط بڑھیں گے اور ترقی کے خواب پورے ہونے شروع ہو جائیں گے۔ جوزا افراد کیلئے رکے ہوئے ناطے و رشتے ایک بار پھر ملنا شروع ہو جائیں گے اس ماہ غیر ملکی سفر برائے کاروبار نہ ہے البتہ زیارات کے سفروں کا چانس ہے۔ روحانی امور کی جانب ضرور توجہ دیں اپنے والدین کی اطاعت سے لاپرواہی نہ کریں۔ صدقہ دینے میں کوتاہی نہ کریں۔ حلقہ احباب کے توسط سے ایک جائیدادی مسئلہ حل ہوگا جس سے یقینی آپ کو خاطر خواہ فائدہ جو کہ غیر متوقع طور پر ملے گا۔

جون سال کا چھٹا ماہ آپ کیلئے متوسط ہے اس ماہ مالی مسائل قدرے بہتر رہیں گے تاہم آپ کی صحت بگڑ جائے گی آپ لاپرواہی نہ کریں دوائی لینے کے معاملہ میں فطری آپ سست ہیں اس بار توجہ نہ کی تو موذی مرض میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہے۔ اس دوران بکرے کا صدقہ دینا ضروری ہے وہ بڑا ہو یا چھوٹا وہ آپ کی حیثیت پر جہاں دعا ختم ہوتی ہے وہاں سے صدقہ اپنا کام شروع کر دیتا ہے میں یہ بات اپنی طرف سے نہیں کہہ رہا یہ فرمان آئمہ طاہرین ہے۔ آپ اپنا خیال رکھیں۔ آپ شرعی امور میں خصوصی توجہ دیں اس ماہ آپ کے اندر روحانی ہیجان پیدا ہوں گی آپ کو اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے یقینی فائدہ ہوگا۔ آپ کی عزت وتوقیر میں اضافہ ہوگا۔ آپ بہت نفیس اور لطیف مزاج ہیں حساس طبیعت کے مالک ہیں اپنے ارد گرد ماحول سے لاپرواہی نہ کریں اپنے معاشرہ میں آپ ایک اہم شخصیت ہیں برائی کو روکنا یا لوگوں کو پیار سے سمجھانا بھی آپ کی ذمہ داری ہے۔

جولائی یہ ماہ آپ کیلئے بہتر ہے اس ماہ آپ کو غیر متوقع سفروں سے واسطہ پڑے گا آپ کے پروگرام کے بغیر اچانک سفر کی ضرورت پیش آئے گی۔ اس ماہ موسمی حالات اور حوادثات ارضی کا اندیشہ ہے۔ اس سے بچنے کیلئے آپ کو اپنے حفاظتی اقدام کرنے ہونگے۔ لاپرواہی نہ کریں۔ دوران سفر تیز رفتاری سے بھی گریز کریں اور اپنی صحت سے لاپرواہی نہ کریں آنتوں ومعدہ جگر کے امراض ممکنہ ہیں سڑی تلی اشیاء سے پرہیز کریں ہضم غذا پھل فروٹ سے استفادہ کریں۔ ہمیشہ صحت مند رہنے کیلئے صبح کی واک کریں اپنے امور میں جلد بازی سے گریز کریں بھائیوں سے اس ماہ اختلاف ہوگا۔ آپ کو چاہیے کہ اس فتنہ سے اپنے آپ کو دور رکھیں اس دوران تقریر وتحریر پر ضبط کریں۔ صبر کا دامن نہ چھوڑیں صلہ رحمی سے آپ کو فائدہ ہوگا۔

اگست اس ماہ فیاضانہ سخاوت کا مظاہرہ کریں۔ اس ماہ آپ کی سخاوت آپ کی مشکلات کو حل کردے گی۔ امور شرعیہ میں دلچسپی تمام کاموں میں کامیابی کی نوید ہے۔ سفر اندورن وبیرون ملک ہے اہل اقرباء سے قربت کا موقع ملے گا۔ مخلص احباب حضرات سے اس ماہ آپ کو فائدہ نصیب ہوگا۔ مالی لحاظ سے یہ ماہ آپ کیلئے متوسط ہے۔ اس دوران کوئی وراثتی یا قانونی جائیداد سے اچانک آمدنی ہوگی غیر متوقع دولت ملنے سے آپ کے چہرے پر مسرت آجائے گی۔ وقت پرسکون وسرور ہو جائے گا پرانے اور نئے دوستوں سے ملنے کا موقع ملے گا آپ کی عزت وتوقیر میں اضافہ ہوگا۔ خاندان میں رکے ہوئے مسائل کو حل کرنے کی ذمہ داری آپ پر ڈالی جائے گی۔ آپ کے اندر فیصلہ کی قوی صلاحیت ہے آپ علاقہ کی جلد پر اثر شخصیت بن جائیں گے رفاہی کاموں سے لوگوں کی خدمت کی سعادت ملے گی تاہم سیاست سے آپ دور رہ کر لوگوں کی زیادہ سے زیادہ خدمت کر سکیں گے۔

ستمبر اس ماہ آپ کے اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ غیر متوقع اخراجات سے آپ پریشان دکھائی دینگے۔ اپنی فہم فراست سے آپ اپنے امور کو سنبھال لیں گے۔ آمدنی اور اخراجات میں آپ توازن برقرار رکھ سکیں گے۔ اس دوران بے روزگار حضرات کو کاروباری مواقع ملیں گے کم لوگوں کو ملازمت بھی ملے گی۔ تعلیمسے منسلک حضرات اپنی علمی میدان میں کامیابی حاصل کریں گے ان کا حاکم سیارہ اس وقت قوی ہے۔ عملی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا حلقہ احباب سے متوقع اضافہ ہوگا اس ماہ بہت ہی مسرتیں نصیب ہونگیں۔ آپ کو دوست احباب کے توسط سے کامیابیاں نصیب ہوں گی ایسی محافل نصیب ہوں گی جن کیلئے آپ عرصہ دراز سے خواہش مند تھے حکام بالا سے عزت افزائی ہوگی۔ علم جستجو کا نام ہے جتنی کوششیں کریں گے اتنا ہی کامیابی نصیب ہوگی۔

اکتوبر جوزا حضرات کا جن کے نام کا عدد آٹھ ہے یہ ماہ ان کیلئے رکاوٹیں وپریشانیوں کا سبب بنے گا ان کے تمام اُمور میں روکاوٹ آجائے گی ہر طرف سے پریشانی کی خبر سے وہ بہت ہی مایوسی کا شکار ہونگے ان کو اللہ کی رحمت سے مایوس نہیں ہونا چاہیے صبح نماز کے بعد درود شریف ۱۹۰۰ مرتبہ پڑھیں ۔ اپنے امور کی کامیابی کیلئے دعا کریں۔ کم از کم چودہ روز زیادہ سے زیادہ (110) روز تک عمل کرنے سے آپ کی تمام پریشانی کا توڑ ہو جائے گا۔ توجہ ضرور دیں میں نے اپنے نام کا ورد نہیں بتایا جتنے خشوع وخضوع ویقین علم سے پڑھیں گے اتنا ہی آپ کو فائدہ ملے گا آگے آپ کی قسمت میرا کام تھا میں نے آپ کو صحیح راہ کی نشاندہی کردی ہے آج جتنا میڈیا کا زیادہ دور ہے یہ معاشرہ کا المیہ ہے کہ اچھی باتیں منظر عام پر نہیں لائی جا رہی۔

نومبر آپ کی آمدنی میں اضافہ ہوگا تاہم کسی دوست یا عزیز پر بے جا بھروسہ سے مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔ ۱۸ اکتوبر چاند گرہن ۲۴ کو سورج گرہن ہے اعمال گرہن ضرور بجالائیں۔ اپنے امور میں کامیابی سے آپ کے اندر رومانی جذبہ عود کر آئے گا۔ اپنی اس خواہش کو سلادیں تو بہتر ہے۔ آپ اپنے آپ کو ایسی محافل سے یا ایسی سوسائٹی سے دور رکھیں جن سے آپ کے اوپر لوگ انگلی آٹھائیں۔ زراعت سے تعلق رکھنے والے حضرات کو بھی مالی مفاد ملے گا۔ ان کو یہ مفاد ایک جنگ کے بعد ملے گا ان کو حشرات الارض سے لڑائی کر کے اپنی فصلات کو بچا کر اپنے اور ملک وقوم کیلئے مارکیٹ میں لائے ہیں ملک کو قحط سال سے گزرنے کا وقت آگیا ہے۔ اللہ کی نعمتوں کی تکذیب کرنے والے محلاتی سازشی عناصر کب پھانسی کے پھندے پہن کر الٹے لٹکیں گے آنکھیں اس منظر کو دیکھنے کے لئے ترس رہی ہیں۔

دسمبر سال کا آخری ماہ آپ کو مالی مفادات سے نوازے گا۔ آپ کو یہ بھی احساس دیتا ہے کہ آپ دوسرے کی بجائے اپنی ذمہ داری خود نبھالیں۔ اپنے قول فعل پر سختی سے پابند رہیں۔ حلال حرام میں امتیاز کریں۔ امور شرعیہ واجبات شرعی کی پابندی کریں کسی برائی کو دیکھ کر چشم پوشی نہ کریں۔ صلہ رحمی اور سخاوت سے اپنے قرب وجوار کے غریب باسیوں پر رحم کریں اپنے اہل عیال کی ذمہ داری سمجھیں تو یقیناً آپ کا دین ودنیا روشن ہے۔ آپ کے اندر ایسی صلاحیتیں ہیں جن کو اجاگر کیا جائے تو آپ وقت طاغوت کو سچ کہنے کی جرأت رکھتے ہیں اگر آپ عمل کرنے کی ٹھان لیں تو عمل کر سکتے ہیں۔ یہ سال بہت اچھا سال ثابت ہوگا۔ روحانی مشورہ کیلئے بڑے شاہ صاحب یا قمر نقی شاہ صاحب سے مل سکتے ہیں۔ اس ماہ غیر ملکی سفر آپ کیلئے باعث ظفر ہوگا اس سال آپ کو حج وزیارت کا موقع نصیب ہوگا۔ انعامی اسکیموں میں دلچسپی نہ رکھیں انعام نہیں ملے گا۔ باقی امور میں آپ کو حسبِ منشاء کامیابی حاصل ہوگی۔

حروف	ح، و
دن	سوموار
موافق برج	عقرب، حوت

برج سرطان

Cancer

JUN-21 to JUL-20

تاریخ پیدائش
21 جون تا 20 جولائی

سیارہ قمر

رنگ	سفید دودھیا
عدد	۲
ناموافق برج	میزان، جدی، حمل

موافق نگینے زمرد، پکھراج، عقیق، موتی

ممکنہ امراض معدہ گردوں اور پیشاب کی تکالیف پھیپھڑوں اور سانس کی تکالیف

جنوری سال نو کا اول ماہ آپ کے لیے پچھلے دو سالوں سے زیادہ خوش نصیب ثابت ہوگا۔ آپ کو اپنے کاروبار میں فائدہ ہوگا۔ لوہے اور صنعت کاری سے تعلق رکھنے والے حضرات کو بہت زیادہ فائدہ نصیب ہوگا۔ ملازم پیشہ حضرات اپنے کام میں ترقی کے خواہش مند حضرات پر امید رہیں گے۔ اپنے اندر غصہ سے پرہیز کریں۔ غیر ملکی سفر سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ آپ کا سفر بہت فائدہ مندی کا سبب بن سکے گا۔ اس ماہ انعامی اسکیموں میں قطعی حصہ نہ لیں۔ زراعت سے تعلق رکھنے والے حضرت اپنے اخراجات پر قابو نہ پاسکیں گے۔ علم وتعلیم کے خواہش مند حضرات اپنی عملی جستجو سے علمی منازل بخوبی طے کرلیں گے۔ آپ اپنی تقریر وتحریر پر ضبط سے کام لیں۔ آپ کے حلقہ احباب میں کمی ہوسکتی ہے۔ اپنے رویہ میں نرمی پیدا کریں۔ قانونی چارہ جوئی سے فائدہ کا امکان ہے۔ اطاعت والدین اور امور شرعیہ کو نظر انداز نہ کریں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص خاموش رہا اس نے نجات پائی۔

فروری سال کا دوسرا ماہ آپ کی صحت کیلئے تشویش کا باعث ہے۔ بلڈ پریشر پر کنٹرول کریں۔ اپنے معدہ کی اصلاح کریں۔ کسی پر اعتماد نہ کریں۔ غصہ وجذبات وناسازی صحت سے آپ کے اندر چڑ چڑا پن آئے گا۔ آپ کو نرم روی سے فوری طور پر عمل کرنا ضروری ہے۔ اندرون خانہ اولاد نرینہ کی نافرمانی سے آپ کے دل کو صدمہ پہنچے گا۔ ایسا بھی ہوگا آپ اپنے آپ کو تنہا محسوس کرنے لگیں گے۔ اس دوران گوشت یا انڈا کا صدقہ حسب حیثیت دینا ضروری ھے آپ نے جس محنت مشقت سے یہ مقام اور جائیداد بنائی ہے۔ آپ کے ورثاء کو اس کی کوئی قدر واہمیت نہ ہوگی۔ بات بات پر الجھنا چھوڑ دینا ہوگا۔ ورنہ آپ تنہا ہوجائیں گے۔ اس دوران سورۃ (محمد) پارہ نمبر 26 کی صبح وشام کو روزانہ تلاوت کریں آپ میں سیاسی مدبرانہ صلاحیتیں موجود ہیں۔ ان کو بروئے کار لاتے ہوئے حالات کو سازگار بنالیں گے۔ عزیز واقارب سے وابستہ امیدیں پوری نہیں ہونگی البتہ پرانے رفقاء کار کے ذریعے سے آپ کی ڈوبی ہوئی رقم مل جائے گی۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جو مصیبت پر صبر کیا اللہ اسے نعم البدل عطا کرے گا۔

مارچ اس ماہ آپ اعمال نوروز بجالائیں اس روز کو صدقہ ضرور دیں۔ اس میں غلہ دال اور گھی اور کپڑا ضرور دیں۔ اس کی مقدار آپ کی حیثیت پر ہے آپ حضرات مجھ سے زیادہ کفایت شعار مشہور ہیں۔ لیکن اس وقت سخاوت کا ضرور مظاہرہ کرنا ہوگا۔ آپ کے اہل وعیال کو خوشی کی نوید ہے۔ ملکی وغیر ملکی سفر سے کافی مراعات ملنے سے آپ کو ذہنی سکون ملے گا۔ امور شرعیہ کے معاملہ میں آپ میں لاپرواہی پیدا ہوگی قطعی سستی نہ کریں۔ آپ کے حلقہ احباب میں خاطر خواہ اضافہ کا امکان ہے۔ بلکہ نئی رشتہ داری متوقع ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ سیاست کے شعبہ سے منسلک ہیں تو آپ کے خفیہ دشمن آپ کو جانی نقصان پہچاننے کی تاک میں ہیں حکومت وقت کیلئے بھی یہ وقت مشکل ثابت ہوگا آپ کو باہر جانے سے پہلے صدقہ دینا ہوگا۔ اپنے ماحول میں ہوشیاری سے رہنا ہوگا۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جو بادشاہ کے دربار کے قریب ہوا وہ فتنہ میں پڑا۔

اپریل سال کا چوتھا مہینہ آپ کیلئے مالی لحاظ سے تو بہتر ہے۔ لیکن آپ کو غیر ضروری اور غیر متوقع اخراجات سے واسطہ پڑے گا جس سے آپ کی طبیعت میں بے چینی و غصہ پیدا ہوگا۔ غصہ نہ کریں۔ کسی پر بے جا اعتماد نہ کریں کسی کا ضامن بننا بھی نقصان دہ ہے۔ ملکی سفروں سے فائدہ ملے گا۔ اس ماہ شرف شمس ہے۔ لوح شرف شمس اور لوح نصیب بنوا کر اپنے پاس رکھنے سے تمام اُمور میں کامیابی کی نوید ہے۔ آپ کے اندر قوت مشاہدہ اور قوت فیصلہ اتم ہے۔ آپ کے کاروبار میں چند روکاوٹیں حائل ہوں گی جن کو آپ اپنی دانش مندی سے حل کرلیں گے۔ قرض دینا قرض حسنہ دینا آپ کے رزق میں برکت کا سبب ہوگا۔ آپ کو واجبات شرعی ادا کرنے ہونگے جس سے آپ کے مال ومتاع میں اضافہ ہوگا۔ آپ کو اس دوران کسی سے شراکت داری کا پیغام آئے گا لیکن آپ شراکت داری کو نہ نبھا سکیں گے البتہ اس ماہ کی گئی سرمایہ کاری آپ کے لئے سودمند ثابت ہوگی۔ ۱۵ اپریل چاند گرہن ۲۹ کو سورج گرہن ہے اور اعمال گرہن ضرور بجالائیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میری امت کے اعضاء وضو قیامت کے دن چمکتے ہوں گے۔

مئی زراعت سے متعلق حضرات سرطانی کو درمیانہ فائدہ ملے گا البتہ باغات رکھنے والے حضرات اپنے کاروبار میں تیزی سے منافع کما لیں گے۔ اس سال بھی سال سابقہ کی طرح موسمی حوادثات رونما ہونگے غیر ملکی حضرات کو اپنے کام میں کامیابی ہوگی انکو اپنے اردگرد اور حلقہ احباب سے نرمی کرنا ہوگی ان کی تلخ کلامی وگرم مزاجی سے مشکلات پیدا ہوسکتی ہیں۔ دیار غیر میں کسی سے بلاوجہ بحث وتکرار سے پرہیز کریں اس دوران قانونی مقدمہ بازی سے بھی گریز کریں کوئی کامیابی نہ ہوگی۔ آپ کے خفیہ مخالفین آپ کو پریشان کریں گے آپ دعائے سبا سب کو رزانہ تلاوت کریں اتوار کو دال چاول کا صدقہ پرندوں کو ڈالنا ہوگا حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جس نے خدا کے لیے تواضع اختیار کی اللہ نے اسے بلند کیا اور جس نے تکبر کیا اس خدا نے رسوا کیا۔

جون آپ کے لئے سال کا چھٹا ماہ مالی لحاظ سے کم فائدہ مند ہے۔ آپ کے اخراجات میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔ حلقہ احباب کے ذریعہ سے حکام بالا سے کامیابی نصیب ہوگی۔ اس دوران آپ کو ایک پرانے دوست سے ملاقات ہوگی۔ جس سے آپ کی ذہنی پریشانی میں خاصی کمی ہوگی۔ ہر کام کا فوراً نتیجہ دیکھنے کی خواہش آپ میں پیدا ہوگی۔ اس خیال کو دل سے نکلنا ہوگا ہر کام کا وقت مقرر ہے آپ اپنی دانش مندی سے معاشرہ میں اچھا مقام پیدا کرلیں گے۔ لیکن سیاست سے دور رہ کر لوگوں کی خدمت سے آپ کے اندر روحانی

قوت پیدا ہوگی۔روحانی عمل کا شوق ایک بار پھر آپ کو نیکی کی راہ پر گامزن کردے گا لیکن گھریلو ذمہ داری اور کاروباری ذمہ داری وسماجی ذمہ داری کو بالکل نظر انداز نہ کریں۔اپنی نیت اور دل میں اور زبان پر کنٹرول کریں۔کسی کی دل شکنی نہ کریں صدقہ دینے میں کوتاہی نہ کریں۔حضور اکرم ﷺ نے فرمایا جو دوزخ سے ڈرا اس نے خواہشات سے اجتناب کیا۔

جولائی آپ اپنی صحت کا خیال رکھیں۔اس ماہ مالی مفاد سے فائدہ ہوگا لیکن اس ماہ غیر متوقع اخراجات سے آپ کی طبیعت میں غصہ پیدا ہوگا۔آپ اپنے غصہ پر کنٹرول رکھیں اپنے رویہ میں لچک پیدا کریں۔آپ آمدن واخراجات پر کنٹرول کر کے توازن برقرار کریں۔آپ میں مدبرانہ صلاحیت موجود ہے۔آپ ابھی ذمہ داری خود نبھائیں۔کسی پر بے جا اعتماد نہ کریں۔ملازم پیشہ حضرات اپنی پیشہ ورانہ ادائیگی میں کوتاہی کا مظاہرہ نہ کریں اپنا کام دوسرے کے سر تھوپنے سے ان کو ہی نقصان ہوگا آپ کو سال کے آخری سہ ماہی میں ترقی نصیب ہوگی۔آپ کو اپنی تقریر پر کنٹرول کرنا ہوگا۔ بلاوجہ تکرار اور بحث سے دور رہنا ہوگا۔آپ کو سیاست سے بہت دور رہنا ہوگا۔آپ کی ملازمت کسی سیاست کی بھینٹ نہ چڑھ جائے اس میں آپ کو صدقہ دینا ہوگا اتوار کو گوشت یا انڈا کا صدقہ دیں۔حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جو نوکروں، چاکروں کے ذریعے طالب عزت بنا، اللہ نے اس ذلیل کیا۔

اگست یہ سال کا آٹھواں ماہ آپ کے امتحان کا مہینہ ہے۔کاروباری حضرات اپنے کاروبار میں سست روی محسوس کریں گے۔اس دوران نئی سرمایہ کاری بالکل نہ کریں بلکہ شراکت داری سے بھی گریز کریں۔اس دوران ملکی وغیر ملکی سفر سے آپ کو دلی سکون اور مسرت نصیب ہوگی۔آپ کے سفر سے آپ کے حلقہ احباب میں اضافہ ہوگا آپ کی عزت افزائی ہوگی۔زراعت پیشہ حضرات کو صرف اخراجات کے علاوہ کچھ حاصل نہ ہوگا۔سیر وسیاحت کے شوقین حضرات اپنے شوق کی تکمیل کر سکیں گے۔غیر ملکی سرطانی افراد کو از سر نو کاروبار کو کرنے کا موقع ملے گا۔اس ماہ روحانی امور میں اپنی توجہ دیں زیادہ سے زیادہ تلاوت کلام پاک کا ورد کریں اس ماہ زیادہ سے زیادہ سخاوت کا مظاہرہ کریں۔غرباء وفقراء پر ہمدردی کریں اس ماہ آپ امور شرعیہ کی ادئیگی کے ساتھ ساتھ واجبات شرعی بھی ضرور ادا کریں یہ کام کچھ مشکل تو ہے لیکن ایسا کرنے سے ہمیشہ ہمیشہ کیلئے آپ معاشی بحران سے نکل سکتے ہیں اور آپ کی عزت توقیر میں بھی اضافہ ہوگا۔تجربہ شرط ہے۔حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جو اپنے خاندان کی حفاظت میں مار گیا وہ شہید ہے۔

ستمبر اس ماہ اپنی صحت کا خیال رکھیں۔لاپرواہی آپ کی صحت کے لئے نقصان دہ ثابت ہوگی۔اس ماہ بھی صدقہ دیتے رہیں کوتاہی نہ کریں۔موسمی حالات وارضی حوادثات سے بچنے کیلئے حفاظتی انتظام کرلیں۔زراعت پیشہ حضرات کو ملا جلا فائدہ ملے گا۔ان کو اپنی فصل پر اس ماہ خصوصی توجہ دینا ہوگی حشرات الارض کا حملہ سے انکو بچانا ہوگا۔محنت کرنے والے حضرات کا دلی قدر کیا جائے گا۔تعلیم سے متعلق طلباء حضرات اپنی تعلیمی سرگرمیوں میں توجہ دیں ان کے اندر اس ماہ رومان پرور جذبات ان کو کہیں اپنی منزل سے دور نہ کردیں آپ ملک وقوم کا سرمایہ ہیں یہ وقت صرف اور صرف علمی سرگرمیوں کا ہے اپنے آپ کو ہر ایسی محافل سے دور رکھیں جن سے آپ کی پڑھائی متاثر ہو۔آپکی جدوجہد وجستجو ہی علم میں کامیابی کی دلیل ہے۔آپ اپنے رویہ میں نرمی پیدا کریں اور استاد کا احترام کریں استاد اور والدین کی قدر سے کامیابی ملتی ہے۔حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ کو جس کی بھلائی مطلوب ہوتی ہے اسے دین کی سمجھ عطا کردیتا ہے۔

اکتوبر یہ ماہ مالی لحاظ سے آپ کیلئے خوش آئین ہے۔۱۸ اکتوبر چاند گرہن ۲۴ کو سورج گرہن ہے اور اعمال گرہن ضرور بجالائیں۔تاہم آمدنی اور اخراجات میں توازن رکھیں۔اس ماہ سیاست دان حضرات کو کم فائدہ ہوگا۔ان کی سیاسی حیثیت کم ہوجائے گی۔ملکی مفاد میں سوچنے والے حضرات اپنی حیثیت برقرار رکھ سکیں گے باقی خاک ہوجائیں گے۔غیر ملکی سرطانی افراد کو سنبھلنے کا وقت ہے اپنے کردار میں اعتدال رکھیں کسی قسم کی کسی سے بحث وتکرار سے پرہیز کریں ملک میں مقدمہ بازی یا قانونی چارہ جوئی سے اپنے آپ کو دور رکھیں اور انعامی بانڈ یا انعامی اسکیموں سے کم فائدہ ہوگا۔ملازم پیشہ حضرات کو چاہے کہ ان کو اللہ کی نعمت روزگار کا شکر ادا کرنا چاہیے مزید کسی لالچ یا کسی غیر طریقہ سے مال حاصل کرنے کی کوشش نہ کی جائے تا کہ آپ کے رزق حلال میں برکت ہو۔حقیر محنت سے کمایا ہوا روپیہ کبھی ہاتھ پر رکتا نہیں ۔اپنے فرائض دیانت داری سے انجام دینے سے آپ کو عزت وترقی کی نوید ہے۔حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جس نے موت کو قریب جانا، لذات دنیاوی سے رک گیا۔

نومبر اس ماہ آپ کو مذہبی تقریبات ادا کرنے سے آپ کے حلقہ احباب میں اضافہ ہوگا۔آپ کے عزیز واقارب میں غلط فہمیاں جنم لیں گے ان غلط فہمیوں کو آپکو فہم فراست سے حل کرنا ہوگا عزیز اقارب سے وابستہ امیدیں کم پوری ہونگیں۔اپنے رویہ میں نرمی سے پیش آئیں۔ خفیہ مخالفین آپ کو خفیہ نقصان پہچانے کی تاک میں رہیں گے۔کہیں کہیں آپ کو پریشانی بھی لاحق ہوگی تیز رفتاری سے گریز کریں۔اس ماہ سرمایہ کاری بھی کرسکتے ہیں۔غیر ملکی سفر سے فائدہ ہوگا۔ملازم پیشہ حضرات پرسکون وقت گزار سکیں گے۔سیاست دانوں کیلئے یہ مہینہ بہت بھاری ثابت ہوگا۔ان کی عزت مجروح ہوگی۔غیر ملکی حضرات جو بے روزگار ہیں ان کو دیار غیر میں روزگار میسر ہونے سے ان کو سکون ملے گا۔البتہ زراعت پیشہ حضرات کو حسب توقع فائدہ ملے گا۔شکر خدا ادا کریں۔حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جس نے ہمیں دھوکا دیا وہ ہم میں سے نہیں۔

دسمبر یہ سال کا آخری مہینہ آپ کیلئے بہت اہم ہے۔اس ماہ طبیعت ناساز اور اہل خانہ میں بھی کسی کی طبیعت ناساز ہونے کا اندیشہ ہے۔آپ کے رویہ سے وہ آپ پر برہم ہوں گے اس ماہ آپ کو صدقہ دینا چاہیے صدقہ آپ گوشت اور چاول تیل کسی مسکین کو دیں بروز اتوار چاول پرندوں کو ڈالیں۔مالی لحاظ یہ سال پچھلے سالوں سے قدرے بہتر ہے لیکن آمدہ سال کیلئے آپ کو روحانی عمل کے ذریعے اپنی تمام بندشوں ورکاوٹوں کو دور کرنا ہوگا۔آپ اپنے مالی وسائل میں کسی اچھے عامل باعمل سے مل کر اضافہ کرنے کی تدبیر سے اضافہ کرسکتے ہیں۔ بارہ سال تک آپ کی مالی پوزیشن محفوظ ہوجائے گی اس دوران آپ اپنے عزیز واقارب والدین اور برادران سے صلہ رحمی سے پیش آئیں۔آپ کے اندر خوبی ہے کہ آپ اچھی وبری بات کو سمجھ سکتے ہیں اس سے آپ کے بخت اقبال میں اضافہ ہوگا۔حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جس نے اچھائی کاشت کی اس نے محبت کی فصل اٹھائی اور جس نے برائی کاشت کی اس نے برائی کی فصل اٹھائی۔

حروف	م، ٹ	رنگ	بھورا، گولڈن، نارنجی
دن	اتوار	عدد	۱، ۴
موافق برج	قوس، حمل	ناموافق برج	عقرب، دلو

برج **اسد** Leo JUL-21 to AUG-20



تاریخ پیدائش 21 جولائی تا 20 اگست

سیارہ شمس

موافق نگینے لہسنیا، حجر الشمس سنگ سلیمانی ہیرا

ممکنہ امراض ریڑہ کی ہڈی کی تکلیف ہائی بلڈپریشر، کمر کی تکلیف اور دل کی تکلیف

جنوری آپ کے لئے سال نو بہت مبارک ہے اور سال کا اول ماہ مالی مفاد کے ساتھ ساتھ آپ کے گزشتہ حلقہ احباب وعزیز اقارب سے دوبارہ دوستی کی طرف پہل بڑھے گا پرانی رنجشیں ختم ہونگی۔ آپ کی طبیعت میں مسرت کی لہر دوڑ جائے گی کاروباری حضرات کو اپنی تمام پرانی مایوسیوں سے نکل کر اپنے کاروباری معاملات کو پھیلتے پھولتے دیکھ کر قوی خوشی ہوگی اس ماہ نئی سرمایہ کاری یقینی خوشی ومسرت کا باعث ہوگی۔ اسد حضرات جو رشتہ ازواج یا منگنی کے خواہش مند ہیں انکو صبر کرنا ہی فائدہ مند ہوگا۔ اپنے کاروبار میں گوشت یا مشروبات یا میڈیکل اسٹور زرعی ادویات شپ یا مچھلی یا ہوسیل کا کام بہت موزوں ہے۔ شراکت داری اور انعامی اسکیم میں رقم لگانا کسی طرح بھی سودمند نہیں ہے اس دوران تعلیم سے منسلک حضرات اپنے آپ کو تعلیمی سرگرمیوں میں توجہ دیں وہ غیر تعلیمی سرگرمیوں میں مبتلا ہو کر اپنے مستقبل کو برباد نہ کریں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ حیا ایمان کا ایک حصہ ہے

فروری یہ ماہ بھی اسد افراد کیلئے اچھا ہے۔ مالی مفادات ضرور حاصل ہونگے تاہم اندورن خانہ کسی کی طبیعت ناساز ہوسکتی ہے اپنے کاروبار میں دلچسپی لیں اس ماہ کے اخراجات بڑھیں گے۔ آپ کو اپنی آمدنی واخراجات پر کنٹرول کرنا ہوگا اور کسی پر بے جا بھروسہ یا اعتماد سے نقصان کا احتمال ہے۔ اس ماہ زرعی حضرات کو کافی اخراجات سے واسطہ پڑے گا لیکن کسان کے حوصلے بلند ہوتے ہیں اور اکثر حضرات خدا کی رضا پر راضی رہتے ہیں ان کی نیت اچھی ہوتی ہے دل اور زبان پر قابو پانے والے حضرات خدا کے نیک بندے ہوتے ہیں ان میں خواہشات نفسانی پر قابو پانے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ خدا کرے ہم سب میں ایسی صلاحیتیں پیدا ہوں تاہم اس ماہ آپ کے اندر روحانی امور میں دلچسپی بڑھے گی۔ اُمور شرعیہ کی ادائیگی اور اطاعت والدین کو ترجیح دیں اہل خانہ سے نرمی سے پیش آئیں آپ کے حالات مزید بہتر ہونگے۔ اس ماہ کے آخری عشرہ میں کسی سے آپ کے تعلقات بھی مجروح ہونگے غصہ نہ کریں اپنے رویہ میں نرمی پیدا کریں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ تمام مسلمان اپنے دشمن کے مقابلے مٹھی کی مانند ہیں۔

مارچ یہ ماہ آپ کے لئے صحت کے حوالے سے کم بہتر ہے۔ آپ اپنی صحت میں لاپرواہی نہ کریں۔ اس ماہ اندرون ملک سفر ہوگا دوران سفر احتیاط کریں۔ ملازم پیشہ حضرات کو یہ ماہ بہتری کی نوید دیتا ہے۔ اس ماہ میں اعمال نوروز کے ساتھ صدقہ کسی سفید چیز کا دینے سے آپ کی ترقی میں جو رکاوٹیں حائل ہیں دور ہو جائیں گی حکام بالا سے خوشی کی خبر ملے گی آپ کو اپنے رفقاء کار سے وابستہ امیدیں پوری ہونے کے قوی چانس ہیں آپ کا حاکم سیارہ بار بار آپ کو تنبیہ کر رہا ہے۔ اس ماہ کے دوسرے عشرہ میں آپ کے اندر روحانی خواہشات جنم لیں گی۔ حقوق شرعیہ کو قطعی نظر انداز نہ کریں۔ اپنے کام سے کام رکھیں اس ماہ ایسی محافل سے دور رہیں جن سے آپ کے کردار میں شک وشبہ پیدا ہو اور اللہ کی نعمتوں میں کمی نہ آجائے۔ آپ کی معاشرہ میں جو عزت ہے اس کو مزید تقویت دیں تحریر وتقریر سے حکام بالا کو ناراض نہ کریں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ روٹی کھا کے شکر کرنے والے شخص کو صابر روزہ دار کا اجر ملتا ہے۔

اپریل یہ سال کا چوتھا ماہ آپ کے لئے بہت اہمیت کا حامل ہے۔ ۱۵ اپریل کو چاند گرہن اور ۲۹ اپریل کو سورج گرہن ہے اور اعمال گرہن ضرور بجالائیں۔ اس ماہ آپ کو غیر ملکی سفر اور جیون ساتھی کے انتخاب کا چانس میسر ہوگا کئی اسدی افراد کو ملازمت بھی ملے گی۔ آپ کو سفر اور نئے ساتھی کو چننے میں احتیاطی تدابیر اور مخلص دوستوں سے یا کسی اچھے عامل سے مشورہ کی ضرورت ہے تاہم زندگی کے نئے سفر آپ کیلئے باعث ظفر ہونگے۔ اس ماہ جلد بازی سے گریز کریں۔ ہر کام کو سوچ سمجھ کر انجام دیں۔ ذہن میں وسوسے اور منفی خیالات جنم لیں گے۔ ان کو ذہن سے نکالنا ہوگا۔ لالچ اور حرص میں بھی اضافہ ہوگا۔ آپ میں دانش مندی کی عطا ہے اُمید ہے کہ اپنے پرفیکٹ عمل سے کامیاب ہونگے۔ دل تو پاگل ہے۔ سب کام دل کی منشاء سے حل نہیں ہوتے دماغ یعنی ضمیر کی آواز پر لبیک کہنے والے حضرات اپنی اس فانی دنیا کو سنوار سکتے ہیں۔ مال و دولت صرف ایک سراب ہے جو کہ انسان کیلئے قوی دھوکہ ہے اس ماہ سورۃ حشر پارہ نمبر 28 صبح میں سورۃ واقعہ رات میں ایک بار پڑھنے سے حیوانی جہالت دم توڑ جاتی ہے اور دعا قبول ہوتی ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا بندہ اور کفر کے درمیان فاصلہ ترک نماز ہے۔

مئی یہ ماہ آپ کیلئے قدرے متوسط ہے آمدنی اور اخراجات میں توازن رکھنا دشوار ہوگا۔ ملازم پیشہ حضرات اپنے کام میں کبھی بھی لاپرواہی نہ کریں ہمیشہ نظم وضبط کا مظاہرہ کریں اسدی زرعی شبعہ سے تعلق رکھنے والے حضرات اس ماہ مالی معاوضہ حاصل کریں گے ان کی آمدن میں اضافہ ہوگا۔ اور سکون کی سانس میسر آئیگی ان کو حلقہ احباب سے خوشی ومسرت ملے گی۔ عزیز واقارب سے تعلقات میں اضافہ ہوگا بہت عرصہ بعد اسدی حضرات کو مالی مفادات ملتے ہیں۔ ان کی مدت کی خواہش تبدیلی گھر والی بھی اس ماہ پوری ہوگی۔ ان کو زراعت کے ساتھ ساتھ جانور پالنے کی مدت کی خواہش سر توڑ کر آئے گی جو کہ ان کیلئے بہت خوش آئین ہے اس ضمن میں کئے گئے اقدام مستقبل میں مفادات کو پرامن اشارہ ہیں۔ غیر ملکی اسد حضرات کو یہ ماہ سکون وسرور عطا کرے گا۔ انہیں اپنے امور میں استحکام نظر آئے گا۔ روحانی امور میں توجہ دیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ عالم اور متعلم خیر میں برابر کے شریک ہیں۔

جون یہ ماہ آپ کی صحت کے لئے احتیاط طلب ہے آپ اپنے آپ کو موسمی اثرات سے محفوظ بنائیں اور خرابی صحت کی صورت میں غفلت نہ کریں۔ علاج سے فائدہ ممکن ہے۔ اس ماہ صدقہ دینا بہتر ہے۔ دال چاول مچھلیوں کو ڈالنا بہت بہتری کا سبب بنے گا۔ اسدی حضرات اپنے حصول علم میں نیک نیتی سے کوشش کرنے والے حضرات کامیاب ہونگے۔ رمان پرور حضرات صرف

خیالات کی دنیا میں حکمرانی کرتے رہیں گے۔ اچھے خیالات سے اچھے الفاظ اور اچھے عمل سے اچھے کردار جنم لیتے ہیں دوسروں کے مال پر نظر رکھنے والے حضرات صرف معاشرہ میں ناسور بلکہ اپنی عاقبت خراب کر لیتے ہیں۔ کاروباری حضرات کو اپنے امور میں دل جمی سے متوجہ ہونا ہوگا۔ ان کے کاروبار میں اضافہ ہوگا۔ آپ کو دوست دشمن میں فرق رکھنا ہوگا۔ اس ماہ آپ کے مخالفین نقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے۔ خصوصاً اس ضمن میں سیاست دان حضرات پھنس جائیں گے لالچی سیاست دان ہمیشہ لوٹے بنتے ہیں آپ کو الجھانے اور پھنسانے کے کئی پھندے لگائے جائیں گے احتیاط کریں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ دین میں نماز کا وہی مقام ہے جو بدن میں سر کا مقام ہے۔

جولائی آپ کے مالی معاملات قدرے سست روی کا شکار رہیں گے۔ ملازم پیشہ حضرات کو بھی کافی الجھنوں سے واسطہ پڑے گا ان کے حقیقی ماحول میں عجیب بحرانی کیفیت ہو جائے گی۔ آپ کو غصہ نہیں کرنا چاہیے۔ زمینوں اور باغات کے مالکان حضرات کو بہت حسب منشاء نفع نہیں ملے گا اس سال بھی موسمی اثر سے آپ کو بچنا محال ہے۔ اس دوران صدقہ ضرور دیں آپ کسی بڑے نقصان سے محفوظ رہیں گے۔ غیر ملکی اسدی افراد اپنے اندر جذبات کی فروانی پائیں گے۔ ہر کام انسان کی سوچ کے مطابق نہیں ہوگا بعض کاموں میں قدرت کا ہاتھ ہوتا ہے جو کہ انسان کیلئے بظاہر پریشانی اصل میں بہتری کا سبب ہوتا ہے خدا کی عطا کردہ نعمتوں پر شکر کرنا ہی اصل میں مزید نعمتوں سے بہرہ مند ہونے کا سبب ہوتا ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جس علم سے فائدہ نہ اٹھایا جائے وہ ایسے خزانے کی طرح ہے جسے خرچ نہ کیا جائے۔

اگست آٹھواں ماہ آپ کیلئے فکر مندی کا سبب ہے۔ جن لوگوں کے نام کا عدد تین چھ یا آٹھ ہے ان کیلئے ناگہانی آفات وحوادث سے نقصان کا احتمال ہے۔ اس پریشانی سے بچنے کیلئے اپنے پاس لوح نصیب اپنے پاس رکھیں اس ماہ شروع سے آپ کلام مجید کی تلاوت زیادہ کریں اور ساتھ ساتھ شرعی امور کی پابندی ہر صورت اختیار کریں۔ اپنے عزیز واقارب کی خبر گیری ہو سکے تو ضرور کریں۔ بیماروں کی تیمارداری اور ان کے پاس جا کر ان سے اخلاقی گفتگو بھی خوشی وثواب کا باعث ہے۔ والدین کی اطاعت اور خاندانی بزرگوں کا خیال رکھیں۔ اس ماہ آپ کو دلی سکون نصیب ہوگا۔ اس دوران سخاوت وفراخ دلی کا ثبوت دیں آپ کیلئے دینی ودنیاوی فائدہ کا سبب ہوگا۔ آپ اپنے اندر روحانی جذبہ بڑھائیں۔ اس دوران حج وزیارت کے سفر سے فائدہ ہوگا۔ تاہم اندورن ملک سفر بہت کم ہے۔ عبادت سخاوت وصدقہ سے عام امور میں کامیابی کی نوید ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ باپ کا ہم شکل ہونا انسان کی خوش نصیبی ہے۔

ستمبر لائیو اسٹاک اور شپ والے اسدی حضرات کو اس ماہ مالی مفادات ملیں گے۔ ان کے معاشی حالات بہت بہتر ہو جائیں گے۔ ان کے کاروبار میں ایک بار پھر ریکارڈ کامیابی ہوگی۔ زرعی شعبہ سے متعلق حضرات کو صرف اخراجات سے ہی واسطہ پڑے گا۔ غیر ملکی اسدی افراد اپنے اپنے کام میں مطمئن نظر آئیں گے۔ وہ اپنی سرگرمیوں پر صرف اپنے کاموں سے واسطہ رکھیں۔ غیر ضروری کاموں میں الجھنا ان کیلئے ایک بار پھر مشکلات پیدا ہونے کا امکان ہے۔ دیار غیر میں رہنے والے حضرات ہمیشہ نیک نیتی اور اپنے امور میں محنت کرنے والے حضرات ہمیشہ کامیابی سے زندگی بسر کرتے ہیں۔ اسدی طلباء جو صرف حصول علم کیلئے کوشاں ہیں انہیں تعلیم میں یقینی کامیابی ہوگی۔ مدت کے اسدی افراد جو رشتہ کے خواہش مند ہیں ان کی امیدیں بھی اسی ماہ پوری ہونگی۔ اکثر حضرات نئے ساتھی کے ساتھ نئی زندگی کا آغاز کریں گے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ دنیا کے نیک لوگ آخرت کے نیک لوگ ہوں گے۔


اکتوبر اس ماہ آپ کے گھر میں خوشی کی تقریب منعقد ہوگی۔ عزیز واقارب سے تعلقات بڑھیں گے۔ نئے نئے دوستوں سے ملنے کا موقع ملے گا۔ آپ کے حلقہ احباب میں کافی اضافہ ہوگا۔ اس دوران آپ کو اپنی محنت وہنر مندی یا پیشہ ورانہ قابلیت دکھانے کا موقع ملے گا۔ آپ کی عزت افزائی ہوگی۔ آپ کی مسرت میں اضافہ ہوگا۔ غیر ملکی سفر بہت کم ہے لیکن اندرون ملک سفر میں آپ کو کافی فائدہ نظر آتا ہے۔ اپنے رویہ میں خلوص ونرمی خوش اخلاقی پیدا کریں آپ میں تو کافی صلاحیتیں ہیں آپ کی مدبرانہ گفتگو خاصی اہم ہوتی ہے۔ اطاعت والدین کے ساتھ ساتھ امور شرعیہ وحقوق شرعیہ کو بھی ضرور ادا کریں آپ کے کاروبار میں اضافہ ہوگا جو آپ سوچ بھی نہیں سکتے اس دوران کفایت شعاری کا مظاہرہ بالکل نہ کریں۔ راہ خدا اور خمس دینے سے آپ کی صحت سلامتی اور آپ کے کاروبار یا آمدن میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔ آپ کو دلی سکون بھی میسر ہوگا۔ ۱۱۸ کتوبر چاند گرہن اور ۲۴ سورج گرہن ہے اور اعمال گرہن ضرور بجالائیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ مظلوم اگر چہ فاجر بھی کیوں نہ ہو اس کی بددُعا یقیناً مقبول ہوتی ہے۔

نومبر صحت کے لحاظ سے آپ اپنے آپ کو موسمی حالات سے احتیاط کریں آپ کی طبیعت کو نزلہ، زکام اور کھانسی سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ آپ لاپرواہی نہ کریں دور دراز کے سفر سے احتیاط کریں۔ اپنے وزن اور صحت کے معاملہ میں کبھی بھی سستی نہ کریں۔ تلی ہوئی اشیاء سے پرہیز کریں رات کو زیادہ تر نہ جاگیں اور ذہنی دباؤ کو کم کریں۔ اس دوران انڈا یا گوشت کا صدقہ کسی مسکین یا دینی مدرسہ میں دے دیں۔ تاہم ملازم پیشہ افراد کی وابستہ امیدیں ترقی وکامیابی کی طرف کم نظر آتی ہیں البتہ ان کے حلقہ احباب کے توسط سے ان کو ترقی مل سکتی ہے۔ کئی مخلص دوست سے فائدہ ممکن ہے۔ عزیز واقارب سے وابستہ امیدیں خاک میں ملتی نظر آتی ہیں۔ آپ ان پر احسان کریں ان سے اُمیدیں نہ رکھیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ طعام سے پہلے وضو فقر کو دور کرتا ہے اور کھانے کے بعد وضو کرنے سے غم دور ہوتا ہے اور چہرے پر نکھار آتا ہے۔

دسمبر سال کا آخری مہینہ آپ کیلئے یہ پیغام دیتا ہے آپ اپنی توجہ دینی امور اور ساتھ اپنے کاروباری امور پر صرف کریں دماغ میں رومانی خیالات اور جلد آگے بڑھنے والے الٹے سیدھے خیالات کو تھپک تھپک کر سلا دیں۔ اسد استاد اور ٹیچر حضرات سے التماس ہے جن کا تعلق تعلیم دینا ہے اللہ کی طرف سے یہ ان کو ایسا انعام ہے جو کہ رسولوں کا پیشہ ہے۔ آپ پر ذمہ داری ھے معاشرہ میں علم کے ساتھ ساتھ وطن کی محبت اور نیک نیتی کے ساتھ ساتھ آگے بڑھنے کا جذبہ پیدا کریں۔ معاشرہ کو پاک کرنے والا ہاتھ صرف درس وتدریس سے ممکن ہے۔ میڈیا کو بھی چاہیئے کہ معاشرہ سے برائی دور کرنے میں تعاون کرے تاہم سدی افراد کیلئے یہ سال بہتر بھی ہے اور اہم بھی ان حضرات کی سخاوت اور غیر شرعی امور میں عدم دلچسپی کامرانی وکامیابی کی دلیل ہے۔ روحانیت سے بھی کافی فائدہ ملے گا۔ صبح کی غذا تو عبادت خداوندی ہے۔ دلی سکون کیلئے خدمت خلق ہی واحد عمل ہے خدا تعالیٰ آپ کو اپنے امور جائز میں کامیاب وکامران کرے آپ ملک وقوم کی خدمت کریں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ہریالی دیکھنے سے نگاہ تیز ہوتی ہے۔

حروف	پ ، غ	رنگ	پیلا، زرد گہرا
دن	بدھ	عدد	۵
موافق برج	جدی، ثور	ناموافق برج	قوس، حوت، جوز

برج
سنبلہ
Virgo
AUG-21 to SEP-20



تاریخ پیدائش 21 اگست تا 20 ستمبر

سیارہ عطارد

موافق نگینے پکھراج، ہیرا، گومیدک

ممکنہ امراض السر اور کان کی تکالیف آنتوں کی بیماری معدہ، جگر،

جنوری یہ سال آپ کے لئے بہت بہتر ثابت ہوگا۔ علمی صلاحیتوں کے ذریعے آپ اپنے عام ادوار میں بخوبی کامیابی کے مواقع پیدا کرلیں گے۔ آپ کی ذمہ داری ہے اپنے علم میں مزید اضافہ فرمائیں لہذا اپنے زیر کفالت حضرات کوعلم کی روشنی سے آشنا کرائیں آپ کی صلاحیتوں میں آپ کے سیارے کی وجہ سے مزید اضافہ ہوگا آپ اپنی صلاحیتوں کے ذریعے مقام عزت حاصل کرلیں گے۔ غیر ملکی سنبلہ والے حضرات اپنے حالات میں خاطر خواہ بہتری محسوس کریں گے اپنے فنی مہارت میں بہتری کا مقام پاکر ذہنی سکون محسوس کریں گے۔ اس دوران بیرون ملک سیر وتفریح بہت فائدہ کا سبب ہوگا۔ اگر آپ میڈیا یا اخبارات سے تعلق رکھتے ہیں تو خاطر خواہ ترقی کی منازل طے کرنے کا موقع ملے گا۔ آپ کو پچھلے بارہ سال سے جو احساس محرومی رہی ہے اب اس کا ملاپ ہونے کو ہے۔ ذرا حوصلہ اور عقلمندی سے اس اچھے وقت کے ثمرات سے زیادہ اور دیرپا ثمرات وفوائد سے منصوبہ بندی کا وقت ہے۔ آپ اپنی سرمایہ کاری یا کوئی نیا مکان خرید کر بہت خوشی محسوس کریں گے۔ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ جو شخص لمبی عمر حاصل کرنا چاہتا ہے وہ تین باتوں کا خیال رکھے۔ صبح سویرے اٹھے۔ قرض کم لے۔ عورتوں سے ہمبستری کم کرے۔

فروری یہ ماہ ملازمت پیشہ حضرات جو کہ انجینئر نگ کے شعبہ سے منسلک ہیں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا کر ہی رہیں گے۔ انہیں ترقی نصیب ہوگی انکے علم وعمل میں اضافہ ہوگا۔ اس دوران بے روزگار حضرات کو زیادہ تر غیر سرکاری اور ۲۰ فیصد حضرات کو سرکاری ملازمت نصیب ہوگی۔ اپنے فرائض کی انجام دہی میں کبھی بھی لاپرواہی نہ کریں تعلیم سے متعلق حضرات علم کی طرف تیزی سے بڑھیں گے۔ اور جلد اپنی قسمت کو جگا سکیں گے۔ ذاتی کاروبار والے حضرات الیکٹرونک کا کام کرنے والے حضرات اپنی پسند کا منافع کمائیں گے البتہ زراعت سے تعلق رکھنے والے سنبلہ حضرات موسم کی حوادث کی وجہ سے اپنی آمدنی میں اضافہ نہ کرسکیں گے۔ اور مویشی پال حضرات بھی نہایت پریشانی میں مبتلا رہیں گے۔ ان سے گزارش ہے کہ کلام مجید کی سورۃ محمد صبح وشام (90) روز تلاوت سے ان کی پریشانی دور ہوجائے گی۔ امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ جو شخص سچ بولے گا اس کا عمل پاک ہوگا۔ جس کی نیت نیک ہوگی اللہ اس کے رزق میں اضافہ فرمائے گا۔ جو شخص اپنے خاندان سے بھلائی کرے گا اللہ اس کی عمر میں اضافہ فرمائے گا۔

مارچ یہ ماہ آپ کے لئے بہت اہم اس لئے ہے کہ اگر آپ کا تعلق درس وتدریس سے ہے تو آپ کے ذہن میں عنادی انتشار پیدا ہوگا۔ آپ اپنی ذمہ داری کو سمجھیں دین ودنیاوی علم کو دینے والا استاد باپ کا درجہ رکھتا ہے۔ آپ کو باپ بن کر سوچنا ہوگا۔ بچیوں کی تعلیم کے ساتھ تربیت اچھی کریں۔ معاشرہ پر نہ ڈالیں معاشرہ تیزی سے تبدیلی کی جانب بڑھ رہا ہے۔ اس معاشرہ کو اگر کوئی بچا سکتا ہے پہلے تو اللہ کی ذات ہے اور اس کے بعد زمین پر شعبہ تعلیم اور نشر واشاعت سے منسلک حضرات کی ذمہ داری ہے۔ اس میں طلباء واستادوں کا کردار بہت اہم ہے۔ آپ اپنے اردگرد ماحول کو اپنی اچھی نصیحتوں سے معاشرہ کی برائی کو کم کرنے کی سعی تو کریں یہ ضرور اس دور میں سنبلہ حضرات ہی کرسکتے ہیں۔ ان میں علم واخوت کا جذبہ اتم ہوتا ہے۔ امام باقر علیہ السلام کا قول ہے کہ زمانہ میں برائی عام اس وجہ سے ہوگی کہ نیک لوگ خاموش ہوجائیں گے انکی خاموشی سے برائی بڑھے گی تاکہ برے لوگوں کی وجہ سے ظالم کے ظلم پر راضی رہنا بھی ظلم ہے۔ اس کا شمار ظالموں میں ہوگا۔

اپریل یہ سال کا مہینہ آپ کی صحت کیلئے اہم ہے۔ آپ کی طبیعت اور معدہ میں ضعف ہے۔ بھاری بادی اشیاء سے ضرور احتیار کریں۔ کلونجی کا استعمال ضرور کریں شہد اور کلونجی میں بہت شفاء ہے۔ اور روحانی دلچسپی اس ماہ ضرور بڑھے گی اور شرعی اُمور ادا کرتے ہوئے روحانی عمل بھی ضرور بجالائیں آپ اپنے آپ پر ضرور رحم فرمالیا کریں آپ کے اندر انتھک کام کرنے کی عادت ہے کیا آپ مشین ہیں جس کو چلتے رہنا ہے اس ماہ آپ کو آرام کی ضرورت ہے اور وزنی خاکے سے ذہنی دباؤ بڑھے گا۔ آپ کے اندر دوراندیشی بہت ہے۔ اس ماہ میں ۱۵ اپریل کو چاند گرہن اور ۲۹ اپریل کو سورج گرہن ہے اور اعمال گرہن لازمی بجالائیں۔ اس وقت جذباتی تقریر وتحریر سے گریز کریں آپ کے حلقہ احباب میں اضافہ کی بجائے کمی کا امکان ہے آپ کے مخالفین ظاہری آپ کو نقصان دینے کی کوشش کریں گے لیکن وہ ایسا کرنے میں کامیاب نہیں ہونگے۔ امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ انسان کی عقل کا امتحان تین چیزوں سے کیا جاتا ہے ڈاڑھی کی لمبائی۔ انگوٹھی کا نقش۔ اور کنیت سے۔

مئی اللہ تعالی کا فرمان ہے کہ میں نے اپنے بندوں پر تین خصوصی احسان کئے۔ موت کے بعد جسم میں بدبو پیدا کردی ورنہ کوئی اپنے وابستگان کو دفن نہ کرتا۔ مصیبت

کے بعد اہل عزا کو صبر وسکون دیا۔ اگر نہ دیتا تو ان کی زندگی کبھی خوشگوار نہ ہوتی۔ گندم اور جو میں کیڑے پیدا کیئے۔ اگر یہ نہ ہوتا تو ملوک وسلاطین اسے سونے چاندی کی طرح ذخیرہ کر لیتے۔ اس کے نتیجے میں لوگ بھوکے مر جاتے۔ مئی کے لحاظ سے یہ مہینہ آپ کیلیے بہت اہم ثابت ہوگا لائیو اسٹاک والے حضرات منہ مانگے دام وصول کریں گے اور تجارت میں تو آپ لوگوں کی مثال ملنا مشکل ہے جو لوگ وقت کی قدر کرتے ہیں اور وقت کو ضائع نہیں کرتے وہ دین و دنیا میں اپنا مقام خود پیدا کر لیتے ہیں ان میں آپ بھی ہیں۔ اس ماہ سرمایہ کاری سے غیر متوقع فائدہ ہوگا۔ اس ماہ میں آپ کو انعامی اسکیموں سے دور رہنا ہوگا۔ کاروبار میں شراکت سے آپ کو بہت کم فائدہ نصیب ہوگا۔ کسی پر بے موقع بھروسہ نہ کریں۔ اس ماہ میں کیا گیا بھروسہ نقصان دہ ثابت ہوگا۔ آپ کفایت شعار مشہور ہیں ذرا صدقہ دینے میں سستی نہ کریں۔ تیز رفتاری نقصان دہ ثابت ہوگی اہل خانہ سے بری خبر کیلئے ذہنی طور پر تیار رہنا ہوگا۔ ملازم پیشہ حضرات کو حکام بالا سے کوئی اچھی امید کی توقع نہ رکھیں اپنے اُمور کو احسن طریقے سے نبھانا یہی عقل مندی ہے۔ آپ اپنی آمدنی اور اخراجات میں توازن رکھیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا قرآن دوا ہے۔ دُعا حقیقت عبادت ہے۔

جون موسم سے آپ اپنے آپ کو محفوظ رکھیں مالی لحاظ سے یہ مہینہ متوسط ہے۔ روحانی اُمور کی جانب توجہ دیں۔ غرور وتکبر سے دور رہیں اس ماہ آپ کے اندر غصہ پیدا ہوگا آپ کو چاہیے کہ جذباتی انداز وغصہ سے پرہیز کریں جو بھی کام کریں بزرگوں کی مشاورت کے ساتھ ساتھ اچھے مخلص احباب سے بھی مشورہ کرلیا کریں۔ آپ کو غیر متوقع آمدن ہوگی جس سے آپ کے اندر خوشی کی لہر دوڑ جائے گی۔ اس سال موسمی آفات کا بہت خدشہ ہے۔ زرعی حضرات سے گزارش ہے کہ انکو جلد اپنی کاشت و باغات کو محفوظ بنائیں غیر ملکی سفر کا چانس بہت کم ہے تاہم اندرون ملک سفر میں بھی خطرہ ہے اس ماہ کسی معاہدہ یا کاروباری شراکت کرتے وقت خوب غور وفکر کریں۔ دھوکہ فریب سے بچیں اس ماہ میں آپ کو خفیہ سازشوں کا سامنا ہوگا۔ امام جعفر صادقؓ نے فرمایا؛ تین چیزیں موٹا کرتی ہیں ہر دوسرے دن حمام میں جانا۔ خوشبو سونگھنا۔ نرم لباس پہننا۔ اور تین چیزیں لاغر کرتی ہیں۔ ہمیشہ انڈہ۔ مچھلی اور کھجور کا پھل کھانا۔

جولائی اس ماہ آپ کو اپنی سیاسی سماجی زندگی کیلیے بہت ہی کوششیں کرنا ہونگی اس ماہ آپ کو کسی ظالم یا جابر کے سامنے سچ کہنے کا موقع ملے گا۔ یہ جہاد ہے سچ منہ پر کہہ دیں لیکن اپنے رویہ میں نرمی اور لچک ضرور پیدا کریں ایسا نہ ہو کہ ڈنڈا اٹھا کر سچ کہنے کی ٹھان لیں۔ وقت سے سمجھوتہ کرنیکی آپ میں صلاحیت ہے۔ اپنے کاروبار کو اس ماہ جدید انداز سے آپ سنبھالنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ دوکانداری کی ڈیلنگ آپ کی بہت اچھی ہے آپ کی گفتگو سے متاثر ہوئے بغیر کوئی نہیں رہ سکتا۔ لیکن ہر آدمی میں ایک منفی پہلو بھی ہوتا ہے آپ اپنے اندر فراخ دلی اور وعدہ کا پاس ضرور رکھیں۔ اس ماہ طلباء حضرات کو زیادہ سے زیادہ علمی محنت کرنا ہوگی۔ پھر کہیں جا کر ان کو کامیابی کی نوید ہے۔ طلباء کو فی الوقت دولت وعورت سے کم دلچسپی رکھنا ہوگی تاکہ وہ عظیم مقاصد حاصل کرلیں ان کے راستے کی رکاوٹ عشق ہی تو ہوتا ہے عیش پرستی انسان کو ناکام بنا دیتی ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ نے ہر نسل کا ایک سردار بنایا ہے گدھ کو پرندوں کا سردار بنایا گیا۔ گائے چوپایوں کی سردار ہے۔ شیر درندوں کا سردار ہے۔ اسرافیل ملائکہ کا سردار ہے۔ حضرت آدمؑ انسانوں کے سردار ہیں۔ جمعہ دنوں سردار ہے۔ ماہ رمضان مہینوں کا سردار ہے۔ میں انبیاءؑ کا سردار ہوں اور حضرت علیؑ اولیاءؑ کے سردار ہیں۔

اگست سال کا یہ مہینہ غیر ملکی سنبلہ افراد کیلیے نام کے لحاظ سے پراثر رہے گا جن کا نام کا عدد ۴ اور ۶ ہے تو ان کے تمام اُمور عرصہ دراز سے رُکے ہوئے کام اس ماہ میں ہی ہو جائیں گے۔ اور باقی اعداد رکھنے والے حضرات نشیب وفراز میں نظر آتے ہیں ہاں جو لوگ خیرات خداوندی اور اللہ کی رضا پر راضی ہو کر شکر خداوندی اور بندگی خدا میں رہتے ہیں اللہ ان کو کامیابی کی نوید دیتا ہے۔ آپ اللہ پر بھروسہ کریں۔ دعا کے ساتھ صدقہ ضرور دیں۔ موسمی حالات کے تحت صحت کا خیال ضرور کریں۔ رات نیند کیلیے اور نماز شب آپ کے تمام مسائل کا حل ہے۔ غیر ملکی سفر تو کم ہے البتہ زیارات کے سفر فائدہ مند ہو سکتے ہیں۔ اس دوران حلقہ احباب سے خوشی کی امید ہے حلقہ احباب سے وابستہ امید مالی مفاد کا پیغام ہیں۔ عزیز اقارب سے مزید رشتے ناطے بڑھیں گے صلہ رحمی تو آپ کا خاصہ ہے اور درازی عمر کا راز ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ گناہان کبیرہ نو ہیں۔ چار قسم کا تعلق زبان سے ہے۔ شرک، جھوٹی گواہی، عفیفہ عورت پر الزام تراشی وجادو،

ستمبر اس ماہ مالی حالات تو آپ کے بہتر رہیں گے لیکن آپ کے سیارہ کی وجہ سے آپ کے اندر بہت غصہ اور الجھاؤ پیدا ہوگا۔ اس ماہ آپ سلام قولاً من رب رحیم کی تسبیح (135) بار روزانہ ایک سو پینتس بار ضرور پڑھیں۔ بہت اہم ہے، بہت ہی آپ کو سکون ملے گا۔ آپ کی ذہنی دباؤ اور بلڈ پریشر میں بھی سود مند ثابت ہوگا۔ آپ کو تیز رفتاری سے گریز کرنا ہوگا۔ کسی سے قانونی ومقدمہ بازی سے گریز کرنا ہے آپ کے رشتہ دار آپ کو پریشان کریں گے۔ زرعی امور سے تعلق رکھنے والے حضرات اپنی فصلات پر موسمی حالات اور ارضی حشرات الارض سے نقصان میں رہیں گے۔ صرف گنے کی کاشت کار ہی کم نقصان میں رہیں گے۔ ملازمت پیشہ حضرات اپنی صلاحیت سے پرسکون ہو جائیں گے حکام بالا سے تعلقات میں اضافہ ہوگا۔ بلکہ فائدہ کا موجب بھی ہوگا۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا باقی پانچ کبیرہ گناہ یہ ہیں۔ جن دو گناہوں کا تعلق شکم سے ہے۔ سود خوری، ظلم سے یتیموں کا مال کھانا، ایک کا تعلق ہاتھ سے ہے ناحق کسی کو قتل کرنا، ایک کا تعلق قدموں سے ہے جہاد سے بھاگنا، ایک کا تعلق سارے بدن سے ہے والدین کی نافرمانی کرنا، اگر ہلاکت سے بچنا چاہتے ہو تو ان نو گناہوں سے پرہیز کرو۔

اکتوبر سال کا دسواں ماہ آپ کو یہ یاد دلاتا ہے کہ آپ شرعی اُمور کی ذمہ داری کو احسن طریقہ سے نہیں نبھا رہے حلال وحرام میں امتیاز رکھیں۔ حرام کا رزق کھانے والوں پر اسلامی اقدار کا خاک اثر ہوگا۔ ۱۸اکتوبر کو چاند گرہن اور ۲۴ کو سورج گرہن ہے اور اعمال گرہن ضرور بجالائیں۔ میری بات کا برامت منانا اس ماہ کئی سنبلہ افراد اپنی ملازمت سے ہاتھ دھو بیٹھیں گے ان میں اکثریت پولیس حضرات کی ہے اور ٹریفک والے حضرات بھی لاپرواہی سے گندے حالات کا شکار ہو جائیں گے۔ آپ جہاں ملازمت کے فرائض ادا کر رہے ہیں خدا کی اسی نعمت کا شکر ادا کریں اور اس کے دیئے ہوئے رزق پر استفادہ کریں۔ سنبلہ سیاست دان بچی کچی عزت بھی خاک میں ملا کر بیٹھ جائیں گے ان کی نظر میں اقتدار کو بدلنا ہے اصل میں اس نظام کو بدلنا ہوگا اور اپنے معاشرہ کو پاک رکھنے میں ہر ایک کا فرض ہے برے کام خود نہ کریں اور دوسرں کو منع کریں تعلیم سے متعلق حضرات غیر تعلیمی سرگرمیوں میں مبتلا ہو جائیں گے علم تو اس کو ملتا ہے جو اسے جدو جہد اور خلوص دل سے سعی کرتا ہے علم کے عدد چودہ ہیں یہ صرف چودہ ہی کے وسیلہ سے نصیب میں آتا ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جب میری امت میں پانچ کام ظاہر ہوں گے تو اللہ ان کو پانچ قسم کی سزا دے گا۔ جب دُعا مانگنا کم کریں گے تو مصائب نازل ہوں گے، جب صدقہ دینا چھوڑ دیں گے تو بیماریاں بڑھیں گی۔ جب بادشاہ ظلم کریں گے تو بارش روک لی جائے گی، جب زنا عام ہو جائے گا تو ناگہانی اموات زیادہ ہوں گے، جب ناپ تول میں کمی کریں گے تو ان پر قحط مسلط کیا جائے گا۔

نومبر سال کا گیارہواں ماہ آپ کیلئے پرامید بھی ہے اور پرسکون بھی۔ نئی سرمایہ کاری سے بہت فائدہ ہوگا۔ تاریخ اور وقت کے ساتھ ساتھ نام کا عدد کا خیال رکھیں۔ کہیں لینے کے دینے نہ پڑھ جائیں۔ نئی شراکت فائدہ مند ہے لیکن اس میں کسی اچھے عالم باعمل انسان سے استخارہ ضرور کرانا ہوگا۔ اور اس پر عمل کرنے سے آپ کے تمام مسائل حل ہوں گے۔ غیر ملکی حضرات کو پرسکون وقت میسر ہوگا۔ اس سال کے آخری ماہ آپ کیلئے نہایت اہم اور اُمید افزاء ہیں آپ اپنی بقیہ آمدن سالوں کیلئے خوب سوچ کر اچھی منصوبہ بندی کرلیں۔ انتہا پسند عالم سے دور رہیں بلکہ اپنے بچوں کو ایسی درس گاہوں سے دور رکھیں جن سے انسانیت کی فلاح کو خطرہ ہو۔ کفر کی حکومت چل سکتی ہے۔ ظالم کی حکومت نہیں چل سکتی۔ اپنے ماحول اور معاشرہ میں آپ اپنے اہل وعیال کو اچھی تعلیم وتربیت آپ کی ذمہ داری اور اچھی تعلیم انسان کیلئے صدقہ جاریہ ہے روحانی فرائض اور شرعی امور میں توجہ دیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ انسانوں سے الفت آدھی عقل ہے۔ غم آدھا بڑھاپا ہے۔

دسمبر یہ سال کا آخری ماہ ہے آپ کے لئے پچھلے ماہ سے قدرے مختلف اور بہتر ثابت ہوگا اس ماہ صحت کا خیال رکھنا ہوگا۔ بہت سارے اندرون ملک سفروں سے فائدہ کا امکان ہے سفر باعث ظفر ثابت ہونگے اس ماہ آپ کی طبعیت میں روحانی کیفیت بھی پیدا ہوگی۔ آپ کو ایسی محافل ایسے ماحول سے دور رہنا ہوگا جس سے آپ کی عزت پر حرف آئے شرف زہرہ وعطارد کا نقش اور لوح نصیب پاس رکھنا ہوگا تا کہ آپ کے تمام امور بخوبی احسن طریقہ سے حل ہوں اور آپ کامیابی کی منازل طے کرسکیں بڑے شاہ صاحب سے وقت لیکر یا قمر نقی شاہ سے مل سکتے ہیں۔ اپنے امور ومسائل میں بہتری کیلئے پوچھ سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپ کامیابی حاصل کرلیں گے تاہم اس سال صحت کے حوالے سے قطعی لاپرواہی کا اثر اپنے اوپر حائل نہ ہونے دیں۔ امور شرعی میں دلچسپی رکھیں۔ صدقہ ضرور دیں، نماز شب اور حلال رزق عین عبادت ہے۔ زبان پر کنٹرول رکھنا۔ اور خیالات کو پاک رکھنا عبادت سے کم نہیں۔ حنا رنگ لاتی ہے پتھر پر پس جانے کے بعد میرے وطن میں ضمیر جاگ رہا ہے ٹھوکریں کھانے کے بعد۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا اول سلام بعد کلام۔

اپنے حالات زندگی سے مکمل آگاھی کیلئے

ماہر علم جفر رمل ونقوش

سید قمر نقی و اطہر نقی

سے کسی بھی سوال کا جواب بذریعہ مستحصلہ علم جفر

مومنین ومومنات تمام پریشانیوں سے نجات کیلئے محمد وآل محمد کے عطا کردہ علم کے مطابق زائچہ بنوائیں علم جفر کے مطابق مخصوص پریشانیوں کی نشاندہی کے بعد آیات قرآنی سے اس کا حل تجویز کیا جاتا ہے

تمام اصلی نگینے

عقیق۔ فیروزہ۔ درنجف۔
زمرد۔ زبرجد۔ مرجان۔
اوپل۔ نیلم۔ اور یاقوت

لائف ٹائم گارنٹی کے ساتھ حاصل کیجئے

اس کے علاوہ ہر شرف کے خصوصی موقع پر مخصوص اوقات میں خصوصی عملیات واہتمام کے ساتھ نقش تیار کیئے جاتے ہیں

0333-2907502
021-34297811

نایاب تبرکات سینٹر بک ڈپو رجسٹرڈ

شاپ نمبر 1، R-691/20 خیر العمل روڈ انچولی، ایف بی ایریا کراچی۔

اپنے حالات زندگی سے مکمل آگاھی کیلئے

ماہر علم جفر ونقوش

سید ریاض نقی وسید نیر حسین نقی

سے کسی بھی سوال کا جواب بذریعہ مستحصلہ علم جفر

مومنین ومومنات تمام پریشانیوں سے نجات کیلئے محمد وآل محمد کے عطا کردہ علم کے مطابق زائچہ بنوائیں علم جفر کے مطابق مخصوص پریشانیوں کی نشاندہی کے بعد آیات قرآنی سے اس کا حل تجویز کیا جاتا ہے

تمام اصلی نگینے

عقیق۔ فیروزہ۔ درنجف۔
زمرد۔ زبرجد۔ مرجان۔
اوپل۔ نیلم۔ اور یاقوت

لائف ٹائم گارنٹی کے ساتھ حاصل کیجئے

اس کے علاوہ ہر شرف کے خصوصی موقع پر مخصوص اوقات میں خصوصی عملیات واہتمام کے ساتھ نقش تیار کیئے جاتے ہیں

0333-2907502
0333-2879805

نایاب تبرکات سینٹر بک ڈپو رجسٹرڈ

(برانچ) اسلامیہ ماڈل کالونی رحیم یار خان پنجاب

حروف	ر،ت،ط
دن	جمعہ
موافق برج	دلو، جوزا
رنگ	پیلا، زرد گہرا
عدد	۵
ناموافق برج	جدی، حمل، سرطان

برج میزان

Libra

SEP-21 to OCT-20

تاریخ پیدائش: 21 ستمبر تا 20 اکتوبر

سیارہ: زہرہ

موافق نگینے: ہیرا، اوپل، زبرجد

ممکنہ امراض: کمر کی تکلیف، نزلہ زکام، سر درد، گردوں کا درد، آنکھوں کی بیماریاں

جنوری سال نو کا پہلا ماہ آپ کے لئے تشویش کا باعث بن سکتا ہے۔ گذشتہ سال سے آپ اپنی صحت سے جو لاپرواہی کا مظاہرہ کرتے رہے ہیں اس سال ایسا کرنا ممکن نہ ہوگا۔ غذا میں اعتدال رکھیں۔ موسم سے اپنے آپ کو محفوظ رکھیں آپ میں انتھک کام کرنے کی عادت ہے ذرا آپ اپنے آپ کو پرسکون بنائیں گھریلو و عزیز اقارب سے آئی ہوئی پریشانیوں کو ذہن میں جگہ نہ دیں یاد رہے ہضم غذا اور کچی سبزیوں و سلاد سے آپ کو فائدہ ممکن ہے۔ آمدنی و اخراجات میں توازن برقرار رکھیں۔ مالی لحاظ سے بڑے فائدے کا امکان ہے۔ ماحول سے آپ کی شخصیت داغدار ہو سکتی ہے سیاست دان میزانی حضرات کو ایک بار پھر آنے کا موقع مل رہا ہے۔ جلد اپنا مقام پیدا کرنے میں انہیں اپنی بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کا صحیح وقت آپہنچا ہے۔ زراعت سے تعلق رکھنے والے حضرات بھی سکون سے وقت گزارنے کا ان کو اس سے اچھا موقع بڑھ کر کم نصیب نہ ہوگا۔ آپ کی مالی امور میں دلچسپی بڑھے گی۔

فروری سال کا دوسرا ماہ بھی آپ کیلئے بہتر ہے۔ اس دوران بے روزگاری مایوسی اور احساس کمتری یا احساس محرومی سے نجات ملے گی۔ طلباء کیلئے یہ وقت نہایت اہم ہے اس وقت سے ان کو فائدہ حاصل کرنا ہوگا علم جدوجہد کا نام ہے جو جتنا خلوص اور دل جمعی سے علم کے حصول کی کوشش کرے گا وہ اس سے اتنا دامن بھر لے گا۔ غیر ملکی سفر سے میزانی حضرات کو بہت اہم چانس ملیں گے۔ اس ماہ میں کیا ہوا سفر درمیانہ درجہ کا فائدہ دے گا حلقہ احباب سے وابستہ امیدیں برعکس ثابت ہونگی۔ آپ کے خفیہ مخالفین آپ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے اس ماہ آپ کو گوشت کا صدقہ دینا ہوگا۔ وقت اور مقدار کیلئے قمر نقی اور ثمر نقی سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ پلوٹو زہرہ کی سرگرمیوں سے ذہنی انتشار پیدا ہوگا۔ دوسرے عشرہ میں اپنے جذبات سے غصہ پر کنٹرول رکھیں کسی مقدمہ یا قانونی چارہ جوئی سے کم بہتری ہوگی بلاوجہ بحث تکرار سے مخالفین میں اضافہ ہوگا۔ سچے اچھے دوست سے ملاقات بھی میسر ہو سکتی ہے۔

مارچ آپ کو اپنی غیر معمولی دانش مندی سے آگے بڑھنا ہے۔ آپ میں بات چیت کا طریقہ تو بہت ہے اپنی خوش اخلاقی کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ اپنے کاروباری معاملات کو اچھے طریقہ سے ہینڈل کریں۔ نوروز کے اعمال بجالانے سے قبل اچھا سا صدقہ کا بندوبست کریں۔ جو صدقہ اپنے غریب رشتہ داروں میں تقسیم کریں۔ ان کو یہ احساس نہ ہو کہ آپ ان کو صدقہ دے رہے ہیں سب سے اول والدین کو ناراض نہ کریں بلکہ ان سے لمبی دعا لینے کی ترغیب نکالیں۔ زرعی میزانی حضرات مستحکم ہو جائیں گے۔ البتہ ملازم پیشہ حضرات پریشانی ولا پرواہی سے دوچار ہو سکتے ہیں۔ ملک میں بدامنی اور ارضی آفات سے بچنے کیلئے احتیاط کرنا ہوگی۔ سورۃ حشر کی اس ماہ اور اگلے ماہ ضرور تلاوت کریں۔ بہتر عمل تو اس طرح ہے۔ نوروز سے اس عمل کو شروع کریں۔ نماز صبح میں سورۃ بالا ایک بار اور آخر میں یا فتاح کو دس بار ظہرین میں دو بار تین بار اول آخر یا باسط دس بار اور نماز مغرب میں چار بار اول آخر یا رزاق اور پانچ بار نماز عشاء میں اول و آخر الوھاب دس بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں دوران تلاوت گفتگو کسی فرد سے نہ کریں سوائے والدین سے ان کیلئے پابندی نہیں ہے۔

اپریل اپریل میں پھر آپ دیکھ لینا کہ کامیابی نے کس طرح آپ پر مہربانی کی ہے ۱۵ اپریل چاند گرہن ۲۹ سورج گرہن ہے اعمال گرہن ضرور بجالائیں۔ آپ معاشی طور پر بہت مضبوط ہو جائیں گے۔ اس دوران آپکے حلقہ احباب میں غیر معمولی اضافہ بھی ہوگا آپکے اندر لچکدارنہ صلاحیت اور روحانی جذبہ بھی پیدا ہوگا۔ اس دوران آپ سے اچھا کام سرزد ہوگا جس کی وجہ سے آپ کی عزت افزائی میں اضافہ ہوگا حکام بالا سے تعلقات استوار ہونگے آپ کو شرف زہرہ میں لوح لاریب بنوانے سے غیر متوقع مفادات ملیں گے۔ مدت کی خواہشات مکمل ہو جائے گی اکثر خواتین میزانی طبع پر ہیں ان کے رشتہ کے اسباب پیدا ہونگے اور ان کے چہرے پر مسرت کی لہر دوڑ جائے گی۔

مئی یہ ماہ آپ کیلئے غیر متوقع ثابت ہوگا اس ماہ میں اکثر غیر متوقع اخراجات سے واسطہ پڑے گا کسی عزیز و اقارب سے بھی جدائی کا غم سہنا ہوگا۔ اس ماہ میں آپ کو فکرات اور پریشانی کافی ہوگی آپکے اندر حوصلہ اور جذبہ ایمانی موجود ہے۔ اللہ پر بھروسہ رکھیں۔ کاروباری حضرات کیلئے یہ مہینہ ناکافی ہوگا امور میں الجھاؤ رہے گا۔ اس دوران رحمت خداوندی سے ناامید بالکل نہ ہوں کالی دال کا صدقہ ضرور دیں بلکہ جا کر دریا یا سمندر یا نہر میں مچھلیوں کو ڈالیں۔ اپنے اردگرد فریب لوگوں کا خیال رکھیں ایک بار پھر آپ پر قسمت مہربان ہو سکتی ہے۔ لیکن یہ آپ کی سوچ پر ہے کہ تنگ نظری سے معاملات کو دیکھا تو مزید ناکامی کی دلدل میں چلے جائیں گے۔ اگر مزاج عقلی اور ذہنی بلندی کا ثبوت دیا تو یقینی فائدہ ملے گا۔ خدا سے راہ مستقیم کی دعا کریں کسی تفرقہ میں نہ جائیں ورنہ بڑے عذاب سے گزرنا ہوگا۔ صدقہ اور دعا کی وجہ سے آپ کے بند راستے کھل جائیں گے۔

جون یہ ماہ آپ کیلئے متوسط اور گرم کن ثابت ہوگا۔ موسم یقینی گرم ہوگا۔ زراعت سے تعلق رکھنے والے حضرات اپنی آمدنی لے دے کے برابر ہو کر سکون کا سانس لینگے۔ جن کا

نام کا عدد (۱۹) ہے وہ میزانی حضرات ثمرات سے فائدہ حاصل کریں گے ان کے تمام امور میں ایک کامیابی کی جھلک نظر آتی ہے۔ تعلیمی حضرات اپنے مقصد کو حاصل کرنے میں محنت سے کامیابی کی طرف رواں دواں رہیں گے۔ ملازم پیشہ حضرات کو افسران بالا سے اچھی خوشی کی خبر ملے گی اس پہ عمل درآمد دیر سے ہوگا لیکن ان کی آمدنی میں اضافہ خوش ثابت ہوگا۔ غیر ملکی سفر سے احتیاط برتنا ہوگا۔ خفیہ سازش سے بچنے کیلئے آپ کو ہوشیار اور چالاکی سے رہنا ہوگا۔ البتہ اندرون ملک میں کافی فائدہ نظر آتا ہے۔ اچھے اچھے حضرات سے ملاقات سے فائدہ اور خوشخبری نصیب ہوگی۔ آپ کے گھر میں کسی نئے مہمان کی آمد متوقع ہے۔ جو کہ پر مسرت ثابت ہوگی۔

جولائی آپ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو خوب اچھے طریقے سے نبھائیں۔ کسی پر بے جا اعتماد یا بھروسہ آپ کیلئے نقصان دہ ثابت ہوگا۔ کسی کا خاص طور پر ضامن بننا نقصان دہ ثابت ہوگا آپ کو سنبھلنے کا موقع آرہا ہے۔ ایک عزیز آپ کی دشمنی میں ملوث ہے۔ احتیاط رکھیں۔ آپ عزیز اقارب پر احسان کرتے رہیں بلکہ ان کے شر سے بچنے کے طریقے بھی سوچتے رہیں۔ نماز شب کی عادت اپنے میں ڈالیں آپ کے تمام امور میں کامیابی ہوگی۔ غیر ملکی سفر باعث ظفر ثابت ہوگا۔ اس دوران آپ کے اندر انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کی خواہش ابھرے گی جو کہ آپ کے حق میں بہتر نہیں ہے۔ البتہ جانور پالنے والے میزانی افراد کو کافی دولت ملے گی۔ اور ساتھ ساتھ سیاست دان حضرات اپنے اکاؤنٹ میں اضافہ کا سبب بھی دیکھیں گے۔

اگست مقامی حکومت کا تعاون حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ آپکے ہاتھ میں دولت تو اس ماہ بہت آئے گی یہ آپ کا معاملہ ہے طریقہ کار۔ حلال کے ذریعہ حاصل کیا گیا روپیہ باعث برکت ثابت ہوتا ہے کالا دھن ہمیشہ انسان کو فکرات اور بربادی کی طرف لے جاتا ہے۔ آپ تو روحانی حضرات ہیں۔ آپ کو روحانیت کی طرف توجہ دینا چاہیے۔ سیاست دان اپنی سرگرمیوں کے دوران دہشت گردی سے ہوشیار رہیں۔ ملازم پیشہ حضرات کو کافی اس ماہ ذہنی سکون ملے گا۔ البتہ اس دوران اپنے وزن اور صحت کا حقیقی خیال رکھیں دوران سفر احتیاط برتیں انتھک کام کرنے سے آپ آرام کا خیال ضرور کریں۔ ایسی محافل اور ایسی سوسائٹی سے آپ اپنے کو دور رکھیں جن سے لوگ آپ پر انگلیاں آٹھائیں۔ دل زبان نیت پر کنٹرول سے بہت سے مسائل حل ہو جاتے ہیں۔ گھریلو پریشانی اس ماہ کے آخری عشرہ میں آئے گی۔ آپ اپنی تحمل مزاجی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس کو حل کرلیں گے۔ اپنے کاروباری معاملات میں۔ آپ کو نئی سرمایہ کاری سے فائدہ ہوگا لیکن اس دوران شراکت داری سے نقصان کا احتمال ہے۔

ستمبر یہ مہینہ آپ کیلئے محنت طلب ہے۔ اس ماہ آپ کو لاپرواہی نہیں کرنا ہوگی۔ اپنے کام پر خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ زراعت سے منسلک حضرات اپنے فصلات اور باغات پر لاپرواہی سے ارضی حادثات کا شکار بن سکتے ہیں۔ جاگتے رہنا ہے۔ تب جا کر آپ کو معاشی استحکام نصیب ہوگا۔ ملازم پیشہ حضرات سے عرض ہے کہ اپنی تقریر اور تحریر پر ضبط سے کام لیں۔ ان کی بلاوجہ دل شکنی ہوگی حکام بالا کی نظر میں ان کا مقام گرنے کا اندیشہ ہے۔ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو ذمہ داری سے نبھائیں۔ طلباء حضرات کو امتحان میں اور اپنے علمی و عملی ادوار میں فائدہ ملے گا۔ آپ کا بیرون سفر بہت ہے تاہم اندورن ملک سفر سے آپ کو فائدہ اور خوشی نصیب ہوگی۔ اس ماہ آخر میں آپکو مالی مفادات حاصل ہونگے۔ آپ کو دلی سکون بھی ملے گا۔

اکتوبر آپ کے حلقہ احباب سے آپ کو خوشی ملے گی۔ آپ کے امور میں کامیابی کے اسباب بھی پیدا ہوں گے۔ ۱۸ اکتوبر چاند گرہن ۲۴ سورج گرہن ہے اعمال گرہن ضرور بجالائیں۔ آپ کی عزت و تکریم میں اضافہ ہوگا آپ کو حج و زیارات کا بھی شرف حاصل ہوسکتا ہے۔ آپ کی مدت کی خواہش کی تکمیل ممکن ہوگی۔ آپ اپنے اردگرد غریب لوگوں کی بھرپور مدد کرنے میں آپ کو دلی سکون ملے گا۔ آپ اپنے بزرگوں کی مشاورت سے کیئے گئے کاموں سے بھرپور فائدہ حاصل کریں گے۔ اپنے اندر نرمی اور لچک کا عنصر پیدا کریں اور دوست دشمن میں امتیاز رکھیں۔ آپ کے تمام مخالفین ملکر اس ماہ آپ پر مضبوط طریقے سے نقصان دینے کی کوشش کریں گے۔ سحر و جادو سے بھی بندش کرانے سے گریز نہ کریں گے۔ آپ امور شرعیہ کی پابندی سے اور تلاوت پاک اور صدقہ سے ان کا مقابلہ اچھے انداز میں کرلیں گے۔ آپ قوت ایمانی و مضبوط قوت ارادی اور فطری قوت مشاہدہ سے ان کو ناکام بنادینگے۔

نومبر صحت کے لحاظ سے یہ ماہ آپ کیلئے سودمند ثابت نہ ہوگا۔ اپنے آپ کو موسم اور غذا سے ہی کنٹرول کریں۔ وزن نہ بڑھنے دیں تلی سڑی اشیاء سے پرہیز کریں۔ کھانا کھانے سے پہلے پانچ بار بسم اللہ ضرور پڑھیں وہ کھانا آپ کیلئے نقصان کا سبب نہ ہوگا اور اس ماہ میں چند چیزوں کا صدقہ بروز جمعہ کو دیں اس طرح سات جمعہ پورے کریں۔ پہلے جمعہ کو انڈا، دوسرے جمعہ کو چینی، تیسرے جمعہ کو آٹا اور چوتھے جمعہ کو چاول، پانچویں جمعہ کو سفید کپڑا، چھٹے کو گوشت، ساتویں جمعہ کو زندہ مرغی دینے سے صحت سلامتی ملے گی۔ معاشی لحاظ سے یہ ماہ بہتری کا سبب ہوگا اس ماہ سفر سے گریز کرنا بہتر ہے۔ اس ماہ نئی سرمایہ کاری نہ کریں بلکہ اگلے ماہ کی کسی سعد تاریخ کا انتخاب کریں۔ کام کرنے سے پہلے کسی اچھے عامل سے مشاورت ضرور کریں۔


دسمبر بارھواں مہینہ جو کہ سال کا آخری مہینہ ہے آپ کیلئے یہ سال پچھلے سالوں کی نسبت بہت اہم ہے۔ اس سال کیلئے کی گئی دانش مندی سے منصوبہ بندی آئندہ چار سال کیلئے معاشی استحکام لاسکتی ہے۔ اس سال کی سست روی اور غفلت آپ کو ہمیشہ کیلئے غیر اہم بناوئے گی۔ زراعت سے تعلق رکھنے والے حضرات کو مالی مفادات نصیب ہونگے۔ ان کو چاہیے وہ اپنے گھر زیادہ سے زیادہ جانور پالیں ان کو ان سے خلاف توقع فائدہ ملے گا۔ اس سال کی لوح سبا سب اپنے پاس رکھنے سے مٹی کو ہاتھ لگانے سے سونا ہو جانا ناممکن نہ ہوگا۔ یہ سال آپ کو آگے بڑھنے کا حوصلہ اور ولولہ عطا کر رہا ہے آپ اچھی سمت سے قدم بڑھائیں کامیابی آپ کا مقدر ہوگی روحانی عملیات سے استفادہ حاصل کرتے رہیں۔ آپ کی ترقی کیلئے دلی دعا گو ہوں۔

حروف	ن، ذ، ض، ط	رنگ	سرخ
دن	منگل	عدد	۹
موافق برج	حوت، سرطان	ناموافق برج	دلو، ثور، اسد

برج **عقرب**

Scorpio

OCT-22 to NOV-24



تاریخ پیدائش

22 اکتوبر تا 24 نومبر

سیارہ مریخ

موافق نگینے: پکھراج، سرخ عقیق، یاقوت، موتی، مرجان

ممکنہ امراض سر، حلق و ناک پچس، معدہ، نزلہ کی بیماریاں

جنوری آپ کے لیے نیا سال بہت اہم ثابت ہوگا آپ کی جدوجہد میں اضافہ اور آپ کو اپنی صلاحیتوں کا بھرپور اظہار کا موقع ملے گا اور گھریلو پریشانی ذہن پر سوار رہے گی ملازم پیشہ حضرات کو ترقی کا چانس قوی ہے ان کی صلاحیت کو سراہا بھی جائے گا اس ماہ کے دوسرے عشرے میں پلوٹو کی وجہ سے آپ کے جذبات میں غیر معمولی اضافہ ممکن ہے صبر کا دامن ہاتھ سے نہ جانے دیں امور شرعیہ میں توجہ دیں کسی سے الجھنا یا غصہ کرنا آپ کے حلقہ احباب میں کمی کا باعث بن سکتا ہے اس ماہ کالی چیز کا صدقہ دیں مثال کے طور پر کالا بکرا کالی مرغی کالی دالیں وغیرہ اور آنے والی آفات سے نجات ملے گی زراعت پیشہ افراد کو کافی آخرجات کا سامنا کرنا پڑے گا زرعی آلات کا کام کرنے والے افراد کو خوب فاہدہ حاصل ہوگا طلبہ حضرات کے لیے یہ ماہ کافی کامیابی و کامرانی کا ہے

فروری آپ کا دوسرا ماہ بھی اخراجات کے حوالے سے اہم اور غیر متوقع اخراجات سے واسطہ پڑے گا آمدن اور اخراجات میں توازن پیدا کرنے سے فاہدہ ہوگا اس ماہ کسی پر بے جا بھروسہ مت کریں کسی کا ضامن بننا نقصان کا باعث بن سکتا ہے اور ایک عورت کے ذریعے مخالفت کا اندیشہ ہے آپ کی ساکھ کو نقصان ہوسکتا ہے آپ کو ایسی سوسائٹی والی محافل سے دور رہنا چاہیے جس سے آپ کا دامن داغدار ہونے کا اندیشہ ہو اپنی نیت اور دل اور زبان پر کنٹرول رکھیں اور برے خیالات کو صاف رکھیں سورہ الم نشرح کی روزانہ پانچ بار ہر نماز کے ساتھ تلاوت کرنے سے دلی سکون حاصل ہوگا سیاست سے متعلق حضرات غیر یقینی سے دوچار رہیں گے ملازم پیشہ حضرات کو اپنے امور کی ادائیگی میں سستی نہیں کرنا ہوگی۔

مارچ سال کا تیسرا مہینہ بھی آپ کے لیے متوسط ہے نوروز کے اعمال بجالائیں۔ حسب توفیق صدقہ دیں۔ واقعی آپ کفایت شعار ہیں لیکن صدقہ کے معاملہ میں کفایت شعاری کو دور رکھیں اپنے بزرگوں اور والدین کو خوش رکھنا اور ان کی دل جوئی کرنا آپ کی کامیابی کی دلیل ہے۔ کوئی بزرگ عزیز کی خدمت بھی صلہ رحمی ثابت ہوگی۔ غصہ اس ماہ آپ کو نہیں کرنا چاہیے۔ زراعت کے پیشہ ورانہ حضرات کو اخراجات سے واسطہ پڑے گا۔ تاہم جائیدادی معاملات سے بڑے فائدے کا امکان ہے۔ اس ماہ غیر ملکی سفر کا بھی چانس ہے آپ کے لیے سفر باعث ظفر ہوگا۔ سیاستدان حضرات کو سکون نصیب ہوگا۔ ملازم پیشہ حضرات ہمیشہ کی طرح فائدہ میں رہیں گے۔ آپ کے لیے رزق حلال عین عبادت ہے۔ لالچ سے بالکل دور رہیں۔ ورنہ آپ کی عزت خاک میں مل جائے گی۔ عشق سے بھی ذرا کنارہ کشی اختیار کریں۔ زیادہ وقت اپنے امور کی ادائیگی میں صرف کرنے سے آپ کو سکون قلبی نصیب ہوگا۔ صنعت کار حضرات کو اپنے امور میں خاطر خواہ کامیابی حاصل ہوگی۔ صدقہ اس ماہ میں آپ ضرور ادا کریں۔

اپریل نئے سال کا چوتھا ماہ آپ کے لیے خوشی و مسرت کی نوید لا رہا ہے۔ اس میں شرف شمس لوح نصیب بنواکر اپنے پاس رکھنے سے آئندہ چار سال کے لیے اپنے آپ کو محفوظ کرلیں۔ اس سے آپ کو معاشی امور میں بہتری کا سبب میسر ہوگا۔ جو کہ آپ کے تصور میں بھی نہیں ہے۔ غیروں سے تعلقات بہتر استوار ہونگے نئی نئی رشتے داری ممکن ہوگی۔ اس نئی رشتے داری سے مسرت ملے گی آپ کے حلقہ احباب میں مخلص دوستوں کا اضافہ ہوگا۔ اپنے عزیز و اقارب سے وابستہ امیدیں پوری نہ ہوسکیں گی۔ امور شرعیہ میں غفلت نہ کریں۔ سیر و سیاحت سے آپ کو خوشی نصیب ہوگی۔ یہ ماہ آپ کی صحت کے لیے احتیاط طلب ہے۔ غذا میں اعتدال برتیں۔ ورنہ معدہ کی خرابی اور کم خوابی آپ کو ذہنی ڈپریشن کا شکار بنالے گی وقت کی پابندی اور غذا میں احتیاط سے آپ اپنے پر کنٹرول کرلیں گے۔ غیر شادی شدہ عقربی افراد کی رشتہ کی بات چلنے کا امکان ہے۔ زراعت سے تعلق رکھنے والے حضرات کا یہ مہینہ فائدہ کا سبب بنے گا ان کو اپنی توقع سے زیادہ روپیہ ہاتھ میں آئے گا۔

مئی زندگی کے نشیب و فراز سے انسان کا واسطہ پڑتا رہتا ہے آپ کے لیے یہ مہینہ بہت خوش آئین ہے۔ آپ کی مدت سے رکی ہوئی جائیداد اور وراثت سے آپ کو مالی فائدہ ملے گا غیر متوقع آمدنی سے آپ کا گھر خوشیوں سے بھر جائے گا۔ گھر میں کسی کی محبت متاثر ہوگی اس خوشی کے موقع پر صدقہ ضرور دیں اور شکرانہ بجالانے میں سستی نہ کریں۔ اپنے بزرگوں کی مشاورت سے آئندہ کے لیے اچھی منصوبہ بندی کریں۔ مدت سے رکے ہوئے ملازمت کے خواہش مند حضرات کی بھی ملازمت یقینی ہوگی۔ یہ وقت ان کو سات سال بعد نصیب ہو رہا ہے۔ اپنے فرائض خوش اسلوبی سے انجام دیں اس ماہ جلد بازی یا تیز رفتاری سے پرہیز کریں۔ لاپروائی سے کسی حادثے کا خدشہ ہے۔ گھریلو افراد پر توجہ دینا ہوگی ان کے ساتھ آپ کو مل بیٹھنے سے آپ کو قلبی سکون میسر ہوگا۔ امور شرعیہ کو بھرپور توجہ سے ادا کریں۔

جون سال کا چھٹا ماہ آپ کی تبدیلی کا پیغام لایا ہے۔ آپ اپنے کاروبار کو تبدیل کرسکیں گے۔ یا ملازم پیشہ حضرات اپنا تبادلہ حسب منشا کراسکیں گے جہاں چاہتے ہونگے وہاں تبادلہ ہوجانے سے ان کو ذہنی سکون ملے گا۔ تعلیم سے تعلق رکھنے والے عقربی طلباء اپنی تعلیم میں کامیابی حاصل کرنے میں کامیاب رہیں گے۔ اس دوران طلباء صرف اپنی تعلیمی سرگرمیوں پر نظر رکھیں۔ اپنے کام سے کام رکھیں بلاوجہ اپنا وقت ضائع نہ کریں۔ اپنا علمی ہدف حاصل کرنے میں رات دن ایک کردیں۔ ملازم پیشہ حضرات اپنی تحریر و تقریر پر ضبط

رکھیں ورنہ پریشانی میں گھر جائیں گے۔ صنعت ولوہے سے تعلق رکھنے والے حضرات ملازم اس سال خصوصاً اس ماہ میں خوب منافع کما سکیں گے۔ ان کو چاہیے اس منافع میں حق شرعی زکواۃ وخمس کو دینا نہ بھولیں۔ غفلت وسستی سے لاپروائی جنم لیتی ہے جو مال کو دیمک کی طرح کھا جاتی ہے۔ صلہ رحمی اور سخاوت کا مظاہرہ کریں اپنے واجبات کو ادا کریں۔ سال میں اس سے بہتر موقعہ آپ کو پھر شاید نصیب نہ ہو۔ اس ماہ میں اندرون ملک میں سفر باعث مسرت ہوگا۔

جولائی یہ ماہ آپ کے لیے ملا جلا ہے اس میں برج عقرب رکھنے والے حضرات جن کے نام کا عدد ۲، ۴ یا ۹ بنتا ہے۔ بہت مشکل اور کھٹن ثابت ہوگا۔ مالی نقصان کے ساتھ ساتھ سیاسی وسماجی حلقوں میں عزت خاک میں مل جائے گی۔ ہاں ان حضرات کے لیے بہت بہتر ہے جن کا نام کا عدد سات یا ایک بنتا ہے تاہم اس ماہ میں آپ کو اپنی شعوری طاقتوں کو بروکار لانا ہوگا۔ غصہ وجذبات سے پرہیز کرنا ہوگا۔ رومانی ماحول سے بھی دور رہنا ہوگا۔ ایسی محفل سے اپنے آپ کو دور رکھیں جن سے آپ کی شخصیت داغدار ہو۔ مخالفین آپ کو ایک بار پھر سکون سے نہ بیٹھنے دیں گے۔ خفیہ مخالفین آپ کو ہر طریقے سے نقصان پہنچانے کی تاک میں رہیں گے۔ سحر وجادو سے بھی آپ کو نقصان کا اندیشہ ہے لیکن آپ اس بات پر یقین بہت کم کریں گے۔ مضبوط قوت ارادی اور اچھی حکمت عملی سے اس ماہ کو گزاریں بہتر ثابت ہوگا۔

اگست سال کا آٹھواں مہینہ آپ کو ہمت وصبر کا چیلنج دیتا ہے ۔ سیاسی حضرات کے لیے یہ مہینہ اتنا بہتر نہ ہوگا تاہم صنعت وتجارت سے تعلق رکھنے والے احباب خوشی وسکون کا سانس لیں گے۔ زرعی عقربی افراد کو اخراجات سے واسطہ پڑے گا۔ تاہم باغ بانی والے حضرات اپنے آپ کو پرسکون محسوس کریں گے۔ ملک میں معاشی بدحالی سے آپ کو اپنی معاشی منصوبہ بندی کرنا ہوگی۔ آمدنی اور اخراجات میں توازن اور کفایت شعاری سے آپ کو یقینی کامیابی ہوگی۔ بڑی بڑی امیدیں رکھنے والے حضرات اپنے احباب واقارب سے کوئی خاص فائدہ حاصل نہ کرسکیں گے۔ تاہم صلہ رحمی اور سخاوت کرنے والے حضرات یقیناً کامیاب رہیں گے۔ غیر ملکی سفر کے چانس بہت کم ہیں تاہم اندرون ملک سفر سے فائدہ حاصل ہوگا بے جا بھروسہ کم لوگوں پر رکھیں قانونی الجھاؤ یا مقدمہ بازی سے دور رہیں اس میں آپ کے لیے ناکامی کے سوا کچھ نہیں۔

ستمبر اپنے مخلص دوستوں سے فائدہ حاصل کرنے کا وقت آپہنچا ہے۔ اس ماہ آپ کے حلقہ احباب میں اضافہ ہوگا۔ مریخ کی حرکت سے آپ کے مخالفین میں بھی اضافہ ہو سکتا ہے۔ لیکن اپنی گفتگو کے طرز کو تبدیل رکھیں کسی کے خلاف نازیبا الفاظ استعمال نہ کریں۔ اپنے رویہ میں نرمی پیدا کریں۔ ملازم پیشہ حضرات کو فائدہ ہوگا۔ ان کے حکام بالا سے تعلقات بہتری کی جانب بڑھیں گے۔ سیاستدان حضرات کو اپنی سیاست چمکانے میں کوئی خاص پیش رفت نہیں ہوگی بلکہ پریشانیاں ان کا مقدر بن جائیں گی۔ زراعت سے متعلق حضرات اپنی جائیداد کی خرید وفروخت سے کافی مالی فائدہ حاصل کرسکیں گے۔ شعبہ تعلیم سے منسلک حضرات کو بھی فائدہ ایک صورت میں ہوگا کہ وہ اپنی تمام تر توجہ علم کے حصول پر مرکوز رکھیں جتنا کوشش کرکے علم حاصل کرنا چاہیں گے اتنے ہی حالات ان کے لیے سازگار ثابت ہوں گے۔ موسمی صورتحال سے اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں کسی قسم کی پریشانی کی صورت میں اپنے مخلص بزرگوں سے مشاورت کریں اس ماہ انڈے کا صدقہ ضرور دیں اور ہوسکے تو سفید زندہ مرغی کا تین منگل صدقہ نکالیں یہ آپ کے حق میں بہتر ثابت ہوگا۔

اکتوبر سال کا یہ ماہ آپ کے لیے پرسکون ثابت ہوگا۔ اس ماہ آپ کو کام کرنے کا خوب چانس ملے گا۔ مدت سے رشتے کے متمنی حضرات کا رشتہ اس ماہ میں ممکن ہے۔ بے روزگار حضرات کے لیے قدرت کی طرف سے اچھا سبب پیدا ہوگا۔ آپ کو اس خدائی نعمت سے فائدہ حاصل کرنا ہوگا۔ ملازمت کا چانس ضائع نہ کریں۔ بیرون ملک کے سفر کا بھی چانس مل سکتا ہے۔ اس میں حج وزیارات کے سفر کے علاوہ بھی ممکن ہے۔ بہرحال جو بھی سفر ہے آپ کے لیے ضرور فائدہ مند ہے۔ غیر ملکی عقربی افراد کو بھی غیر ملک اقامتی لحاظ اور مالی لحاظ سے خاطر خواہ فائدہ حاصل ہوگا۔ اس ماہ آپ کا انعامی بانڈ بھی نکل سکتا ہے۔ لیکن جوا وشرط سے پرہیز کریں لالچ آپ کی رسوائی کا باعث بن سکتی ہے۔ قدرت کی رضا پر راضی رہنا بہت اچھی بات ہے۔ روزانہ شکرانہ کی تسبیح پڑھنے سے اللہ پاک آپ کی نعمتوں میں بے پناہ اضافہ کریگا۔

نومبر ملازم پیشہ حضرات غور سے سن لیں اور نوٹ کرلیں سال کا یہ مہینہ اور اگلا مہینہ ان کے لیے بہت اہم ہے۔ جو حضرات اپنے امور میں غفلت ولاپروائی کو پاس نہ آنے دیں گے وہ بہت کامیابی حاصل کریں گے۔ جذبات وتقریر پر ضبط کریں۔ اگر آپ نے ایمانداری ودیانتداری سے اپنا کام انجام دیا تو یقینی کامیابی آپ کے قدموں میں ہے۔ عزیز اقارب وحلقہ احباب سے وابستہ امیدیں پوری نہ ہونگی۔ اللہ پاک سے امید رکھیں عزیز رشتے داروں سے اچھا سلوک رکھیں ان سے اچھے سلوک کی امید نہ رکھیں۔ صلہ رحمی آپ کی صحت سلامتی ورزق وروزی میں برکت کا باعث بنے گی۔ والدین کی اطاعت کو اولین ترجیح دیں والدین کو ہرگز ہرگز ناراض نہ کریں ورنہ دنیا وآخرت دونوں میں آپ کو رسوائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس ماہ میں سفید چیز کا صدقہ ضرور دیں۔ پہلے منگل آٹا، دوسرے منگل چینی، تیسرے منگل چاول، چوتھے منگل جتنے افراد گھر میں ہوں ان کی تعداد کے برابر انڈ ے صدقہ میں دیں۔ یہ صدقہ آپ کی صحت وسلامتی اور رزق وروزی میں برکت کا باعث بنے گا۔ لاپروائی ہرگز نہ کریں۔

دسمبر آپ کے لیے سال کا آخری ماہ بہت اہم ہے۔ آپ کو اس سال بہتری کی طرف اگر آنا ہے تو لوح سبا سب اور لوح فتح حاصل کریں۔ یہ سال آپ کے لیے اچھے نتائج دے گا۔ زراعت پیشہ حضرات کو بھی اس ماہ خاطر خواہ فائدہ ملے گا۔ البتہ حاسدین سے ضرور ہوشیار رہیں سحر وبندش آپ کو نقصان دے سکتی ہے۔ آپ کو ایسی باتوں پر یقین تو بہت کم ہے لیکن کیا کریں حقیقت تو بتانا پڑتی ہے۔ امور شرعیہ کی طرف توجہ دینے سے آپ کے اہم امور میں خاطر خواہ کامیابی نصیب ہوگی۔ غصہ وجذبات سے پرہیز کریں۔ تاہم معاشی پریشانی کے ساتھ ساتھ گھریلو پریشانی رہے گی اس کے حل کے لیے تشریف لائیں گے تو فائدہ ملے گا۔ ہر حال میں اللہ پاک پر بھروسہ رکھیں پچھلے سالوں کی نسبت یہ سال آپ کے لیے مجموعی طور پر بہت پرسکون اور پرامید ثابت ہوگا۔ ہماری دعائیں آپ کے ساتھ ہیں۔

حروف	ف	رنگ	سفید، سبز
دن	جمعرات	عدد	۳،۷
موافق برج	حمل، اسد	ناموافق برج	حوت، جوزا، سنبلہ

برج قوس

Sagittarius

NOV-24 TO DEC-22



تاریخ پیدائش 24 نومبر تا 22 دسمبر

سیارہ مشتری

موافق نگینے فیروزہ، زمرد، حجر القمر

ممکنہ امراض عرق النساء، حادثات کی چوٹیں، ہاضمے کی خرابیاں

جنوری اس ماہ آپ کو مشتری کی سعادتوں سے لطف اندوز ہونے کا موقع نصیب ہوگا۔ قوسی تاجر وصنعت کارشپ یا لانچوں کے مالک حضرات کو یقینی فائدہ ہوگا ان کے کاروبار کو نئی جدت اور ترقی کی نئی راہیں کھلتی نظر آئیں گی وہ اپنی بے پناہ غیر معمولی صلاحیتوں سے اپنے کاروبار کو بہتر بنا سکیں گے۔ ان کے احباب ورفقار کار سے وابستہ امیدیں پوری ہونگی۔ ان کو غیر متوقع سفروں سے غیر متوقع فائدہ ملے گا۔ اس ماہ انعامی اسکیم سے بھی آپ کے مال میں اضافے کا امکان ہے بشرطیکہ حدود شرعیہ میں رہ کر اپنا کردار ادا کریں بلکہ اپنے اردگرد کے ماحول سے باخبر رہیں آپ کی عظیمانہ اخلاق سے عوام الناس کو فائدہ مل سکتا ہے۔ برائی کی کھل کر مخالفت کریں اور نیکی کی بھرپور معاونت کریں آپ کی فیاضانہ طبیعت میں مزید حب الوطنی وخدمت انسانیت کا جذبہ پیدا ہوگا۔ جو ایک احسن قدم ہے۔ ہر ایک کی مشاورت قبول کرنے کی بجائے اپنے مقصد کی تکمیل بجالائیں۔

فروری سال کا دوسرا ماہ بھی بہت اچھا ہے تاہم غیر ملکی قوسی حضرات اپنی سرگرمیاں صرف اپنے کام پر رکھیں کسی کا آلہ کار نہ بنیں آپ اپنی زبان اور دل پر ضبط رکھیں اپنے اندر خوف خدا پیدا کریں روحانیت کی جگہ روحانیت کے ساتھ ساتھ اور امور شرعیہ اور واجبات شرعیہ ادا کرنے کا اچھا موقع ملے گا۔ ہر نیکی کرتے وقت قربت ربی کا تصور رکھیں آپ کے حلقہ احباب کے توسط آپ کے امور میں مزید تقویت ملے گی۔ آپ کے حوصلہ وعزم سے آپ کے کردار میں مزید نکھار پیدا ہوگا قوسی طلباء اپنے حصول علم میں کامیابی پالیں گے۔ اس دوران غیر ملکی سفر نہ ہے۔ بلکہ آپ کے لیے سرمایہ کاری وشراکت داری کا اچھا وقت ہے اپنے کاروبار کو جدید طرز پر چلائیں زراعت سے پیشہ رکھنے والے حضرات کے لیے مالی مفادات سے یہ سال پچھلے سالوں سے کہیں بہتر اور پرسکون ثابت ہوگا۔ ہر ایک پر بھروسہ نہ کریں اور ہر ایک کے مشورے پر عمل نہ کریں۔ عزیز واقارب اور اطاعت والدین سے اس بہتر وقت کا فائدہ لیں صلہ رحمی سے آپ کے کردار میں بلندی پیدا ہوگی اور ساتھ ساتھ آپ کے رزق میں اضافہ ہوگا۔

مارچ اس ماہ میں اعمال نوروز بجالائیں اپنی صحت سے لاپروائی نہ برتیں آپ کی ناسازی طبیعت سے آپ کے امور متاثر ہونگے۔ لاپروائی اور غفلت نہ کریں اپنی صحت کا دھیان رکھیں موسمی حالات سے اور غذاؤں میں پرہیز سے جلدی صحت یابی ممکن ہوگی۔ ملازم پیشہ افراد اپنے امور میں دل جمعی سے کام کریں اور غصہ وجذبات سے پرہیز کریں کسی سے بلاوجہ نہ الجھیں اپنے حلقہ احباب میں مخلص احباب کا اضافہ کریں اور عزیز واقارب سے وابستہ امیدیں پوری نہ ہونگی۔ کسی پر اندھا اعتماد نقصان پہنچا سکتا ہے۔ آپ کو ملکی سفر سے فائدہ ملے گا قوسی تعلیمی حضرات اپنی علمی سرگرمیوں میں اپنی توجہ وابستہ رکھیں غیر اہم کاموں کی طرف دھیان مت دیں۔ نوروز کے موقع پر خصوصی نقش کا اہتمام کریں یا پھر آرڈر دے کر منگوا سکتے ہیں۔

اپریل ۱۵ اپریل چاند گرہن ۲۹ کو سورج گرہن ہے اعمال گرہن ضرور بجالائیں۔ سال کا یہ مہینہ قوسی حضرات کے لیے متوسط ثابت ہوگا اپنے کاروبار میں کوئی تبدیلی نہ کریں جلدی میں کیے گئے فیصلے بعد میں شرمندگی کا باعث بن سکتے ہیں جو بھی فیصلہ کریں سوچ سمجھ کر اور مشاورت سے طے کریں۔ اپنے کام میں بھرپور توجہ دیں اور اپنی ڈیوٹی کو ڈیوٹی سمجھیں کسی کی زمہ داری یا ضمانت لینا آپ کے لیے نقصان کا باعث بن سکتا ہے۔ اپنے قول وفعل پر سختی سے عمل پیرا ہوں۔ اس ماہ آپ کے لیے ایک سفر درپیش ہے جس سے آپ کو یقینی فائدہ ملے گا۔ آپ کے تمام کام آپ کی مرضی کے مطابق حل نہ ہونگے بر حال کچھ کام آپ کی مرضی کے خلاف انجام تک پہنچیں گے ہر حال میں خدا کی نعمت کا شکریہ ادا کریں جو بھی کام سرانجام دیں نیک نیت ہی سے کریں۔ اس سے آپ کو دلی سکون میسر ہوگا۔ قوسی سیاستدان حضرات اپنے کیئریر میں حسب منشاء ترقی حاصل کریں گے ان کا حلقہ احباب میں خاصہ اضافہ ہوگا۔ ان کی مقبولیت میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔ ان کے تمام امور صحیح سمت میں حل ہونا شروع ہوجائیں گے۔ حکام بالا سے کسی عہدہ کی یقینی پیش کش سے آپ کی محنت رنگ لائے گی۔ آپ کو چاہیے سب سے برا نشہ اقتدار کا نشہ ہے ذرا بچ کر اپنے دامن کو صاف ستھرا رکھیں اور پاکیزہ زندگی گزاریں۔

مئی یہ ماہ زراعت پیشہ حضرات کے لیے خوش حال ثابت ہوگا ان کو اپنی زراعت سے فائدہ ملے گا۔ ان کی زمینی جائیداد میں اضافہ کا امکان ہے۔ اور تبدیلی مکان سے ان کو بے حد نفع مل سکتا ہے۔ ان کے تمام امور حسب منشاء حل ہونگے۔ لیکن ان کے مخالفین ایک بار پھر ان کو حسد وجلنسے خفیہ نقصان دینے کی تراکیب پر عمل کریں گے آپ کو بے وقت سفر نہیں کرنا چاہیے اپنے امور سے لاپرواہ نہ رہیں۔ اپنے اردگرد چشم کشاہ رہیں آپ کے ملازمین بھی آپ سے دھوکا دہی کر سکتے ہیں۔ آپ کے حلقہ احباب میں ایسے لوگ شامل ہوجائیں گے جو آپ کے مخالف زیادہ اور دوست کم ہونگے۔ آپ کو دوست اور دشمن میں امتیاز کرنا ہوگا۔ کسی بزرگ کی مشاورت سے آنے والے وقت کی منصوبہ بندی کریں۔ اس دوران آپ کو اپنے امور میں کامیابی کے لیے صدقہ کا سہارا لینا ہوگا۔

جون یہ ماہ آپ کے لیے درمیانہ ہے اندرون خانہ کسی کی صحت متاثر ہوگی۔ لمبے سفر سے احتیاط کریں۔ اندرونی مسائل جنم لیں گے اکثر امور میں رکاوٹ ہوتی نظر آئے گی۔ آپ کے رشتے ناتے متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔ اس وقت آپ حوصلہ مندی اور مدبرانہ رویہ اختیار کریں۔ اپنے رویہ میں نرمی پیدا کریں اور کفایت شعاری کا دامن چھوڑ کر سخاوت بھی

کریں۔آپ کے ہاتھ میں دولت کی اہم لکیر ہے آپ زمرد یا یاقوت اپنے ہاتھ میں رکھیں جس سے آپ کے مالی امور میں اضافہ ہوگا۔ملازم پیشہ حضرات کو ترقی ملے گی۔ان کے کاموں میں استحکام پیدا ہوگا۔ان کے حکام بالا سے مضبوط تعلقات استوار ہونگے۔اپنی زمہ داریوں سے خوب لطف اندوز ہونگے۔اکثر قوسی ملازمین عیاش پرستی کا شکار نظر آتے ہیں ان کو چاہیے عبادت خداوندی ہی اصل روح کی غذا ہے آپ اپنی محفلوں اور سوسائٹیوں میں روحانی امور سرانجام دیں۔جس کی وجہ سے آپ کے اندر خوش گوار تبدیلی پیدا ہوگی۔اس ماہ ایسے قران ہیں جن سے آپ کے جذبات میں اضافہ ہوگا۔ہر حال میں آپ کو اپنے جذبات پر قابو رکھنا ہوگا۔

جولائی غیر ملکی قوس حضرات کے لیے یہ ماہ بہتر ثابت ہوگا ان کو یقینی تمام امور میں کامیابی کی نوید ہے۔اور ذریعہ روزگار میں بھی اضافہ ممکن ہے۔اس دوران کسی سے بلاوجہ اختلافات پیدا نہ کریں کسی قانونی چارہ جوئی سے دور رہیں کسی سے بلاوجہ بحث وتکرار سے اجتناب برتیں تو فائدہ ہوگا۔اطاعت والدین کریں اس دوران اہل خانہ کو ناراض نہ کریں بزرگوں کے مشورے پر عمل کریں زراعت پیشہ حضرات کو اپنے معاملات میں اخراجات سے واسطہ پڑے گا۔اپنی آمدنی اور خرچ پر نظر رکھیں اس دوران لی گئی جائیداد یا زمین یا پلاٹ فائدے کا سبب ہوگا۔تاہم موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے حفاظتی اقدامات مکمل کریں عزیز واقارب سے وابستہ امیدیں تشنہ رہیں گی بلکہ آپ ان پر احسان کر کے ان کے شر سے بچنے کی کوشش کریں۔زندہ رہنے کے لئے عزم ہمت سے کام لینا ہوگا۔

اگست سال کا یہ ماہ کاروباری حضرات کے لیے اپنے کاروبار کو ترقی دینے کا خوب وقت ہے۔نئی سرمایہ کاری سے آپ اپنے کام کو بہتر بنا سکیں گے۔دودھ یا مشروبات یا میڈیکل یا زرعی ادویات والے حضرات کو خوب کمانے کا موقع ملے گا۔گوشت اور لائیو اسٹاک والے حضرات بھی کسی سے کم فائدے میں نہیں رہیں گے۔ان کو چاہیے ایسے اقدام سے پرہیز کریں۔جس سے لوگوں کے احساس مجروح ہوں۔حد سے بڑھنے والوں کو خدا پسند نہیں کرتا۔حوصلہ اور غصہ سے اپنے کام میں جلد بازی نہ کریں۔شراکت داری بھی سوچ سمجھ کر یا کسی اچھے عامل کی مشاورت سے کریں۔غیر ملکی سفر سے واسطہ پڑسکتا ہے۔اس دوران آپ کو مالی نقصان پہنچ سکتا ہے۔کسی بھی کام کو انجام دینے سے پہلے صدقہ ضرور دیں اور لوح نصیب اپنے پاس رکھیں۔اپنے بچوں کے رشتے ناطے کرتے وقت ان کی رضامندی اور غور وفکر سے فیصلہ کریں۔ایک لمحہ کی غلطی پوری زندگی کے لیے عذاب بن سکتی ہے۔ہو سکے تو پہلے کسی اچھے عامل سے اسٹار ملوا کر اقدام ناطہ بہتر ہوگا۔اس سے آپ کے امور میں کامیابی یقینی ثابت ہوگی۔

ستمبر زراعت پیشہ حضرات کے لیے یہ ماہ ہمیشہ امتحان کا سبب بنتا ہے۔اپنی فصلات کو حشرات الارض سے بچانے کی سعی کریں۔اور خرچہ میں لاپروائی نہ کریں ہر کام کو وقت پر انجام دینے سے کامیابی نصیب ہوگی۔درس وتدریس سے متعلق حضرات کے لیے یہ وقت نامناسب ثابت ہوگا۔ان کو اپنے امور میں غفلت وبددیانتی کا سامنا کرنا ہوگا۔ان کی عزت واحترام میں کمی کا سبب پیدا ہوسکتا ہے۔جو حضرات اس صورت حال سے نکلنا چاہتے ہیں۔سورہ حشر کی زیادہ سے زیادہ تلاوت کریں اور صدقہ میں دال، چاول، مچھلیوں کو ہر جمعرات ڈالیں۔اس طرح نو جمعرات پورے کریں۔قوسی طلباء صرف حصول علم کی جدوجہد کریں۔اپنے آپ کو غیر علمی سرگرمیوں سے دور رکھیں۔فنون لطیفہ اور رومانی ماحول سے دور رہیں تو ان کو کامیابی مل سکتی ہے۔مالی پریشانی کی دوری کے لیے زمرد کا پتھر اپنے پاس رکھیں اور لوح نصرت پاس رکھ کر معاشی پریشانی سے بچا جاسکتا ہے۔

اکتوبر سال کا یہ ماہ صرف ملازم پیشہ حضرات کے لیے بہتر ثابت ہوگا ۱۸ اکتوبر چاند گرہن ۲۴ کو سورج گرہن ہے اعمال گرہن ضرور بجالائیں۔ان کی تنخواہوں میں اضافہ ہوگا حکومت سے مراعات ملے گی۔ان کے اپنے حلقہ احباب سے تعلقات مضبوط ہونگے۔ان کو ملکی وغیر ملکی سفروں سے یقینی فائدہ ہوگا۔ان کے سفر باعث ظفر ہونگے اور غیر ملکی قوسی حضرات کو سکھ کا سانس نصیب ہوگا۔ان کے امور میں کامیابی وترقی سے ان کے چہرے پرسکون ہوں گے۔ان کی عزت وتوقیر میں اضافہ ہوگا۔ان کو اپنے مالی امور بہتر انداز میں سنبھالنے کا موقع ملے گا۔تاہم کسی پر بے جا اعتماد یا بھروسہ نہ کریں غفلت اور لاپروائی سے امور شرعیہ کی ادائیگی میں کوتاہی نہ کریں۔اس ماہ آپ کے اندر غصہ اور ہیجان پیدا ہوگا آپ اپنے رویہ میں نرمی اور لچک پیدا کریں۔آپ اپنی فہم وفراست سے تمام امور کو سنبھالنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔اپنے آپ پر خصوصاً نیت دل اور زبان پر ضبط رکھیں۔آپ کے تمام امور احسن طرز پر حل ہونگے۔عزیز واقارب سے خوشی کی خبر آپ کے لیے اطمینان کا باعث بنے گی۔

نومبر یہ ماہ صحت کے اعتبار سے بہت اہم ہے۔وقت اور موسم اور طبیعت کی لاپروائی سے آپ کی صحت بگڑ سکتی ہے۔سانس ودمہ جیسے امراض اور اندرونی امراض کے پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔اچھے ڈاکٹر سے رجوع کریں۔اپنی صحت سے غافل نہ رہیں۔اس دوران اپنے لیے صحت وسلامتی کی دعا ضرور کریں اور صدقہ دینے میں کوتاہی نہ کریں اس دوران آیات کریمہ کا ورد گھر میں کرائیں۔حدیث کساء اور دعا سباسب کی ضرور تلاوت کریں۔خود نہ کر سکتے ہوں تو کسی اور سے یہ عمل کرائیں۔نوچندی جمعرات کو ترجیح دیں۔آپ کو صحت کلی عطا ہوگی۔آپ کے مالی امور متاثر نہ ہونگے۔آپ کے اندر چیڑ چیڑا پن ضرور پیدا ہوگا اپنے اندر نرم رویہ اختیار کریں صلہ رحمی کو ترجیح دیں اور دعاؤں میں خصوصی توجہ دینے سے یہ ماہ بہتر گزرے گا۔

دسمبر سال کا آخر ماہ خصوصاً کاروباری حضرات کے لیے بہتر ثابت ہوگا۔اس شرط پر بہتر ثابت ہوگا کہ اپنے اردگرد کے ماحول سے باخبر رہیں صلہ رحمی اور واجبات کی ادائیگی کو اوالین ترجیح دیں۔پھر آپ مٹی کو ہاتھ لگائیں گے تو سونا بن جائے گی۔ان کے اندر قوت فیصلہ وقوت مشاہدہ بہت ہے۔اس سال آپ ان صلاحیتوں سے خوب فائدہ حاصل کریں گے۔اپنے مفادات کے ساتھ ساتھ عزیز واقارب اور انسانی ترقی کے مفادات کو پامال نہ کریں۔بلکہ ان کی اس پرآشوب دور میں مالی معاونت یا کسی بے روزگار کو روزگار کا ذریعہ عطا کریں۔آپ کے حسن اخلاق میں اضافہ ہوگا۔آپ اس سال کو بہتر بنانے کے لیے لوح مشتری اپنے پاس ضرور رکھیں۔اس کے لیے ایک ماہ پہلے رابطہ فرمائیں۔کیونکہ اس کی محدود تعداد سے اکثر حضرات کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔آپنے امور میں مشاورت کے لیے بڑے شاہ صاحب یا قمر نقی کی خدمات یا ملاقات کے لیے پہلے فون پر وقت لینا ضروری ہے۔آپ اپنے امور میں محنت اور خلوص بیت اور مستقل مزاجی سے اس سال کو بہتر بنا سکتے ہیں۔

حروف	ج، خ، گ	رنگ	سرخ، بھورا، کالا
دن	ہفتہ	عدد	۸
موافق برج	ثور، سنبلہ	ناموافق برج	حوت، عقرب

برج

جدی

Capricorn
DEC-23
to JAN-20



تاریخ پیدائش
23 دسمبر تا 20 جنوری

سیارہ زحل

موافق نگینے: نیلم، حدید، عقیق، یاقوت

ممکنہ امراض دانتوں کی بیماریاں، اعصابی تناؤ، سر درد نظام انہضام کی خرابیاں

جنوری یہ سال کا پہلا مہینہ آپ کیلئے اطمینان کا باعث ہوگا جن لوگوں کا تعلق اختیارات سے ہے انکو اپنی فنی مہارت اور اپنی تخلیقی صلاحیتوں سے لوگوں کے دل جیتنے کا موقع ملے گا۔ اس دران غیر ملکی سفر بھی متوقع ہے۔ جس سے عزت و دولت میں اضافہ ہوگا۔ شہرت ملے گی آپ کے حلقہ احباب سے آپ کو وابستہ امیدیں تھیں اب پوری ہونے کا وقت ہے کاروباری جدی حضرات اپنے کاروبار میں تبدیلی چاہتے ہیں فی الحال ایسا کرنا ان کیلئے زیادہ فائدہ کا سبب ناہوگا۔ اکثر جدی بے روزگار کو ملازمت کے ذریعے معشیت مستحکم کرنے کا ذریعہ نصیب ہوگا جو بھی ہو آپ دل جمعی اور مستقل مزاجی کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔ ہر ایک کی مشاورت پر عمل نہ کریں مخلص احباب کی مشاورت قبول فرمائیں دوست دشمن میں امتیاز کریں۔ غصہ جذبات سے پرہیز کریں۔ حضورا کرم ﷺ نے فرمایا کہ یاد رکھو جس چیز کا علم نہیں ہے اس کے سیکھنے سے عار محسوس نہیں کرنی چاہیے کیونکہ ہر شخص کی قدر و قیمت اس کا علم ہے۔

فروری یہ سال کا دوسرا مہینہ بھی مالی لحاظ سے بہتر ہے بلکہ کئی سالوں کے بعد یہ سال آپ کو اچھا نصیب ہو رہا ہے اس کو خوب سے خوب تر بنانے کیلئے آپ کو چند اہم امور کو اپنے اوپر قانون کی طرح نافذ کر کے عمل کرنا ہوگا آپ نے ایسا کر لیا تو کامیابی یقیناً آپ کے قدموں میں ہے محنت سے عظمت ملتی ہے باتوں اور خیالات میں لگے رہنے سے نہیں اُمور شرعیہ میں دلچسپی اور واجبات شرعیہ کی ادائیگی اور مستقل مزاجی انتھک محنت اپنے پیشہ سے مخلصانہ رویہ رزق حلال کے حصول کیلئے کوشاں جذبات پرستی سے دوری غصہ سے دوری اور ہر کام کو وقت پر کام کرنا کامیابی کی نوید ہے۔ آپ کا حاکم سیارہ خیالات میں اور آپ کے قدموں میں غیر مستقل مزاجی اور وہم گمانی کیفیت برپا کرے گا۔ آپ کی حوصلہ مندی اور ذہنی صلاحیتیں آپ کو کامیابی کا راستہ دکھائیں گی دوا کے بعد دعا اور دعا کے بعد صدقہ آتا ہے آپ ہر ماہ دال چاول حسب حیثیت ایک ماہ پرندوں کو ایک ماہ مچھلیوں کو دو ماہ انسانوں کو دیں اس طرح سال پورا کریں فائدہ ہوگا حضورا کرم ﷺ نے فرمایا کہ یاد رکھو۔ جنت کی قیمت جہاد ہے جس نے اپنے نفس سے جہاد کیا وہ اپنے نفس کا صحیح طور پر مالک بنا۔

مارچ یہ سال کا تیسرا مہینہ آپ کی صحت کیلئے بہتر نہیں ہے اپنی صحت میں لاپرواہی نہ کریں تیز رفتاری سے گریز کریں کسی سے بحث تکرار میں نہ الجھیں آپ کے حلقہ احباب سے تعلقات کے بگرنے کا اندیشہ ہے آپ کو صبر و نرمی سے کام لینا ہے۔ کاروباری حضرات نئی سرمایہ کاری نہ کریں اور نئی شراکت داری سے بھی گریز کریں۔ باہر رہنے والے جدی حضرات اپنی ذمہ داری میں نہایت توجہ اور لگن کا ثبوت دیں انکو اچھے ثمرات ملیں گے۔ جدی کاشتکار حضرات کو صرف اخراجات سے واسطہ پڑے گا ان کی آمدنی میں اضافہ نہ ہوگا ان کو اپنے اخراجات پر کنٹرول کرنا ہوگا تعلیم سے متعلق حضرات حصول علم کیلئے جو مخلص کوشاں ہیں ان کی منزل بہت قریب ہے باقی حضرات غیر علمی سرگرمیوں کا شکار ہو جائیں گے۔ حضورا کرم ﷺ نے فرمایا کہ بیدار ہو جاؤ۔ آج جبکہ زبانیں آزاد۔ جسم تندرست اور اعضاء اختیار میں ہیں فضا کشادہ اور میدان واسیع ہے اور ہمت زیادہ ہے عمل کر لو، اس پہلے کہ جان نکل جائے اور موت واقع ہو۔

اپریل یہ ماہ کاروباری حضرات کیلئے بہت اہم ہے وہ اپنے سرمایہ کو بڑھانے کا سوچ سکتے ہیں اور عملی اقدام کی ضرورت ہے غیر ملکی سفر سے فائدہ کا امکان ہے تاہم اندرون ملک کا سفر باعث ظفر ثابت ہوگا۔ جدی ملازمین کیلئے بھی یہ وقت بہتر ہے ان کو اپنے فرائض سے مالی مفاد حاصل ہونگے ان کے متعلقہ احباب میں اضافہ ہوگا ان کے مخلص دوستوں سے اور حکام بالا سے روابط بڑھیں گے اور ترقی کی منزل قریب آتی دکھائی دے گی۔ اکثر جدی حضرات جو شادی کے خواہش مند تھے انکے رشتے ناطے میں پیش رفت رہے گی۔ طلباء حضرات کو خاطر خواہ کامیابی ملے گی بلکہ ان کی کاوشوں کیلئے ان کے اہل اقرباء کو خوشی نصیب ہوگی آپ کے کسی دور دراز یا کسی گمشدہ عزیز کی واپسی آپ کو مسرت سے ہمکنار کرے گی۔ آپ کے اندر روحانی امور میں دلچسپی بڑھے گی آپ صدقہ دینے میں پہلے غافل نہیں پھر بھی ضرور دیتے رہیں گے آپ کے اندر صلہ رحمی ہے اس کو ہرگز ترک نہیں کرنا۔ ۱۵ اپریل کو چاند گرہن اور ۲۹ اپریل کو سورج گرہن ہے اور اعمال گرہن ضرور بجالائیں۔ حضورا کرم ﷺ نے فرمایا کہ قرض عیب ہے۔

مئی یہ سال کا مہینہ زراعت سے تعلق رکھنے والے جدی حضرات کو مالی فائدہ دے گا ان کی محنت رنگ لائے گی ان کو اپنی انتھک محنت کی نوید ملی ہے ان کو دلی مسرت نصیب ہوگی اور اپنے اُمور میں توجہ اور ہم آہنگی سے آنے والے وقت کیلئے منصوبہ بندی کرنا ہوگی کسی پر بلاوجہ بھروسہ نہ کریں کسی ناجائز حمایت یا ضمانت سے آپ کی ساکھ کو نقصان پہنچے گا۔ کاروباری حضرات کو فائدہ نصیب ہوگا۔ غیر ملکی سفر کم ہے دیار غیر میں رہنے والے حضرات اپنے اپنے اُمور میں کامیابی سے ہمکنار ہوں گے۔ ان کو اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا موقع ملے گا۔ ان کی انتھک محنت رنگ لائے گی آپ کیلئے مستقل مزاجی بہت ضروری ہے دل، نیت، زبان پر ضبط کر لیں تو یقیناً سونا پر سہاگہ ہے۔ آپ کے اندر سیاسی بصیرت اور دانش مندی عود کر آئے گی۔ آپ انسانیت کی فلاح اور معاشرہ میں برائی کو دور کرنے کی کوشش کریں۔ ظالم کے ظلم پر خاموش رہنا بھی ظلم ہے آپ تو سچی بات کرنے میں دریغ نہیں کرتے۔ حضورا کرم ﷺ نے فرمایا کہ دولت مند کے آگے ہاتھ پھیلانا آگ ہے اور نعمت کا اظہار شکر ہے۔

جون یہ مہینہ مالی لحاظ سے کم فائدہ کا سبب ہے آپ کو غیر متوقع حالات واقعات سے واسطہ پڑ سکتا ہے آپ کے عزم میں پختگی رہے گی آپ البتہ غیر متوقع اخراجات سے ضرور متاثر ہونگے۔ آپ کو صبر کا دامن نہیں چھوڑنا چاہیے۔ اپنی آمدن اور اخراجات پر کنٹرول کریں ایسا کرنے میں آپ یقیناً کامیاب ہونگے جون کے آخری عشرہ میں کسی احباب کے توسط سے

آپ کو مالی فائدہ ملے گا اچانک دولت ملے گی آپ کو یقین نہیں آئے گا لیکن ایسا ممکن ہے آپ کو کسی وراثتی لحاظ سے فائدہ ملے گا۔ تعلیم سے منسلک حضرات کو مالی دشواری سے واسطہ پڑے گا ان کو چاہیے کہ استقامت کا دامن نہ چھوڑیں مایوسی کو دور بھگائیں حصول علم میں کمر کس لیں یہ علم جستجو پر ہوتا ہے جتنی محنت کریں گے اتنا ہی پھل میٹھا ملے گا آپ کے اندر علمی استعداء بڑھنے سے آپ کے اندر کافی تبدیلی آئے گی آپ کی شخصیت پر اثر و وقار ثابت ہوگی روحانی امور سے غافل نہ رہیں اپنے اخلاق کے زاویہ کو بڑھائیں آپ کی لطیفانہ گفتگو صرف آپ کا فن ہے صلہ رحمی سے اپنے احباب سے پیش آئیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ رزق حلال کی تلاش ایک جہاد ہے۔ اور مسافر کی موت شہادت ہے۔

جولائی سال کا یہ ماہ لائیواسٹاک والے جدی حضرات کیلئے بہت پریشان کن ثابت ہوگا ان کو اپنے امور میں یہ نقصان لاپرواہی یا کسی پر بھروسہ سے ہوگا ان کو چاہیے اس مشکل وقت سے گزرنے کیلئے گوشت یا انڈے کا صدقہ ضرور دیں باقی جدی کاروباری حضرات اپنے کام میں محنت سے لطف اندوز ہوں گے۔ ان کو ملکی وغیر ملکی سفر نصیب ہوگا جو ان کے کاروباری معاملات کے ساتھ ساتھ ان کی عزت افزائی میں اضافہ کا سبب بنے گا۔ اس دوران جدی سیاست دان ملک میں اپنا مقام پیدا کریں گے ان کو غیر معمولی شہرت نصیب ہوگی انکی کامیابی اپنے حلقہ احباب پر منحصر ہے۔ جتنا ان کا حلقہ احباب دانش مند ہوگا اتنا ہی یہ لوگ اپنی سیاسی کامیابی حاصل کریں گے ان کو بلاوجہ تقریر و تحریر سے گریز کرنا ہوگا ان کے مخالفین ایک بار پھر ان کا راستہ روکنے کی کوشش کریں گے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ خبردار، آج تیاری کا دن ہے کل مقابلے کا دن ہے جیتنے والے کو جنت کا انعام ملے گا اور ہارنے والے کو دوزخ کی سزا ملے گی۔

اگست اس ماہ آپ کے اندر جذبہ ایمانی بیدار ہوگا اس دوران آپ کو تلاوت کلام پاک سے استفادہ حاصل کرنے کا خوب موقع ملے گا۔ اس سے ضرور استفادہ فرمائیں اور اپنے تمام امور کیلئے رب تعالیٰ کے حضور دعا کریں اور اپنے مسائل میں کمی کریں۔ امور شرعیہ کے ساتھ صدقہ اور سخاوت بھی کریں اس ماہ خرچ کیا گیا مال آپ کی ترقی کا ضامن ہے آپ کے عزت و مرتبہ میں اضافہ ہوگا۔ غیر ملکی سفر بھی کم ہے۔ کاروباری حضرات اس ماہ مالی مفاد سے ہمکنار ہونگیاں کو نئی سرمایہ کاری سے گریز کرنا ہوگا۔ کسی پر بلاوجہ بھروسہ نہ کریں انعامی اسکیموں سے دور رہیں اپنے کاروبار کو بہتر کرنے کیلئے روزانہ سورۃ واقعہ کا ورد کریں اور ساتھ صدقہ حسب حیثیت ادا کریں۔ واجبات شرعی کے ساتھ ساتھ والدین کی اطاعت کو نہ بھولیں اپنے بڑوں سے ادب کے ساتھ پیش آئیں آپ اپنی حلال کی کمائی ہوئی رقم سے کسی محتاج کی مدد کریں گے جن سے آپ کے دل کو تسکین پہنچے گی عزیز و اقارب سے وابستہ امیدیں نہ رکھیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ یاد رکھو، قناعت اور اپنی خواہشات کو مغلوب کرنا سب سے بڑی پاکدامنی ہے۔

ستمبر یہ ماہ زراعت و باغات کے مالک حضرات کیلئے اس بار ماہ گزشتہ کی طرح مسائل لایا ہے ارضی حوادث اور حشرات الارض سے اپنی زراعت کو پاک کرنے کیلئے ہمت سے کام لیں اس جنگ میں آپ جیت گئے تو آپ دن بہتر گزاریں گے اور گنے کے کاشتکار حضرات کو بھی کافی پریشانی ملے گی ان کو اپنی فصل کے تحفظ کیلئے احتیاطی تدابیر کرنا ہونگی کسی لڑائی یا قانونی تنازعہ سے پرہیز کریں۔ کسی کو بلاوجہ قرض دینا اور شراکت داری چشم کشاء ہوش ربا بن سکتی ہے۔ پریشان کن حالات سے بچنے کیلئے اپنی کفایت شعاری پر توجہ رکھیں۔ اپنے وعدہ کا پاس ضرور رکھیں۔ ہمت و مستقل مزاجی سے اپنے کاموں میں کامیابی پالیں گے آپ کا حاکم سیارہ جدی رکاوٹ ڈالے گا تمام امور میں حائل رکاوٹیں آپ کو متاثر کریں گی۔ عزیز و اقارب سے پریشانی بڑھے گی آپ کو اس دوران صدقہ دینا ہوگا۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ نماز شب مومن کی عظمت ہے اور موت مومن کے لیے تحفہ ہے۔

اکتوبر سال کا یہ مہینہ ملازم پیشہ حضرات کیلئے بہت بہتر ہے ان کو حسب منشاء ترقی ملے گی ان کے کاموں و ذمہ داریوں سے اطمینان حاصل ہوگا انکو مخلص دوستوں کے توسط سے مالی مفادات اور حکام بالا تک رسائی ہوگی آپ کو عزیز و اقارب کے توسط سے ملازمت مل جائے گی خواہشات کی تکمیل سے ان کو دلی خوشی نصیب ہوگی ان کو اس نعمت خداوندی کا شکر بجالانا چاہیے۔ البتہ جدی رشتہ کے طالب حضرات کو زحل ایک بار ناکامی کی طرف دھکیل دے گا ان کو ایسا محسوس ہوگا کہ کسی نے بندش کردی ہے۔ ان کو حوصلہ اور ہمت سے کام لینا چاہیے امید کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں کسی بکرے کا صدقہ دیں تو بہت جلد ان کے بند نصیب کھل جائیں گے جدی خواتین کے اخلاق میں کمی ہوگی ان کی دلی خواہشات میں ناکامی سے ان کے مزاج میں چڑچڑا پن آئے گا ان کو اپنے رویہ میں نرمی رکھنا چاہیے ان کو دوست و دشمن میں امتیاز کرنا ہوگا۔ بہت جلد کامیابی نصیب ہوگی۔ ۱۸ اکتوبر چاند گرہن اور ۲۴ کو سورج گرہن ہے اعمال گرہن ضرور بجالائیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ سب بابرکت عورت وہ ہے جس کے اخراجات سب سے کم ہوں۔

نومبر سال کا یہ ماہ مالی لحاظ سے آپ کیلئے بہتر ہے لیکن صحت کے حوالے سے بہتر نہیں ہے۔ آپ کی طبیعت ناسازی سے آپ کو ذہنی ڈپریشن ہوگی پچھلے ماہ کی لاپرواہی اور صحت کی طرف عدم توجہی سے آپ کو یہ وقت دیکھنا پڑا اپنے علاج میں تحمل سے کام نہ لیں آپ کو سانس و معدہ کی اور آنتوں کے امراض سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ دوران سفر احتیاط کریں اور تیز رفتاری سے گریز کریں ایک عورت مخالف ہے اس سے دور رہیں وہ آپ کو اپنے مکر و فریب اور سحر و جادو سے نقصان کے درپہ ہے۔ آپ ایسی محافل سے دور رہیں جن سے آپ کی عزت داغدار ہو جدی خواتین بھی پاک کردار ہوتی ہیں اپنی زبان پر کنٹرول کریں۔ ایسی سوسائٹی سے دور رہیں جن سے نیک نامی میں فرق آئے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اذان اور اقامت کے مابین مانگی جانے والی دُعا نامنظور نہیں ہوتی۔

دسمبر سال کا آخری ماہ ملازم پیشہ حضرات کیلئے اہم ہے۔ ان کے مخالف حضرات ان کو خوش حال دیکھ کر درد کا شکار ہونگے ان کی سازشی مخالفت سے بچ کر ہی رہیں اور اپنے امور اور فرائض میں لاپرواہی نہ کریں کسی غیر فطری یا کسی غیر اخلاقی باتوں سے پرہیز کریں اپنے اردگرد نظر رکھیں اپنے حلقہ احباب میں اضافہ کریں ان کے توسط و تعلقات سے آپ کو سکون و کامیابی نصیب ہوگی غیر ملکی حضرات کو اپنے امور میں کامیابی انتھک محنت و جدوجہد سے ملے گی اگر وہ یہ سال اپنے لئے بہتر بنانا چاہتے ہیں تو قمر تقی شاہ سے ملاقات کریں۔ وقت ملاقات پہلے فون پر لینا ہوگا اپنے امور میں کامیابی کیلئے آپ کو صدقہ دینا چاہیے آپ روحانی امور میں زیادہ سے زیادہ متوجہ ہوں۔ غیر ملکی سفر کم ہے۔ اندرون ملک سفر سے فائدہ ملے گا۔ عزیز و اقارب سے کشیدہ تعلقات ایک بار پھر اتحاد میں آجائیں گے صلہ رحمی سے گریز نہ کریں لیکن ان سے احساس کی توقع نہ رکھیں ان کے شر سے بچنے کی تدابیر کریں۔ تمام امور حسب منشاء حل ہونگے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ظلم بروز قیامت تاریکی کی شکل میں نمودار ہوگا۔ ہر نیکی صدقہ ایک صدقہ ہے۔

حروف	ث،ش،س،ص	برج دلو Aquarius JAN-21 to FEB-19	تاریخ پیدائش 21 جنوری تا 19 فروری	رنگ	نیلا
دن	ہفتہ			عدد	۸
موافق برج	جوزا، میزان	موافق نگینے: نیلم، عقیق، حدید	سیارہ زحل	ناموافق برج	ثور، اسد، عقرب

ممکنہ امراض: آنتوں کی بیماریاں اختلاج قلب دمہ

جنوری سال نو کا اول ماہ آپ کے لئے بلکہ برج دلو والے حضرات کیلئے خوش آئین اور پرسکون ثابت ہوگا مالی مفادات سے فائدہ ملے گا۔ کاروباری حضرات اپنے فن ودست بازو سے من پسند نفع حاصل کریں گے۔ حلال وحرام کی امتیاز ہو تو بڑی اچھی بات ہے آپ جیسی شخصیت کو یہ بات کہنا بہت برا لگتا ہے آپ کی طبیعت میں ہر طرف سے نیکی وبزرگی آپ کے چہرے سے پھوٹ رہی ہے آپ میں پیسہ کمانے اور لمبی لمبی تقریر سے بہت دلچسپی ہے لیکن اس پر عمل کرنا اور اردگرد کی ذمہ داری خصوصاً معاشرہ کی اصلاح کی ذمہ داری کس پر ہے آپ کی چشم پوشی اور سچی بات صاحب موقع نہ کہنا اچھی خصلت نہ ہے آپ کی شخصیت اگر فعال نہ ہو سکی تو برائی بڑھتی جائے گی خدارا اس بارے میں غور کریں خدمت انسانیت اور احکام خداوندی کے نفوذ میں تعاون کریں امام زمانہ کی آمد قریب ہے ماحول کو آلودگی سے پاک کر کے مولا کا خیر مقدم کریں۔

فروری یہ سال کا دوسرا ماہ تمام اہل علم استاد و ٹیچر حضرات اور ملازمین صاحبان کو اپنے مالی وسائل میں بہتری کا اشارہ دیتا ہے اس ماہ آپ کو غیر متوقع اخراجات سے واسطہ پڑسکتا ہے اپنی صحت کا خیال رکھیں آمدنی اور اخراجات میں توازن پیدا کریں آپ کی کفایت شعاری مشہور ہے ذرا اس سے ہٹ کر صدقہ وسخاوت کی طرف ضرور متوجہ ہوں۔ ہر ایک پر بھروسہ نہ کریں۔ غیر ملکی اہل دلو اپنی علمی اور فنی مہارتوں سے اپنے وقار ومنصب میں قوت حاصل کریں گے آپ کو غیر ملکی سفر نہیں ہے تاہم ملک کے اندرونی سفروں سے فائدہ ہوگا اس ماہ نئی سرمایہ کاری بہتری کا سبب ہوگی البتہ شراکت داری کرتے وقت کسی اچھے عامل سے ضرور مشاورت کریں دلو زراعت پیشہ حضرات کو زمین وجائیدای معاملات میں استفادہ کرنا ہوگا۔ ان کے حلقہ احباب کی معاونت سے ان کے مدت کے رکے ہوئے کام انجام کو پہنچیں گے۔ سیاست دان موقع کی تلاش میں ہیں یہ ماہ گزار دینگے ان سے کوئی ڈیلنگ کا کام نہیں ہوگا۔

مارچ نوروز کے اعمال نیک نیتی اور توجہ سے ادا کریں اس سال کے زائچہ سے ارضی سماوی حادثات واچانک اموات کا سلسلہ بڑھے گا۔ زلزلہ آندھی طوفانوں سے کافی مخلوق جوق کا راستہ بھول چکے ہیں بہت زیادہ متاثر ہونگے۔ اہل دلو صدقہ ضرور دیں۔ تعلیمی حضرات اپنے پیشہ حصول علم سے مخلص ہیں۔ ٹیچر حضرات یا درس وتدریس سے متعلق حضرات صرف علم پڑھانے اور اپنی مراعات وصول کرنے کے علاوہ ان پر ذمہ داری ہے اپنی خوش اخلاقی سے معاشرہ کو پاک کریں اور نئی نسل میں ملک سے محبت اور نیک کاموں میں رغبت دلانے میں بھرپور کوشش کریں۔ آپ ہی کی وجہ سے معاشرہ میں انقلاب آئے گا اور زمانہ سے برائی کا خاتمہ ہوگا۔ جب نیک لوگ خاموش ہوجائیں گے تو زمانہ میں برائی عام ہوگی۔ زمانہ برے لوگوں کی وجہ سے کم خراب نیک لوگوں کی خاموشی سے زیادہ خراب ہوگا آگے آپ کی مرضی ہے فیصلہ آپ پر ہے صلہ رحمی اور امور شرعیہ میں توجہ دیں۔

اپریل سال کا چوتھا مہینہ بہتر ہے ۱۵ اپریل چاند گرہن ۲۹ سورج گرہن ہے اعمال گرہن ضرور بجالائیں۔ ملازم پیشہ حضرات کو فائدہ ہوگا ان کے شعبے میں ترقی بھی ہوگی عرصہ دراز سے بے روزگار اہل دلو کو روزگار کا موقع ملے گا۔ اپنی تقریر سے یا بلاوجہ بحث وتکرار سے دور رہیں اس ماہ حلقہ احباب سے وابستہ امیدیں پوری نہ ہونگیں البتہ زراعت والے حضرات اس ماہ کے آخر میں اپنے مالی فوائد حاصل کرنا شروع کردینگے اس دوران باغات والے حضرات بھی جلد اپنی رقم وصول کر کے اطمینان کا سانس لینگے گے زیادہ کے لالچ میں آنے والے حضرات کو کم بھی نہیں ملے گا۔ اس ماہ موسمی حالات سے اپنے آپ کو محفوظ بنائیں اور صحت کا خصوصی خیال رکھیں آپ کے اندر رومانوی جذبہ بھی عود کر آئے گا اس سے زراہٹ کر آپ اپنی ذمہ داریوں میں زیادہ متوجہ ہوں۔ زیارات کے سفرات سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ جن سے آپ کو دلی سکون میسر آئے گا۔ اس دوران نئی سرمایہ کاری نہ کریں انعامیا سکیموں میں بھی پیسہ نہ لگائیں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ نیت دل وزبان پر ضبط رکھیں۔

مئی یہ ماہ آپ کے اخراجات میں اضافہ لائے گا غیر متوقع حالات اور غیر متوقع اخراجات آپ کی طبیعت میں خفگی پیدا کریں گے لیکن آپ کے اندر دانش مندی اور غور وفکر کی اعلیٰ صلاحیت ہے غصہ کم کریں اور اپنے اخلاق ورویہ میں۔ نرم روی رکھیں عزیز اور رشتہ داروں سے تعلقات کشیدہ ہونے کا اندیشہ ہے اس کیلئے ذہنی طور پر تیار رہیں۔ اس دوران آپ کے قریبی مخالفین خفیہ آپ کو مالی وجانی نقصان پہنچانے کا منصوبہ بندی کرینگے۔ آپ کو غافل نہیں رہنا چاہیے اپنی سرگرمیوں میں کمی کریں بے وقت بلاوجہ سفر سے گریز کریں۔ اور تیز رفتاری سے بھی احتیاط کریں۔ اندرون خانہ کسی بزرگ کی صحت متاثر ہوسکتی ہے۔ بزرگ کی خدمت ہی آپ کی بلندی کا راز ہے۔ امور شرعیہ کے ساتھ واجبات شرعیہ کو ادا کریں۔ ہر ایک پر بلاوجہ بھروسہ نہ کریں۔ آپ کے امور میں کامیابی ہوگی تاہم جلد بازی سے گریز کریں۔

جون اس ماہ آپ کو غصہ بہت زیادہ آئے گا۔ اہل دلو کاروباری حضرات استحکام میں رہیں گے۔ ملازم پیشہ حضرات سے کوئی غلطی سے یا لاپرواہی سے اپنی ذمہ داری میں مشکلات پڑسکتی ہیں۔ تعلیم سے منسلک حضرات اپنی علمی جدوجہد سے اپنی علمی حصول میں کامیابی سے ہمکنار ہونگے۔ اہل دلو جو دیار غیر میں رہے رہے ہیں ان کو اپنی مالی حالات میں درستگی کیلئے کافی جدوجہد کرنا ہوگی ان کو انتھک محنت کرنا ہوگی۔ ان کو بعض اوقات اپنی جدوجہد میں ناکامی کا بھی سامنا کرنا پڑے گا حوصلہ اور ہمت سے وہ اپنے آپ کو کامیاب کریں گے۔ اس ماہ کسی پر بلاوجہ بھروسہ یا کسی کی حمایت یا ضامن داری نقصان دہ ہے۔ زراعت سے متعلق حضرات کے حالات متوسط رہیں گے ان کو اپنے مالی آمدن میں توازن رکھنا ضروری ہے اور اپنی فصلات کو وقت پر سنبھالنا ہے۔ کامیابی کے لیے رویہ میں ہمدردی و صلہ رحمی پیدا کریں۔

جولائی اس ماہ آپ کو عزیز اقارب سے کوئی خاص پریشانی لاحق ہوسکتی ہے۔ مالی امور میں کم آمدنی ہوگی تجارت پیشہ افراد کو بھی بڑی جدوجہد سے کام لینا ہوگا زحل کے ناقص اثرات سے آپ کا بچنا بہت مشکل ہے۔ اکثر کام میں روکاوٹ سے آپ حیران و پریشان ہوسکتے ہیں۔ اس کا علاج بزرگوں سے دعا کرائیں۔ اور خصوصی طور پر صدقہ دیں اس وقت کا صدقہ آپ کو بہت سارے مسائل سے نکال لے گا۔ اور امور شرعیہ کی ادائیگی میں بھی توجہ بڑھے گی۔ نماز صبح میں ایک بار سورۃ نباء اور ظہر و عصر میں دو دو بار سورۃ (ق) پارہ نمبر 26 ہے۔ اور مغرب و عشاء میں دو دو بار سورۃ واقعہ سے آپ کی تمام روکاوٹ دور رہے گی۔ ہاتھ میں گومیدک ضرور پہنیں کامیابی و کامرانی کیلئے مانگی ہوئی دعا اثرات سے خالی نہ ہوگی۔

اگست یہ ماہ آپ کے اندر روحانیت پیدا کرے گا۔ آپ کے اندر زہد و تقویٰ لائے گا۔ آپ کو نیکی کرنے میں روحانی قوتیں نصیب ہوگی۔ اس دوران سخاوت سے اپنے اردگرد غرباء کو نہ بھولیں۔ اور صلہ رحمی سے آپ کی عمر میں اضافہ ہوگا آپ پر جو اپنی ذمہ داریاں ہیں ان کو بوجھ سمجھ کر نہ گزاریں بلکہ اللہ پاک کی طرف سے اس نعمت سے لاپرواہی نہ کریں۔ بلکہ شکر خداوندی بجالائیں۔ تمام امور حسبِ منشاء حل ہونگے۔ اس ماہ غیر ملکی سفر و اندورن ملک کا سفر کا چانس بہت کم ہے۔ تاہم سفر فائدہ کا سبب بن سکیں گے علمی و روحانی محافل سے آپ کے عمل میں کامیابی ہوگی اور عزت میں اضافہ ہوگا آپ سے ایسا کام سرزد ہوگا جس سے علاقائی حلقوں میں آپ کو پزیرائی ملے گی۔ آپ کے امور حسبِ منشاء حل ہونگے جس سے آپ کو دلی اطمینان حاصل ہوگا۔

ستمبر اس ماہ غیر ملکی دلو حضرات کو کافی مال ملے گا تجارت پیشہ حضرات زیادہ جلد بازی سے گریز کریں اور ہر کام کو انجام دینے سے پہلے غور و فکر کریں آپ کی سادہ صلاحیت کو استعمال کرتے ہوئے کوئی حضرات آپ کو غلط مشورہ دینگے۔ یاد رہے آپ کے اندر قوت فیصلہ کم ہے اس کیلئے مخلص احباب سے مشاورت ضروری ہے۔ غیر ملکی سفر ہے۔ زراعت سے تعلق رکھنے والے حضرات اپنی فصلات کو بچانے کی سر توڑ کوشش کریں گے وہ اپنی اس جدوجہد میں تب کامیاب ہونگے کہ ہر وقت اپنی زراعت سے چمٹے رہیں اور ہر کام وقت پر کریں سستی و لاپرواہی بڑے نقصان کا اندیشہ ہے۔ کسی قسم کی لاپرواہی یا اپنی ذمہ داری دوسرے پر نہ ڈالیں۔ کسی قسم کا تکرار و مقدمہ بازی سے دور رہیں۔ اس سے فائدہ نہ ہوگا۔ شرعی فرائض سے غفلت نہ کریں۔

اکتوبر یہ ماہ کاروباری حضرات کیلئے بہت اہم ثابت ہوگا۔ ۱۸ اکتوبر چاند گرہن ۲۴ کو سورج گرہن ہے اور اعمال گرہن ضرور بجالائیں۔ آئندہ آپ کی کاروباری منصوبہ بندی سے آپ کو کامیابی ملے گی نت نئے کاروباری مواقع ملنے کا امکان ہے۔ شراکت داری سے کم فائدہ ہوگا باقی آپ اپنا کام حسبِ منشاء ترقی کی طرف بڑھا سکیں گے۔ تعلیمی سرگرمیاں رکھنے والے حضرات اپنے حصول علم میں پرعزم رہیں قوی جدوجہد سے کامیابی پائیں گے اپنی علمی سرگرمیوں کے علاوہ باقی مصروفیات کو کم کریں۔ اپنے حلقہ احباب میں اضافہ کریں لیکن سخت مزاجی سے آپ کے رفقاء کار میں کمی نہ ہو۔ آپ اپنی شخصیت کو ایسی محافل سے یا ایسی سوسائٹی سے دور رکھیں جن سے آپ کا دامن داغدار ہونے کا اندیشہ ہو۔ اگر آپ اپنے اوپر کنٹرول نہ رکھ سکے تو چشم کشاء ہوش ربا غیر متوقع حالات میں گھرے ہوئے رہینگے۔ آپ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر حصول علم پر توجہ دیں۔

نومبر زراعت پیشہ حضرات کے لئے یہ ماہ خوشی کا سبب ہے آپ کو مالی آمدن اور اخراجات میں توازن رکھنا ضروری ہے ورنہ یہ خوشی عارضی ثابت ہوگی اپنے مال میں سے صدقہ اور واجبات شرعیہ ضرور نکالیں تا کہ آپ کو حادثاتی نقصان سے پالا نہ پڑے اور آپ کے مال رزق میں برکت ہو ملازم پیشہ حضرات اپنے امور میں سستی نہ کریں بلکہ اپنی فنی مہارت کا مظاہرہ کریں اور اپنے مقام کو مقدم رکھیں آپ کی محنت و جدوجہد سے آپ کے امور میں کامیابی ہوگی حلقہ احباب سے متوقع امیدیں بھی پوری ہونے کا وقت ہے تاہم جلد بازی یا جذبات سے گریز کریں۔ دوست و دشمن میں اپنی صفوں میں نظر رکھیں۔ کوئی اندورنی سازش آپ کو نقصان پہنچانے کے درپے ہے لیکن آپ کو نقصان ہوگا آپ سستی و لاپرواہی کو قریب نہ آنے دیں۔ کسی عزیز دوست کی ملاقات سے آپ کو دلی مسرت حاصل ہوگی صدقہ ضرور دیں۔

دسمبر یہ سال کا آخری مہینہ آپ کیلئے بہت سی مالی مفادات کے ساتھ ساتھ آپ کو یہ کہہ رہا ہے۔ اب عمل کا وقت ہے ہر کام سوچ سے نہیں ہوتا کہنا اور کرنے میں فرق ہے۔ آپ پر اپنے حلقہ احباب کو بدلنے اور اپنے معاشرہ کو پاک صاف کرنے کا وقت ہے خالی تقریر و تحریر سے فائدہ نہ ہوگا مالی لحاظ سے آپ کو اچھی منصوبہ بندی کرنا ہوگی جس سے آئندہ زندگی میں فائدہ ملے گا۔ غیر ملکی سفر باعث ظفر ثابت ہوگا۔ غیر ملکی حضرات کے لیے بھی یہ وقت نہایت اچھا اور اہم ہے ان کو اپنے مالی وسائل کو بڑھانے میں مدد ملے گی آپ کو اس سال صدقہ زیادہ سے زیادہ دینا ہوگا صلہ رحمی اور خوش اخلاقی اور خدمت خلق سے آپ کے بہت سے اُمور حسبِ منشاء حل ہونگے۔

حروف	د، چ	رنگ	سفید، سلور، گرے
دن	اتوار	عدد	۳، ۷
موافق برج	قوس، حمل	ناموافق برج	ثور، دلو

برج حوت

Pisces
FEB-21
toMAR-20

تاریخ پیدائش
21 فروری تا 20 مارچ

سیارہ مشتری

موافق نگینے زمرد، فیروزہ، حجر القمر، یاقوت

ممکنہ امراض امراض قلب درد مثانہ، مرگی حلق کی بیماریاں

جنوری آپ کا سال نو عرصہ دراز بعد آپ کو بہتر نصیب ہو رہا ہے۔ آپ مشکلوں اور مصیبتوں سے لڑتے لڑتے نکل آئے ہیں۔ آپ کے اندر بہت ہی قوی صلاحیتیں موجود ہیں جن کا استعمال آپ کیوں نہیں کرتے آپ کے اندر جذبہ ہمت بھی ہے۔ آپ اپنے اندر اپنی صلاحیتوں و پیشہ وارانہ قوت سے معاشرہ میں مقام بنا سکتے ہیں۔ آپ کے اندر بولنے کا بھی سلیقہ ہے۔ اپنے رویہ میں نرمی پیدا کریں اور اپنے حلقہ احباب میں کمی نہ کریں ہر کام بزرگوں اچھے مخلص دوستوں کی مشاورت سے کیا کریں دولت کی دیوی آپ پر مہربان ہوگی آپ کو اس بار ثابت قدم رہنا ہوگا سچ کڑوا ہوتا ہے شاید یہ بات آپ پر گراں قدر گزرے آپ صرف اپنے مفاد کی بات سوچتے ہیں آپ پر فرض ہے کہ انسانیت کی فلاح اور معاشرہ میں برائی سے روکنا اور نیکی کی طرف لانا کسی کو صحیح راہ دکھانا آپ کا فرض ہے۔ حضرت علیؑ نے فرمایا حضرت موسیٰؑ جب خدا کے کلام سے شرفیاب ہوئے تو عرض کیا کہ خداوند جو شخص تیرے خوف میں گریہ کرے اس کی جزا کیا ہے اللہ فرماتا ہے اے موسیٰؑ میں اس کے چہرے کو دوزخ کی آگ سے محفوظ رکھوں گا اور سخت گھبراہٹ کے دن اسے امن دوں گا۔

فروری یہ ماہ مالی لحاظ سے اتنا بہتر نہ ہے البتہ غیر ملکی حوتی افراد کو خوشی و اطمینان عطا کرے گا کافی بے روز حضرات اس ماہ اپنی خواہش معاش میں کامیابی پالیں گے۔ آپ کو اپنی سابقہ پالیسیوں سے ہٹ کر اپنے اردگرد یا گھر میں دیکھنا ہے کہ آپ کی ذمہ داری میں کہیں کوتاہی تو نہ ہے خدارا چشم پوشی نہ کریں اپنے واجبات کی ادائیگی اولاد کے حقوق سے غافل نہ ہوں اہل خانہ سے اس بار پریشانی ہوگی۔ اس ماہ حوتی تاجر پیشہ ور حضرات اپنے کام میں کافی ترقی کریں گے حوتی طلباء اپنے علم میں مخلصانہ طور پر محنت سے کامیابی سے ہمکنار ہو سکتے ہیں البتہ زراعت و باغات سے تعلق رکھنے والے حضرات اکثر مسائل کا شکار ہوں گے ان کو چاہیے اس آفت سے نجات پانے کیلئے نماز صبح میں ایک بار سورۃ محمد اور ظہر و عصر میں ایک ایک بار سورۃ (ق) پارہ 26 کی تلاوت کریں اور مغرب عشاء دو دو بار سورۃ واقعہ ہر روز بلا ناغہ پڑھیں دنوں کی تعداد کا تعلق آپ کے نام سے نکلنے گا رابطہ فرما کر اپنے حالات کی بہتری کیلئے ضرور تکلیف فرمالیں گے تو اس میں فائدہ تو آپ کا ہے امید ہے کہ آپ دانش مند ہیں سمجھ گئے ہونگے۔ حضرت علیؑ نے فرمایا ہے کہ عقل ایک درخت ہے اس کی جڑ تقویٰ ہے اس کی شاخ حیا ہے اس کا ثمر محارم الٰہی سے بچنا ہے۔

مارچ اس ماہ اعمال نوروز بجالائیں آپ میں روحانیت کا جذبہ تمام کاموں سے زیادہ ہے۔ اپنے آپ کو بڑا نیک یا پارسا نہ سمجھیں امور شرعیہ اور واجبات شرعیہ سے جب سے دور ہوئے ہیں تو پریشانیاں آپ کو لاحق ہوئی ہیں آپ سابقہ حالات پر نظر ڈالیں۔ اس سے کچھ حاصل کریں۔ زیادہ کفایت شعاری بھی اچھی نہیں لگتی جو آدمی مال جمع کرتا ہے خصوصاً قارون بندہ وہ دولت اس کے کام نہیں آتی اس کی جائیداد کو تین آدمی کھاتے ہیں جو اس کے مرنے کی دعا کرتے ہیں۔ یا تو اس کی بیوہ جو اپنے شوہر کی موت کے بعد شادی کر لیتی ہے اس کا خاوند یا اس کی بہو یا اس کا داماد اس کی دولت سے عیش اڑاتے ہیں اور وہ مالدار قید میں پڑا اپنے مال کا حساب دیتا رہتا ہے آپ میں تو کافی فرق ہے۔ آپ کی روحانی شخصیت میں اضافہ ہوگا آپ کے امور میں کامیابی ہوگی ملکی غیر ملکی سفر بہت کم ہے جس سے بڑے فائدہ کا امکان بھی نہیں ہے اپنے رویہ میں لچک پیدا کریں۔

اپریل سال کا چوتھا ماہ آپ کی صلاحیت کا امتحان مانگتا ہے آپ کو چند گھریلو مسائل کا فیصلہ کرنا ہے اور ایک بڑی ذمہ داری سے سبکدوش ہونا ہے۔ ۱۵ اپریل چاند گرہن اور ۲۹ کو سورج گرہن ہے اور اعمال گرہن ضرور بجالائیں۔ آمدنی و اخراجات میں توازن پیدا کرنا ہے۔ اس ماہ میں گھر میں کوئی تقریب سی آپ میں خوشی پیدا ہوگی۔ عزیز و اقارب سے بعد میں محبت کا جذبہ دیکھنے میں آئے گا۔ آپ کی پرانی محبت بھی جاگ پڑے گی۔ وقت کا تقاضا ہے کہ اب اسے سلادیں بزرگ آدمی کا عشق خلق خدا کیلئے تماشہ بن جاتا ہے جو کہ بہت برا ہے۔ آپ اپنے رفقاء کار کی مدد سے اپنے وراثتی امور طے کر کے فائدہ حاصل کریں گے حکام بالا سے آپ کے تعلقات میں اضافہ ہوگا آپ کی عزت توقیر میں خاطر خواہ فائدہ ہوگا اس ماہ سفید چیز کا صدقہ بروز جمعرات ضرور دیں نیا لباس یا نئے کام کی ابتداء جمعرات کو کریں اس دوران اپنے کاروبار میں نئی سرمایہ کاری کے روشن امکان ہیں جن سے آپ کے مالی مفادات میں اضافہ ہوگا اس دوران کسی پر بے جا اعتماد نہ کریں کسی کا ضامن بھی نہ بنیں صدقہ و سخاوت سے گریز نہ کریں۔

مئی اس ماہ اپنی صحت کا خصوصی خیال رکھیں تیز رفتاری سے بھی گریزاں رہیں۔ حوتی طلباء کو صرف علمی سرگرمیوں میں توجہ کرنا ہوگی انکو اپنی تقریر و تحریر سے گریز کرنا ہوگی اپنے حلقہ احباب میں سوائے تعلیمی امور کے باقی تمام سرگرمیوں سے دور رہنا ہوگا جو لوگ گروپ بندی و سیاست میں الجھیں گے تعلیم سے ہاتھ دھو بیٹھیں گے۔ کاروباری حضرات کیلئے یہ ماہ متوسط ہے آمدنی میں خاص اضافہ نہ ہوگا۔ اس دوران حوتی افراد نئی سرمایہ کاری یا شراکت داری نہ کریں اس ماہ میں لگایا سرمایہ ڈوب جائے گا۔ ملازمت پیشہ حضرات جو یہ سوچ رکھتے ہیں انکو اپنی ذمہ داری کو ذمہ داری سے نبھانا ہوگا۔ ان کی لاپرواہی یا کسی غیر قانونی حرکت سے نوکری سے چھٹی ہوسکتی ہے۔ زراعت سے تعلق رکھنے والے حضرات کو مقدمہ کا سامنا ہوگا جو کہ پریشانی کا سبب ہے۔

جون یہ ماہ آپ کو مالی لحاظ سے قدرے فائدہ کا سبب بنے گا۔لیکن غیر متوقع اخراجات سے آپ کی طبیعت میں چڑاچڑاپن پیدا ہوسکتا ہے۔آپ کو غصہ نہیں کرنا چاہیے کسی پر بلاوجہ اعتماد نہیں کرنا چاہیے دوست ودشمن میں امتیاز رکھنا ہے۔اس دوران آپ کے مخالفین آپ کو نقصان پہنچانے کی ترکیب پر عمل کریں گے آپ کو اس دوران صدقہ ضرور دینا ہے۔اس کی مقدار آپ کی حیثیت پر ہے اس بار سفر ملکی وغیر ملکی باعث مسرت ثابت ہوگا۔ اس ماہ ان کی سیاسی حکمت عملی سے ان کی تقدیر بدل سکتی ہے۔سیاست دان سے عرض ہے کہ غریب عوام کا خون پینا ان کی صحت کے لئے مضر ہے ملک کو کھانے کی تمنا سے یا بڑے نوالے کھانے سے اپنا خیال رکھیں ورنہ گردن ضرور متاثر ہوسکتی ہے حوتی حضرات اپنا خیال رکھیں آپ کے اندر بے حد محنت وہمت کا جذبہ جو ہے اس کو جگا کر اپنی اس معاشی وسماجی حیثیت کی کشتی کو ساحل پر لائیں اور کامیابی سے ہمکنار ہوں۔

جولائی دو سمئی حالات سے آپ یقینی متاثر ہوں گے آپ اپنی صحت کے بارے میں پچھلے دو ماہ سے لاپرواہ ہیں آپ کی لاپرواہی رنگ لائی ہے علاج روحانی وجسمانی کی طرف توجہ دیں۔اپنے امور میں خود دلچسپی بڑھائیں اپنا کام دوسرے کے سہارے نہ چھوڑیں کسی پر بے جا اعتماد سے مالی نقصان ملے گا۔اندرون خانہ کسی کی طبیعت سے آپ کے اندر پریشانی آسکتی ہے۔ اپنے اُمور میں توجہ ومحنت سے آپ حالات پر قابو پالیں گے۔کسی سے بلاوجہ بحث وتکرار سے پرانی دشمنی یا رنجش ایک بار پھر سر اٹھا سکتی ہے۔اپنے اندر سے غصہ وتکرار کو نکال دیں۔دینی مسائل اور اُمور میں توجہ دیں۔آپ اپنے والدین کی اطاعت وخدمت کریں اس سے آپ کو بڑا فائدہ ملے گا اس چانس سے فائدہ اٹھائیں ورنہ پچھتاتے رہ جائیں گے۔امور شرعیہ کے ساتھ ساتھ صدقہ بھی دیں اس ماہ آپ کو روحانی امور میں ذہنی سکون ملے گا۔تلاوت وعبادت میں روحانی سکون سے آپ کے چہرے پر سکون ملے گا۔

اگست کاروباری حضرات کو یہ بابرکت مہینہ خوشی کا پیغام دیتا ہے۔غیر ملکی سفر بہت کم ہے آپ کے حلقہ احباب سے خوشی نصیب ہوگی عزیزواقارب سے میل جول بڑھے گا۔غیر ملک سے عزیزوں سے خوشی کی خبر سننے کو ملے گی۔اس دوران صدقہ وسخاوت سے دلی مسرت حاصل ہوگی زراعت پیشہ حضرات وباغات کے مالک حضرات ارضی وسماوی حوادث سے محفوظ رہنے کیلئے حفاظتی اقدام کریں اس سال کسی غلط فہمی کا شکار نہ رہیں۔اپنی ہمت ومحنت سے ہی ترقی ممکن ہے۔صلہ رحمی اور خوش اخلاقی کا دامن نہ چھوڑیں انعامی اسکیموں میں مقابلہ بازی سے گریز کریں۔نیکی کی ہدایت اور برائی سے روکنا ضرور عمل کریں آپ کی شخصیت میں کافی نکھار آئے گا آپ کی عزت وشہرت میں اضافہ ہوگا۔اپنے مسائل اس خوبصورت وقت میں خوبصورتی سے مل کر حل کریں۔

ستمبر یہ ماہ مالی لحاظ سے کافی بہتر ثابت ہوگا۔صنعت ولوہے سے تعلق رکھنے والے تاجر حضرات واسٹیٹ ایجینٹ بھی اس دوران اپنی مالی پوزیشن کو مضبوط کریں گے۔زراعت سے تعلق رکھنے والے حضرات کو کافی اخراجات سے گزرنا ہوگا۔اس دوران بے روزگار کو روزگار کا چانس ملے گا۔جذبات پرستی وجلد بازی سے گریز کریں۔اپنی تقریر وبحث سے گریز کریں۔اس دوران کسی سے تلخ کلامی آپ کیلئے پریشانی کا سبب بن سکتی ہے۔غیر ملک جانے کا سفری امکان بہت کم ہے۔اندرون ملک سفر ہے کافی مالی فائدہ ہوگا اکثر حوتی افراد اپنی جائیدار کی خرید وفروخت میں فائدہ حاصل کرلیں گے۔عزیزواقارب سے وابستہ امیدیں پوری نہ ہونگی پرانے رفقاء کار سے خاطر خواہ مفادات نہ مل سکیں گے۔روحانی امور میں توجہ دیں۔

اکتوبر یہ ماہ آپ کے اخراجات میں غیر متوقع اضافہ کی خبر سنا رہا ہے۔۱۸ اکتوبر چاند گرہن ۲۴ کو سورج گرہن ہے اعمال گرہن ضرور بجالائیں۔آپ کو مخالفین پریشان کریں گے ان سے آپ کو کافی احتیاط کی ضرورت ہے اپنے مخلص احباب سے مشاورت کر کے آپ اس کا حل ڈھونڈ لیں گے۔اس ماہ نئی سرمایہ کاری فائدہ نہ دے گی۔دھوکہ وفراڈ سے ہوشیار رہیں کوئی لوگ آپ کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں آپ اپنی ذہانت سے کسی غیر قانونی سرگرمی سے دور رہیں خصوصاً ملازم پیشہ حضرات ہوشیار رہیں۔نیت ودل زبان پر ضبط کریں۔لالچ وحرص سے پرہیز کریں۔اس ماہ آپ خیالات کی دنیا میں زیادہ رہیں گے آپ کو عملی کاموں میں انتھک محنت کرنا ہوگی اپنے آپ کو منوانے کیلئے یا معاشرہ میں باعزت مقام پانے میں تو نیک نیتی ومحنت سے تو کام کرنا پڑتا ہے ۔آپ کی ہمت وحوصلہ کی بدولت یہ مہینہ بھی بہتر ثابت ہوگا۔عزیزواقارب سے صلہ رحمی کریں کبھی ان سے بھلائی کی امید نہ رکھیں بلکہ ان کے شر سے بچنے کی تدابیر سوچیں آپ کے بخت وعمر میں اضافہ ہوگا۔

نومبر آپ کو اس ماہ غیر متوقع امور یا مسائل یا سفر سے واسطہ پڑسکتا ہے۔مالی لحاظ سے یہ مہینہ بہتر ہے۔غیر متوقع مسائل کیلئے آپ کو ذہنی طور پر تیار رہنا ہوگا۔آپ کو ایسی محافل یا سوسائٹی سے دور رہنا ہوگا جس سے آپ کے وقار وعزت کو دھچکا لگے آپ نے بڑی مشکل سے اپنی ساکھ بنائی ہے اس کو جلدی ضائع نہ کریں۔صحت کے بارے میں بھی لاپرواہی نہ کریں۔غذا میں خاص احتیاط اور اپنے آپ کو موسمی بدلتی صورت سے بچائیں۔لاپرواہی موذی مرض سے دوچار کرسکتی ہے۔اس دوران صدقہ ضرور دیں۔گوشت انڈا تیل ودال کا ضرور دیں اس کی مقدار ودن آپ پر ہے جتنا آپ صدقہ دینگے اتنا جلدی صحت سلامتی حاصل ہوگی۔اپنے رویہ میں نرمی پیدا کریں اپنے اہل خانہ میں ہمیشہ اخلاق سے پیش آئیں ان پر رحم کریں خدا آپ پر رحم فرمائے گا۔امور شرعیہ وواجبات شرعیہ سے چشم پوشی نہ کریں۔

دسمبر سال کا آخری ماہ آپ کیلئے بہت بھلا ثابت ہوگا۔آپ کی صحت میں سکون وخوشی میسر ہوگی۔حلقہ احباب سے نئے نئے تعلقات استوار ہونگے۔آپ کے دوستوں کے توسط سے حکام بالا سے آپ کو فائدہ ملے گا علاقے میں آپ ایک بار پھر قدآور شخصیت کے انداز میں ابھریں گے۔آپ کو چاہیے کہ آپ کا بخت اقبال قائم رہے تو چند باتوں پر آپ سختی سے عمل کریں۔ اگر کامیابی نہ ہو تو بندہ ذمہ دار ہے۔اچھے عامل سے ہر ماہ مشاورت اپنے قول فعل میں تضاد نہ کریں۔جہالت کے اندھیرے کو دور کرنے کا عزم۔غریب ومظلوم عوام کی مدد بلاوجہ لالچ یا مطلب کی خدمت سے دوری اور اپنی سچی محنت ولگن سے پرامن زندگی گزار سکتے ہیں۔حلال رزق عین عبادت ہے۔نیت زبان ودل پر ضبط رکھیں روحانی اعمال سے آپ کو دلی وروحانی سکون ملے گا۔یہ سال پچھلے سالوں سے آپ کیلئے زیادہ معاون واستحکام کا سبب بنے گا۔آپ کی ترقی وکامیابی کا سال ہے۔ہر طبقہ کے لوگ جو برج حوت رکھتے ہیں مشتری کی فیاضانہ خیر وبرکت کے اوقات کے اسباب سے مستفید ہوں گے۔

لوح نصیب

تحریر علی عباس

ہر طرح کی تعریف اس اللہ کے لیے ہے جس کے سوا کوئی خدا نہیں وہی بادشاہ حقیقی ہے جو سب پر واضح ہے و منتظم کائنات ہے بغیر کسی وزیر کے اور وہ اپنے بندوں میں سے کسی مخلوق سے کبھی کوئی مشورہ نہیں لیتا۔ وہ وجود میں اول ہے وہ کسی وصف میں نہیں سماتا۔ بعد حمد و ثناء کے خدا درود سلام نازل فرمائے محمد ﷺ آل محمد ﷺ پر خداوند کریم بطیفل محمد ﷺ و آل محمد ﷺ بانیان روحانیہ جنتری کی توفیقات خیر میں اضافہ فرمائے اور انکو دینی و دنیاوی مقاصد میں کامیابی عطا فرمائے قارئین روحانیہ جنتری کے لیے لوح نصیب کے نام سے مضمون آپکی خدمت میں پیش کرنے کی جسارت چاہتا ہوں۔ موجودہ دور میں افراتفری اور تفرقہ بازی نے انسانی ذہنوں کو منتشر کر دیا ہے اسکے علاوہ مادیت پرستی کا یہ عروج ہے کہ ہر شخص اپنے مفاد کی غرض سے وابستہ ہے چھوٹی چھوٹی عارضی خواہشات کے درپے لالچ وطمع اور ہوس پرستی کی آڑ میں انسانیت سے دور نکل گیا ہے حضرت علیؑ اپنے خطبہ میں فرماتے ہیں کہ تم لوگ ابھی عمل کرو جبکہ بقا کی وسعت حاصل ہے اور نامہ اعمال کھلے ہوئے ہیں۔ توبہ کا دامن پھیلا ہوا ہے اور انحراف کرنے والوں کو برابر دعوت دی جارہی ہے اور بدعمل افراد کو مہلت دی جارہی ہے قبل اسکے کہ شعلہ عمل بجھ جائے اور مہلت کی مدت ختم ہو جائے اور مدت عمل تمام ہو جائے۔ توبہ کا دروازہ بند ہو جائے اور ملائکہ آسمان کی طرف صعود کر جائیں خدا تم پر رحم کرے یہ یاد رکھو کہ تم اس زمانہ میں زندگی گزار رہے ہو جس میں حق کہنے والوں کی قلت ہے اور زبانیں صدق بیانی سے کند ہو گئی ہیں حق سے وابستہ رہنے والا ذلیل شمار ہوتا ہے اور اہل زمانہ گناہ و نافرمانی پر جمے ہوئے ہیں اور ظاہر داری پر متحد ہو گے ہیں جوان بدخو اور بوڑھے گنہگار۔ عالم منافق اور قاری چاپلوس ہیں نہ چھوٹے بڑوں کی تعظیم کرتے ہیں اور نہ دولت مند فقیروں کی دستگیری کرتے ہیں دور جدید میں جہاں نئی نئی ایجادات کا دور دورہ ہے وہاں پر مسائل کا نہ ختم ہونے والا طوفان کا سلسلہ جاری ہے موجودہ دور میں بے روزگاری رزق کی تنگی۔ گھریلوں مسائل جادوٹونے۔ آسیب جنات اور مخالفین کی بھرمار ہے مگر خوشحالی کی کوئی کرن نظر نہیں آتی۔ مایوسی کی فضا نے خودکشی اور مذہب سے لاتعلقی جیسے اقدام پیدا کر رکھے ہیں جبکہ ان تمام مسائل کا حل قرآن مجید اور فرمان آئمہ معصومینؑ میں موجود ہے حضور ﷺ کا ارشاد گرامی ہے۔

العلی مع القرآن اور القرآن مع العلی۔

علیؑ قرآن کے ساتھ ہے اور قرآن علیؑ کے ساتھ ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ میں تمہارے درمیان دو گراں قدر چیزیں چھوڑے جارہا ہوں نمبر ۱۔ قرآن مجید ۲۔ اہلبیتؑ۔ جو لوگ ان دونوں کو تھامے رکھیں گے وہی کامیاب ہو جائیں گے اگر ان میں سے ایک کو تھام لیا اور دوسرے کو چھوڑ دیا تو تم گمراہ ہو جاو گے حضور ﷺ نے فرمایا ہے کہ اگر قرآن سمجھ نہ آئے تو علیؑ سے پوچھو اگر علیؑ کو سمجھنا ہو تو قرآن سے پوچھو۔ اب قرآن مجید اہلبیتؑ کی پاکیزگی اور طہارت کے بارے میں اس طرح بتاتا ہے کہ۔

یقیناً اللہ کا ارادہ ہے کہ تم اہلبیتؑ سے ہر قسم کی نجاست کو دور رکھے اور تمہیں ایسا پاک رکھے جیسا پاک رکھنے کا حق ہے۔ سورہ احزاب آیت نمبر ۳۳

قرآن وہ لاریب کتاب ہے جس میں ذرہ برابر بھی شک کرنے والا کافر ہے قرآن مجید صامت قرآن ہے اور اہلبیت ناطق قرآن ہیں موجودہ دور کے تمام مسائل کی وجہ لاتعلقی قرآن مجید اور اہلبیتؑ ہے اگر مومنین کرام آئمہ معصومینؑ کے فرامین کے مطابق قرآن مجید پرعمل کریں تو انکی دنیا و آخرت کے ضامن خود آئمہ معصومینؑ ہونگے۔

لوح نصیب کے فوائد:۔ بے روزگاری۔ تنگی معاش، گھریلو مسائل۔ میاں بیوی میں جدائی شادی میں رکاوٹ۔ جادوٹونے۔ آسیب جنات۔ اور مخالفین کی مخالفت۔ کاروبار میں مسلسل ناکامی کا سامنا ہوتو ان مسائل کے حل کیلئے لوح نصیب اپنے پاس رکھیں۔ تسخیر خلق وغیرہ۔ تیاری۔ سب سے پہلے سات سلام لے لیں اور انکے قمری اعداد نکالیں۔

۱۔ سلام علی نوح فی العالمین۔ اعداد۔ ۶۲۷

۲۔ سلام قولا من رب رحیم۔ اعداد۔ ۸۴۹

۳۔ سلام علی موسی وہارون۔ اعداد۔ ۶۲۵

۴۔ سلام علی ابراہیم ۔ اعداد۔ ۵۰۰

۵۔ سلام ھی حتی مطلع الفجر۔ اعداد۔ ۱۰۲۷

۶۔ سلام علیکم طبتم فادخلوھا خالدین۔ اعداد۔ ۲۱۷۴

۷۔ سلام علی آل یسین۔ اعداد۔ ۴۰۳


اس کے بعد مندرجہ ذیل آیات کے اعداد قمری لیں۔

حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم۔

ترجمہ:۔ میرے لیے اللہ کافی ہے اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں میں اس پر بھروسہ کرتا ہوں اور وہی عرش عظیم کا رب ہے۔


۲۔ فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم .رب انی مغلوب فا انتصر و انت خیر النصرین .

ترجمہ۔ تیرے لیے ان سے اللہ کافی ہے اور وہی سننے اور جاننے والا ہے۔ میرے رب میں مغلوب ہوں تو مدد فرما اور تو سب مدد کرنے والوں سے بہتر ہے۔ اپنے نام اور والدہ کے اعداد قمری نکالیں اور اپنے مقصد کے اعداد نکال کر اس میں سات سلاموں کے ٹوٹل اعداد جمع کریں اور نوروز تحویل آفتاب کے وقت لوح کو تیار کریں اس لوح کی بدولت آپ کے تمام امور میں کامیابی ہوگی خصوصاً آپ کے مقصد میں لازمی کامیابی ہوگی۔۔۔۔۔





آئمہ معصومینؑ سے منقول ہے کہ جو شخص فتح وکامیابی کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو لوگوں میں ہر دلعزیز ہوگا دشمنوں پر اس کا غلبہ ہوگا وہ تمام بلاؤں سے محفوظ رہے گا ہر معاملے میں اسے فتح حاصل ہوگی دنیا وآخرت کی جملہ حاجات پوری ہونگی۔ خداوند کریم محمدؐ وآل محمدؐ پر بے حساب درود وسلام نازل فرمائے۔ بطفیل چہاردہ معصومینؑ خدا بانیان روحانیہ جنتری کی توفیقات خیر میں اضافہ فرمائے۔ حضرت علیؑ مومن کی صفات بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں مومن کے چہرہ پر بشاشت ہوتی ہے اور دل میں رنج واندوہ اس کا سینہ کشادہ اور متواضع ہوتا ہے بلندی کو ناپسند کرتا ہے اور شہرت سے نفرت کرتا ہے اور اس کا غم طویل ہوتا ہے اور اس کی ہمت بڑی ہوتی ہے اور خاموشی زیادہ ہوتی ہے اور وقت مشغول ہوتا ہے وہ شکر کرنے والا۔ صبر کرنے والا۔ فکر میں ڈوبا ہوا۔ دست طلب دراز کرنے میں بخیل۔ خوش اخلاق اور نرم مزاج ہوتا ہے اس کا نفس پتھر سے زیادہ سخت ہوتا ہے اور وہ خود غلام سے زیادہ متواضع ہوتا ہے کسی نے حضرت علیؑ سے پوچھا کہ اگر کسی شخص کے گھر کا دروازہ بند کر دیا جائے اور اسے تنہا چھوڑ دیا جائے تو اس کا رزق کہاں سے آئیگا۔ آپؑ نے فرمایا کہ جہاں سے اس کی موت آ گئی۔ ذیل میں جو نقش پیش کیا جا رہا ہے یہ تمام امور میں کامیابی کا ضامن ہے اسکو کسی سعد وقت میں کاغذ یا مشک زعفران سے لکھ کر اپنے پاس محفوظ رکھیں بعد نقش لکھنے کے روزانہ بعد عشا ۶۶ دن سورہ نصر ۶۶ مرتبہ تلاوت کریں اول وآخر ۱۴ مرتبہ درود شریف لازمی پڑھیں انشاء اللہ ۶۶ دنوں میں آپکی حاجت برآوری ہوگی مزید معلومات کی آگاہی کے لیے ادارہ روحانیہ جنتری سے رابطہ کر سکتے ہیں۔



مقہوری اعداء کیلئے

☆ دشمن کو مغلوب اور مقہور کرنے کے واسطے درج ذیل وظیفہ ایک نشست میں ۲۱۶۲ بار پڑھیں تو چند دن کے عمل سے دشمن مغلوب ہوگا۔

رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ (پروردگار بیشک میں مغلوب ہوں پس تو مدد فرما)

☆ برائے مقہوریٔ دشمن درج ذیل آیت چند دن تک ایک ہی نشست میں ایک ہزار تین سو تین مرتبہ پڑھیں پڑھتے وقت تصور دشمن کی طرف رہے انشاء اللہ چند ہی دنوں میں مقصود حاصل ہوگا۔ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حٰفِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ (یوسف۔ ۶۴)

☆ دشمنوں کے انتقام کو رفع کرنیکے واسطے درج ذیل آیات دو ہزار تین سو سینتیس بار (النساء ۶۔ ۴۵۔ ۷۰۔ ۷۹۔ ۸۱) پڑھیں تو دشمنوں کے تمام حیلہ جات سے محفوظ رہیگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَکَفٰی بِاللّٰہِ حَسِیْبًا ۝ وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَلِیًّا وَّکَفٰی بِاللّٰہِ نَصِیْرًا ۝
وَکَفٰی بِاللّٰہِ عَلِیْمًا ۝ وَکَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیْدًا ۝ وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَکِیْلًا ۝

خواب اور انکی تعبیر



خواب	تعبیر
آب جاری دیکھنا	جو کام کرنا۔ ارادہ ہو۔ بخیر انجام ہو
آب چاہ	فائدہ مند ہو فتنہ فساد سے دور رہے
آتشکدہ دیکھنا	گمراہ ہونے کا اندیشہ فکر و رنج ہو
آٹا گندم اڑتا دیکھا	مال حلال میں ترقی غیب کی مدد ملے
آدمی موٹا دیکھا	تونگر ہو دولت مندوں میں شامل ہو۔
آڑو میٹھا	مال و نعمت ملے نیک بخت فرزند پیدا ہو
آسمان سفید	دنیا میں وبا پھیلے
آسمان سرخ	ملک میں خونریزی جنگ چھڑنے سے تکلیف
آسمان سیاہ	ملک میں قحط پڑے
آلو کھاتے	مال و دولت ہاتھ آئے آرام پائے
آم کھاتے	روزگار میں ترقی غیب سے مدد ملے
آم گرتے	بے روزگاری کی دلیل ہے
ابابیل	عقل و دولت میں ترقی کا باعث ہے
اجوسن کھانا	نقصان ہونے کا اندیشہ ہو
اخبار پڑھنا	دولت علم کی بدولت ہاتھ آئے
اُلو دیکھنا	گمراہی کی دلیل ہے۔ مصیبت پیش آئے
انار توڑ کر کھانا	حسین عورت ملے۔ مال ملے
بادام دیکھا	ترقی و دولت کی دلیل ہے
بادشاہ دیکھا	دولت و نعمت پائے۔ حکومت ہاتھ آئے
بادشاہ سے گفتگو کرنا	بلند مرتبہ پائے۔ عیش و آرام پائے
باز ہاتھ سے اڑنا	بنا بنایا کام بگڑ جانا
بارہ برج دیکھنا	باعث علوم حکومت حاصل ہو
باورچی بننا	خیر و برکت کا سبب ہے
بت چاندی کا دیکھنا	حسب منشا عورت ملے راحت ہو

خواب	تعبیر
باغ دیکھنا	راحت پائے غم کافور ہو
بجلی کا قمقمہ دیکھنا	اگر دشمن کامیاب ہو۔ لڑکا پیدا ہو
باغ میں پودا لگانا	لڑکا پیدا ہو باعث راحت و آرام ہو
بام پر چڑھنا	مرتبہ عزت و بزرگی ملے
بلی کا۔ دیکھنا	آفت میں مبتلا ہو
باغ دیکھنا	راحت پائے غم کافور ہو
بندر دیکھنا	کسی سے دشمنی پیدا ہو
برف کھانا	دل کی خوشی سے سرور ہو۔ ملال خاطر دور ہو
پاخانہ کھانہ	مال و دولت خرچ کرنا
پاخانہ میں گرنا	مال حرام جمع کرے۔ بے عزت ہو
پانی میٹھا پینا	درازی عمر پائے نیک بختی نصیب ہو
پانی گندلا دیکھنا	بیمار ہونے کی علامت ہے
پتھر سفید	نفع و حکومت حاصل ہو۔ قوم کا سردار ہو
پتھر سیلہ	دین میں ترقی ہونے کا باعث ہے
پتھر سرخ	حکومت یا کسی عورت سے مال ملے
پتھر سبز و نیلا	غیب سے ہدایت بزرگ دین ہو۔
پتھر زرد	مال و دولت حاصل ہو
تازیانہ دیکھنا	نوکر فرار ہو جائے۔ باعث پشیمان ہو
تالاب دیکھنا	صاف پانی دیکھے تو خوشی ہو
تانبا	مال و دولت دنیا ہاتھ آئے
تانبے کا برتن	نکاح و شادی ہو۔ باعثِ عیش ہے
تخت پر بیٹھنا	جاہِ و حشمت حاصل ہو دولت بے اندازہ ہو
تخت اُلٹا دیکھنا	بادشاہ کو تنزل یا سخاوت میں یکتا ہو
تابوت	ولی مراد بر آئے وفتنہ مال ہاتھ آئے
تاج عورت کے سر	بلند مرتبہ پائے۔ صاحب عزت و توقیر ہو

خواب	تعبیر
تاج ٹوٹنا	غربت آئے افلاس سے ذلت اٹھائے
تاج گرتا	عورت دیکھے تو شوہر فوت ہو۔ اگر یہ بادشاہ دیکھے تو سلطنت میں زوال آئے۔
تصویر خریدنا	عورت خریدے مگر باعث پشیمانی ہو
تصویر ٹوٹی دیکھنا	عورت جدا ہونے کا باعث
تصویر اپنی بدصورت	سختی نازل ہو کسی آفت میں گرفتار ہو
تصویر اپنی خوبصورت	عزت پائے دولت پائے
توپ دیکھنا	دشمن پر غالب ہو۔ کام میں کامیاب ہو
توپ چلانا	بادشاہ وقت یا حکومت سے فائدہ ہو
توپ کھینچنا	رعب و دبدبہ زیادہ
تکبیر دینا	مرتبہ بلند ہو بزرگی حاصل ہو
ٹوپی درویشانہ پہننا	غرور و تکبر سے نفرت ہو
ٹوپی مجاہد کی	بہادر و دلیر دشمن پر غالب آئے
تکیہ دیکھنا	مرتبہ بلند ہو بزرگی حاصل ہو
ٹوپی لمبی نوکدار پہننا	عیار۔ چالباز۔ فریبی۔ مکار دھوکا باز ہو
ٹوپی پھٹی پرانی	بے عزت و ننگِ ناموس ہو
ٹوپی سیاہ	جاسوس ہو۔ ڈاکو۔ رہزن ہو
ثمر میٹھا کھانا	خوبصورت۔ خوش قسمت عقلمند اولاد ہو
ثمر کڑوا	کاروبار میں تنزل آئے
ثمر ترش	اولاد کی طرف سے تکلیف اٹھائے
جانماز دیکھنا	اگر گھر میں جانماز دیکھے تو گھر میں خیر و برکت
جانماز مسجد میں	ملک جہاز کا سفر در پیش ہو۔ حج کرے
جانماز کسی کو دینا	لوگوں کو خدا کی طرف بلائے
جادوگر دیکھنا	فتنہ و فساد برپا ہو۔
جسم ننگا دیکھنا	غم و اندوہ اور تنگی رزق کا باعث ہے
جسم فربہ	زیادتی رزق فارالبالی اور کامیابی ہو۔
جسم لاغر	غربت تنگدستی اور بیماری کی علامت ہے

خواب	تعبیر
جنازہ جاتا	ظالم بادشاہ یا حکومت سخت قائم ہو
جنازہ اپنا	اگر ساتھ ہجوم دیکھے تو بزرگی حاصل ہو
جنازہ مردکا اٹھانا	بہتر ہو شاہی ملازموں میں شامل ہو۔
جہنم دیکھنا	گناہوں سے توبہ کرے نیک ہو
جنت	عیش وعشرت دولتمندی حاصل ہو
جنگل	دشمن پر غالب آئے آرام پائے
جوتا	عورت سے تعبیر شادی کی بشارت ہے
جوتا سیاہ خریدنا	عورت مالدار ہو مگر سخت مزاج ملے
جوتا سفید	عورت پاکیزہ اور خوبصورت پائے
چاند گود یا گھر میں	فرزند سعادت مند پیدا ہو عورت صاحب جمال ہو
چاول کچے دیکھنا	تجارت یا کاروبار میں ترقی ہو
چاول پختہ دیکھنا	خیر وبرکت پائے دلی مراد برآئے
چاول پختہ کھانا	تندرستی وریادلی اور دولتمندی ملے
چاول دودھ کھانا	رنج وغم میں مبتلا ہو
چاول دہی	نکاح کرے زیب وزینب سے گھر آراستہ ہو
چٹائی خریدنا	کنوارہ ہو تو شادی کرے
چراغ روشن کرنا	گروہ حلقہ میں ممتاز ہو۔لوگوں کو مصلحت نیک
چکی چلتی دیکھنا	سے سفر کرے
حج کرنا	فرض حج بجالائے نیک ہے
حج یا طواف کرنا	بیمار ہو تو شفا پائے عزت وبزرگی پائے
حرام کھانا	رنج وغم۔تکلیف اٹھائے
حرام کاری کرنا	کسی اوارہ اور بدکار عورت سے ذلیل ہو
حقہ پینا	کسی دوست سے ملاقات ہو۔
حقہ تازہ کرنا	عاشق وماشوق ملے محبت میں چور ہو
خچر پر سوار ہونا	دنیا میں بدنام اور ذلیل ہو
خچر کا گوشت کھانا	مال حرام جمع کرے۔کنجوس ظالم ہے
خرگوش پکڑنا	عورت نا آشنا سے واسطہ پڑے
خط پڑھنا	خوش خبری ملنا۔باعث معرت وافتخار ہے
خط کھلا دیکھنا	بھید ظاہر ہو
دارچینی کھانا	اگر بلاوجہ کھائی غم ہو
دارچینی خریدنا	خیر وبرکت کا موجب ہے
داڑھی دیکھنا	عزت وبزرگی پائے۔نیک ہو
داڑھی لمبی دیکھنا	مصیبت ورنج میں گرفتار قرضدار ہو
دختر پیدا ہوتی	مرد دیکھے دولت پائے
دختر جوان	مال ودولت بے شمار ہو
دعوت دینا	دنیا کو فیض پہنچائے۔اگر عالم دیکھے علم سکھائے
دعوت قبول کرنا	کاروبار وسیع ہو خوشخبری ملے

خواب	تعبیر
دودھ شریں پینا	کاروبار میں برکت، دیندار، پرہیزگار ہو
دودھ عورت کا	اگر منکوحہ کا پئے محبت ہو
دودھ غیر عورت کا	نقصان اٹھائے مال وحرام اکٹھا کرے
دودھ گائے کا	اگر بیمار ہو تو شفاء پائے
درخت پر چڑھنا	باعثِ فخر ہے پھلدار ہو صفت پائے
دولہا دیکھنا	جسقدر، آراستہ، اتنی خوشی ہو
دولہن دیکھنا	دولت حاصل ہو۔فرزند پیدا ہو
ڈرنا شیر سے	دشمن سے خوف نقصان سے محفوظ رہے
ڈرنا بھینس سے	بیماری میں مبتلا صحت یاب ہو
ڈرنا کتے سے	شیطان کے شر سے محفوظ رہے
ڈرنا ریچھ سے	مصیبت میں گرفتار ہو بیمار ہو
ڈرنا سانپ بچھو۔	دشمن سے نقصان پہنچنے کا احتمال ہے
ڈرنا دوزخ۔	گناہوں سے توبہ کرے۔صالح ہو
ڈولی دیکھنا	کسی کی موت کا پیغام آئے
ڈھال دیکھنا	کسی دوست سے فائدہ حاصل ہو
ذکر الٰہی کرنا	بزرگان دین میں شامل ہو
رات تاریک دیکھنا	غم ومصیبت میں گرفتار ہو
راجا دیکھنا	عزت وبزرگی پائے نعمت ہاتھ آئے
رانی دیکھنا	غم واندوہ میں مبتلا ہو
رائی کھانا	بیمار ہو مصیبت میں گرفتار ہو
رحل توڑنا	بے دین وگمراہی کا موجب
رحل بیچنا	بے عمل رہبر مولوی ریاکار ہو
رحل بنانا	لوگوں کو دین کی طرف بلائے
رومال خریدنا	جھوٹ سے نفت سچائی سے رغبت
زخم سے خون بہنا	صادق القول راست باز ہو
زخم ہونا	حق پرست راست باز ہو
زلف دیکھنا	کسی پر عاشق ہو اور فکر وعالم میں مبتلا ہو، محبت میں گرفتار ہو
زہر دیکھنا	غم واندوہ ہلاقت سے تعبیر ہے
زہر کھانا	زندگی سے بیزار مصیبت مول ہے
سبزی دیکھنا	راحت کا باعث بیماری سے شفاء پائے
لباس سرخ پہننا	رنج ومصیبت میں گرفتار ہو یا بیمار ہو
سینہ پر بال دیکھنا	کنجوس وکمینہ خصلت پیدا کرے
سرمنڈوانہ	اپنے اہل وعیال سے شر وفساد ہو
سنولی دیا جانا	عہد وجلیل پانے کی نشانی ہے
سیاہی دیکھنا	بلند مرتبہ ہو قلمندان ہاتھ آئے
شکرقندی خریدنا	اولاد زیادہ ہو یا فرزند پیدا ہو
شلجم کھانا یا دیکھنا	غم واندوہ سے تعبیر اگر کھیت دیکھے قدرے خوشی ہو

خواب	تعبیر
بے رونق دیکھنا	قحط سالی۔ویرانی۔بلا نازل ہو
شیر دیکھنا	طاقتور دشمن سے واسطہ پڑے
صابون دیکھنا	پرہیزگاری، تقویٰ اختیار کرے
صدقہ دینا	غم واندوہ سے نجات پائے
صدقہ لینا	گداگری اختیار کرے
صندوق دیکھنا	عزت وبلند مرتبہ پائے
ضامن ہونا	جس کا ضامن ہو اسے فائدہم پہنچائے
ضرب لگانا	فخریہ الفاظ بولے
طلوطا دیکھنا	مال حرام پائے
طلوطا اڑنا	فرزند بھاگ جائے
ظلم کرنا	ظالم، جابر، راہزن پر فتح پائے
عشرہ حرم دیکھنا	اگر مہینہ محرم دیکھے نئے کام کا آغاز کرے کامیابی ہو
عبادت کرنا	خیر وبرکت اور بزرگی کی علامت ہے
عینک خریدنا	کسی عالم کی صحبت حاصل ہو
عقاب دیکھنا	بدعہد ہو عہد شکن سے واسطہ پڑے
غسل کرنا	اگر بیمار ہو صحت پائے
غلہ خریدنا	تنگی رزق کا باعث ہے فلاکت پائے
فقیر دیکھنا	مفس وتلاش ہو فکر معاشی ہو
فوج دیکھنا	کاروبار میں ترقی ہو عزت پائے
قبر کھودنا	تکالیف ومشکلات میں پڑے
قبرستان میں جانا	دلی مقاصد پورے ہوں خوشخبری ملے
قربانی کرنا	غلام ہو آزادی پائے، بیمار ہو شفاء پائے
قسم کھانا	تنگی رزق اور غم اولاد سے تعبیر ہے
کان دیکھنا	عورت پاکیزہ سے نکاح کرے
کبوتر دیکھنا	کنیز یا عورت پائے بہتری حال ہو
کتے کا کاٹنا	دشمن سے گزند پہنچے مگر دل مطمئین رہے
کوا دیکھنا	فاسق اور کاذب سے واسطہ پڑے
گاجر کھانا	رنج وفکر میں پڑے
لڑائی شہر میں دیکھنا	وبا یا طاعون کی علامت ہے
لسی پینا	غم واندوہ میں پڑے
ماتم کرنا	خوشی حاصل ہو دل کی مراد پائے
مٹھائی کھائے	خوشخبری اور حلال کی روزی کثیر پائے
مینہ برستا دیکھنا	خیر وبرکت ورحمت کا موجب ہے
ننگا ہونا	طالب دین ہونے کا موجب ہے
وضو کرنا	امانتدار نیک اور گناہوں سے توبہ کرنے والا ہے
یکہ سے گزرنا	ذلت وخواری پائے

ماہر علم رمل جفر و نقوش



سید ریاض نقی

سید قمر نقی



سید نیر حسین نقی



سید ثمر نقی



لوح
شرف مشتری
خزانے کی اصلی چابی

خصوصی لوح
شرف مشتری
12 سال کے طویل انتظار کے بعد سیارہ مشتری شرف میں
یکم ستمبر تا 7 ستمبر 2013ء

شرف مشتری
کے موقع پر ہر مقصد کیلئے
علیحدہ لوح تیار کی جائیگی

الحمد اللہ ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ اس خصوصی لوح کو بنانے کیلئے نقش بنانے کا بڑا نام رکھنے والے ماہر علم جفر و رمل و نقوش
سید ریاض نقی و سید قمر نقی
کی خدمات حاصل ہیں جنکے بنائے ہوئے نقوش شرف مشتری 2001ء اوج مشتری 2004ء اور شرف زحل 2011ء پاکستان اور دنیا کے دوسرے ممالک میں بہت مشہور اور سود مند ثابت ہوئے ہیں۔

لوح مشتری مخصوص اوقات میں خصوصی عملیات و اہتمام کے ساتھ نام معہ مادر نام اعداد کے ساتھ تیار کی جائیگی۔

مشتری کے دولت بھرے خزانے سے بھرپور فائدہ اٹھائیں

لوح مشتری کاغذ پر مشک و زعفران سے اور چاندی کی پلیٹ پر سونے پانی کے ساتھ ہاتھ سے کندہ کی جائیگی۔

لوح مشتری کے چند فوائد

بے روزگار کو روزگار۔ مقدمات میں کامیابی۔ بے اولاد کو اولاد۔ حصول تعلیم میں کامیابی۔ بیرون ملک سفر میں کامیابی۔ قرض کی ادائیگی۔ مالی پریشانیوں سے نجات۔ لڑکے لڑکیوں کی شادی۔ صحت و سلامتی۔ ازدواجی زندگی میں خوشگواری۔ اس کے علاوہ لوح مشتری کے استعمال سے جادو سحر و حاسدین کا خاتمہ ہوگا اور تمام امور میں کامیابی و کامرانی نصیب ہوگی۔

0307-2929753
0308-2146098

لوح محدود تعداد میں تیار کی جائیگی

بکنگ کیلئے فوری رابطہ کریں

0333-2879805
0333-2907502

نایاب تبرکات سینٹر — ہیڈ آفس — شاپ نمبر 1، R-691/20 خیر العمل روڈ انچولی، ایف بی ایریا کراچی۔

بک ڈپو رجسٹرڈ — برانچ — اسلامیہ ماڈل کالونی رحیم یار خان پنجاب